ابنِ صفی

جلد نمبر

6

جاسوسی دنیا

18- عجیب آوازیں

19- رقاصہ کا قتل

20- نیلی روشنی



پیشرس

خاص نمبر کے بعد فریدی اور حمید کا دوسرا کارنامہ پیش کر رہا ہوں۔ یہ ایک رنگین مزاج اور دولت مند لڑکی کی داستان ہے۔ جس کا منگیتر عجیب و غریب حالات میں موت کا شکار ہو جاتا ہے اور اس کا عاشق جیل میں پہنچ جاتا ہے۔

عالیہ ایک رنگین مزاج لڑکی تھی۔ اعلیٰ تعلیم یافتہ اور ساتھ ہی ساتھ آزاد خیال بھی تھی۔ روزانہ نئے نئے دوست بناتی تھی۔ لہٰذا اس حادثے کے رونما ہونے پر لوگوں کے دل میں یہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ عالیہ بھی اس سازش میں شریک تھی۔ ممکن ہے اس نے کسی نئے دوست کی خاطر ان دونوں کو اپنے راستے سے ہٹانے کی کوشش کی ہو۔ بظاہر حالات عالیہ کے خلاف ہی تھے۔

لیکن فریدی اس کیس کو اتنا سطحی نہیں سمجھتا۔ وہ ایک ایسی حیرت انگیز بات دریافت کرتا ہے کہ عقل دنگ رہ جاتی ہے اور پھر وہ صحیح مجرم کو منظر عام پر کھینچ لاتا ہے۔ سرجنٹ حمید نے بھی اس داستان میں کئی کارنامے انجام دیئے ہیں۔ قہقہے بکھیرے ہیں۔

دلچسپ حادثہ

بات کچھ بھی رہی ہو لیکن انسپکٹر فریدی کا تار ملتے ہی حمید کے تلووں سے لگی اور سر پر بجھی۔ وہ اس بار تہیہ کر کے اپنے وطن آیا تھا کہ کم از کم ایک ماہ تو ضرور اپنے اعزہ کے ساتھ گذارے گا۔ مگر ٹھیک پندرھویں دن فریدی کا تار ملا اور تار کا مضمون بھی کچھ اس قسم کا تھا کہ وقتی طور پر جھلاہٹ لازمی تھی۔

لکھا تھا۔ "جلد آؤ! لطف رہے گا۔"

"کیا خاک لطف رہے گا۔" حمید تار کا فارم مٹھی میں ملتا ہوا بڑبڑایا۔ "لطف یہ رہے گا کہ دن رات جھک ماریئے! چھٹیوں میں بھی چین نہیں! سراغ رسانی سالی اوڑھنا بچھونا ہو کر رہ گئی ہے۔"

"بہر حال قہر درویش بر جان درویش۔ بستر باندھنا ہی پڑا۔ اگر صرف افسری اور ماتحتی کے تعلقات ہوتے تو شاید وہ استعفیٰ ہی لکھ کر بھیج دیتا۔

سفر کے دوران میں اس کا موڈ خراب ہی رہا۔ اس کی سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ آخر یکایک کونسی ایسی مصیبت آگئی۔ اس دوران میں اخبارات میں بھی سنسنی خیز حادثے کی کوئی خبر نہیں شائع ہوئی تھی۔

ٹرین تیزی سے راستہ طے کر رہی تھی اور حمید کھڑکی کے قریب بیٹھا اونگھ رہا تھا۔ طبیعت اتنی بیزار تھی کہ وہ کسی طرف دیکھنا ہی نہیں چاہتا تھا۔ حالانکہ کمپارٹمنٹ میں اس کی دلچسپی کا کافی سامان موجود تھا مگر طبیعت تھی کہ غیر حاضر۔ اکثر کئی کھنکتے ہوئے رسیلے قہقہے اس کے کانوں میں گونج اٹھتے اور وہ دوسرے کنارے پر بیٹھی ہوئی تیز طرار لڑکیوں کی طرف دزدیدہ نظروں سے

دیکھ کر رہ جاتا۔ اس سے زیادہ دلچسپی لینا کم از کم اس وقت اس کے بس کا روگ نہیں تھا۔ زیادہ تر خیالات اور جھنجھلاہٹ کی کشمکش جاری رہنے کے بعد دماغ پر کاہلی سی مسلط ہو گئی تھی جسے پہیوں کی گھڑ گھڑاہٹ کی یکسانیت نے کچھ اور گہرا کر دیا تھا۔ اس نے آنکھیں بند کر لی تھیں اور کھڑکی پر سر ٹیکے اونگھ رہا تھا۔

دفعتاً کسی نے اس کے شانے پر ہاتھ رکھ دیا۔ حمید چونک کر پلٹا۔

"معاف کیجئے گا میری وجہ سے آپ کے آرام میں خلل پڑا۔" اس کے پیچھے بیٹھے ہوئے آدمی نے کہا۔

"فرمائیے۔"

"کیا عرض کروں! میری دیا سلائی شائد کہیں گر گئی ہے۔" اس نے جھینپی ہوئی مسکراہٹ کے ساتھ کہا۔

حمید کا دل چاہا کہ اس کی گردن پکڑ کر کھڑکی سے دھکیل دے! یہ ایک جوان العمر توانا اور وجیہہ آدمی تھا۔ لباس سے متمول معلوم ہوتا تھا۔ انگلیوں میں قیمتی پتھروں کی انگوٹھیاں تھیں۔ کلائی پر بندھی ہوئی گھڑی کی چین میں بھی الماس کے چھوٹے چھوٹے مستطیل ٹکڑے جڑے ہوئے تھے۔ حمید نے ایک بار پھر اسے گھور کر دیکھا۔ وہ کوئی بے تکا جملہ کہنے ہی جا رہا تھا کہ اس کی آنکھوں میں ندامت دیکھ کر خاموش ہو گیا۔

"لیجئے دیا سلائی حاضر ہے۔" حمید نے دیا سلائی جیب سے نکال کر اس کی طرف بڑھا دی۔

"شکریہ۔" اس نے اپنا سگریٹ کیس کھول کر حمید کی طرف بڑھاتے ہوئے کہا۔

"میں سگریٹ نہیں پیتا۔" حمید نے کہا۔

"خوب۔" وہ اپنی سگریٹ سلگاتا ہوا بولا۔ "لیکن رفاہ عام کیلئے دیا سلائی ضرور رکھتے ہیں۔"

حمید اس کی بے تکلفی پر جھلا گیا۔

"جی نہیں۔" اس نے منہ بنا کر کہا۔ "مجھے رفاہ عام قسم کی حرکتوں سے کوئی دلچسپی نہیں میں پائپ پیتا ہوں۔ سگریٹوں کے کاغذ مجھے بدبودار معلوم ہوتے ہیں۔"

"لیکن یہ مصری سگریٹ ہیں، اجپشیئن اسپیشل۔" اجنبی مسکرا کر بولا۔

حمید نے سگریٹ کیس سے ایک سگریٹ نکال کر جیب میں ڈال لی اور پائپ نکال کر اس میں

تمباکو بھرنے لگا۔ اجنبی متحیر نظروں سے دیکھنے لگا۔

"بات دراصل یہ ہے۔" حمید مسکرا کر بولا۔ "میں نے اس سگریٹ کا صرف نام سنا تھا۔ مگر پینے کا اتفاق نہیں ہوا۔ میں اسے بطور یادگار اپنے پاس رکھوں گا اور مرتے وقت اپنے بڑے لڑکے کو دے کر وصیت کر جاؤں گا کہ وہ بھی مرتے وقت اپنے بڑے لڑکے کو دے کر یہی وصیت کر جائے کہ وہ اپنے لڑکے کو....!"

اجنبی کے چھت شگاف قہقہے کی وجہ سے جملہ جہاں کا تہاں رہ گیا۔

"بخدا آپ بہت دلچسپ آدمی معلوم ہوتے ہیں۔" اجنبی اپنی ہنسی روکتا ہوا بولا۔

"جناب۔" حمید نے ہونٹ سکوڑ کر کہا۔ "ابھی آپ نے دیکھا ہی کیا ہے۔"

"کہاں تشریف لے جا رہے ہیں۔"

"کسولی۔"

"کسی کام سے۔"

"جی نہیں علاج کرانے کی نیت سے۔" حمید نے سنجیدگی سے کہا۔ "پرسوں مجھے ایک پاگل کتے نے کاٹ لیا۔"

"خوب....!" اجنبی مسکرا دیا۔

"بھلا اس میں مسکرانے کی کیا بات ہے۔" حمید بگڑ کر بولا۔ "کیا آپ مجھے پاگل سمجھتے ہیں۔"

"جی نہیں....جی نہیں۔" اجنبی کے لہجے میں گھبراہٹ تھی۔

"تو پھر آپ مسکرائے کیوں۔"

"کچھ نہیں یونہی....یونہی۔"

"یونہی مسکرائے تھے آپ۔" حمید نے طیش میں آکر کہا۔ "لیکن یونہی مسکرانا کچھ اچھی علامت نہیں۔"

"ارے صاحب آپ تو خواہ مخواہ۔"

"خواہ مخواہ کیا۔ میں خواہ مخواہ باتیں کر رہا ہوں؟ تو اس کا یہ مطلب ہوا کہ میں پاگل ہوں۔"

"نہیں صاحب۔ نہیں صاحب۔" اجنبی پیچھے کھسکتا ہوا بولا۔

"پیچھے کیوں کھسک رہے ہو؟ کیا میں کاٹ کھاؤں گا۔"

"ارے صاحب آپ نے۔" اجنبی کھسیانی ہنسی کے ساتھ بولا۔

کمپارٹمنٹ کے دوسرے لوگ ان کی طرف متوجہ ہو گئے تھے اور لڑکیاں آنکھیں پھاڑے حمید کی طرف دیکھ رہی تھیں۔

"آپ اکیلے سفر کر رہے ہیں۔" اجنبی پھر سہمی ہوئی آواز میں بولا۔

"جی نہیں! میرے ساتھ ہزاروں اس ٹرین میں سفر کر رہے ہیں.... پھر؟"

"جناب میں معافی چاہتا ہوں۔" وہ گھبرا کر اٹھتا ہوا بولا۔

"معافی.... کس بات کی معافی۔ آپ نے میرا کیا بگاڑا ہے۔" حمید نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا اور وہ بے تحاشہ زنجیر کی طرف بڑھا۔ کمپارٹمنٹ کے دوسرے لوگ بھی گھبرا کر کھڑے ہو گئے۔

"یہ کیا حماقت!" حمید نے اُسے کھینچ کر بٹھاتے ہوئے کہا۔ "آپ زنجیر کیوں کھینچنے جا رہے ہیں۔ کیا آپ سچ مچ مجھے پاگل سمجھتے ہیں۔"

اجنبی نے کوئی جواب نہ دیا۔ وہ خوف زدہ نظروں سے حمید کی طرف دیکھ رہا تھا۔ لیکن اب حمید کو خوف محسوس ہوا کہ کہیں کوئی دوسرا زنجیر نہ کھینچ لے کیونکہ قریب بیٹھے ہوئے کئی آدمیوں نے اسے یہ کہتے سنا تھا کہ وہ بغرض علاج کسولی جا رہا ہے۔

"آپ حضرات تشریف رکھیے۔" حمید نے ہاتھ اٹھا کر کہا۔ "میں مذاق کر رہا تھا۔" کچھ مسکراتے کچھ جھنجھلاتے ہوئے بیٹھ گئے۔

"لیکن میں اس بے تکی حرکت کا مطلب نہیں سمجھا۔" اجنبی بگڑ کر بولا۔

"آپ نے مجھ سے دیا سلائی مانگی تھی۔" حمید نے مسکرا کر کہا۔ "اگر بات یہیں تک رہتی تو خیر۔ لیکن آپ کے جملے سے میں نے یہ اندازہ لگایا کہ آپ بے تکلفی پر آمادہ ہیں اور آپ پر یہ بھی واضح رہنا چاہئے کہ میں اجنبیوں سے بے تکلفی کا عادی نہیں۔"

اجنبی ہنسنے لگا۔ لیکن اس ہنسی میں شرمندگی کے ساتھ جھنجھلاہٹ بھی موجود تھی۔ "خیر چلئے بات ختم ہوئی۔" اس نے کہا۔ "مجھے افسوس ہے کہ اگر کوئی اعتراض نہ ہو تو ذرا دیا سلائی پھر عنایت فرمائیے گا۔"

"شوق سے۔" حمید نے دیا سلائی بڑھا دی اور اجنبی سگریٹ سلگانے لگا۔

کمپارٹمنٹ کے دوسرے مسافر انہیں برابر گھورے جا رہے تھے۔

"محض آپ کی وجہ سے یہ سب لوگ مجھے پاگل سمجھنے لگے ہیں۔" حمید آہستہ سے بولا۔

اجنبی نے ادھر اُدھر دیکھا اور ایک بار پھر اس کے چہرے پر شرمندگی کے آثار نمایاں ہو گئے۔

"آپ کہیں پڑھتے ہیں۔" اس نے حمید سے پوچھا۔

حمید اِدھر اُدھر کی باتوں میں اس کا سوال ٹال گیا۔ پھر اور بھی باتیں چھڑ گئیں۔ دوران گفتگو میں پتہ چلا کہ دونوں کی منزل ایک ہی ہے۔

"مجھے دراصل محکمہ سراغ رسانی کے آفیسر سے ملنا ہے۔" اجنبی نے رازدارانہ انداز میں کہا۔

"کیوں؟ کس سے؟" حمید چونک کر بولا۔

"انسپکٹر فریدی سے۔"

"اوہ....!" حمید کے چہرے پر عجیب سے آثار پیدا ہو گئے، لیکن وہ سنبھل گیا اور پھر اس طرح اس کی طرف دیکھنے لگا جیسے اسے اس بات سے کوئی دلچسپی نہ ہو۔

"میں ایک مصیبت میں پھنس گیا ہوں۔ میں نے کئی دن قبل فریدی صاحب کو ایک خط لکھا تھا جس کا مجھے کوئی جواب نہیں ملا۔ اب میں خود ہی ان سے ملنے کے لئے جا رہا ہوں۔" حمید سوچنے لگا۔ کیا فریدی نے اسے اسی کے لئے بلایا ہے؟ لیکن اس نے اجنبی سے اس کے متعلق گفتگو کرنا مناسب نہ سمجھا۔ وہ سوچ رہا تھا کہ کہیں یہ شخص کوئی الٹی سیدھی کہانی لے کر فریدی کے پاس پہنچ گیا تو خواہ مخواہ بقیہ چھٹیاں بھی برباد ہو جائیں گی۔

"آپ اس سے قبل بھی انسپکٹر فریدی سے ملے ہیں۔" حمید نے پوچھا اور اجنبی چونک کر اُسے دیکھنے لگا۔ اس کے انداز سے ایسا معلوم ہو رہا تھا جیسے اس سے کوئی غلطی ہو گئی ہو۔ "معاف کیجئے گا میں اس کے متعلق کوئی گفتگو نہیں کرنا چاہتا۔" اجنبی نے احتیاط سے چاروں طرف دیکھتے ہوئے کہا۔

حمید کا استعجاب اور بڑھ گیا۔

"مگر ابھی تو آپ....!"

"ٹھیک ہے۔" اجنبی اس کی بات کاٹ کر آہستہ سے بولا۔ "معلوم نہیں آپ کون ہیں! میں بہت پریشان ہوں۔ محض رازداری کے خیال سے میں سیکنڈ کلاس میں سفر کر رہا ہوں۔"

"ورنہ تھرڈ کلاس میں کرتے۔" حمید نے مسکرا کر کہا۔ "اس کی نظریں اس کی بیش قیمت

انگوٹھیوں اور گھڑی کی چین پر جمی ہوئی تھیں۔"

"جی نہیں! یہ بات نہیں۔ فرسٹ کلاس میں سفر کرنے کے لئے جگہ مخصوص کرانی پڑتی۔"

"بہت اچھے۔" حمید نے قہقہہ لگایا۔ "اب شاید آپ مجھ سے بدلا لینا چاہتے ہیں۔"

"یہ بات نہیں۔" اجنبی بے چینی سے بولا۔ "میں آپ کا شکر گذار ہوں گا اگر آپ یہ ذکر ہی چھوڑ دیں۔"

حمید خاموش ہو گیا۔ وہ غور سے اجنبی کو دیکھ رہا تھا۔ جس کے چہرے پر کسی قسم کے جذبات کے آثار نہ تھے اور آنکھوں کی بے تکلفی سے ایسا معلوم ہو رہا تھا جیسے وہ اس وقت خالی الذہن ہو۔ اس کے دونوں ہاتھ آہستہ آہستہ اٹھ رہے تھے اور پھر وہ حمید کی گردن کی طرف بڑھنے لگے۔ اس کی آنکھیں اس طرح ویران نظر آ رہی تھیں جیسے وہ اندھا ہو۔ حمید گھبرا کر پیچھے کھسک گیا۔

دوسرے مسافر انہیں اس طرح دیکھ رہے تھے جیسے ان کے سامنے دو مداری اپنے کرتب دکھا رہے ہوں۔

"پیچھے ہٹئے۔" حمید نے اس کے سینے پر ہاتھ مار کر پیچھے کی طرف کھسکتے ہوئے کہا۔

"ڈر گئے۔" اجنبی نے قہقہہ لگایا۔ "کیوں لے لیا نہ بدلہ۔"

حمید بُری طرح جھینپ رہا تھا۔

"دیکھا آپ نے آرٹ اسے کہتے ہیں۔" اجنبی نے سنجیدگی سے کہا۔

"آپ جیسا زیرک آدمی بھی دھوکا کھا گیا۔"

حمید ہنسنے لگا۔ دوسرے مسافر بھی ہنس رہے تھے۔

"میں نے ابھی تک جتنی باتیں کیں، سب بکواس تھیں۔" اجنبی نے کہا۔

"خیر اس پر مجھے کسی طرح یقین نہیں آسکتا۔" حمید منہ سکوڑ کر بولا۔ "آپ نے ساری باتیں سچ کہی تھیں اور آپ انہیں مذاق کا رنگ دینا چاہتے ہیں۔"

"آپ یقین کیجئے۔" اجنبی گھبرائے ہوئے لہجے میں بولا۔

"بھلا میں کس طرح یقین کر سکتا ہوں۔ جب کہ خود میں انسپکٹر فریدی ہوں۔" حمید نے آہستہ سے کہا۔

اجنبی بے ساختہ اچھل پڑا۔

سامنے کی برتھ پر ایک پروفیسر نما آدمی اپنے سپاٹ سر پر ہاتھ پھیرتا ہوا دوسرے سے کہہ رہا تھا۔ "بعض نوجوان عجیب و غریب حرکتوں کے ذریعہ لڑکیوں کو اپنی طرف متوجہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔"

اجنبی نے اس کا ریمارک صاف سنا لیکن اس کی حالت میں کوئی تغیر نہیں پیدا ہوا۔ وہ بدستور آنکھیں پھاڑے حمید کو گھورے جا رہا تھا۔

"آپ.... آپ۔" وہ ہکلایا۔

"جناب۔" حمید سنجیدگی سے بولا۔ "آپ کا خط دلچسپ ضرور تھا لیکن مجھے اس کی صداقت پر شبہ تھا۔ اس لئے میں نے یہی مناسب سمجھا کہ آپ سے ملنے سے پہلے ہی حالات کا جائزہ لے لوں اور اب آپ کے ساتھ ہی واپس جا رہا ہوں۔"

"تو آپ نے حالات کا جائزہ لے لیا۔" اجنبی بے چینی سے بولا۔ "اور آپ کو اب میرے بیان پر کسی قسم کا شبہ نہیں۔"

"قطعی نہیں۔" حمید کچھ سوچتا ہوا بولا "اور مجھے اس کا بھی علم ہے کہ آپ کی زندگی ریوالور کی نال پر رکھی ہوئی ہے اور کسی وقت بھی آپ مر سکتے ہیں۔"

"اوہ....!"

"جناب۔" حمید نے معنی خیز انداز میں سر ہلا کر کہا اور پھر تھوڑی دیر بعد آہستہ سے بولا۔

"ان مسافروں میں سے بھی کوئی آپ کا دشمن ہو سکتا ہے۔"

"تو کیا ہم کمپارٹمنٹ بدل دیں۔" اجنبی نے پوچھا۔

"قطعی! لیکن صرف آپ! میں آپ سے علیحدہ رہ کر ہی آپ کی حفاظت کر سکوں گا۔"

اجنبی گھبرا کر چاروں طرف دیکھنے لگا۔

"چونکنے کی ضرورت نہیں۔" حمید آہستہ سے بولا۔ "آپ شاید اسی وقت اپنی موت بلانا چاہتے ہیں۔ کھڑکی کے باہر دیکھئے۔"

اجنبی نے فوراً تعمیل کی اور پھر پلٹ کر دوسری طرف نہیں دیکھا۔ جیسے ہی گاڑی اسٹیشن پر رکی وہ اپنا اٹیچی اٹھا کر نیچے اُتر گیا۔

"اسٹیشن پر مل جائیے گا۔" حمید نے کھڑکی سے سر نکال کر کہا اور پھر پائپ میں تمباکو بھرنے لگا۔

اس کے بعد بقیہ سفر اونگھتے ہی گذرا۔ حمید نے اُسے بیو قوف بنادیا تھا۔ لیکن سوچ رہا تھا کہ وہ ہے کون؟ اور فریدی سے کیوں ملنا چاہتا ہے۔

منزل مقصود پر پہنچ کر وہ قلیوں سے گفتگو کر ہی رہا تھا کہ اجنبی بھی آکر کھڑا ہو گیا۔ لیکن حمید نے کچھ ایسا رویہ اختیار کر لیا جیسے اس نے اسے اس سے قبل دیکھا ہی نہ ہو۔

"اب آپ کیا چاہتے ہیں۔" اجنبی نے پوچھا۔

"جی....!" حمید تحیر آمیز لہجے میں بولا۔ "میرا خیال ہے کہ آپ کو غلط فہمی ہوئی ہے۔"

"میں آپ کا مطلب نہیں سمجھا۔" اجنبی نے چونک کر کہا۔

"کیا آپ مجھے پہچانتے ہیں۔" حمید نے سنجیدگی سے پوچھا۔

"ارے....!" اجنبی ایک قدم پیچھے ہٹ گیا اور حمید ہنسنے لگا۔ پھر اس کی طرف جھک کر آہستہ سے بولا۔

"آرٹ اسے کہتے ہیں.... امید ہے کہ اب آپ اس کا بھی بدلہ لینے کی کوشش کریں گے۔"

حمید اُسے پلیٹ فارم پر چھوڑ کر قلی کے ساتھ آگے بڑھ گیا۔

حیرت انگیز تجربہ

کوٹھی پہنچ کر حمید نے سامان اپنے کمرے میں پھینکا اور فریدی کی تلاش کرنے لگا۔ نوکروں سے معلوم ہوا تھا کہ وہ گھر ہی میں ہے، لیکن کسی کو اس بات کا علم نہیں تھا کہ وہ کس کمرے میں ہے اور کیا کر رہا ہے۔ نوکروں نے یہ بھی بتایا کہ فریدی نے انہیں شاگرد پیشہ میں ٹھہرنے کا حکم دیا تھا۔ اس لئے وہ کوٹھی کے اندر بھی نہیں جاسکتے تھے۔

حمید اندرونی راہداری سے گذرتا ہوا عجائبات کے کمرے کی طرف بڑھا۔ دفعتاً اسے کسی کتے کے بھونکنے کی آواز آئی۔ غراہٹ سے اندازہ ہو رہا تھا کہ کتا انتہائی غصے میں ہے۔ آواز فریدی کی تجربہ گاہ سے آرہی تھی جو اوپری منزل پر تھا۔ حمید نے عجائبات کے کمرے میں جھانکا لیکن وہاں کوئی نہیں تھا۔ وہ تھوڑی دیر کے لئے رک کر کچھ سوچنے لگا۔ کتے کی آواز برابر سنائی دے رہی تھی۔ حمید تیزی سے ڈرائنگ روم کی طرف پلٹا۔ اس کی رفتار کچھ اتنی تیز تھی کہ بادی النظر میں

دوڑنے کا گمان ہو سکتا تھا اور پھر دوسرے لمحے میں وہ زینے طے کرتا ہوا اوپری منزل کی طرف جارہا تھا۔

تجربہ گاہ کے دروازے بند تھے لیکن کھڑکیاں کھلی ہوئی تھیں۔ حمید آہستہ آہستہ ایک کھڑکی کی طرف بڑھا اور پھر اس کی آنکھیں حیرت سے پھیل گئیں۔ فریدی اپنے ایک خونخوار بلڈ ہاؤنڈ (Blood Hound) کی زنجیر تھامے کھڑا تھا، جو ایک کپڑے کے قد آدم مجسمے پر حملہ کرنے کے لئے زور کر رہا تھا۔ مجسمہ یونہی بھدے قسم کا تھا۔ لیکن اسے جو سوٹ پہنایا گیا تھا کافی قیمتی معلوم ہوتا تھا۔ کتے کے جوش و خروش سے ظاہر ہوتا تھا کہ اگر وہ کسی طرح چھوٹ گیا تو مجسمے کے پرخچے اڑا دے گا۔

دفعتاً فریدی نے زنجیر اس کی گردن سے نکال لی اور کتا کپڑے کے مجسمے پر ٹوٹ پڑا۔ وہ اسے بُری طرح ادھیڑ رہا تھا اور فریدی کے ہونٹوں پر ایک آسودہ سی مسکراہٹ رقص کر رہی تھی۔ پھر وہ کتے اور مجسمے کی طرف سے لاپرواہ ہو کر سگار سلگانے لگا۔

"آپ اس بیچارے کی مدد نہیں کر رہے ہیں۔" حمید نے باہر سے کہا اور فریدی چونک پڑا۔

"اوہ تم آگئے.... اتنی جلدی امید نہیں تھی۔"

فریدی نے دروازہ کھول دیا۔ حمید نے اندر پہنچ کر دیکھا کہ مجسمے کے بجائے اب چیتھڑوں کا ڈھیر کتے کے جوش غضب کا شکار بنا ہوا ہے۔

"آپ خیریت سے ہیں نا۔" حمید نے کتے کی طرف سے نظریں ہٹا کر فریدی کو چھیڑتے ہوئے کہا۔

فریدی ہنسنے لگا۔ پھر اس نے میز پر رکھی ہوئی گھنٹی کا بٹن دبایا۔ باہر قدموں کی آہٹ سنائی دی اور کتے خانے کا نگران اندر داخل ہوا۔ فریدی نے زنجیر اُسے دے دی اور حمید سے مخاطب ہوا۔

"تار کل شام ہی کو مل گیا ہوگا۔" فریدی نے کہا۔

"لیکن اس وقت فوراً ہی کوئی ٹرین نہ مل سکی۔" حمید منہ سکوڑ کر بولا۔ "اور بذریعہ جہاز آنے میں اخراجات زیادہ بیٹھتے۔"

"تمہاری عدم موجودگی میں بہت اداس رہتا ہوں۔" فریدی نے کہا۔

"اور آپ کے قریب رہ کر مجھے اداس ہونے کا بھی موقع نہیں ملتا۔" حمید خشک لہجے میں بولا۔

اس دوران میں کتے خانے کا نگراں بلڈ ہاؤنڈ کے گلے میں زنجیر ڈال چکا تھا اور اب اُسے باہر لے جانے کی کوشش کر رہا تھا۔ لیکن کتا کسی طرح ہٹنے کا نام ہی نہ لیتا تھا۔

"یوں نہ جائے گا۔" فریدی نے کہا۔ "اپنے ساتھ وہ ڈھیر بھی لے جاؤ۔"

پھر فریدی نے بڑھ کر کتے کی زنجیر پکڑ لی اور نگران چیتھڑوں کا ڈھیر سمیٹنے لگا۔

ایک ہاتھ پر اُس نے چیتھڑوں کا ڈھیر سنبھالا اور دوسرے سے کتے کی زنجیر تھام کر باہر نکل گیا۔ کتا بدستور اچھل اچھل کر اس کے ہاتھ میں چیتھڑے گرانے کی کوشش کر رہا تھا۔

"آؤ چلیں۔" فریدی بھی دروازے کی طرف بڑھتا ہوا بولا۔

حمید حیرت سے اس کی طرف دیکھ رہا تھا۔ دونوں برآمدے میں آکر آرام کرسیوں میں بیٹھ گئے۔

"شاید ابھی تک آپ کا دماغ اُس جزیرے[1] والے حادثے سے متاثر ہے۔" حمید تھوڑی دیر بعد بولا۔

"تمہارا خیال غلط ہے۔" فریدی نے مسکرا کر کہا۔

"پھر یہ سب کیا تھا....؟"

"ایک تجربہ۔"

"تجربہ۔"

"ہاں.... لیکن ابھی نہیں بتاؤں گا۔" فریدی نے بجھا ہوا سگار سلگاتے ہوئے کہا۔ "پہلے جا کر کپڑے اتارو! غسل کرو! کھانا بھلا ابھی کہاں کھایا ہوگا! تم ٹھہرے پرلے سرے کے کنجوس۔"

"لیکن آپ نے مجھے بلایا کیوں ہے؟" حمید جھلا کر بولا۔

"محبت کرنے کے لئے.... جان من اس قدر ناراض کیوں ہو۔"

حمید جھلا کر اٹھا اور اندر چلا گیا۔

تقریباً ایک گھنٹے کے بعد غسل وغیرہ سے فارغ ہو کر وہ پھر برآمدے ہی کی طرف واپس آیا کیونکہ فریدی اندر موجود نہیں تھا۔

ابھی وہ برآمدے میں قدم بھی نہیں رکھنے پایا تھا کہ اسے ایک ایسی آواز سنائی دی جسے وہ کچھ دیر قبل ٹرین میں سن چکا تھا۔ وہ کمرے ہی میں رک گیا۔ آواز سچ مچ اس اجنبی کی تھی جسے اس نے

[1] اس کہانی کے لئے "بھیانک جزیرہ" جلد نمبر 5 ملاحظہ فرمائیے۔

ٹرین میں بیوقوف بنایا تھا۔ لیکن اس وقت اس کے لہجے میں متانت کی بجائے دیوانہ پن جھلک رہا تھا۔ وہ اس طرح بول رہا تھا جیسے اس پر کسی قسم کا دورہ پڑ گیا تھا۔

"فریدی صاحب۔" "آپ کو ماننا ہی پڑے گا۔ تیس ہزار چالیس ہزار، پچاس ہزار میں اس سے بھی آگے بڑھ سکتا ہوں۔ اپنے دشمنوں کو نیچا دکھانے کے لئے اپنی ساری پونجی لٹا سکتا ہوں۔ نہیں نہیں۔ فریدی صاحب! اس طرح سر نہ ہلائیے۔ خدا کی قسم پاگل نہیں ہوں۔ فریدی صاحب میں ہوش میں ہوں۔ آپ میرے متعلق تحقیقات کر سکتے ہیں۔ جنوبی امریکہ کی کمرشل ڈائریکٹری، میں آپ کو میرا نام اور فوٹو مل سکتا ہے۔"

"مجھے یقین ہے۔" فریدی کی پُرسکون آواز سنائی دی۔

"پھر آپ انکار کیوں کر رہے ہیں۔ جب کہ آپ کی چھ ماہ کی چھٹیاں بھی باقی ہیں۔ چلئے ساٹھ ہزار.... سفر خرچ اور دیگر اخراجات کے علاوہ.... اب آپ کو کیا اعتراض ہو سکتا ہے۔"

"مسٹر نعیم! مجھے افسوس ہے کہ میں پھر بھی آپ کی کوئی خدمت نہ کر سکوں گا۔"

"آخر کیوں؟ آخر کیوں؟"

"یونہی.... اصول کی بات آپڑی ہے۔"

"یعنی....!"

"معاف کیجئے گا۔ میرے پاس آپ کے یعنی کا کوئی جواب نہیں۔"

"تو میں قطعی ناامید ہو جاؤں۔"

"جی....!"

"فریدی صاحب! میں بڑی امیدیں لے کر آیا تھا۔"

"مجھے خود افسوس ہے۔"

"میں حتیٰ الامکان آپ کو آمادہ کرنے کی کوشش کرتا رہوں گا۔" اجنبی نے کہا۔

"میں نے آخری بات کہہ دی۔" فریدی کھانس کر بولا۔ "ویسے آپ کو اختیار ہے۔ میں آپ کو کوشش سے تو باز نہیں رکھ سکتا۔"

"میں مایوس نہیں ہو سکتا۔" اجنبی کے لہجے میں خود اعتمادی تھی۔ "کیونکہ آپ کے بعد پھر کوئی اور نظر نہیں آتا۔ یہ میری موت اور زندگی کا سوال ہے۔ فریدی صاحب میں نے سنا تھا کہ

آپ مظلوموں کی مدد کرتے ہیں۔ اسی لئے میں نے آپ تک آنے کی ہمت کی تھی۔"

"لیکن آپ سے زیادہ مظلوم بھی میرے پاس آچکے ہوں تو!اور میں انہیں مدد دینے کا وعدہ کرچکا ہوں تو!ایسی صورت میں آپکے ساٹھ ہزار میرے ارادے پر کس طرح اثرانداز ہو سکیں گے۔"

"تو کیا میرے دشمنوں نے آپ سے مدد طلب کی ہے۔"

"نہیں۔"

"پھر.....؟"

فریدی نے اس سوال کا جواب دینے کے بجائے ایک نوکر کو آواز دی۔

"ذرا ڈرائیور سے کہو کہ گاڑی گیرج سے نکال دے۔ باہر جانا ہے۔"

"فریدی صاحب!مجھے سچ مچ بڑی مایوسی ہوئی۔" اجنبی اٹھتا ہوا بولا۔

"میں پھر عرض کروں گا کہ مجھے افسوس ہے۔ اگر آپ تین دن قبل مجھ سے ملے ہوتے تو شاید میں اس وقت آپ ہی کے کام کے متعلق سوچ رہا ہوتا۔"

"خیر صاحب مجھے یقین ہو گیا کہ میری بربادی قریب ہے۔"

پھر حمید نے قدموں کی آہٹیں سنیں، جو بتدریج دور ہوتی جا رہی تھیں اور جب برآمدے میں آیا تو فریدی خلاء میں نظریں جمائے کچھ سوچ رہا تھا۔

حمید کی آہٹ پر چونک پڑا۔

"تم نے کپڑے نہیں بدلے۔ ہم ے پول ہوٹل تک چلیں گے۔ کھانا وہیں کھائیں گے۔" اس نے حمید سے کہا۔

حمید کوئی جواب دیئے بغیر پھر واپس لوٹ گیا۔ وہ سوچ رہا تھا کہ اجنبی نے ٹرین میں اس سے کیا کہا تھا کہ وہ فریدی سے ملنے جا رہا ہے۔ پھر اس نے اپنی اس بات کو مذاق میں ٹالنے کی کوشش کی تھی؟ آخر کیوں؟ وہ کون تھا؟ فریدی کے پاس کیوں آیا تھا۔

"جانتے ہو کون تھا۔" فریدی نے حمید سے راستے میں پوچھا۔

"میں آپکی طرح جادو کی پڑیا تو ہوں نہیں کہ ہر ایک کو پہچانتا پھروں؟" حمید بیزاری سے بولا۔

فریدی خاموش ہو گیا اور حمید کو یک بیک احساس ہوا کہ اس نے اس وقت بیزاری کا اظہار کر کے غلطی کی ہے۔ اب فریدی اُسے کچھ بتائے بغیر ہی ادھر اُدھر بہلاتا پھرے گا۔ اجنبی کی

شخصیت پُراسرار تھی اور فریدی نے جس انداز سے اُسے ٹالا تھا وہ بھی کم از کم حمید کے لئے نیا تھا۔ اس نے اس سے قبل فریدی کو ایسا کرتے نہیں دیکھا تھا۔ روز ہی اس کے پرائیویٹ کیس آتے رہتے تھے لیکن اس نے آج تک کسی ضرورت مند کو اتنے خشک لہجے میں کورا جواب نہیں دیا تھا اور پھر یہاں تو معاملہ ساٹھ ہزار تک پہنچ چکا تھا اور دوسرے اخراجات سے کوئی مطلب نہیں؟

حمید کی الجھن بڑھتی جا رہی تھی۔ آخر وہ کون تھا؟ اور کیا چاہتا تھا؟

اور پھر اچانک اسے فریدی کا حیرت انگیز تجربہ یاد آگیا۔ حرکت قطعی پاگل پن کی تھی، لیکن فریدی سے اس کی توقع ناممکن تھی کہ وہ بچوں کی طرح کپڑے کا مجسمہ بنا کر اپنا بہترین سوٹ کتے سے نچوا ڈالے گا۔ آخر یہ سب کیا تھا؟

"میں نہیں جانتا کہ وہ کون تھا۔" حمید تھوڑی دیر بعد بولا۔

"ہوں.....!" فریدی مسکرایا لیکن وہ بدستور سامنے دیکھتا رہا۔ اس کے انداز سے یہ بھی معلوم ہوتا تھا کہ یہ مسکراہٹ کسی جملے کا پیش خیمہ ثابت ہوگی۔

حمید کی اکتاہٹ اور جھلاہٹ میں اضافہ ہو گیا۔

"لیکن ہم ے پول ہوٹل کیوں جا رہے ہیں۔"

"غیر ضروری باتوں سے اجتناب کرنا سیکھو؟" فریدی ہونٹ سکوڑ کر بولا۔

"یہ غیر ضروری بات ہے؟" حمید نے جھلا کر کہا۔

"چپ۔"

"واہ یہ بھی اچھی رہی۔" حمید برس پڑا۔ "خواہ مخواہ تار دے کر مجھے بلایا۔ اتنے لمبے سفر کی کوفت بھی دور نہ ہونے پائی تھی کہ یہاں چل وہاں چل۔ جہنم میں گئی ملازمت۔ میں تو اب عاجز آگیا ہوں۔"

"ملازمت کی بات کہاں چھیڑ بیٹھے۔ ہم تو چھٹی پر ہیں۔" فریدی مسکرا کر بولا۔

حمید کا غصہ اور تیز ہو گیا لیکن وہ کچھ بولا نہیں۔ البتہ اس کا نچلا ہونٹ دانتوں میں دبا ہوا تھا اور آنکھیں سرخ ہو گئی تھیں۔

"ہے ہے۔" فریدی اسے کن انکھیوں سے دیکھتا ہوا بولا۔ "اس وقت کافی حسین لگ رہے ہو۔ تم اپنا ہونٹ دانتوں میں مت دبایا کرو۔ ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے ستارے شفق کو نگلنے کی

کوشش کر رہے ہوں۔"

حمید پھر کچھ نہ بولا۔

"تم خاموش کیوں ہو.... کچھ چھکو پیارے۔" فریدی نے اُسے پھر چھیڑا۔

"کیا آپ مجھے اُلو کا پٹھا سمجھتے ہیں؟" حمید چیخ کر بولا۔

"نہیں آدمی کا پٹھا۔" فریدی نے آہستہ سے کہا اور کارمے پول ہوٹل کے پورٹیکو میں کھڑی کر دی۔

حمید طوعاً و کرہاً اس کے پیچھے چل رہا تھا۔ فریدی داہنی طرف کے کیبنوں کی قطار کے قریب پہنچ کر رک گیا۔ اس کی نظریں نمبروں پر دوڑ رہی تھیں۔ چند لمحے کھڑے رہنے کے بعد وہ ایک کیبن کی طرف بڑھا۔ پردہ ہٹایا اور حمید کی آنکھوں کے سامنے بجلی سی چمک گئی۔ پردہ ہٹتے ہی کیبن میں بیٹھی ہوئی لڑکی بے اختیارانہ انداز میں کھڑی ہو گئی۔ حمید اُسے اچھی طرح پہچانتا تھا۔ وہ شہر کے فولاد کے سب سے بڑے تاجر کی لڑکی عالیہ تھی۔ اونچی سوسائٹی کا شاید ہی کوئی ایسا فرد رہا ہو، جو اُسے نہ جانتا ہو۔ وہ شہر کی تفریح گاہوں کی جان اور کلچرل قسم کے ہنگاموں کی روح رواں تھی۔

"تشریف رکھئے۔" فریدی قدرے جھک کر بولا اور حمید کی طرف مڑ کر اُسے معنی خیز نظروں سے دیکھنے لگا۔

عالیہ بیٹھ گئی۔ وہ بار بار اپنی پیشانی پر رومال پھیر رہی تھی۔

"آپ کا کیس یقیناً میرے لئے دلچسپ ہوگا۔" فریدی بیٹھتا ہوا مسکرا کر بولا۔

عالیہ کوئی جواب دینے کے بجائے حمید کی طرف دیکھنے لگی۔

"اوہ.... یہ میرے رفیق کار سرجنٹ حمید ہیں۔" فریدی نے کہا۔ "ان کی موجودگی آپ کی تشویش کا باعث نہیں بن سکتی۔"

عالیہ کے ماتھے پر ابھری ہوئی سلوٹیں غائب ہو گئیں۔

"ہاں تو آپ نے مجھے اس وقت کیوں بلایا ہے۔" فریدی اپنے جیب میں سگار ٹٹولتا ہوا بولا۔

"اگر آپ ناپسند نہ کریں تو میں ایک سگار سلگا لوں۔"

"اوہ.... شوق سے۔" عالیہ کی مترنم آواز سنائی دی۔ "مجھے افسوس ہے کہ میں نے آپ کو تکلیف دی۔ بات یہ ہے کہ مجھے شاہد مرحوم کے نوکر سے آج ایک نئی بات معلوم ہوئی ہے۔

ممکن ہے آپ کے کام کی ہو۔"

"وہ کیا؟"

"شاہد مرحوم نے اسی خاص تقریب کے لئے ایک سوٹ سلوایا تھا، جو تقریب سے ایک ہفتہ قبل اچانک اس کے بکس سے غائب ہو گیا تھا اور پھر ایک دن قبل اُسی بکس میں پایا گیا۔"

عالیہ کا جملہ ختم ہونے سے قبل ہی فریدی سگار سلگاتے ہوئے رک گیا تھا۔ اس کی آنکھیں حیرت انگیز طور پر چمکنے لگی تھیں اور چہرہ سرخ ہو گیا تھا۔

"لیکن اس کی اطلاع آپ لوگوں کو پہلے ہی کیوں نہیں دی گئی۔" فریدی نے سگار کو میز پر رکھتے ہوئے پوچھا۔

"پتہ نہیں.... نوکر کا بیان ہے کہ شاہد نے اُسے اس کا تذکرہ کرنے سے روک دیا تھا۔"

فریدی کچھ سوچنے لگا۔

"میرا خیال ہے۔" عالیہ پھر بولی۔ "شاہد نے اخلاقاً اس کا تذکرہ کرنا مناسب نہیں سمجھا۔ اگر آپ ہی کا کسی کے گھر میں بطور مہمان قیام ہو اور آپ کی کوئی چیز گم ہو جائے تو آپ یقیناً صاحب خانہ سے اُس کا تذکرہ کرتے ہوئے ہچکچائیں گے۔"

"آپ کا خیال درست ہے۔" فریدی ایش ٹرے پر نظریں جمائے ہوئے بولا۔

حمید کی الجھن لحظہ بہ لحظہ بڑھتی جا رہی تھی۔

خونی کتا

"اچھا تو عالیہ بیگم۔" فریدی تھوڑی دیر بعد بولا۔ "میں شاہد مرحوم کے نوکر سے پھر کچھ باتیں پوچھنا چاہتا ہوں۔"

"ابھی چلئے۔"

"نہیں ابھی نہیں.... میں شام کو آؤں گا اور ہاں آپ کے والد صاحب کب تک واپس آئیں گے۔"

"کچھ کہا نہیں جا سکتا۔ وہ تقریباً چھ ماہ سے غیر ممالک کے دورے پر ہیں۔ پچھلے دو ماہ سے ان

کا کوئی خط بھی نہیں آیا۔ ان کا آخری تار مصر سے آیا تھا جس میں انہوں نے اطلاع دی تھی کہ وہ کیپ ٹاؤن جا رہے ہیں۔ اس کے بعد سے پھر کوئی خبر نہیں ملی۔"

"ہوں.... اچھا تو پھر میں شام کو آؤں گا۔" فریدی نے کہا اور ویٹر کو بلانے کے لئے گھنٹی بجاتا ہوا بولا۔ "غالباً آپ نے ابھی دوپہر کا کھانا نہ کھایا ہوگا۔"

"جی نہیں شکریہ! میں کھا چکی ہوں۔" عالیہ اٹھتی ہوئی بولی۔ "اچھا تو شام کو کس وقت آپ کا انتظار کروں۔"

"پانچ بجے۔"

عالیہ چلی گئی اور فریدی حمید کی طرف دیکھنے لگا۔

"اسے جانتے ہو۔" اس نے پوچھا۔

حمید نے اثبات میں سر ہلا دیا۔

"ہاں بھلا تم کیوں نہ جانتے ہو گے۔" فریدی مسکرا کر بولا۔

تھوڑی دیر بعد وہ دونوں خاموشی سے کھانا کھا رہے تھے۔

"یہاں ایک عجیب حادثہ ہو گیا ہے۔" فریدی نے کہا۔

حمید بدستور سر جھکائے کھانے میں مشغول رہا۔

"تم شاید دلچسپی نہیں لے رہے ہو۔" فریدی پھر بولا۔

حمید نے نوالہ ہاتھ سے رکھ دیا اور فریدی کو اس طرح گھورنے لگا جیسے مار بیٹھے گا۔

"کیوں؟" فریدی ہنس پڑا۔

"میں اس لئے دلچسپی نہیں لے رہا ہوں۔" حمید دانت پیس کر بولا۔ "کہ دلچسپی لینے کے سلسلے میں کافی بدھو بننا پڑتا ہے۔ اگر میں اپنی دلچسپی کا اظہار کروں تو آپ مجھے پیس کر پی لیں۔ آپ مجھے احمقوں کی طرح ٹہلایا کرتے ہیں۔ کبھی کوئی بات نہیں بتاتے۔ بس دوڑا لیجئے۔"

"کھانا کھاؤ۔" فریدی مسکرا کر بولا۔ "غالباً تمہارا اشارہ اس تجربے کی طرف ہے اب میں تمہیں اس کے متعلق بتا سکتا ہوں۔ اگر عالیہ نے اس وقت سوٹ والا معاملہ نہ چھیڑا ہوتا تو ابھی نہ بتاتا کیونکہ ابھی تک وہ تجربہ محض عقلی گدا تھا مگر اب وہ فولاد کی طرح ٹھوس ہے۔"

"یعنی....!"

"ٹھہرو.... تجربے کی بات بعد میں آئے گی۔ پہلے وہ واقعہ سنو جس کی بناء پر ایک خیال کے تحت مجھے یہ تجربہ کرنا پڑا تھا۔"

فریدی خاموش ہو کر کچھ سوچنے لگا۔ حمید اسے استفہامیہ نظروں سے دیکھ رہا تھا۔

"آج سے ایک ہفتہ قبل کی بات ہے کہ عالیہ کے شکاری کتے نے اس کے منگیتر شاہد کو مار ڈالا۔"

"مار ڈالا۔" حمید چونک کر بولا۔

"ہاں.... اور عین اس وقت جب تھوڑی دیر بعد ان کی منگنی کی رسم ادا کی جانے والی تھی۔"

"اوہ....!"

"اس تقریب کے سلسلے میں عالیہ کے یہاں ایک گارڈن پارٹی دی گئی تھی۔ مہمان نشستوں پر بیٹھ چکے تھے۔ ان میں شاہد بھی تھا، جو تقریباً پندرہ یوم قبل سے عالیہ کے یہاں ٹھہرا ہوا تھا۔ عالیہ کو تو تم جانتے ہی ہو کہ اس میں خود نمائی کی عادت ضرورت سے زیادہ ہے۔ پارٹی شروع ہی ہونے جا رہی تھی کہ عالیہ اپنے بلڈ ہاؤنڈ کی زنجیر تھامے ہوئے پائیں باغ میں آئی۔ حالانکہ یہ ایسا موقع نہیں تھا کہ وہ کتا لے کر نکلتی مگر خود نمائی کی عادت نے اُسے اس بھونڈی حرکت پر مجبور کر دیا۔ اس کا بیان ہے، کہ کتا بچپن ہی سے اس کے پاس تھا اور بہت سیدھا تھا۔ صرف شکار کے موقعوں پر یہ معلوم ہوتا تھا کہ وہ بلڈ ہاؤنڈ ہے۔ ورنہ ویسے وہ دیسی کتوں کی طرح ہر ایک کی سیٹی پر دم ہلانے لگتا تھا۔"

فریدی خاموش ہو کر پلیٹ میں رکھے ہوئے مرغ مسلم کی ٹانگ کاٹنے لگا۔

"پھر....!"

"باغ میں پہنچ کر یک بیک اس نے بھونکنا شروع کر دیا۔ عالیہ نے لاکھ کوشش کی کہ وہ اُسے واپس لے جائے۔ مگر ممکن نہ ہوا۔ دو تین نوکروں نے بھی کوشش کی لیکن لاحاصل۔ کچھ مہمان بھی عالیہ کے گرد آ گئے۔ پھر دفعتاً چمڑے کا تسمہ ٹوٹ پڑا۔ اس نے اس کی گردن پکڑ لی تھی لوگ دوڑ پڑے مگر اتنی دیر میں اس نے شاہد کا نرخرا ادھیڑ دیا تھا اور شاہد زمین پر پڑا ذبح کئے ہوئے مرغ کی طرح تڑپ رہا تھا۔ ہسپتال پہنچنے سے پہلے ہی وہ مر گیا۔ عالیہ نے اسی وقت چیخ چیخ کر لوگوں کو بتا شروع کیا کہ کسی نے کتے کا تسمہ کاٹ دیا تھا۔ تسمہ نہیں بلکہ اُسے چمڑے کی ڈور کہنا چاہئے، جو پتلی پتلی پٹیوں کو بٹ کر بنائی گئی تھی اور جس کا ٹوٹنا امر محال ہے۔ صاف معلوم ہوتا تھا کہ کسی نے اس

وقت اسے کاٹ دیا تھا جب کتا شاہد پر جھپٹنے کی کوشش کر رہا تھا۔ اسی دوران میں کسی نے ایک لڑکے کے متعلق شبہ ظاہر کیا۔ عالیہ یہ نہیں بتا سکی کہ شبہ ظاہر کرنے والا کون تھا۔ بہر حال اس لڑکے کی تلاشی لینے پر اس کی جیب سے ایک بڑا سا چاقو برآمد ہوا۔ لڑکا گرفتار کر لیا گیا لیکن وہ برابر یہی کہے جا رہا تھا کہ وہ چاقو اس نے اپنی جیب میں نہیں رکھا تھا اور نہ وہ اس کا تھا۔ کسی نے وہیں اس کی لاعلمی میں جیب میں ڈال دیا تھا۔ بہر حال لڑکا گرفتار کر لیا گیا۔ جانتے ہو وہ کون تھا۔"

حمید کچھ نہ بولا۔

"وہ عالیہ کے عاشقوں میں سے ایک تھا اور عالیہ بھی اُسے بے حد چاہتی ہے۔ اس نے اس کا اعتراف کیا ہے۔"

"تب تو معاملہ صاف ہے۔" حمید نے کہا۔

"کیا....؟"

"یہی کہ عالیہ اور اس کا عاشق دونوں اس سازش میں شریک ہیں۔"

"چلو خیر میں اسے بھی مانے لیتا ہوں۔" فریدی مسکرا کر بولا۔ "لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس کتے نے شاہد ہی پر حملہ کیوں کیا اور پھر ایسی صورت میں جب کہ وہ شاہد سے کافی مانوس ہو گیا تھا۔ شاہد کے نوکر نے بتایا ہے کہ اکثر شاہد اُسے اپنے ساتھ لے کر تفریح کے لئے باہر جایا کرتا تھا۔"

فریدی خاموش ہو کر حمید کی طرف جواب طلب نگاہوں سے دیکھنے لگا۔

"دوسری بات۔" فریدی چند لمحوں کے بعد بولا۔ "اگر یہ سازش عالیہ کی تھی تو اس نے اس صفائی سے اس کا اعتراف کیوں کر لیا کہ وہ شاہد سے بیزار تھی۔ اس کے ساتھ شادی نہیں کرنا چاہتی تھی۔"

"تو پھر اُس نے انکار ہی کیوں نہیں کر دیا تھا۔" حمید نے کہا۔

"اس کے والدین کی یہی خواہش تھی۔ اس کا باپ ایک ضدی آدمی ہے اور تم یہ بھی جانتے ہو کہ وہ اپنے والدین کی اکلوتی لڑکی ہے۔ اس کا باپ اکثر کہا کرتا تھا کہ اگر وہ شاہد کے ساتھ شادی پر رضامند نہ ہو گی تو وہ اسے وراثت سے محروم کر دے گا۔"

"مگر محبت۔" حمید نے کہا۔

"چھوڑو بھی، تم بھی کہاں کی بات لے بیٹھے۔ رئیس گھرانوں کی جانِ محفل قسم کی لڑکیوں کو تم نہیں جانتے۔ ان کے لئے دولت سے زیادہ اہم اور کوئی چیز نہیں! اس میں شک نہیں کہ وہ اپنے عاشق سعید کے ساتھ شادی کرنا چاہتی تھی۔ مگر میرے خیال میں اس میں بھی ایک طرح کی سودے بازی موجود ہے۔ سعید ایک متوسط گھرانے کا لڑکا ہے اگر اتفاق سے عالیہ کی شادی اس کے ساتھ ہو جائے تو وہ زندگی بھر اس کی دولت کی وجہ سے اس سے مرعوب رہے گا اور اس کی بے راہ روی میں دخل انداز نہ ہو سکے گا۔ تم نے یہاں کی رقص گاہوں میں عالیہ کو بے شمار نوجوانوں کے ساتھ دیکھا ہو گا۔ میں اس کی فطرت سے بخوبی واقف ہوں۔"

"تو خود عالیہ نے آپ سے اس کیس کی تفتیش کے لئے کہا ہے۔" حمید نے پوچھا۔

"ہاں... خیر تو سنو.... عالیہ کا بیان ہے کہ حادثے سے ایک ہفتہ قبل سے کوئی آدمی روزانہ رات میں کتے کو تنگ کیا کرتا تھا۔ دو ایک بار کتے کے جسم پر معمولی زخم بھی دکھائی دیئے۔"

"تو کیا شاہد ہی...." حمید نے کہا۔

"نہیں....!" فریدی اس کی بات کاٹ کر بولا۔ "اگر یہ بات ہوتی تو وہ تقریب سے پہلے ہی شاہد کا خاتمہ کر دیتا۔ بتا تو دیا کہ تقریب سے ایک دن قبل بھی شاہد کتے کو اپنے ساتھ باہر لے گیا تھا۔"

"تو پھر سعید۔"

"بھلا سعید کیسے۔" فریدی مسکرا کر بولا۔ "اگر یہ بات ہوتی تو وہ شاہد کی بجائے سعید پر جھپٹتا۔ کیونکہ وہ بھی پارٹی میں موجود تھا۔"

"پھر آخر کون۔"

"کوئی نامعلوم آدمی۔" فریدی بولا۔ "سارے واقعات معلوم کرنے کے بعد ہی سے میں نے تجربہ شروع کر دیا تھا۔ واضح رہے کہ شاہد محض اس سوٹ کی وجہ سے مارا گیا۔ تقریب سے ایک ہفتہ پیشتر اس کے بکس سے غائب ہو گیا تھا۔ ظاہر ہے کہ تقریب سے ایک دن قبل واپس مل جانے پر اُس نے وہی سوٹ پہنا ہو گا کیونکہ وہ اسی موقعے کے لئے سلوایا گیا تھا۔"

"میں نہیں سمجھا۔"

"عجیب احمق آدمی ہو۔" فریدی اکتا کر بولا۔ "جس آدمی نے اُسے چرایا تھا، وہی اُسے راتوں میں پہن کر کتے کو تنگ کرتا رہا اور پھر تقریب سے ایک دن قبل اس نے اُسے دوبارہ بکس میں رکھ

دیا۔ کتا اس دوران میں سوٹ کی بو سے واقف ہو چکا تھا۔ لہٰذا وہ شاہد ہی کو تنگ کرنے والا سمجھ بیٹھا۔"

"محض کپڑے کی بو۔" حمید کچھ سوچتا ہوا بولا۔ "بات سمجھ میں نہیں آتی۔"

"جھک نہیں مارتا رہا صاحب زادے۔" فریدی نے کہا۔ "آج ہی میرا تجربہ مکمل ہوا ہے۔ میں نے اپنے ایک سوٹ کا خون یونہی نہیں کرایا۔ ایک آدمی میرا سوٹ پہن کر میرے بلڈ ہاؤنڈ کو رات میں تنگ کرتا رہا ہے۔ وہی سوٹ میں نے کپڑے کے مجسمے کو پہنایا تھا۔ اگر وہ سوٹ خود میرے جسم پر ہوتا تو میرا بھی وہی حشر ہوتا، جو اُس مجسمے کا ہوا۔"

"آپ کا....؟" حمید کے لہجے میں حیرت تھی۔

"بلڈ ہاؤنڈ کی ذات ہی ایسی ہے۔ اصیل قسم کا بلڈ ہاؤنڈ اپنے حملہ آور کو کبھی نہیں چھوڑتا۔ چاہے وہ اس کا مالک ہی کیوں نہ ہو! بعض کتوں میں یہ صفت ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر ایک رکھوالی کرنے والے السیشین ہی کو لے لو۔ وہ رات کو اپنے مالک کی آہٹ پر بھونکنے لگتا ہے اور اس وقت تک چپ نہیں ہوتا جب تک کہ وہ اس کا نام لے کر کچھ کہہ نہ دے۔"

فریدی خاموش ہو گیا۔ حمید بھی کچھ سوچ رہا تھا۔

"یہ حرکت گھر ہی کے کسی فرد کی ہو سکتی ہے۔" حمید نے کہا۔

"ممکن ہے! ابھی میں نے اس پر غور ہی نہیں کیا؟ بہرحال سازش کا طریقہ دریافت ہو گیا۔"

"میرے خیال سے اس سلسلے میں وہ آدمی کارآمد ثابت ہو گا جس نے سعید پر شبہ ظاہر کیا تھا۔" حمید بولا۔

"تمہارا خیال درست ہے۔" فریدی کچھ سوچتا ہوا بولا۔ "لیکن وہ آدمی پارٹی میں موجود نہیں تھا، جو اس کتے کو تنگ کر رہا تھا۔ ورنہ وہ اس پر بھی حملہ کرتا۔ بہرحال سازش بڑی پُرمغز تھی۔ مجرم نے ایک تیر سے دو شکار کئے۔ عالیہ کے منگیتر کا کام تمام ہو گیا اور عاشق جیل پہنچ گیا۔"

"ممکن ہے یہ سعید ہی کی حرکت رہی ہو۔" فریدی اس کی آنکھوں میں دیکھتا ہوا بولا۔

"کیا یہ ممکن نہیں کہ خود عالیہ ہی ان دونوں سے پیچھا چھڑانا چاہتی ہو۔" حمید نے کہا۔ "ایسی صورت میں سعید کا بیوقوف بن جانا ناممکنات میں سے نہیں۔ وہ اپنی جگہ پر یہ سمجھتا رہا ہو گا کہ عالیہ محض اسی کے لئے شاہد کا خاتمہ کر دینا چاہتی ہے۔"

"ممکن ہے۔" فریدی کچھ سوچتا ہوا بولا۔ "میں نے اس پہلو پر بھی غور کیا ہے! لیکن اس میں

ایک خامی ہے۔ تم عالیہ کو اچھی طرح نہیں جانتے۔ وہ بہت ذہین لڑکی ہے۔ اگر اسے سعید کو بھی ختم کرنا ہوتا تو وہ ایسی اسکیم نہ سوچتی جس کے تحت سعید قانون کے شکنجوں میں جکڑنے کے بعد مارا جاتا۔ ایسی صورت میں حقیقت ظاہر ہو جانے کا خطرہ ہو سکتا ہے۔ اگر اسے سعید کو بھی مارنا ہی ہوتا تو وہ اس کے علاوہ کوئی اور طریقہ اختیار کر سکتی تھی۔"

وہ کھانا ختم کر چکے تھے۔ فریدی کرسی کی پشت سے ٹیک لگا کر سگار سلگانے لگا۔

"تو بہرحال آپ کسی تیسرے آدمی کے امکانات پر غور کر رہے ہیں۔" حمید نیپکن سے ہاتھ صاف کرتا ہوا بولا۔

"کافی۔" فریدی نے قریب کھڑے ہوئے ویٹر سے کہا۔ پھر حمید کی طرف مخاطب ہوا۔

"ہاں کیا کہا تم نے۔"

حمید نے اپنا جملہ دہرایا۔

"میں ہر پہلو سے جائزہ لے رہا ہوں۔ فی الحال قطعی طور پر کچھ نہیں کہہ سکتا۔ ہو سکتا ہے کہ تمہارا ہی خیال صحیح ہو! عالیہ کی کیا بساط ہے۔ بڑے بڑے مجرم اس قسم کی غلطیاں کر بیٹھتے ہیں۔ اس سلسلے میں ایک سوال اور پیدا ہوتا ہے اگر کوئی تیسرا آدمی مجرم ہے تو اسے یہ پہلے ہی سے معلوم رہا ہو گا کہ عالیہ پارٹی میں کتے کو بھی لے جائے گی۔ میں نے عالیہ سے اس نکتے پر بھی گفتگو کی تھی کہ وہ خود ہی کتے کو لے گئی تھی یا کسی نے اس قسم کی تجویز پیش کی تھی۔ اس نے بتایا کہ یہ حرکت کسی کے مشورے کی بناء پر نہیں کی گئی تھی اور دوسری صورت میں وہ اس حرکت کا جواز بھی پیش نہ کر سکی۔"

"کتے کو تو گولی مار دی گئی ہو گی۔" حمید نے کہا۔

"ماری جاتی۔ لیکن میں نے ایسا نہیں کرنے دیا۔" فریدی بولا۔ "وہ ایک اچھا گواہ ثابت ہو گا۔"

"تو وہ کہاں ہے۔"

"میرے پاس ہے میں کئی دن سے اس کا جائزہ لے رہا ہوں۔ وہ قطعی صحیح الدماغ معلوم ہوتا ہے۔"

"باندھ کر رکھتے ہیں نا؟" حمید نے گھبرائے ہوئے لہجے میں پوچھا۔

"مطمئن رہو۔ وہ تمہاری گردن نہیں دبوچے گا۔ یہ سعادت تو کسی عورت ہی کے حصے میں آئے گی۔"

اتنے میں کافی آگئی اور فریدی سگار کو ایش ٹرے میں رکھ کر پیالیوں میں شکر ڈالنے لگا۔

"عالیہ ہے کافی حسین۔" حمید اپنے پائپ میں تمباکو بھرتا ہوا بولا۔

"اسی لئے تو میں نے تمہیں بلایا ہے۔" فریدی نے طنزیہ لہجے میں کہا۔ "تم اس کے حسن کی گہرائیوں میں ڈوب کر ضرور کوئی نہ کوئی کام کی بات نکال لاؤ گے۔ اگر تم نے یہ رپورٹ بھی دی کہ حسن دیکھنے کیلئے ہے چھونے کیلئے نہیں تو میں اطمینان سے قبر میں پیر پھیلا کر سو سکوں گا۔"

چڑچڑا میجر

پانچ بجے شام کو فریدی اور حمید جہانگیر پیلس پہنچ گئے۔ یہ ایک بڑی اور شاندار عمارت تھی۔ پائیں باغ سے گذر کر وہ برآمدے میں آئے جہاں عالیہ ان کا انتظار کر رہی تھی۔

وہ متعدد کمروں سے گذرتے ہوئے کھانے کے کمرے میں آئے جہاں ایک بڑی سی میز پر ناشتے کا سامان رکھا ہوا تھا۔ قریب ہی ایک کرسی پر ایک ادھیڑ عمر کا آدمی بیٹھا اونگھ رہا تھا۔ اُن کے قدموں کی آہٹ پر چونک کر اس نے آنکھیں کھولیں اور ایک لحہ تن کر بیٹھے رہنے کے بعد پھر کرسی کی پشت سے ٹک گیا.... وہ آدھ کھلی آنکھوں سے فریدی اور حمید کو دیکھ رہا تھا۔

"میرے چچا! میجر داؤد۔" عالیہ مسکرا کر بولی۔ "اور آپ انسپکٹر فریدی۔"

بوڑھے نے بیٹھے ہی بیٹھے اپنا ہاتھ فریدی کے ہاتھ میں دے دیا۔ مقصد مصافحہ تھا لیکن انداز سے ایسا معلوم ہوا جیسے وہ کوئی چیز فریدی کے ہاتھ میں دے رہا ہو۔ پھر اس کی سرخ سرخ آنکھیں سرجنٹ حمید کے چہرے پر جم گئیں۔

"سرجنٹ حمید۔" فریدی بولا۔

بوڑھے نے حمید کی طرف ہاتھ بڑھا دیا اور حمید کو ایسا محسوس ہوا جیسے اس کے ہاتھ میں بیجان گوشت کا ایک لوتھڑا جھول گیا ہو۔

"میں چائے پی چکا ہوں۔" فریدی بولا۔

"خیر کوئی بات نہیں۔" بوڑھا اپنی کرسی میز کے قریب کھسکاتا ہوا بولا۔ "چائے بالکل ٹھنڈی ہو چکی ہے۔"

اور پھر اس طرح ناشتے میں ڈوب گیا جیسے اس کے علاوہ اور کوئی دوسرا اس کمرے میں موجود نہ ہو۔ عالیہ اپنا نچلا ہونٹ دانتوں میں دبا کر رہ گئی۔

"تو کیا آپ واقعی چائے نہ پئیں گے۔" عالیہ نے تھوڑی دیر بعد کہا۔

"قطعی نہیں! آیئے.... ذرا میں شاہد کے نوکر سے ملنا چاہتا ہوں۔" فریدی بولا۔

بوڑھا چائے کا گھونٹ حلق میں اتارتے اتارتے رک کر فریدی کی طرف دیکھنے لگا۔

"اوہو! ابھی تک وہی چرخہ چل رہا ہے۔" بوڑھا بھرائی ہوئی آواز میں بولا۔

عالیہ کوئی جواب دیئے بغیر دروازے کی طرف بڑھی۔

پھر وہ برآمدے میں آکر بیٹھ گئے۔ عالیہ نے شاہد کے نوکر کو بلایا۔

حمید اسے کسی خرانٹ پولیس آفیسر کی طرح تیز نظروں سے دیکھ رہا تھا۔ قبل اس کے فریدی کچھ پوچھتا حمید اسے مخاطب کر کے بولا۔

"وہ آدمی تمہیں پھر کبھی دکھائی دیا تھا؟"

"کون آدمی۔" نوکر کے لہجے میں حیرت تھی۔

"وہی جسے تم نے شاہد کا سوٹ دیا تھا۔'

"میں نے۔" نوکر اچھل کر بولا اور پھر اس کی آنکھیں خوفزدہ نظر آنے لگیں۔

فریدی نے حمید کو گھور کر دیکھا اور پھر نوکر کی طرف دیکھ کر مسکرانے لگا۔

"تم کتنے دنوں سے شاہد کے ساتھ تھے۔" اس نے پوچھا۔

"تین سال سے۔"

"تم نے سوٹ غائب ہونے کا تذکرہ پہلے ہی کیوں نہیں کیا۔"

"صاحب نے منع کر دیا تھا۔"

"ہوں.... اچھا یہ بتاؤ! کیا وہ پارٹی میں وہی سوٹ پہن کر گئے تھے۔"

"جی ہاں۔"

"یہاں اس شہر میں ان کے کسی ملنے والے کو جانتے ہو۔"

"جی نہیں۔"

"کبھی کوئی ان سے ملنے کے لئے آتا تھا۔"

”میرے خیال سے تو کوئی بھی نہیں۔“

”تو یہاں اس گھر والوں کے علاوہ ان کے جان پہچان کا کوئی اور نہیں تھا۔“

”یہ کیسے کہہ سکتا ہوں۔ لیکن اتنا جانتا ہوں کہ یہاں کوئی ان سے ملنے کے لئے نہیں آتا تھا۔“

”ہوں۔“ فریدی کچھ سوچتا ہوا بولا۔ ”تم ابھی تک یہاں کیوں ٹھہرے ہوئے ہو۔“

”پولیس نے روک رکھا ہے۔“

”میں شاہد کا کمرہ دیکھنا چاہتا ہوں۔“ فریدی عالیہ کی طرف مڑ کر بولا۔

”چلئے۔“ عالیہ اٹھتی ہوئی بولی اور حمید اس کے کمر کے بل گننے لگا۔

”لیکن ذرا ٹھہریئے میں کنجی لیتی آؤں۔“ عالیہ نے کہا اور اندر چلی گئی۔

”تم کمرے کے پاس ٹھہرو۔“ فریدی نے نوکر سے کہا۔

اس کے جانے کے بعد وہ حمید سے بولا۔

”یہ کیا حماقت تھی۔ اس قسم کے گھسے پٹے سوالات کا طریقہ سول پولیس ہی کے لئے رہنے دو۔“

”آپ کا طریقہ تو دنیا سے نرالا ہے۔“ حمید منہ بنا کر بولا۔

”پھر وہی بکواس۔ تم اتنا نہیں سوچ سکتے کہ اگر وہ سازش میں شریک ہوتا تو ایک ڈھکی چھپی بات کو کیوں ظاہر کر دیتا۔ ظاہر ہے کہ سوٹ کھو جانے والے واقعے کے متعلق شاہد کے بعد اس کے علاوہ گھر کا کوئی اور آدمی نہیں جانتا تھا۔“

حمید کچھ کہنے ہی والا تھا کہ عالیہ آ گئی۔

پھر وہ شاہد کے کمرے میں آئے۔ نوکر ساتھ تھا۔ اس کمرے میں ایک مسہری اور دو تین کرسیوں اور ایک چھوٹی سی میز کے علاوہ کچھ اور نہیں تھا۔

”کیا کپڑوں کا صندوق اسی کمرے میں تھا۔“ فریدی نے نوکر سے پوچھا۔

”جی ہاں۔“

”کس جگہ۔“

نوکر نے ایک طرف اشارہ کیا۔ فریدی تھوڑی دیر تک ادھر اُدھر دیکھتا رہا پھر ایک دروازے کی طرف اشارہ کر کے بولا۔

”یہ کدھر کھلتا ہے۔“

”پرانی حویلی میں.... مگر اُدھر کوئی رہتا نہیں۔“

”اوہ....!“

”لیکن آپ سوٹ کے متعلق....!“

”یہ ایک اہم بات ہے۔“ فریدی عالیہ کی بات کاٹ کر بولا۔ ”بہت ہی اہم۔“

پھر وہ نوکر کی طرف دیکھ کر بولا۔ ”تم جا سکتے ہو۔“

نوکر چلا گیا۔

”ہاں مس عالیہ۔“ فریدی سگار سلگاتا ہوا بولا۔ ”آپ نے بتایا تھا کہ کوئی آپ کے کتے کو راتوں میں تنگ کرتا رہا تھا۔“

”جی ہاں۔“

”اور آپ نے اس کے متعلق کچھ جاننے کی کوشش نہیں کی۔“

”کی تھی۔“ عالیہ بولی۔ ”لیکن کچھ معلوم نہ ہو سکا۔“

”پھر آپ نے کتے کو وہاں سے ہٹا تو دیا ہی ہوگا۔“

”ہٹاتی کہاں سے۔ وہ رات بھر کمپاؤنڈ میں کھلا رہتا تھا۔“

”اوہ....!“ فریدی کچھ سوچنے لگا۔

”لیکن آپ پارٹی میں کتے کو لے ہی کیوں گئی تھیں۔“ حمید دفعتاً بولا۔

”اب کیا بتاؤں۔“ عالیہ کے چہرے پر ندامت کے آثار پھیل گئے۔ ”حماقت تھی جو ہو گئی۔“

”خیر...“ حمید کچھ سوچتا ہوا بولا۔ ”کیا وہ ڈور پرانی تھی جس سے آپ نے کتے کو باندھ رکھا تھا۔“

”جی نہیں خریدنے کے بعد صرف دو تین بار استعمال کی گئی تھی۔“

”اوہ.... تو اس کا مطلب یہ ہے۔“ حمید جملہ پورا نہیں کر پایا تھا کہ فریدی بول پڑا۔

”آپ حادثے سے کتنے دن قبل سے اس ڈور کو استعمال کر رہی تھیں۔“

”حادثے سے قبل زنجیر استعمال کی جاتی تھی.... لیکن....!“

”لیکن کیا....!“

”بات دراصل یہ ہے کہ زنجیر کی ایک کڑی کسی طرح ٹوٹ گئی تھی۔“

”اوہ.... لیکن زنجیر کے ٹکڑے نہیں ہوئے تھے؟“ فریدی نے پوچھا۔

"جی نہیں! لیکن خدشہ تھا کہ وہ بیچ سے الگ ہو جائے گی۔"

"وہ ہے کہاں! میں اسے دیکھنا چاہتا ہوں۔"

تھوڑی دیر بعد فریدی اور حمید برآمدے میں عالیہ کا انتظار کر رہے تھے، جو زنجیر تلاش کرنے گئی تھی۔

"اتنی دیر میں تم نے کام کی ایک بات پوچھی تھی۔" فریدی نے حمید سے کہا۔

اور حمید کوئی جواب دیئے بغیر پائپ میں تمباکو بھرنے لگا۔

"میرا خیال ہے کہ عالیہ بھی سازش میں شریک ہے۔" حمید تھوڑی دیر بعد بولا۔

"بس اڑنے لگے۔ میں نے اس لئے تمہاری تعریف نہیں کی تھی۔"

"تعریف صرف اس کو زیب دیتی ہے۔" حمید درویشانہ انداز میں آسمان کی طرف انگلی اٹھا کر بولا۔ "جس نے آپ کو بے جان اور مجھے ذی روح بنا کر میری مٹی پلید فرمادی۔"

فریدی ہنسنے لگا۔

تھوڑی دیر بعد عالیہ زنجیر لے کر آگئی۔ فریدی بغور زنجیر کو دیکھ رہا تھا اور اس کے ہونٹ اس طرح سمٹ گئے تھے جیسے سیٹی بجانے کا ارادہ رکھتا ہو۔ پھر وہ حمید کی طرف مڑا۔

"ذرا یہ کڑی دیکھو۔ اس کا ایک حصہ تیز دھار چیز سے کاٹا گیا ہے۔"

حمید زنجیر کو اپنے ہاتھوں میں لے کر دیکھنے لگا۔

"اس میں شک نہیں۔" فریدی آہستہ سے بولا۔ "اگر کتا زور کرتا تو یہ کڑی الگ ہو جاتی۔"

پھر اس نے نظریں عالیہ کے چہرے پر جمادیں۔

"اگر آپ کتے کو اسی زنجیر سے باندھا رہنے دیتیں اور اسے پارٹی میں نہ لے جاتیں تب بھی کسی نہ کسی وقت شاہد پر حملہ ضرور کر دیتا۔"

عالیہ استعجاب آمیز نظروں سے فریدی کی طرف دیکھنے لگی۔

"تو کیا شاہد ہی رات میں کتے کو تنگ کیا کرتے تھے۔" عالیہ نے پوچھا۔

"آپ کافی ذہین ہیں۔" فریدی مسکرا کر بولا۔ "لیکن اگر یہ بات ہوتی تو وہ پہلے ہی شاہد کا خاتمہ کر دیتا۔"

"پھر....!"

"چھوڑیئے بھی پھر کبھی بتاؤں گا۔" فریدی بجھا ہوا سگار سلگاتا ہوا بولا۔

"کیا آپ کسی طرح یاد کر کے یہ نہیں بتا سکتیں ہیں کہ حادثہ ہو جانے پر کس نے سعید پر شبہ ظاہر کیا تھا۔"

"میں نے۔" کسی نے پیچھے سے کہا۔

فریدی وغیرہ چونک پڑے۔ عالیہ کا چچا میجر داؤد کمر پر ہاتھ رکھے کھڑا انہیں گھور رہا تھا۔

"میں نے شبہ ظاہر کیا تھا۔" وہ پھر بولا۔

"کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ شبہے کی کیا وجہ تھی۔" فریدی نے آہستہ سے کہا۔

"وجہ یاد کرنے کے لئے وقت چاہئے۔" میجر داؤد خشک لہجے میں بولا۔ "بس مجھے اُس پر شبہ ہو گیا تھا۔"

"لیکن پولیس تو وجہ بھی معلوم کرنا چاہے گی۔"

"جہنم میں گئی پولیس۔" میجر داؤد دانت پیس کر بولا۔

فریدی مسکرانے لگا۔ حمید کی آنکھوں سے شبہ جھانک رہا تھا۔

"اُس کے لئے باقاعدہ بیان دینا پڑے گا۔" حمید منہ سکوڑ کر بولا۔

"اور آپ کو یہ بھی بتانا پڑے گا کہ آپ نے یہ بات ابھی تک کیوں چھپائے رکھی۔"

"کیا....؟" میجر داؤد گرج کر بولا۔

"کوئی بات نہیں۔" فریدی مسکرا کر بولا۔ "آپ کو کوئی کسی بات پر مجبور نہیں کر سکتا۔ اگر آپ نہیں بتانا چاہتے تو یہ بات مجھ تک ہی رہے گی۔"

"تم جا سکتی ہو۔" میجر داؤد نے عالیہ سے کہا اور وہ کسی قدر ہچکچاہٹ کے بعد وہاں سے چلی گئی۔

"ادھر آیئے۔" میجر داؤد ایک بنچ کی طرف اشارہ کر کے بولا۔

وہ لوگ بنچ پر بیٹھ گئے۔

"اس لڑکی نے خاندان کی ناک نالی میں رگڑ دی۔" میجر داؤد آہستہ سے بڑبڑایا۔

فریدی اور حمید خاموش رہے۔ فریدی نے اتنی دیر میں اچھی طرح اندازہ لگالیا تھا کہ میجر داؤد کس قسم کا آدمی ہے۔

"وہ اس آوارہ لونڈے سعید کے ساتھ شادی کرنا چاہتی تھی۔" میجر داؤد نے کہا۔

"ایسی حالت میں کشت و خون کے علاوہ اور کیا ہو سکتا ہے۔ پارٹی میں اس کی موجودگی ہی شبہ پیدا کر دینے کے لئے کافی تھی۔ فطرتاً اُسے اس موقعے پر یہاں نہ آنا چاہئے تھا۔ اسے مدعو بھی نہیں کیا گیا تھا۔ سمجھ میں آ گئی شبہے کی وجہ۔"

میجر داوٗد فریدی کو اس طرح گھورنے لگا جیسے وہ اپنے خیال کی تردید میں کچھ سننا پسند نہیں کرے گا۔

"آپ کا خیال قطعی درست ہے۔" فریدی نے کہا۔

"اور پھر اس کے جیب سے چاقو بھی برآمد ہوا۔" میجر داوٗد بولا۔

"آپ نے اسے ڈور کاٹتے بھی دیکھا تھا؟"

"نہیں۔" میجر داوٗد بڑبڑایا۔ "اگر آپ یہ کہنا چاہتے ہیں کہ اسے کسی نے ڈور کاٹتے نہیں دیکھا تھا اس لئے وہ مجرم نہیں ہے تو یہ آپ کی بھول ہوگی۔ آخر وہ اتنا بڑا چاقو لے کر یہاں آیا ہی کیوں تھا؟"

"آپ ٹھیک کہتے ہیں۔" فریدی مسکرا کر بولا۔ "یقیناً اس کی نیت میں فتور تھا۔ آپ مجھ سے عمر میں بہت بڑے ہیں اور مجھ سے زیادہ تجربہ کار بھی۔ کتوں کے متعلق آپ یقیناً مجھ سے زیادہ جانتے ہوں گے۔"

"میں اس کا دعویٰ تو نہیں کر سکتا۔" میجر داوٗد نے نرم لہجے میں کہا۔ "البتہ مجھے بچپن ہی سے کتوں کا شوق تھا۔"

"ہاں تو یہ بات میری سمجھ میں نہیں آئی۔" فریدی سوچنے کے انداز میں بولا۔ "آخر اس نے شاہد پر حملہ کیوں کیا تھا جب کہ وہ اس سے کافی مانوس تھا۔"

"اوہ۔" میجر داوٗد ہنسنے لگا۔ "یہ تو بہت معمولی سی بات ہے۔ کتوں سے تھوڑی سی دلچسپی بھی رکھنے والا یہ جانتا ہے کہ بلڈاگ اور بلڈ ہاوٗنڈ کے مزاج کو سمجھنا بہت مشکل ہے۔ بعض حالات میں یہ اپنے مالک تک کو نہیں چھوڑتے۔"

فریدی نے معنی خیز انداز میں حمید کی طرف دیکھا۔ پھر داوٗد کی طرف مڑ کر بولا۔

"آپ نے ایک بہت بڑا مسئلہ حل کر دیا۔ شکریہ! بات دراصل یہ ہے کہ میں اس معاملے کو باعزت طور پر ختم کر دینا چاہتا ہوں۔ میں نہیں چاہتا کہ ایک شریف خاندان کی رسوائی ہو۔ میں

دراصل مس عالیہ کو سمجھا بجھا کر صحیح راستے پر لانے کی کوشش کر رہا ہوں۔ اگر وہ اس بات سے انکار کر دیں کہ وہ سعید کو جانتی ہیں تو پھر یہ میرے بائیں ہاتھ کا کام ہوگا کہ میں سعید اور شاہد کی پرانی دشمنی ثابت کر کے سعید کو پھانسی کے تختے تک پہنچا دوں۔"

میجر داوٗد نے کوئی جواب نہیں دیا۔ ایسا معلوم ہو رہا تھا جیسے وہ فریدی کی بات کا وزن پرکھنے کی کوشش کر رہا ہوں۔

"جو دل چاہے کیجئے۔" وہ آہستہ سے بولا۔ "اب تو خاندان کی عزت خاک میں مل ہی چکی۔"

آسیب زدہ عمارت

میجر داوٗد تھوڑی دیر تک خاموش بیٹھا خلاء میں گھورتا رہا اور پھر ایک طویل سانس لے کر اٹھتا ہوا بولا۔ "خیر! اچھا میں عالیہ کو بھیجتا ہوں۔"

وہ تھوڑی دور چلنے کے بعد پھر پلٹا۔ چند لمحے کھڑا کچھ سوچتا رہا پھر فریدی کو مخاطب کر کے بولا۔ "مگر وہ کتا کہاں ہے۔ میں نے سنا ہے کہ کسی احمق پولیس افسر نے اسے اپنے پاس رکھ چھوڑا ہے۔ آخر اسے گولی کیوں نہیں مار دی گئی۔ میں اعلیٰ حکام کو اس کے متعلق لکھوں گا۔"

"وہ کتا دراصل میرے ہی پاس ہے۔" فریدی نے کہا۔

"آپ کے پاس؟ اس عقل مندی کا سبب؟"

"میں یہ دیکھنا چاہتا تھا کہ وہ سچ مچ پاگل ہے یا نہیں؟"

"بہت خوب۔" میجر داوٗد طنزیہ انداز میں بولا۔ "پھر آپ کس نتیجے پر پہنچے۔"

"قطعی پاگل ہے۔" فریدی نے سنجیدگی سے کہا۔ "اور کل ہی اُسے رائفل کا نشانہ بنا دیا جائے گا۔"

میجر داوٗد کچھ کہے بغیر وہاں سے چلا گیا۔

"کیا خیال ہے۔" حمید بولا۔

"دلچسپ آدمی ہے۔" فریدی نے جیب سے سگار نکالتے ہوئے کہا۔

"میں اس کے متعلق شبہے میں مبتلا ہو گیا ہوں۔"

"کیوں؟"

"اس کی گفتگو۔" حمید آہستہ سے بولا۔ "آخر آپ نے اس سے اتنے سارے جھوٹ کیوں بول ڈالے۔"

"آدمی ضدی اور چڑچڑا ہے۔" فریدی نے کہا۔ "اس کی ہاں میں ہاں ملائے بغیر کام نہیں چلے گا۔"

"تو آپ کو اس پر شبہ نہیں ہے۔"

"میں یہ بھی نہیں کہہ سکتا۔" فریدی سگار سلگاتا ہوا بولا۔

"پھر آپ کیا کہہ سکتے ہیں۔" حمید جھلا کر بولا۔

"یہی کہ فضول بکواس کر کے دماغ خراب مت کرو۔"

حمید خاموش ہو گیا۔ آہستہ آہستہ اندھیرا پھیلتا جا رہا تھا۔ کوٹھی کی کھڑکیوں اور جالیوں میں روشنی دکھائی دینے لگی تھی۔ فریدی بنچ کی پشت سے ٹک کر سگار کے ہلکے ہلکے کش لینے لگا۔

کچھ دیر بعد عالیہ آ گئی۔ اس کے انداز سے ندامت ظاہر ہو رہی تھی۔

"مجھے افسوس ہے کہ آپ کا سامنا چچا جان سے ہو گیا۔" عالیہ نے کہا۔

"کیوں.... بھلا اس میں افسوس کی کیا بات ہے۔" فریدی بولا۔

"بات دراصل یہ ہے کہ ان کا دماغی توازن ٹھیک نہیں ہے۔" عالیہ نے کہا۔ "اگر اُن کی کوئی بات ناگوار گذری ہو تو اس کے لئے میں معافی چاہتی ہوں۔"

"کوئی بات نہیں.... میں سمجھتا ہوں۔" فریدی اٹھتا ہوا بولا۔ "برسبیل تذکرہ! ذرا یہ تو بتایئے کہ آپ کے چچا کے صاحب زادے کہاں مل سکیں گے۔"

"اوہ.... وہ بیچارے.... چچا جان لاولد ہیں۔"

"بڑا افسوس ہوا.... آپ کا پائیں باغ بہت حسین ہے۔ اس کے گرد چہار دیواری بڑے سلیقے سے بنائی گئی ہے۔ یہ اس کا دوسرا پھاٹک کدھر کھلتا ہے؟"

"پرانی حویلی میں.... مگر یہ ہمیشہ بند ہی رہتا ہے۔" عالیہ نے کہا۔

"تو کیا پرانی حویلی بالکل خالی رہتی ہے؟ بیٹھ جایئے! کب تک کھڑی رہیئے گا۔"

عالیہ بیٹھ گئی۔

"وہاں کوئی نہیں رہتا۔" اس نے کہا۔ "پرانی حویلی دراصل آسیب زدہ ہے۔"

"اوہ....!" فریدی چونک کر بولا۔ "لیکن آپ لوگ تو تعلیم یافتہ ہیں۔"

"میں بذات خود آسیب واسیب میں یقین نہیں رکھتی! مگر دوسرے گھر والے....!"

"خیر، خیر۔ چیز دلچسپ ہے۔" فریدی نے کہا۔ "کیا آپ مجھے پرانی حویلی کی سیر کرنے کی اجازت دیں گی۔"

"ضرور ضرور! ٹھہریئے میں پیٹرومیکس لیمپ جلوا کر لاتی ہوں۔" عالیہ نے اٹھتے ہوئے کہا۔

اس کے جانے کے بعد فریدی حمید سے بولا۔

"میرا خیال ہے کہ مجرم نے اس کام کیلئے پرانی حویلی ہی کو استعمال کیا تھا۔ کیا خیال ہے؟"

"آپ میرا خیال پوچھ رہے ہیں۔" حمید اکتا کر بولا۔ "اور میں سوچ رہا ہوں کہ آخر ان آسیب زدہ عمارتوں سے کب پیچھا چھوٹے گا۔ ہر کیس میں ایک نہ ایک بھوت گھر موجود رہتا ہے۔ واقعی ہم لوگ کسی جاسوسی ناول کے سراغ رساں ہو کر رہ گئے ہیں۔"

فریدی نے کوئی جواب نہ دیا۔ اس کی نظریں پرانی حویلی کے سلاخوں دار پھاٹک پر جمی ہوئی تھیں۔

"اس پھاٹک کے ذریعے بہت آسانی سے کسی کتے کو تنگ کیا جا سکتا ہے۔" وہ تھوڑی دیر بعد بولا۔

"مگر عالیہ تو کہتی ہے کہ کتا کھلا رہتا تھا۔ ضروری نہیں کہ وہ اس پھاٹک کے قریب بھی آتا رہا ہو۔" حمید نے کہا۔

"لیکن کیا تم گوشت کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے پھینک کر اسے پھاٹک کے قریب نہیں بلا سکتے۔ میرا خیال ہے کہ مجرم نے یہی طریقہ اختیار کیا ہو گا اور پھر اسے تنگ کرنے کے لئے کوئی نوکدار چیز استعمال کی ہو گی۔"

"لیکن گھر ہی کا کوئی آدمی۔"

"پھر وہی حماقت۔" فریدی حمید کی بات کاٹ کر بولا۔ "گھر کا کوئی آدمی ایسا کرنے کے بعد گھر میں رہ ہی نہیں سکتا۔ اگر ایسا ہوتا تو کتا اُسے کب چھوڑتا۔"

"میرا مطلب یہ ہے کہ گھر کا کوئی آدمی سازش میں ضرور شریک رہا ہے۔"

"ممکن ہے۔" فریدی نے آہستہ سے کہا وہ تھوڑی دیر تک کچھ سوچتا رہا پھر یک بیک حمید کے کاندھے پر ہاتھ رکھ کر بولا۔ "تم نے شاید ایک بات مارک نہیں کی۔ شاہد کے کمرے کے اس دروازے میں اندر کی طرف چٹخنی نہیں ہے، جو پرانی حویلی میں کھلتا ہے، اوہ.... تو اب ہمیں یقین کر لینا چاہئے کہ پرانی حویلی ضرور استعمال کی گئی ہے۔"

حمید کچھ کہنے ہی والا تھا کہ عالیہ واپس آگئی۔

"لیمپ منگوایا ہے۔" عالیہ بولی۔ "لیکن والدہ صاحبہ پرانی حویلی کھولنے کی اجازت نہیں دیتیں۔"

"کیوں....!"

"وہی بھوتوں کا خیال۔"

"اوہ.... لیکن یہ ضروری ہے۔"

"والدہ صاحبہ آپ لوگوں کو منع کرنے کے لئے خود آرہی ہیں۔"

یہ گفتگو ہو رہی تھی کہ ایک معمر عورت اُن کے قریب آکر کھڑی ہوگئی۔

"والدہ صاحبہ۔" عالیہ آہستہ سے بولی۔ فریدی قدرے جھک کر پھر سیدھا کھڑا ہوگیا۔

"انسپکٹر صاحب! کیا حویلی میں جانا ضروری ہے۔" عالیہ کی ماں نے پوچھا۔

"قطعی ضروری ہے محترمہ۔" فریدی نے کہا۔ "آپ مطمئن رہیے۔ کوئی بھوت اُدھر نہیں آسکتا۔"

"یہ بات نہیں۔ میں کئی دن سے کچھ عجیب قسم کی آوازیں سن رہی ہوں۔"

"خوفناک آوازیں۔" حمید چونک کر بولا۔

"جی ہاں۔ وہ حویلی ہی کی طرف سے آتی معلوم ہوتی ہیں۔"

"کس قسم کی آوازیں۔" فریدی نے پوچھا۔

"یہ بتانا دشوار ہے۔ میں کس طرح بتاؤں۔ بس یہ سمجھ لیجئے کہ میں نے اس طرح کی آوازیں پہلے کبھی نہیں سنیں۔"

"کتنے عرصے سے آپ آوازیں سن رہی ہیں؟" فریدی نے پوچھا۔

"تقریباً پندرہ یا بیس یوم سے۔"

"اوہ....!" فریدی معنی خیز نظروں سے حمید کی طرف دیکھنے لگا۔

"میں تو کہتی ہوں کہ اس معاملے کو طول دینا ہی فضول ہے۔" عالیہ کی ماں آہستہ سے بڑبڑائی۔ "یہ حرکت سعید کے علاوہ کسی اور کی نہیں ہوسکتی۔ اس کا بیان قطعی غلط ہے کہ کسی اور نے وہ چاقو اس کی جیب میں ڈال دیا تھا۔"

"میں خود یہی سمجھتا ہوں۔" فریدی نے سنجیدگی سے کہا۔ "بہرحال میں اپنا اطمینان کر لینا چاہتا ہوں۔ میں اچھی طرح جانتا ہوں کہ اس کے بغیر میری تفتیش نامکمل رہے گی۔"

"مگر عالیہ تو کہتی ہے کہ یہ کیس سرکاری طور پر آپ کو نہیں سونپا گیا بلکہ آپ اس کی درخواست پر اس میں دلچسپی لے رہے ہیں۔"

"اب تو سرکاری ہی طور پر سمجھئے۔" فریدی نے کہا۔

عورت تھوڑی دیر تک کچھ سوچتی رہی پھر بولی۔ "میں تو عالیہ سے تنگ آگئی ہوں۔ آخر میں اسے شرمندگی اٹھانی پڑے گی جسے یہ فرشتہ سمجھ رہی ہے وہ شیطان سے بھی بدتر ثابت ہوگا۔ خیر مجھے کیا کرنا ہے۔ جہاں اتنی بدنامی سہی ہے وہاں تھوڑی اور سہی۔"

تھوڑی دیر بعد ایک نوکر پیٹرومیکس لیمپ لے کر آگیا۔ فریدی نے اس کے ہاتھ سے لیمپ لے کر اسے واپس جانے کا اشارہ کیا۔

"تم بھی جاؤ۔" عالیہ کی ماں عالیہ کی طرف مڑ کر بولی۔

حمید نے آگے بڑھ کر پرانی حویلی کا پھاٹک کھولا۔ فریدی حمید اور عالیہ کی ماں پرانی حویلی کے کمپاؤنڈ میں داخل ہوئے۔ یہاں بھی کبھی ایک پُر فضا پائیں باغ رہا ہوگا لیکن اب ہر طرف ویرانی نظر آرہی تھی۔ پائیں باغ کی چہار دیواری کافی بلند تھی۔ فریدی چند لمحے رک کر ادھر اُدھر دیکھتا رہا۔ پھر عالیہ کی ماں کی طرف مڑا۔

"تو کیا آپ اندر چلیں گے۔" عالیہ کی ماں نے پوچھا۔

"جی ہاں۔"

وہ کچھ دیر تک خاموش رہی پھر بولی۔ "تو ٹھہریئے.... میں کنجیاں لے آؤں۔"

فریدی اور حمید پھر تنہا رہ گئے۔ فریدی نے اس دوران میں چہار دیواری کے نیچے نیچے پورے پائیں باغ کا چکر لگا ڈالا۔

"چہار دیواری کافی اونچی ہے۔" وہ تھوڑی دیر بعد بولا۔ "اور اس پر چاروں طرف شیشے کے ٹکڑے جڑے ہوئے ہیں لہٰذا اُدھر سے تو کسی کے آنے کے امکانات نہیں ہیں۔"

حمید کچھ نہ بولا۔ اس ویران باغ سے گذرنے والی سائیں سائیں کرتی ہوئی ہوا اور پُر اسرار ویرانی نے اس کے ذہن پر ایک بے نام سا خوف مسلط کر دیا تھا۔

فریدی نے بجھا ہوا سگار پھینک کر دوسرا سلگایا اور صدر دروازے پر نظریں جمائے ہوئے ہلکے ہلکے کش لینے لگا۔

تھوڑی دیر بعد عالیہ کی ماں واپس آئی۔ اس کے ساتھ میجر داؤد بھی تھا۔

"آخر یہ سب کیا ہو رہا ہے۔" وہ جھلائے ہوئے لہجے میں بولا۔

"میں نے کہا لگے ہاتھوں تھوڑا اطمینان اور کرلوں۔" فریدی نے مسکرا کر کہا۔

"کیسا اطمینان.... کس بات کا اطمینان۔" میجر داؤد پھر گرجا۔

"میجر صاحب یہ نہ بھولئے کہ آپ کا ایک مہمان آپ ہی کے پائیں باغ میں پُر اسرار طریقے پر مارا گیا۔"

"پُر اسرار طریقے پر۔" میجر داؤد چونک کر بولا۔ "شاید آپ کا دماغ چل گیا ہے۔ وہ ایک پاگل کتے کا شکار ہوا تھا اور جس کی وجہ سے کتے نے حملہ کیا تھا وہ اس وقت جیل میں ہے۔"

"مگر میں تو ایسا نہیں سمجھتا۔" فریدی نے نرم لہجے میں کہا۔

"یعنی....!"

"یعنی یہ کہ وہ کتا پاگل نہیں ہے۔ اگر دنیا کا کوئی ڈاکٹر اُسے پاگل ثابت کر دے تو میں اپنا نام بدل دوں گا۔"

"سمجھا۔" میجر داؤد سر ہلا کر معنی خیز انداز میں بولا۔ "اچھی طرح سمجھ گیا بھلا کوئی کیس ہو جائے اور پولیس والے رشوت کا حساب کتاب لگائے بغیر شریفوں کا پیچھا چھوڑ دیں.... ناممکن۔"

فریدی اس بار کس پر بھی بدستور مسکراتا رہا لیکن حمید کے نتھنے پھڑکنے لگے۔ چہرہ سرخ ہو گیا۔

"آپ کس سے باتیں کر رہے ہیں۔" وہ آگے بڑھ کر تلخ لہجے میں بولا۔

فریدی نے اس کا بازو پکڑ کر اپنی طرف کھینچ لیا۔

"میں ابھی کمشنر کو فون کرتا ہوں۔" میجر داؤد نے بگڑ کر کہا۔

"کمشنر نہیں بلکہ وزیراعظم کو تار دے دیجئے۔" حمید نے اسی لہجے میں جواب دیا۔

"بھئی ان سب باتوں کی کیا ضرورت ہے۔" عالیہ کی ماں گھبرائے ہوئے لہجے میں بولی۔ پھر میجر داؤد کو شانے سے پکڑ کر پھاٹک کی طرف دھکیلنے لگی۔

"تم جاؤ.... جاؤ بھئی.... تمہیں ان سب باتوں سے کیا سروکار۔"

"سروکار۔" میجر داؤد نے چیخ کر کہا۔ "تم دونوں ماں بیٹی خاندان کی عزت کا جنازہ نکال دینے پر تل گئی ہو۔ میں ان ٹکڑ گدے پولیس انسپکٹروں کے آگے نہیں جھک سکتا۔"

"کیا کہا.....!" حمید پھر میجر داؤد کی طرف جھپٹتے ہوئے بولا۔ "جسے تم ٹکڑ گدا کہہ رہے ہو وہ تم جیسوں کو خرید کر مفت پانٹ سکتا ہے۔"

"حمید....!" فریدی نے سخت لہجے میں کہا۔ پھر میجر داؤد کی طرف جھک کر بولا۔ "آپ اس کی باتوں کا بُرا نہ مانئے گا.... اس کا خون ذرا گرم ہے۔"

"آپ کچھ خیال نہ کیجئے گا۔" عالیہ کی ماں پُر ندامت لہجے میں بولی۔ "بات دراصل یہ ہے کہ....!"

"مجھے معلوم ہے کہ ان کا دماغی توازن ٹھیک نہیں ہے۔" فریدی نے آہستہ سے کہا۔

"جی ہاں.... جی ہاں۔"

عالیہ کی ماں نے صدر دروازے کی کنجی فریدی کو دے دی۔ فریدی آگے بڑھ کر تالا کھولنے لگا جو بہت زیادہ زنگ آلود تھا۔

"یہ کب سے نہیں کھولا گیا۔" اس نے مڑ کر پوچھا۔

"چھ یا سات ماہ ہو گئے۔" عالیہ کی ماں نے کہا۔

تھوڑی دیر کی جدوجہد کے بعد تالا کھل گیا۔ دروازہ کھلتے ہی گندی اور بدبودار ہوا کا جھونکا اُمڈ پڑا۔ جس میں ابابیلوں اور چمگادڑوں کی بیٹ کی بو شامل تھی۔

حمید نے جلدی سے ناک پر رومال رکھ لیا۔ فریدی لیمپ اٹھا کر اندر داخل ہوا۔

پھر وہ ایک راہداری سے گذرتے ہوئے صحن میں آئے، جو اونچی اونچی دیواروں سے گھرا ہوا تھا۔ مغرب کی طرف ایک وسیع دالان تھا جس کے اونچے اونچے محراب خشک بیلوں سے ڈھکے ہوئے تھے۔

[illegible] ں ے چاہئے۔" فریدی عالیہ کی ماں کی طرف مڑ کر بولا۔ "جس کا ایک دروازہ شاہد مرحوم کے رہائشی کمرے میں کھلتا ہے۔"

عالیہ کی ماں چونک پڑی۔ وہ تھوڑی دیر تک تحیر آمیز نظروں سے فریدی کی طرف دیکھتی رہی پھر آہستہ سے بولی۔

"چلئے۔"

وہ انہیں دالان میں لے آئی اور ایک دروازے کی طرف اشارہ کر کے ایک طرف کھڑی

ہو گئی۔ فریدی نے لیمپ اونچا کیا۔ دروازے میں ایک زنگ آلود تالا لٹک رہا تھا۔ فریدی ایک اسٹول گھسیٹ کر اس پر چڑھ گیا اور لیمپ کو تالے کے قریب لے جا کر کچھ دیکھنے لگا۔ دفعتاً اس کے منہ سے عجیب سی آواز نکلی اور وہ نیچے اتر آیا۔

"کیا بات ہے؟" حمید نے پوچھا۔

"کچھ نہیں۔" فریدی کچھ سوچتا ہوا بولا۔ اس کی نظریں سرعت سے دالان کا جائزہ لے رہی تھیں۔ اچانک انہیں اپنی پشت پر قدموں کی آہٹ سنائی دی۔

میجر داؤد منہ میں ایک بھدا سا پائپ دبائے اپنی چھوٹی چھوٹی چمکیلی آنکھوں سے فریدی کو گھور رہا تھا۔

"کہئے جناب تفتیش فرما چکے۔" وہ طنزیہ لہجے میں بولا۔

"ارے تم پھر آگئے۔" عالیہ کی ماں نے گھبرائے ہوئے لہجے میں کہا۔

"خاموش رہو۔" میجر داؤد کے لہجے میں سختی تھی۔ وہ تھوڑی دیر تک فریدی کو گھورتا رہا پھر منہ سے پائپ نکال کر پُر وقار انداز میں اس کی طرف بڑھا۔

"تم یقیناً پاگل ہو گئے ہو۔" اس نے کہا۔

"ہو سکتا ہے۔" فریدی نے خشک لہجے میں کہا اور لیمپ زمین پر رکھ کر سگار سلگانے لگا۔

"خدا کے لئے تم چلے جاؤ۔" عالیہ کی ماں بولی۔

"ایسا نہ کہئے۔" فریدی مسکرا کر بولا۔ "میجر صاحب کی موجودگی ہمارے لئے باعث برکت ہے۔"

"تم مجھے بیوقوف بنا رہے ہو۔" میجر داؤد چیخا۔

"آپ کو غلط فہمی ہوئی ہے میجر صاحب۔" فریدی نے سنجیدگی سے کہا۔ "واقعی میں آپ کی بہت عزت کرتا ہوں۔"

"آخر تم چاہتے کیا ہو۔"

"اصل مجرم کو گرفتار کرنا۔"

"تو اصلی مجرم یہ ہیں۔" میجر عالیہ کی ماں کی طرف اشارہ کر کے پاگلوں کی طرح چیخا۔ "جنہوں نے عالیہ کو لاڈ اور پیار میں خراب کر دیا۔ اصلی مجرم عالیہ کا باپ ہے جس نے عالیہ کی بے راہ روی پر اسے تنبیہہ نہ کی۔"

"بکواس بند کرو۔" عالیہ کی ماں اتنے زور سے چیخی کہ اس کی آواز بھرا گئی اور پھر وہ بے تحاشہ چیختی ہی رہی، جو کچھ زبان میں آرہا تھا پاگلوں کی طرح بکے جارہی تھی۔ فریدی نے بدقت تمام اُسے خاموش کرایا۔ میجر داؤد اس طرح مسکرا رہا تھا جیسے اس کی بھاوج ابھی تک اس کی شان میں قصیدہ پڑھتی رہی ہو۔

"واقعی یہ مکان آسیب زدہ معلوم ہوتا ہے۔" حمید تھوڑی دیر بعد بولا۔

"ہشت....!" فریدی نے لیمپ اٹھاتے ہوئے کہا۔ اس کی نظریں سامنے والے زینوں کی طرف اٹھی ہوئی تھیں۔

"یہ زینے۔" اس نے عالیہ کی ماں سے پوچھا

"اوپری منزل کے ہیں۔" اس نے ناخوشگوار لہجے میں کہا۔ وہ ابھی تک میجر داؤد کو گھور رہی تھی۔

فریدی زینوں کی طرف بڑھا۔ دوسرے لمحے میں سب اوپری منزل کی طرف جارہے تھے۔ اوپری منزل پر دو تین کمرے تھے۔ ایک کمرے کا دروازہ دوسری طرف بھی تھا، جو کھلا ہوا تھا اور اس دروازے کے سامنے ایک چھوٹا سا چھجا تھا۔ جس کے چاروں طرف لوہے کا جنگلا لگا ہوا تھا۔ عین چھجے کے نیچے ایک بڑا سا گنجان شاخوں والا درخت تھا۔

فریدی چھجے پر کھڑا ہو کر لیمپ کی روشنی میں ادھر اُدھر دیکھنے لگا۔

"کیا یہ دروازہ کھلا ہی رہتا ہے۔" اُس نے مڑ کر پوچھا۔

"اس کے متعلق میں کچھ نہیں بتا سکتی۔" عالیہ کی ماں نے اکتائے ہوئے انداز میں کہا۔ شاید ابھی تک اس کا موڈ ٹھیک نہیں ہوا تھا۔

دفعتاً چڑچڑاہٹ کی آواز سنائی دی اور فریدی ایک چیخ کے ساتھ لیمپ سمیت نیچے چلا گیا۔ پھر ایک زوردار دھماکہ سنائی دیا۔ ساتھ ہی دوسری طرف میدان میں ایک تیز قسم کی روشنی کا جھماکا سا ہوا.... اور پھر.... وہی تاریکی اور لامحدود سناٹا۔

شاخ میں خنجر

حمید بے تحاشہ چیخ کر چھجے کی طرف بڑھا اگر پشت سے میجر داؤد کی ٹارچ کی روشنی اس کی

آنکھیں نہ کھول دیتی تو شاید اس کا بھی وہی حشر ہوتا جو فریدی کا ہوا کیونکہ چھجے کا ایک بڑا سا پتھر ٹوٹ کر نیچے گر چکا تھا اور اب اس کی جگہ ایک بہت بڑی سی خلا تھی۔ ایک بار پھر حمید کے منہ سے چیخ نکل گئی۔ اس کا دل بڑی شدت سے دھڑک رہا تھا۔ اُس نے پلٹ کر میجر داؤد کے ہاتھ سے ٹارچ چھین لی اور نیچے کی طرف بھاگا۔

میجر داؤد کی گرجدار آواز تاریک عمارت میں گونج رہی تھی۔ "اسی لئے منع کر رہا تھا۔"

حمید گرتا پڑتا بھاگا جا رہا تھا۔ پائیں باغ میں پہنچ کر اس نے ادھر اُدھر روشنی ڈالی لیکن یہاں دوسری طرف پہنچنے کا کوئی راستہ نہ تھا

وہ پھاٹک سے گذرتا ہوا نئی عمارت کے پائیں باغ میں آیا۔ اب وہ اپنی پوری قوت سے دوڑ رہا تھا۔ راستہ میں عالیہ نے اسے روکنا چاہا لیکن حقیقت تو یہ ہے کہ وہ اس وقت ہوش ہی میں نہیں تھا۔

نئی عمارت کا چکر لگا کر وہ پرانی حویلی کی پشت پر پہنچا۔ چھجے کے نیچے ٹوٹا ہوا پیٹرومیکس لیمپ پڑا ہوا تھا۔ لیکن فریدی۔ اس کا کہیں پتہ نہ تھا۔ حمید دیوانہ وار اس کا نام لے کر چیخنے لگا۔ مگر جواب ندارد۔ آہستہ آہستہ اس کی چیخوں میں ضبط گریہ کی کپکپاہٹ بھی شامل ہو گئی، لیکن بے سود۔ پھر وہ پاگلوں کی طرح چاروں طرف دوڑنے لگا۔ اتنے میں میجر داؤد وغیرہ بھی کئی نوکروں کے ساتھ وہاں پہنچ گئے۔ ان کے ہاتھوں میں لالٹینیں تھیں۔

بدقت تمام انہوں نے حمید کو روکا۔

"لاش کیا ہوئی۔" میجر داؤد پرسکون لہجے میں بولا۔

"لاش....!" حمید بے اختیارانہ انداز میں اس کا گریبان پکڑ کر چیخا۔ پھر اس نے میجر داؤد کو دھکا دیا اور پیچھے کی طرف الٹ گیا۔

"بتاؤ فریدی کہاں ہے۔" وہ پاگلوں کی طرح چیخا۔ "ورنہ میں تمہارا گلا گھونٹ دوں گا۔"

دفعتاً چھجے کے نیچے والے درخت میں کھڑکھڑاہٹ پیدا ہوئی اور کوئی زمین پر کودا۔

لالٹینیں اٹھیں اور حمید نے دفعتاً دیوانوں کی طرح قہقہہ لگایا۔

"ارے آپ۔"

"[illegible]ے کی ضرورت نہیں۔" فریدی اس کا شانہ تھپکتا ہوا بولا۔ اس کی پیشانی سے خون بہہ بہہ کر چہرے پر پھیل رہا تھا۔

پھر ایک عجیب سی خاموشی طاری ہو گئی۔ ایسا معلوم ہو رہا تھا جیسے سب کو سکتہ ہو گیا ہو۔ میجر داؤد زمین سے اٹھ کر اپنے کپڑے جھاڑ رہا تھا اور اس کی چھوٹی چھوٹی آنکھیں فریدی کے چہرے پر جمی ہوئی تھیں۔

"دیکھ لیا ضد کا انجام۔" وہ تھوڑی دیر بعد بولا۔

"میں آپ سے استدعا کروں گا کہ آپ یہاں سے چلے جائیے۔" فریدی نے نرم لہجے میں کہا۔

"میں چلا جاؤں.... کیوں.... یہ میرا مکان ہے.... میری زمین ہے۔"

"چلے جاؤ۔" دفعتاً فریدی گرج کر بولا۔ "آپ سب جا سکتے ہیں۔"

عالیہ اور اس کی ماں میجر داؤد کو سمجھا بجھا کر وہاں سے لے گئیں۔ فریدی نے ایک نوکر کے ہاتھ سے لالٹین لے لی۔

"اور یہ خون۔" حمید تھوڑی دیر بعد فریدی کی پیشانی کی طرف اشارہ کر کے بولا۔

"فی الحال اسے بھول جاؤ۔" فریدی نے کہا اور حمید کے ہاتھ سے ٹارچ لے کر درخت کی گنجان شاخوں میں روشنی ڈالنے لگا۔

ٹارچ کی روشنی ایک بڑے سے خنجر کے گرد دائرہ بنا رہی تھی، جو ایک موٹی سی شاخ میں پیوست تھا۔

"خنجر۔" حمید آہستہ سے بڑبڑایا۔

فریدی نے ٹارچ حمید کے ہاتھ میں دے دی اور خود جوتے اتار کر درخت پر چڑھنے لگا۔ حمید خنجر پر روشنی ڈال رہا تھا۔ فریدی نے جیب سے رومال نکال کر خنجر پر ڈال دیا اور پھر اسے شاخ سے نکالنے کے بعد رومال میں لپیٹ کر جیب میں ڈال لیا۔

درخت سے اُتر کر وہ چھجے کے نیچے آ گیا۔

"لالٹین ادھر لاؤ۔" اس نے حمید سے کہا۔

تھوڑی دیر تک وہ چھجے کے ٹوٹے پتھر کو بغور دیکھتا رہا۔ پھر سیدھا کھڑا ہو گیا اور سوچ میں ڈوبی ہوئی آنکھوں سے حمید کی طرف دیکھنے لگا۔

"مجھے زندگی بھر افسوس رہے گا کہ وہ ہاتھ آ کر نکل گیا۔" اس نے آہستہ سے کہا۔

"کون۔"

"مجرم۔ اُسی نے چھجے کا پتھر نیچے سے توڑا تھا اور پھر اس درخت پر بیٹھا میری موت کا انتظار کرتا رہا تھا۔"

"میں نہیں سمجھا۔" حمید نے کہا۔ پھر سوچ کر بولا۔ "میں نے میجر کے متعلق اپنے شبہے کا اظہار کر کے غلطی نہیں کی تھی۔"

"میں اب بھی اس کے متعلق وثوق سے نہیں کہہ سکتا۔" فریدی نے کہا۔

"بظاہر میجر کی حرکتیں ایسی ہیں کہ انہیں کسی طرح نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔"

فریدی لالٹین لے کر پھر درخت کے تنے کی طرف آیا۔

"دیکھو یہ پیر کے نشانات۔" اس نے آہستہ سے کہا اور نشانات دیکھتا ہوا ایک طرف چلنے لگا۔

دفعتاً اس نے لالٹین زمین پر رکھ دی اور کچھ سوچنے لگا۔

"بیسود ہے۔" اس نے کہا۔ "یہاں زمین کچھ سخت ہے آگے نشانات نہیں مل سکتے۔"

"مگر وہ خنجر۔"

"ٹھہرو!" فریدی ایک طرف بڑھتا ہوا بولا۔ لالٹین کی روشنی میں حمید نے دیکھا کہ وہ جھک کر کوئی چیز اٹھا رہا ہے۔ یہ ایک لفافہ تھا۔ حمید بے تابانہ انداز میں اس کی طرف بڑھا۔ لفافے پر تازہ خون کے دھبے تھے، اور اس پر عالیہ کا پتہ لکھا ہوا تھا۔

"اوہ یہ تو میرا ہی خون ہے۔" فریدی آہستہ سے بڑبڑایا۔

دوسرے لمحے میں وہ لفافے سے کاغذ کا ایک ٹکڑا نکال کر لالٹین کی روشنی میں پڑھ رہا تھا۔

"عالیہ ڈارلنگ!

یہ بہت بُرا ہو رہا ہے۔ میں تمہارے بغیر زندہ نہیں رہ سکتا۔ ذرا جرأت سے کام لو۔ اگر تم چاہو تو سب کچھ ہو سکتا ہے۔ ورنہ میری زندگی محال ہے۔ میں خودکشی کر لوں گا یا شاہد کو مار ڈالوں گا۔ خدارا کچھ کرو..... بہت جلد...

تمہارا سعید۔"

"اوہ....!" حمید چونک کر سیدھا کھڑا ہو گیا اور فریدی لفافے کو الٹ پلٹ کر دیکھتا رہا۔

"تو شاہد کو مار ڈالنے کی نیت تھی۔" حمید نے کہا۔

"دیکھو یہ خون بھری انگلیوں کے نشانات۔" فریدی نے لفافہ حمید کی طرف بڑھاتے ہوئے کہا۔

حمید تھوڑی دیر تک خاموش رہا پھر بولا۔

"میں نہیں سمجھا کہ آپ کیا سوچ رہے ہیں۔"

"اب معاملہ بالکل صاف ہے۔" فریدی نے کہا۔ "مجرم اسی خط کے لئے اس وقت یہاں آیا تھا۔ یعنی خط چرانے کی نیت سے۔ اتفاقاً شاید اُسے یہ معلوم ہو گیا کہ میں یہاں موجود ہوں اور پرانی حویلی دیکھنے کا ارادہ رکھتا ہوں۔ یہ تو صاف ہے کہ وہ اسی درخت کے ذریعے حویلی میں داخل ہوا کرتا ہے۔ اس نے سوچا کیوں نہ میرا صفایا ہی کر دے۔ لہٰذا وہ چھجے کا پتھر توڑ کر درخت پر اتر گیا اور وہاں چھپا بیٹھا رہا۔ اُسے توقع تھی کہ میں چھجے سے گر کر سیدھا زمین پر پہنچوں گا۔ مگر یہ بھی ایک اتفاق تھا کہ درخت کی ایک شاخ میرے ہاتھ میں آ گئی اور اس نے اپنی سکیم ناکام ہوتے دیکھ کر مجھ پر خنجر سے حملہ کر دیا۔ یہاں بھی قدرت مہربان تھی۔ اگر اندھیرا نہ ہوتا تو شاید تم اس وقت میری لاش دیکھتے۔ اس نے تو اپنی دانست میں کامیابی حاصل کر ہی لی تھی۔ لہٰذا فوراً ہی کود بھاگا۔ میں دراصل اس وقت نیم بیہوشی کی حالت میں تھا۔ ایک تو اوپر سے اچانک گرنا اور پیشانی کی چوٹ! مجھے اسی بات پر حیرت ہے کہ میں ایسی حالت میں اتنی دیر تک شاخوں سے کس طرح چمٹا رہ گیا اور اسے لکھ لو کہ یہ وہی تھا جس نے شاہد کا سوٹ چرایا تھا۔ میں نے اس تالے کو بغور دیکھا ہے، جو شاہد کے کمرے والے دروازے پر پڑا ہوا ہے۔ وہ زنگ خوردہ ضرور ہے لیکن قریب سے دیکھنے پر یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ کسی نے مٹی کا تیل ڈال کر اس کے اندر کی صفائی کرنے کی کوشش کی ہے۔"

"مگر یہ خط۔"

"ہاں وہ اسے چرانے کے لئے آیا تھا تاکہ سعید کے خلاف ایک ثبوت اور مہیا ہو سکے! یہ خط اس کے لئے بہت زیادہ کارآمد ثابت ہو سکتا ہے کیونکہ اس میں سعید نے شاہد کو مار ڈالنے کی خواہش ظاہر کی ہے۔"

"ہوگا۔" حمید نے کہا۔ "میں تو ابھی تک اُسی نظریئے پر قائم ہوں کہ خود عالیہ ہی نے ان دونوں سے پیچھا چھڑانے کے لئے یہ سب کچھ کیا ہے۔ اور اس وقت یہ خط والی چال اُن دونوں کے تابوت میں آخری کیل معلوم ہوتی ہے۔"

"بھلا وہ کس طرح؟"

"عالیہ جانتی تھی کہ آپ اس وقت آئیں گے۔ لہٰذا اس نے پہلے ہی سے ان سب حرکتوں کا انتظام کر لیا تھا۔"

"پھر کہوں گا کہ تم ایک عظیم الشان احمق ہو۔" فریدی مسکرا کر بولا۔ "اگر یہی بات ہوتی تو وہ سوٹ غائب ہو جانے والا واقعہ خود نہ بتاتی کیونکہ شاہد کے نوکر کا بیان پہلے ہی قلم بند کیا جا چکا ہے اور اس میں اس کا تذکرہ نہیں تھا۔"

"چلئے یہ بھی سہی۔" حمید نے کہا۔ "یہ بتائیے کہ آخر اس کے نوکر نے اتنے دنوں کے بعد یہ بات کیوں ظاہر کی۔"

"میرا خیال ہے کہ یہ محض اس کی سادہ لوحی اور آقا پرستی کی جبلت کی بناء پر ہو تو اس نے خود سے یہ بات کبھی ظاہر نہ کی ہو گی۔ عموماً قاعدہ ہے کہ لوگ مرنے والوں کی شان میں ان کے بعد بڑے بڑے قصیدے پڑھتے ہیں۔ ممکن ہے کہ اس کے سامنے اسی قسم کی گفتگو ہو رہی ہو اور اس نے مرنے والے کی وضعداری پر بھی روشنی ڈال دی ہو کہ اس نے محض اخلاقاً اس بات کا تذکرہ نہیں کیا کہ اس کا سوٹ کسی نے چرا لیا تھا.... خیر چھوڑو اس بحث کو۔ آؤ چلیں۔"

دونوں پرانی حویلی سے نئی عمارت کی طرف روانہ ہو گئے۔

"ذرا ٹھہریئے۔" حمید بولا۔ "آخر یہ زخم۔"

فریدی کوئی جواب دیئے بغیر چلتا رہا۔ شاید وہ یہ بھی بھول گیا تھا کہ اس کی پیشانی سے ابھی تک خون رس رہا ہے۔ نئی عمارت کے برآمدے میں گھر کے سارے ملازم اور دونوں ماں بیٹی انتہائی سراسیمگی کے عالم میں کھڑی تھیں۔ فریدی کو دیکھتے ہی دونوں مضطربانہ انداز میں اس کی طرف بڑھیں۔

"عالیہ ڈاکٹر کو فون کرو۔" عالیہ کی ماں نے کہا۔

"اس کی ضرورت نہیں۔" فریدی نے ہاتھ اٹھا کر کہا۔ "زخم گہرا نہیں ہے۔ میں خود ٹھیک کر لوں گا۔"

"یہ آخر ہوا کیسے۔"

"بارجے کا پتھر ٹوٹ گیا تھا۔"

"پتھر ٹوٹ گیا تھا۔" بوڑھی متحیر ہو کر بولی۔

"جی ہاں اور اگر وہ درخت نہ ہوتا تو میں کہیں اور پایا جاتا۔" فریدی نے مسکرا کر کہا۔

"اچھا تو اندر چلئے۔ جلدی کیجئے۔" عالیہ گھبرائے ہوئے لہجے میں بولی۔ "میں آپ کی پیشانی کی ڈریسنگ کروں۔"

تھوڑی دیر بعد جب عالیہ غسل خانے میں فریدی کی پیشانی پر پٹی باندھ رہی تھی فریدی نے اس سے پوچھا۔

"سعید کبھی کبھی آپ کو خط لکھتا رہا ہو گا۔"

"اکثر۔"

"اس نے آخری خط آپ کو کب لکھا تھا۔"

عالیہ کچھ سوچنے لگی۔

"اتنا تو یاد نہیں۔" عالیہ کچھ دیر بعد بولی۔ "البتہ اتنا بتا سکتی ہوں کہ یہ بات دعوت سے پہلے کی ہے۔"

"کیا آپ مجھے وہ خط دے سکتی ہیں۔" فریدی نے کہا۔

"اوہ...!" وہ کچھ گھبرا سی گئی۔ "بات.... یہ ہے.... بات یہ ہے کہ.... میں نے اُسے جلا دیا تھا۔"

"آپ کو اچھی طرح یاد ہے۔"

"جی.... جی ہاں.... اچھی طرح۔"

فریدی نے جیب سے وہ لفافہ نکال کر عالیہ کے ہاتھ پر رکھ دیا۔ عالیہ پٹی باندھ چکی تھی۔

"یہ کیا۔" عالیہ بے اختیار اچھل پڑی۔

"اس کے اندر وہ خط موجود ہے۔" فریدی نے پُر سکون لہجے میں کہا۔

عالیہ نے کانپتے ہوئے ہاتھ سے خط نکالا اور بے اختیار چیخ پڑی۔

"نہیں! نہیں۔ آپ اس خط سے سعید کو مجرم نہیں ثابت کر سکتے۔"

"کیوں؟"

"اس نے محض دھمکی دی تھی۔ اس نے ایسا نہیں کیا۔ ہرگز نہیں کیا۔"

عالیہ خاموش ہو گئی۔ اس کے چہرے پر اچانک زردی چھا گئی تھی۔

"میں.... میں.... دراصل۔" وہ تھوک نگلتی ہوئی بولی۔ "میں آپ کو یہ خط نہیں دینا

چاہتی تھی۔"

"خیر....!" فریدی نے اٹھتے ہوئے کہا۔ "آپ نے یہ خط رکھا کہاں تھا۔"

"اپنے سونے کے کمرے میں۔"

"کیا اُس میں کوئی ایسا دروازہ ہے، جو پرانی حویلی میں کھلتا ہے۔" فریدی نے پوچھا۔

"جی ہاں.... کیوں؟" عالیہ چونک کر بولی۔

"یونہی میں ذرا وہ کمرہ دیکھنا چاہتا ہوں۔"

"چلئے۔"

عالیہ فریدی کو اپنے سونے کے کمرے میں لے آئی۔ لیکن دروازہ کھولتے ہی وہ چونک کر پیچھے ہٹ گئی۔ پرانی حویلی کا دروازہ کھلا ہوا تھا اور فرش پر شیشے کے ٹکڑے بکھرے ہوئے تھے۔ کمرے میں تین سوٹ کیس تھے جن کی ساری چیزیں کسی نے فرش پر بکھیر دیں تھیں۔ عالیہ تھوڑی دیر تک کمرے کی ابتری کو متحیرانہ انداز میں دیکھتی رہی پھر فریدی کی طرف مڑ کر بولی۔

"تو کیا آپ۔"

"آپ غلط سمجھیں؟" فریدی آگے بڑھ کر بولا۔ وہ تھوڑی دیر تک فرش پر جھکا ہوا کچھ دیکھتا رہا پھر اٹھ کر آہستہ سے بولا۔ "کسی نے دروازے کا شیشہ توڑ کر چٹخنی گرائی ہے۔"

"کس نے۔"

"وہی جس نے بارجے کا پتھر توڑ کر مجھے مار ڈالنے کی کوشش کی تھی۔"

"پتھر توڑ کر.... میں کچھ نہیں سمجھی۔"

"وہ اُسی خط کو چرانے کے لئے آیا تھا۔ مجھے یہاں دیکھ کر اس نے سوچا کہ کیوں نہ مجھ پر بھی ہاتھ صاف کرتا چلے۔"

"کون ہو سکتا ہے۔" عالیہ اس طرح بولی جیسے خود سے باتیں کر رہی ہو۔

دوسرا حملہ

"یہ تو آپ ہی سوچ کر بتایئے۔" فریدی سگار سلگاتا ہوا بولا۔ "کسی ایسے آدمی کا نام جو شاہد

اور سعید دونوں کو ناپسند کرتا رہا ہو۔"

عالیہ چونک کر اُسے دیکھنے لگی۔ پھر تھوڑی دیر بعد بولی۔

"شاہد سے تو کوئی یہاں واقف ہی نہیں تھا اور سعید کے جاننے والوں کو میں نہیں جانتی۔"

"آپ نے اُس دن دعوت میں شرکت کرنے والوں کی لسٹ مجھے دی تھی۔" فریدی نے کہا۔ "کیا آپ کو یقین ہے کہ وہ بالکل مکمل ہے۔"

"جی ہاں۔"

"ان میں سے کسی پر شبہ ہے آپ کو۔"

عالیہ کچھ سوچنے لگی۔

میرا مطلب یہ ہے کہ آپ کا کوئی پرانا دوست۔" فریدی چبھتے ہوئے لہجے میں بولا۔

عالیہ پہلے تو اُسے غیر جذباتی طور پر دیکھتی رہی پھر اچانک اس کا چہرہ سرخ ہو گیا۔

"مجھے افسوس ہے کہ میں نے آپ سے مدد لے کر غلطی کی۔" عالیہ خشک لہجے میں بولی۔

"کیا آپ مجھے اپنے خاص خاص دوستوں کے نام اور پتے عنائت کریں گی؟" فریدی نے اس کی بات کو نظر انداز کر کے پوچھا۔

"مجھے آپ کی مدد کی ضرورت نہیں۔" عالیہ نے کہا اور کمرے سے باہر چلی گئی۔

فریدی کے ہونٹوں پر عجیب سی مسکراہٹ رقص کر رہی تھی۔ وہ بھی فوراً اٹھا اور اس کے پیچھے چلنے لگا۔

"سنئے تو سہی۔" فریدی نے برآمدے میں پہنچ کر اُسے روکا۔

"مجھے افسوس ہے کہ میں آپ کو کچھ نہ بتا سکوں گی۔" عالیہ نے ترشروئی سے کہا۔ "میں انہیں اپنا بیان دے چکی ہوں، جو سرکاری طور پر اس کیس کی تفتیش کر رہے ہیں، لیکن ٹھہریئے! ابھی تک آپ کو جو تکلیف اٹھانی پڑی ہے اس کا معاوضہ ادا کرنے کے لئے تیار ہوں۔"

"معاوضہ.... شش شش.... تو گویا آپ مجھے رشوت دے کر میرا منہ بند کرنا چاہتی ہیں۔"

"رشوت.... کیا مطلب۔"

"مطلب یہ کہ ابھی تک حالات آپ ہی کے خلاف ثابت ہو رہے ہیں۔"

"سمجھی! آپ مجھ پر شبہ کر رہے ہیں۔" عالیہ چراغ پا ہو کر بولی۔ "خیر مجھے اس کی پرواہ

نہیں۔" اور پھر عالیہ فریدی اور حمید کو برآمدے میں تنہا چھوڑ کر دوسری طرف چلی گئی۔

"یہ اچانک کیا ہو گیا۔" حمید متحیرانہ لہجے میں بولا۔

"آؤ چلیں۔" فریدی اس کا ہاتھ پکڑ کر اٹھتا ہوا بولا۔

کمپاؤنڈ سے باہر نکل کر فریدی نے حمید سے کہا۔ "میں پرانی حویلی کی پشت پر تمہارا انتظار کروں گا۔ تم اس کتے کو گھر سے لے آؤ۔"

"کس کتے کو۔" حمید چونک کر بولا۔

"عالیہ کا بلڈ ہاؤنڈ۔"

"یعنی.... یعنی.... مم....!" حمید ہکلایا۔

"جلدی کرو۔"

"کمال کیا آپ نے وہ خونی کتا۔"

"یار تم سے تو میں عاجز آ گیا ہوں۔ آخر مرے، کیوں جاتے ہو۔"

"جناب والا، میں اس لئے مرا جا رہا ہوں کہ کسی پاگل کتے کا شکار ہو کر مرنا پسند نہیں کرتا۔"

"بکو مت! وہ پاگل نہیں ہے۔"

"آ گئی شامت۔"

"جلدی کرو حمید یہ مذاق کا وقت نہیں۔" فریدی کچھ سوچتا ہوا بولا۔

"ٹھیک ہے، ٹھیک ہے۔" حمید بیزاری سے بولا۔ "اپنے حق میں دعائے مغفرت کا وقت ہے۔"

"جاؤ....!" فریدی نے اس کی گردن پکڑ کر اُسے کار کی طرف دھکیلتے ہوئے کہا۔ "اگر واقعی تمہاری جان نکل رہی ہے تو اپنے ساتھ حامد کو بھی لیتے آنا۔"

حمید نے جھلا کر کار کا دروازہ بند کیا اور انجن اسٹارٹ کر دیا۔

فریدی تھوڑی دیر تک سڑک کے کنارے کھڑا رہا۔ اس کا ذہن بہت تیزی سے سوچ رہا تھا۔ عالیہ نے اسے جو مہمانوں کی لسٹ دی تھی اس میں قریب قریب سب ہی نام معمر قسم کے لوگوں کے تھے۔ ان میں سے اسے ایک بھی ایسا نظر نہ آیا جسے وہ عالیہ کا پرانا آشنا سمجھ سکتا۔

وہ بجھا ہوا سگار پھینک کر پرانی حویلی کے عقبی میدان کی طرف مڑ گیا۔ میجر داؤد کی ٹارچ اب تک اس کے ہاتھ میں دبی ہوئی تھی۔

بارجے کے نیچے والے درخت کے قریب پہنچ کر اچانک اس نے محسوس کیا کہ وہ تاریک میدان میں تنہا نہیں ہے۔

ٹھیک بارجے کے نیچے جہاں پتھر ٹوٹ کر گرا تھا ایک تاریک سایہ بے حس و حرکت کھڑا نظر آیا۔ فریدی نے دوسرے ہی لمحے میں درخت کے موٹے تنے کی اوٹ لے لی۔ تھوڑی دیر بعد وہ سایہ بارجے کے نیچے سے ہٹ کر درخت کے نیچے آ گیا۔ اب فریدی سے اس کا فاصلہ بمشکل دو گز رہا ہو گا۔ فریدی اس کی تیز تیز سانسوں کو بخوبی سن رہا تھا۔ لیکن تاریکی اتنی گہری تھی کہ وہ اس کے خدوخال نہ دیکھ سکا اور پھر جب وہ میدان سے نئی عمارت کی طرف مڑا تو ایک کار فراٹے بھرتی ہوئی اس کے قریب سے نکل گئی۔ کار کی ہیڈ لائیٹس کی روشنی ایک پل کے لئے اس کے چہرے پر پڑی تھی اور فریدی یک بیک چونک پڑا تھا۔ یہ میجر داؤد تھا۔ فریدی بدستور اپنی جگہ پر کھڑا میجر کے قدموں کی دور ہوتی ہوئی آوازیں سنتا رہا۔ تھوڑی دیر تک وہاں یونہی بے مقصد کھڑے رہنے کے بعد وہ پھر سڑک پر آ گیا۔ اس کے ذہن میں بے شمار خیالات آپس میں گڈمڈ ہو کر رہ گئے تھے۔ اس کیس کے سلسلے میں ابھی تک جتنے لوگوں کو اس نے قابل اعتنا سمجھا تھا وہ سب کے سب اُسے مشتبہ معلوم ہو رہے تھے۔

تھوڑی دیر بعد پھر اسے قدموں کی آہٹیں سنائی دیں۔ غالباً اس بار پھر میجر داؤد ہی پرانی حویلی کے عقبی میدان کی طرف جا رہا تھا۔ مگر اب وہ خالی ہاتھ نہیں تھا۔ ایک ہاتھ میں اس نے چھوٹی سی کدال سنبھال رکھی تھی اور دوسرے میں کوئی چیز لٹکائے ہوئے تھا۔

فریدی دبے پاؤں اس کا تعاقب کرنے لگا۔

میجر داؤد میدان کے جنوبی کنارے کے قریب پہنچ کر رک گیا۔ یہاں سے کچھ دور تک پرانے زمانے کی عمارت کے کھنڈرات پھیلے ہوئے تھے اور پھر جنگلوں کا سلسلہ شروع ہو گیا تھا۔

میجر تھوڑی دیر کھڑا ادھر اُدھر دیکھتا رہا پھر کھنڈر میں داخل ہو گیا۔ فریدی درختوں کی آڑ لیتا ہوا تیزی سے اُدھر جھپٹا اور جب اس نے ایک گری ہوئی دیوار کے ملبے کے پیچھے سے سر ابھارا تو میجر داؤد اسے زمین کھودتا ہوا نظر آیا۔ پھر اس نے کوئی چیز گڑھے میں رکھ کر زمین برابر کر دی۔

اس کے چلے جانے کے تقریباً پانچ منٹ بعد فریدی اوٹ سے نکل کر اسی جگہ آیا جہاں میجر نے کوئی چیز دفن کی تھی۔ اس نے مٹی ہٹانی شروع کی اور پھر چند لمحوں کے بعد اس کے ہاتھ میں

ایک تھیلا جھول رہا تھا۔ فریدی جیب سے ٹارچ نکال کر اس کے اندر رکھی ہوئی چیزوں کا جائزہ لینے لگا۔ اس کے ہونٹوں پر مسکراہٹ نمودار ہوئی اور اس نے اس تھیلے کو دوبارہ دفن کر کے مٹی برابر کر دی۔ وہ اُٹھ رہا تھا کہ اسے کسی کتے کی آواز سنائی دی۔ جو انتہائی جوش و خروش کے ساتھ بھونک رہا تھا۔ آواز قریب ہی آ رہی تھی۔ پھر ایسا محسوس ہوا جیسے کوئی وزنی چیز گھسیٹی جا رہی ہو۔

فریدی آواز کی طرف دوڑا۔ بارجے کے قریب والے درخت کے نیچے حمید عالیہ کے بلڈ ہاؤنڈ کی زنجیر تھامے خود ہی اس کے ساتھ گھسٹ رہا تھا۔

کتا دراصل آزاد ہونے کے لئے زور لگا رہا تھا۔ قبل اس کے کہ فریدی درخت تک پہنچتا بلڈ ہاؤنڈ حمید کو درخت سے کافی دور تک گھسیٹ لے گیا۔

فریدی نے جھپٹ کر زنجیر حمید کے ہاتھ سے لے لی۔ کتے نے اب اپنی ہی جگہ پر اچھلنا کودنا شروع کر دیا تھا۔

حمید بُری طرح ہانپ رہا تھا۔

"یہاں پہنچتے ہی گویا سالے کا دماغ خراب ہو گیا۔" حمید اپنی سانسوں پر قابو پانے کی کوشش کرتا ہوا بولا۔

آہستہ آہستہ کتا پرسکون ہوتا گیا لیکن وہ اب بھی بار بار زمین سونگھ رہا تھا۔

"دماغ نہیں خراب ہو گیا بلکہ اس وقت یہ تم سے بھی زیادہ عقلمند ثابت ہو رہا ہے۔" فریدی نے کہا۔

کتا تھوڑی دیر تک زمین سونگھتا رہا پھر یکایک اس میں پہلا سا جوش و خروش پیدا ہو گیا۔

فریدی نے زنجیر ڈھیلی چھوڑ دی اور کتے کے ساتھ دوڑنے لگا۔

"ارے.... ارے۔" حمید بوکھلا کر بولا۔

"آؤ.... میرے ساتھ آؤ۔" فریدی پلٹ کر بولا۔

حمید بے بسی سے فریدی کے ساتھ دوڑنے لگا۔

"آخر یہ کیا حماقت ہے۔"

"حماقت۔" فریدی نے کہا۔ "برخوردار یہ ہمیں مجرم کے پاس لے جا رہا ہے۔ مجھ پر حملہ کرنے والا وہی تھا جس نے شاہد کا سوٹ چرا کر اس کو تنگ کیا تھا۔ کیا تم نے نہیں دیکھا کہ وہ اس

کے پیروں کے نشانات سونگھ رہا ہے۔"

کتا پھر رک کر زمین سونگھنے لگا۔ اس بار اس نے سر اٹھا کر ایک ہلکی سی آواز نکالی اور چاروں طرف دیکھنے لگا۔ دو تین منٹ گذر گئے لیکن کتا اپنی جگہ سے نہیں ہلا۔

"پھاوڑا لاؤں۔" حمید سنجیدگی سے بولا۔

"کیوں؟" فریدی چونک کر بولا۔

"مجرم شاید زمین کے نیچے چلا گیا۔" حمید نے مسکرا کر کہا۔

"بکو مت۔" فریدی نے زمین پر ٹارچ کی روشنی ڈالتے ہوئے کہا۔

"میں غلط نہیں کہہ رہا تھا اگر یہ بات نہ ہوتی تو وہ آگے بڑھتے بڑھتے یک بیک ایک جگہ جم کیوں جاتا۔"

"تم سے سنجیدگی کی امید فضول ہے۔" فریدی زمین کی طرف جھک کر دیکھتا ہوا بولا۔

وہ تھوڑی دیر تک اسی حالت میں رہا پھر سیدھا کھڑا ہو کر زمین پر ٹارچ کی روشنی ڈالتا ہوا ایک طرف چلنے لگا۔

"غالباً اب آپ کسی سرنگ کا دہانہ تلاش کر رہے ہیں۔" حمید نے اسے پھر چھیڑا۔ "بات ہے بھی ٹھیک، جب آپ نے کتے کی رہبری قبول کر لی تو پھر کسی بات کی گنجائش نہیں رہ جاتی۔"

فریدی نے کوئی جواب نہ دیا۔

حالانکہ حمید نے دیکھ لیا تھا کہ وہ کسی موٹر کے پہیوں کے نشانات پر چل رہا ہے اور یہ بھی سمجھتا تھا کہ جہاں تک مجرم پیدل آیا کتے نے اس کے پیروں کے نشانات سونگھ سونگھ کر ان کی رہنمائی کی اور جہاں سے وہ موٹر پر سوار ہوا کتا بھی بے بس ہو گیا۔ لیکن اسے اس وقت فریدی کو چھیڑنے میں خاصا لطف محسوس ہو رہا تھا۔

وہ سخت مٹی کی ہموار سطح والی زمین پر چل رہے تھے۔ پہیوں کے نشانات زیادہ گہرے نہیں تھے۔ لیکن ان کی حالت بتا رہی تھی کہ وہ زیادہ دیر کے نہیں ہیں۔

"جناب والا۔" حمید نے کہا۔ "آخر کہاں تک سر ماریئے گا۔ میرا خیال ہے کہ ہم کم و بیش میل ڈیڑھ میل چل چکے ہیں۔ اگر نشانات کا سلسلہ براہِ راست قیامت سے جا ملا تو کیا کریں گے۔"

فریدی نے پھر زمین پر ٹارچ کی روشنی ڈالی۔ اچانک شمال کی طرف سے ایک فائر ہوا اور کتا

اچھل کر دور جاگرا۔ فریدی ٹارچ بجھا کر تیزی سے زمین پر لیٹ گیا۔ حمید نے بھی اضطراری طو اس کی تقلید کی۔ کتا زمین پر تڑپ رہا تھا۔ اندھیرے میں اس کے وزنی جسم کی پھڑپھڑاہٹ صا سنائی دے رہی تھی مگر اس کے منہ سے کسی قسم کی آواز نہیں نکل رہی تھی۔ ایک فائر اور ہوا پھر تھوڑی دیر بعد حمید نے کچھ دور پر کسی کے تیز قدموں کی آواز سنی، جو بہت سرعت کے سا دور ہوتی جا رہی تھی۔ شاید کوئی دوڑ رہا تھا۔

"فریدی صاحب۔" حمید نے کچھ دیر بعد آہستہ سے پکارا۔ مگر جواب ندارد۔ اس نے پکارا اور پھر بتدریج اس کی آواز تیز ہوتی گئی۔ پھر وہ بے تابانہ انداز میں کھڑا ہو کر چاروں طر دوڑنے لگا۔ فریدی کا کہیں پتہ نہ تھا۔

حمید کی پریشانی بڑھ گئی لیکن پھر یہ سوچ کر اطمینان سا ہو گیا کہ اگر دوسری گولی فریدی لگی ہوتی تو وہ بھی یہیں کہیں ہوتا۔

حمید بھی اسی سمت دوڑنے لگا جدھر اس نے قدموں کی آوازیں سنی تھیں۔ وہ نہ جانے کب تک دوڑتا رہا پھر اچانک اسے اپنی حماقت کا احساس ہوا اور وہ رک گیا۔ بھلا اس طرح بے مقص دوڑتے رہنے سے کیا فائدہ؟

اس کی سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ اب کیا کرے۔ وہ ایک جگہ بیٹھ کر اپنی سانسیں درست ہونے کا انتظار کرنے لگا۔

صرف ایک دن کے اندر ہی اندر اتنے واقعات پیش آئے تھے کہ حالات کا اندازہ لگانا دشو ہو گیا تھا۔ اس کیس میں بہتیرے ایسے نکتے تھے جن پر بحث کرنے کا موقع ہی نہ ملا تھا اور اس سب سے زیادہ اہم نکتہ خود مقتول شاہد کی شخصیت تھی۔ وہ کون تھا؟ کہاں سے آٹپکا تھا؟ اور ا کے اعزہ کیسے تھے جن کے کان پر جوں تک نہ رینگی؟

دوسری بات یہ کہ اچانک عالیہ اور فریدی میں شکر رنجی کیوں ہو گئی تھی؟ اس نے اس کی لینے سے انکار کیوں کر دیا تھا؟ یہ چیزیں بھی اپنی جگہ پر انتہائی پُر اسرار اور قابل غور تھیں کیونکہ خود فریدی کے ساتھ کئی بار ایسا ہو چکا تھا کہ اکثر قاتلوں نے مظلوم بن کر محض اس لئے کہ سے مدد طلب کی تھی وہ اُن پر شبہ نہ کر سکے؟ تو کیا عالیہ بھی اسی قسم کا رول انجام دے رہی ہے؟ حمید نے عالیہ کے متعلق پہلے ہی یہ بات سوچی تھی لیکن فریدی نے اس پر دھیان نہیں

تھا اور اب آہستہ آہستہ حمید کا یہ خیال پختہ ہوتا جا رہا تھا کہ جہانگیر پیلس کا کوئی فرد شاہد کا قاتل ہے۔ ہو سکتا ہے کہ میجر داؤد عالیہ اور اس کی ماں تینوں اس سازش میں برابر کے شریک ہوں اور بیچارے سعید کو قربانی کا بکرا بنایا گیا ہو۔

حمید سوچنے لگا کہ یہ بات ناممکن نہیں ہے۔ عالیہ جیسی فطرت رکھنے والی لڑکیاں عاشق بدلنے میں ید طولیٰ رکھتی ہیں۔ ان کی جنسیت کی سیمابی کیفیت کسی سے پیچھا چھڑانے کے لئے انہیں قتل تک پر آمادہ کر سکتی ہے۔

وہ اسے آج سے نہیں برسوں سے جانتا تھا اور یہ بھی جانتا تھا کہ اس نے اس دوران میں متعدد نوجوانوں سے رشتہ جوڑا تھا اور پھر انہیں اس طرح بھول گئی تھی جیسے کبھی کی جان پہچان ہی نہ ہو۔ ایک زمانے میں خود حمید نے بھی اس کی طرف بڑھنے کی کوشش کی تھی لیکن کوئی لفٹ نہ ملنے پر ٹال گیا تھا۔ ٹھیک ہے اس نے سوچا، اسے جہانگیر پیلس ہی کی طرف چلنا چاہئے۔

اسے میجر داؤد سے تو خاص طور پر ضد ہو گئی تھی۔ اس نے تہیہ کر لیا تھا کہ وہ اسے ضرور تنگ کرے گا۔ اس کا غرور کانٹے کی طرح حمید کے دل میں کھٹک رہا تھا۔

وہ اٹھ کر آبادی کی طرف چل پڑا۔ آبادی میں پہنچ کر روشنی میں اس نے اپنے کپڑوں پر جمی ہوئی گرد جھاڑی۔ ایک ریستوران کے غسل خانے میں بال درست کئے اور ٹیکسی میں بیٹھ کر جہانگیر پیلس کی طرف روانہ ہو گیا کیونکہ اسی کے قریب اس نے فریدی کی کار چھوڑی تھی۔ وہ ابھی تک فریدی کے متعلق سوچ رہا تھا۔

نئی مصیبت

گیارہ بج چکے تھے۔ لیکن جہانگیر پیلس کے برآمدے میں ابھی تک روشنی ہو رہی تھی اور لوگوں کے گفتگو کرنے کی آوازیں آرہی تھیں۔ حمید درانہ اندر گھستا چلا گیا۔ لیکن برآمدے میں پہنچ کر یک بیک چونک سا پڑا۔ عالیہ جس آدمی سے باتیں کر رہی تھی حمید اسے پہلی ہی نظر میں پہچان گیا تھا۔ یہ وہی پُر اسرار آدمی تھا جس سے آج صبح اس کی ملاقات ٹرین میں ہوئی تھی اور پھر اس نے اُسے فریدی سے بے سروپا گفتگو کرتے سنا تھا۔ فریدی نے اس کا تذکرہ حمید سے چھیڑا نہ

لیکن وہ محض اپنی اکتاہٹ کی وجہ سے اُس کے متعلق پوری معلومات حاصل نہ کر سکا تھا۔

حمید تو یہ توقع لے کر آیا تھا کہ عالیہ اس سے سیدھے منہ بات بھی نہ کرے گی اور اُسے اپنی آفیسرانہ شان کو کام میں لانا پڑے گا۔ لیکن اس کا خیال غلط نکلا۔ عالیہ اُسے دیکھتے ہی کھڑی ہوگئی اور حمید کو اُس کے خوش اخلاقانہ انداز سے ایسا محسوس ہوا جیسے وہ اس کے گھر کسی تقریب میں شرکت کرنے کی غرض سے آیا ہو۔

"تشریف رکھئے۔" وہ مسکرا کر بولی۔

اجنبی آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر حمید کی طرف دیکھ رہا تھا۔

"میرا خیال ہے کہ وہ آپ ہی تھے۔" اجنبی کچھ سوچتا ہوا بولا۔

"کون....!" حمید چونک پڑا۔

"آپ ہی نے تو مجھے ٹرین پر بیوقوف بنایا تھا۔" اس نے جھینپی ہوئی مسکراہٹ کے ساتھ کہا۔

"میں آپ کا مطلب نہیں سمجھا۔"

"اتنی جلدی بھول گئے۔ آج ہی کی تو بات ہے۔"

"شاید آپ کو کچھ غلط فہمی ہوئی ہے۔" حمید نے سنجیدگی سے کہا۔ "میرا خیال ہے کہ میں اس سے قبل آپ سے کبھی نہیں ملا۔"

"اگر آپ اس وقت بھی مجھے بیوقوف نہیں بنا رہے ہیں تو مجھے حیرت سے بیہوش ہو جانا چاہئے۔"

"میں خود بھی یہی سوچ رہا ہوں جب کہ میں نے اس سے پہلے آپ کو کہیں دیکھا بھی نہیں۔"

"ٹھیک ہے۔" عالیہ نے کہا۔ "آپ کا تعلق محکمہ سراغ رسانی سے ہے اور آپ شاہد مرحوم کے کیس کی تفتیش کر رہے ہیں۔"

"اوہ.... ہو سکتا ہے۔" اجنبی نے کہا۔ "یا تو میں خواب دیکھ رہا ہوں یا پھر....؟"

"میں ایک ضروری بات دریافت کرنے کے لئے آپ کے پاس آیا تھا۔" حمید نے اس کی بات پر دھیان دیئے بغیر عالیہ سے کہا۔

"فرمایئے۔"

حمید کا توقف دیکھ کر اجنبی اٹھا۔

"اچھا تو مس عالیہ اب میں چلوں گا۔" اس نے کہا۔ لیکن وہ اب بھی بار بار حمید کی طرف

دیکھ رہا تھا۔

اسکے چلے جانے کے بعد حمید سوچنے لگا کہ وہ عالیہ سے کیا پوچھے! دفعتاً ایک بات سوجھ گئی۔

"میں انہیں حضرت کے متعلق پوچھنے آیا تھا۔"

"کیا....؟" عالیہ چونک کر بولی۔

"یہ کون ہیں اور ان کا کیا نام ہے۔"

"نعیم الرشید.... جنوبی افریقہ کے ایک ہندوستانی تاجر ہیں.... اور والد صاحب کی تجارت کے ایک حصے دار۔"

"یہاں کب سے مقیم ہیں۔"

"یہ تو مجھے نہیں معلوم۔ لیکن یہاں کے کچھ تاجروں سے حساب فہمی کے لئے آئے ہیں۔"

"اوہ....!" حمید کچھ سوچتا ہوا بولا۔ "کیا اُس دن تقریب میں یہ بھی شریک تھے۔"

"جی ہاں۔"

"مگر ان کا نام تو مہمانوں کی فہرست میں نہیں ہے۔"

"ہو سکتا ہے۔" عالیہ لاپروائی سے بولی۔ "لیکن یہ کوئی خاص بات نہیں۔ ممکن ہے دو ایک نام رہ بھی گئے ہوں۔ اس وقت بھلا اس کا ہوش کسے رہا ہوگا کہ کون آیا اور کون گیا۔"

"ٹھیک ہے...." حمید نے کہا۔ "میں نے یونہی پوچھا تھا۔"

"تو کیا یہ سچ ہے کہ آج آپ نے انہیں ٹرین میں پریشان کیا تھا۔" عالیہ نے پوچھا۔

"نہیں، انہیں یقیناً غلط فہمی ہوئی ہے۔ میں تو ایک عرصے سے شہر ہی میں مقیم ہوں۔"

تھوڑی دیر تک خاموشی رہی، پھر عالیہ بولی۔

"اس وقت دراصل مجھے غصہ آگیا تھا۔ بات بھی ایسی ہی تھی۔ فریدی صاحب کا لہجہ بھی بہت ناگوار گذرا تھا۔"

"کیا بات ہوئی تھی۔"

"اب کیا بتاؤں، یہ تو آپ جانتے ہیں کہ میں بہت سوشل ہوں۔ ہر ایک سے آزادانہ ملتی ہوں۔ فریدی صاحب نے اس پر طنز کیا تھا۔ میں انہیں کافی آزاد خیال اور الٹراموڈرن سمجھتی تھی۔"

"اوہ مجھے افسوس ہے۔" حمید نے کہا۔ "آپ بُرا نہ مانئے گا۔ بعض اوقات وہ خیالات میں اس

طرح ڈوب جاتے ہیں کہ انہیں اس کا بھی احساس نہیں ہوتا کہ وہ زبان سے کیا کہہ رہے ہیں۔"

"خیر بہر حال.... مجھے اپنے رویئے پر افسوس ہے۔" عالیہ نے کہا۔

"اب اسی سے ان کی نیک دلی کا اندازہ لگا لیجئے کہ انہوں نے آپ کی تلخ کلامی کا بُرا نہیں مانا۔"

"فریدی صاحب ہیں کہاں۔" عالیہ نے پوچھا۔

"شاید اس بار ان کے گولی لگی ہے۔"

"کیا مطلب....؟" عالیہ تقریباً اچھل کر بولی۔

"کسی نے ان پر گولی چلائی تھی۔ اس کے بعد سے مجھے پتہ نہیں کہ وہ کہاں گئے۔" حمید نے کہا وہ سوچ رہا تھا کہ کیوں نہ عالیہ کو سب کچھ بتا کر اس پر اس کا رد عمل دیکھے کیونکہ وہ بھی ان کی مشتبہ آدمیوں کی لسٹ میں شامل تھی۔

اس نے فریدی کے چھجے سے گرنے کے بعد کے واقعات دہرا دیئے۔

"اوہ میرے خدا....؟" عالیہ تقریباً چیخ کر بولی۔

اس کا چہرہ زرد پڑ گیا تھا اور آنکھیں خوفزدہ نظر آنے لگی تھیں۔ وہ چند لمحے خاموشی سے حمید کی طرف دیکھتی رہی پھر خشک ہونٹوں پر زبان پھیر کر بولی۔

"تو گویا ان پر دوسرا حملہ تھا۔"

"یہی سمجھنا چاہئے۔" حمید نے کہا۔

"اور آپ یہاں اطمینان سے بیٹھے باتیں بنا رہے ہیں۔" عالیہ اٹھتی ہوئی بولی۔

"پھر آپ کی دانست میں کیا ہونا چاہئے؟" حمید نے پُر سکون لہجے میں پوچھا۔

"یہ آپ مجھ سے پوچھ رہے ہیں۔" عالیہ جھنجھلا کر بولی۔

"بیٹھئے بیٹھئے۔" حمید ہاتھ اٹھا کر بولا۔ "فریدی کو کرائے کے آدمی نہیں مار سکتے۔"

"میں آپ کا مطلب نہیں سمجھی۔"

"اوہ چھوڑیئے بھی۔" حمید مسکرا کر بولا۔ "آپ کی انگوٹھی بہت خوبصورت ہے۔ ویسے کسی اور کے ہاتھ میں اچھی بھی نہ لگتی۔"

عالیہ حیرت آمیز نظروں سے اُسے گھورنے لگی۔

"میں نہیں سمجھ سکتی کہ آپ کی گفتگو کا مقصد کیا ہے۔"

"قطعی بے مقصد۔" حمید مسکرا کر بولا۔ "بعض اوقات بے مقصد ہی گفتگو کرنے کو دل چاہتا ہے۔"

"تو پھر اس کا مقصد یہ ہے کہ فریدی صاحب بخیریت تمام گھر پہنچ گئے ہیں۔"

"اور آپ کو اس پر حیرت ہے۔" حمید نے جلدی سے پوچھا۔

"جی.... جی نہیں۔" عالیہ گڑبڑا کر بولی۔ پھر وہ حمید کو عجیب نظروں سے دیکھنے لگی۔ حمید بغور اس کی بدلتی ہوئی حالت کا جائزہ لے رہا تھا۔

"آپ آخر چاہتے کیا ہیں۔" وہ تھوڑی دیر بعد پھر بولی۔

"کوئی خاص بات نہیں۔ میں آپ کو صرف یہ اطلاع دینے آیا تھا کہ فریدی صاحب پر آپ ہی کے گھر سے حملے شروع ہوئے ہیں۔"

"تو پھر! کیا ہم لوگ اس کے ذمہ دار ہیں۔" عالیہ گھبرا کر بولی۔

"دیکھئے نا بات بالکل صاف ہے۔ شاہد کہاں مارا گیا؟ آپ کے گھر پر۔ کسی نے اس کا سوٹ بھی چرایا تھا۔ فریدی صاحب کو بھی یہیں قتل کرنے کی کوشش کی گئی۔ پھر سب سے بڑی بات تو یہ ہے کہ آخر میجر صاحب وغیرہ فریدی صاحب کو پرانی حویلی میں جانے سے کیوں روک رہے تھے۔ حویلی کی عجیب و غریب آوازوں کا قصہ بھی کم دلچسپ نہیں ہے۔ لیکن بھوت پریت وغیرہ کے متعلق میں نے کبھی یہ نہیں سنا کہ انہوں نے کسی پر چاقو سے حملہ کیا ہو یا گولی چلائی ہو۔ آپ کا شکاری کتا جس شکار کی تلاش میں مارا گیا وہ بھوت نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ بھوت اپنے قدموں کے نشانات نہیں چھوڑتے۔"

"تو یہ کہئے کہ آپ لوگ گھر ہی کے کسی فرد پر شبہ کر رہے ہیں۔" عالیہ نے پوچھا۔

"میرا ہرگز یہ مطلب نہیں۔" حمید نے پائپ میں تمباکو بھرتے ہوئے کہا۔

"میں تو یہ کہہ رہا تھا کہ آپ لوگ بھی ہوشیاری سے رہئے گا۔ کوئی آپ کے خاندان سے دشمنی پر کمربستہ نظر آ رہا ہے۔"

"اوہ.... اس کی فکر نہ کریں۔" عالیہ طنزیہ انداز میں بولی۔

تھوڑی دیر تک حمید خاموش رہا۔ پھر اٹھتا ہوا بولا۔

"خیر میرا جو فرض تھا میں نے ادا کر دیا۔"

جیسے ہی اس نے برآمدے سے قدم نکالا عالیہ نے کسی نوکر سے برآمدے کی روشنی گل

کر دینے کے لئے کہا اور پھر لان پر بھی اندھیرا چھا گیا۔

حمید اندھیرے میں آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھتا ہوا پائیں باغ کے پھاٹک تک آیا۔ آج آسمان بھی سیاہ بادلوں سے ڈھکا ہوا تھا۔ اس لئے تاریکی بڑھ گئی تھی۔

جیسے ہی حمید پھاٹک سے نکلا کسی نے اس کی داہنی کنپٹی پر ایک زوردار گھونسہ رسید کیا۔ حمید اس غیر متوقع حملے کے لئے تیار نہیں تھا۔ اس لئے توازن برقرار رکھنا اس کے لئے دشوار ہو گیا اور وہ لہرا کر زمین پر آرہا۔

تھوڑی دیر بعد جب اُسے ہوش آیا تو اس نے محسوس کیا کہ وہ کسی کار کی پچھلی سیٹ پر اس طرح پڑا ہوا ہے کہ اس کے ہاتھ اور پیر ایک ساتھ ملا کر باندھ دیئے گئے ہیں۔ کار چل رہی تھی، اس نے بہتیری کوشش کی کہ کار چلانے والے کا چہرہ دیکھ سکے لیکن ممکن نہ ہوا۔ اس کے ہاتھ اور پیر چھت کی طرف اٹھے ہوئے تھے۔ تھوڑی دیر بعد اُسے اپنی ہیئت کذائی پر ہنسی آنے لگی۔ بڑا ستم ظریف تھا جس نے اُسے اس طرح باندھ کر ڈال دیا تھا۔

کچھ دیر تک اسی حالت میں رہنے کے بعد حمید کو ایسا محسوس ہونے لگا جیسے اس کے ہاتھ اور پیر ٹوٹ کر رہ جائیں گے۔ درد لحہ بہ لحہ بڑھتا ہی جارہا تھا۔ آخر کار ایک جگہ رکی۔ کار چلانے والا اتر گیا۔ پھر تقریباً پندرہ منٹ بعد دو آدمی آئے اور انہوں نے اسی حالت میں حمید کو اٹھا کر ایک طرف چلنا شروع کیا۔ ایک نے اس طرح پکڑ رکھا تھا کہ اس کا ایک ہاتھ اس کی آنکھوں پر تھا۔ اس لئے حمید راہ کا بھی اندازہ نہ لگا سکا۔ دفعتاً حمید نے عجیب قسم کی بو محسوس کی۔ حد درجہ ناخوشگوار۔ اگر اس کے ہاتھ آزاد ہوتے تو وہ بے اختیار اپنی ناک بند کر لیتا.... تو کیا وہ اسے کسی مردہ خانے میں لے جارہے تھے۔ دفعتاً حمید کا ذہن جاگ اٹھا اور اس نے محسوس کیا کہ وہ حقیقتاً کسی سڑے ہوئے مردہ جسم ہی کی بو تھی۔

کچھ دور چلنے کے بعد ہوا کے جھونکے پھر پاک وصاف محسوس ہونے لگے۔

"اب مجھے ڈال کر تم بھی ستالو۔" حمید نے جی کڑا کر کے کہا۔ "ہے ہے.... کس بُری طرح ہانپ رہے ہو.... چہ چہ۔"

"چپ رہو سالے۔" ایک آدمی گرج کر بولا۔

"یار ایسے وقت میں تو مجھے گالیاں نہ دو جب کہ میں مرنے جارہا ہوں۔" حمید ہنس کر بولا۔

"تم کیا جانو کہ تم مرنے جارہے ہو۔" اس کے لہجے میں حیرت تھی۔

"میں جانتا ہوں کہ تم مجھے ندی میں پھینکو گے۔"

"اوہ تو کیا تمہیں دکھائی دے رہا ہے۔" اس بار وہ بولا جس نے حمید کی آنکھیں ڈھانپ رکھی تھیں۔

"اس وقت من کی آنکھیں کھل گئی ہیں بابا۔" حمید نے ٹھیٹھ درویشانہ انداز میں کہا۔

"اچھا بس خاموش رہو۔"

"کیوں بگڑتے ہو یار۔" حمید مسکرا کر بولا۔ "میں شائد چند لمحوں کا مہمان ہوں۔ میری دلی خواہش ہے کہ مرنے سے پہلے تمہیں کئی گر کی باتیں بتادوں۔"

"بکواس بند کرو۔"

"اچھا بیٹا بند کر دی بکواس۔" حمید نے جھنجھلا کر کہا۔

حمید کی سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ اب کیا کرنا چاہئے۔ کائی اور سیلن کی بساندھ بتا رہی تھی کہ دریا نزدیک ہی ہے۔ وہ سوچنے لگا کہ اگر انہوں نے اُسے اسی حالت میں پھینکا تو ڈوب جانا یقینی ہے۔ انہوں نے اسے اپنے کاندھوں پر لاد رکھا تھا اور اس کے ہاتھ اور پاؤں اب بھی اوپر کی طرف اٹھے ہوئے تھے۔

دفعتاً حمید کو ایسا محسوس ہوا کہ اگر وہ تھوڑی سی جدوجہد کرے تو اس کا داہنا ہاتھ آزاد ہو سکتا ہے۔ اتنی مسافت طے کرنے کے دوران میں اس کی بندش کچھ ڈھیلی پڑ گئی تھی۔ بات یہ تھی کہ ہاتھوں اور پیروں کے لئے ایک ہی رسی استعمال کی گئی تھی اور انہیں ایک ساتھ ملا کر باندھا گیا تھا۔ باندھنے والے کا مقصد محض حمید کو اذیت دینا تھا۔ لیکن اُس نے اس معاملے میں عقلمندی سے کام نہیں لیا تھا۔

حمید نے اپنے داہنے ہاتھ کو جنبش دی اور اسے اپنی کامیابی کا یقین ہو گیا۔

"سنو بیٹو۔" وہ آہستہ سے بولا۔ "مرنے سے پہلے تمہیں نصیحت کرتا ہوں کہ سب کچھ کرنا مگر شادی کبھی نہ کرنا۔"

"اچھا اچھا باباجان۔" ایک جھلا کر بولا۔ "اب چپ بھی رہو ورنہ ہڈیاں سرمہ کر دوں گا۔"

"اور اگر تم نے میری نصیحت نہ مانی تو تمہیں بھگتنا پڑے گا۔ یار ذرا ہاتھ ڈھیلا کرو، تم تو میری آنکھیں پھاڑے ڈال رہے ہو۔"

"لے بیٹا تو بھی کیا یاد کرے گا۔" دوسرے نے کہہ کر اس کی آنکھوں پر سے ہاتھ ہٹالیا۔

"شکریہ..... کیا تم لوگ مجھے جانتے ہو۔"

"نہیں۔"

"مجھے کہاں لے جارہے ہو۔"

"بکومت۔" پہلا گرج کر بولا۔

اس دوران میں حمید کا داہنا ہاتھ آزاد ہو چکا تھا۔ پھر اس کے بعد پوری رسی کھول ڈالنے میں کوئی دشواری نہ رہ گئی۔ حمید نے رسی کھول کر اپنے پیٹ پر رکھ لی اور بدستور ہاتھ اور پیر اٹھائے رہا۔ اس کا خیال تھا کہ وہ لوگ اُسے دریا میں پھینکیں گے لیکن جب وہ دریا والا راستہ چھوڑ کر دوسری طرف مڑے تو اسے اطمینان ہو گیا۔ اب وہ ایک کافی چوڑی پگڈنڈی پر چل رہے تھے جس کی دونوں طرف جھول کی گھنی جھاڑیاں تھیں۔

"سنو دوستو۔ میں ذرا پیشاب کرنا چاہتا ہوں۔" حمید نے کہا۔

"چپ رہو۔"

"خیر میں تمہارے اوپر ہی کروں گا۔ مرنا تو ہے ہی۔"

"سچ مچ مار ڈالوں گا۔" پہلا گرج کر بولا۔

"اچھا تو بچو۔" حمید نے اس طرح کہا جیسے سچ مچ وہ اپنے ارادے کو عملی جامہ پہنانے جارہا ہو۔

دونوں نے اسے جلدی سے زمین پر ڈال دیا۔

دوسرے لمحے میں حمید اچھل کر جھاڑیوں کے اندر گھس چکا تھا۔

دونوں چیختے ہوئے اس کے پیچھے دوڑے۔ حمید قطعی نہتا تھا اس لئے اس نے ٹھہر کر ان سے دو دو ہاتھ کرنے کا ارادہ ملتوی کر دیا۔ وہ پوری قوت سے جھاڑیوں میں دوڑ رہا تھا۔

مجرم کون؟

تھوڑی دیر بعد حمید کو خیال آیا کہ وہ غلطی کر رہا ہے۔ اگر وہ اسی طرح دوڑتا رہا تو تعاقب کرنے والے زندگی بھر پیچھا نہ چھوڑیں گے۔ وہ ان کے قدموں کی آوازیں صاف سن رہا تھا۔

دراصل اس کے قدموں کی آواز پر اس کا پیچھا کر رہے تھے۔ حمید یکلخت رک گیا۔ اب وہ سیدھا جانے کے بجائے داہنی طرف مڑ کر پنجوں کے بل چل رہا تھا۔

تقریباً ایک گھنٹہ کی بھاگ دوڑ کے بعد وہ شارع عام پر آگیا۔ تعاقب کرنیوالوں کا کہیں پتہ نہ تھا۔ سڑک سنسان پڑی تھی۔ غیر آباد علاقہ ہونے کی وجہ سے یہاں بجلی کے کھمبے بھی نہیں تھے۔ حمید کو خوف تھا کہ کہیں وہ پھر نہ پکڑ لیا جائے۔ اس لئے اس نے جوتے اتار کر پنجوں کے بل دوڑنا شروع کر دیا۔ وہ نہیں جانتا تھا کہ وہ کدھر جارہا ہے۔ اس کے چاروں طرف بیکراں تاریکی تھی اور پیروں کے نیچے کنکریٹ اور کولتار کی چکنی سڑک۔

تھوڑی دیر بعد اسے روشنی کے ننھے ننھے دھبے دکھائی دیئے۔ یہ بھی محض اتفاق ہی تھا کہ وہ شہر کی طرف جارہا تھا۔ اگر سمت مخالف میں جا پڑتا تو اسے اس کا احساس تک نہ ہوتا کہ وہ کہاں جارہا ہے۔

آبادی میں پہنچ کر وہ سانس لینے کے لئے رکا۔ جوتے پہنے اور ٹیکسی تلاش کرنے لگا۔ وہ کسی طرح پھر جہانگیر پیلس تک پہنچنا چاہتا تھا کیونکہ فریدی کی کار ابھی تک وہیں تھی۔ بدقت تمام اُسے ٹیکسی مل گئی۔

جہانگیر پیلس پہنچنے کے بعد اسے پھر اسی ٹیکسی پر واپس آنا پڑا کیونکہ فریدی کی کار وہاں موجود نہیں تھی۔ وہ سوچنے لگا کہ کیا حملہ آور اُسے فریدی ہی کی کار پر لے گئے تھے۔ اگر ایسا ہے تو کار بھی گئی۔ اسے دراصل اپنی حماقت پر غصہ آرہا تھا۔ آخر وہ عالیہ سے ملا ہی کیوں تھا۔

حمید نے ٹیکسی ڈرائیور کو فریدی کی کوٹھی کا پتہ بتایا اور پھر خیالات میں ڈوب گیا۔

کوٹھی کا پھاٹک ابھی تک کھلا ہوا تھا؟ حمید سوچنے لگا کیا ابھی فریدی واپس نہیں آیا؟ اس نے ٹیکسی ڈرائیور کو پیسے دیئے اور تیز تیز قدم اٹھاتا ہوا کوٹھی میں داخل ہوا۔ فریدی کی کار پورٹیکو میں کھڑی ہوئی تھی اور پھر اس نے فریدی کے کمرے میں روشنی بھی دیکھی۔ وہ اس کی طرف جھپٹا۔

فریدی کمرے میں تنہا نہیں تھا بلکہ اس کے ساتھ کوئی اور بھی تھا جسے دیکھتے ہی حمید بے اختیار چونک پڑا۔ یہ شہر کا ایک شریف بدمعاش نادر تھا۔ وہ ایک صوفے پر بیٹھا فریدی کو سہمی ہوئی نظروں سے دیکھ رہا تھا۔

"کہاں رہ گئے تھے۔" فریدی نے حمید سے پوچھا۔

"لمبی داستان ہے۔" حمید نادر کو گھورتا ہوا بولا۔ "آپ کی موجودگی کا مطلب۔"

"اوہ.... آپ....!" فریدی طنزیہ انداز میں بولا۔ "آپ کے حوصلے بہت بلند ہوگئے ہیں۔"

"انسپکٹر صاحب مجھے نہیں معلوم تھا؟" نادر بے بسی سے بولا۔

"ہاں ہاں۔" فریدی ہونٹ سکوڑ کر بولا۔ "تمہیں معلوم تھا کہ میں اتنے حملوں کے بعد بھی بچ جاؤں گا۔"

"آپ سنئے تو سہی۔" نادر اپنے خشک ہونٹوں پر زبان پھیرتا ہوا بولا۔

"سنائیے۔" فریدی کے لہجے میں تلخی تھی۔

"مجھے نہیں معلوم تھا کہ....!"

"ہاں ہاں کہو رک کیوں گئے۔"

نادر خاں پھر خاموش ہوگیا۔ کچھ دیر سوچتے رہنے کے بعد پھر بولا۔

"میں وہ خط چرانے کے لئے گیا تھا۔ وہاں مجھے نوکروں کی گفتگو سے معلوم ہوا کہ کوئی جاسوس شاہد کے کمرے میں چھان بین کررہا ہے۔ بخدا میں نہیں جانتا تھا کہ وہ آپ ہیں، ورنہ میں اس کی ہمت نہ کرتا۔"

"اور دوسرے حملے کے متعلق کیا ارشاد ہوتا ہے۔" فریدی نے مسکرا کر پوچھا۔

"دوسرا حملہ صرف کتے پر تھا۔ اگر میں ایسا نہ کرتا تو وہ مجھے کبھی نہ چھوڑتا۔"

"تو شاہد کا سوٹ تم نے چرایا تھا۔"

"جی ہاں۔"

"آج رات تم تنہا تھے۔"

"جی ہاں.... جی ہاں۔"

"لیکن اس وقت تک تمہارے پاس رائفل نہیں تھی جب تم نے درخت پر خنجر سے حملہ کیا تھا۔"

"نہیں تھی۔"

"تو پھر تم رائفل لے کر دوبارہ واپس آئے تھے۔"

نادر خان پھر کسی سوچ میں پڑ گیا۔

"جی نہیں.... وہ رائفل مجھے کسی نے دی تھی اور یہ بھی بتایا تھا کہ آپ نے کتا منگوایا ہے؟"

"کس نے۔"

"ایک عورت نے۔"

"عورت.... کون عورت؟" فریدی نے چونک کر پوچھا۔

"یہ میں نہیں جانتا۔"

"بہت اچھے۔"

"میں آپ سے سچ عرض کرتا ہوں۔ میں نے آج تک اس کی شکل نہیں دیکھی۔"

"بہت خوب۔" فریدی مسکرا کر بولا۔

"اب میں کس طرح آپ کو یقین دلاؤں۔ وہ مجھے ہمیشہ رات میں ملتی رہی ہے۔ کسی ویران مقام پر اس نے مجھے شاہد کا سوٹ چرانے کی ترکیب بتائی تھی اور اسی نے مجھے اس بات پر آمادہ کیا تھا کہ میں جہانگیر پیلس کے بلڈ ہاؤنڈ کو وہی سوٹ پہن کر راتوں میں تنگ کیا کروں۔ اس نے مجھے پرانی حویلی میں داخل ہونے کا راستہ بتایا تھا۔ ان سب کاموں کی اجرت پانچ ہزار روپے تھی۔ ڈھائی ہزار پیشگی دیئے گئے تھے میں اتنا احمق نہیں کہ بغیر سمجھے بوجھے اس چکر میں پھنس گیا۔"

"اور وہ خط۔"

"وہ خط بھی اسی نے منگوایا تھا۔ اس کے لئے پرسوں رات کو اس نے دوبارہ جہانگیر پیلس کا اندرونی نقشہ سمجھایا تھا۔"

"عورت بوڑھی تھی یا جوان۔"

"آواز سے تو جوان ہی معلوم ہوتی تھی۔"

"تو تم نے یہ معلوم کرنے کی کوشش نہیں کی کہ وہ عورت کون تھی۔"

"نہیں۔"

"نادر۔" دفعتاً فریدی کی آواز بلند ہوگئی۔

"جی....!" وہ سہم کر بولا۔

"تم جھوٹ بول رہے ہو۔"

"نہیں نہیں۔"

"بکومت! اس نے جو کام تم سے لیا تھا وہ اتنا بے سروپا تھا کہ تم کسی طرح اس کا پتہ و نشان جاننے کی خواہش نہیں دبا سکتے تھے۔ تمہاری جگہ اگر کوئی احمق ترین آدمی ہوتا تو وہ بھی یہی کرتا۔"

"اب میں آپ کو کس طرح یقین دلاؤں۔"

"خیر میں تمہیں اچھی طرح جانتا ہوں۔" فریدی تلخ لہجے میں بولا۔ "تم ایک بار ملک الموت کو بھی دھوکہ دینے کی کوشش کرو گے۔ لیکن ادھر دیکھو! میری طرف تم مجھے دھوکہ نہیں دے سکتے۔ تم یہ سمجھتے ہو کہ میں تمہاری فقرے بازی میں آکر عالیہ کو مجرم سمجھ لوں گا۔"

"کون عالیہ۔" نادر خان چونک کر بولا۔

"حمید۔" فریدی حمید کی طرف مڑ کر بولا۔ "اسے بتاؤ کہ کون عالیہ۔"

"میں بھی یہی سوچ رہا تھا۔" حمید نے کہا اور فریدی کی میز پر سے ایک چھوٹا سا قلم تراش چاقو اٹھا کر نادر خاں کی طرف بڑھا۔

"ٹھیک ہے۔" فریدی نے کہا اور نادر خاں کو گھورنے لگا۔

"مگر.... مگر.... یہ قانون کے خلاف ہے۔" نادر خان چیخا۔

"قانون.... جب قانون کی حفاظت میرے ذمہ آپڑتی ہے تو میں مجرموں کو قانون سے دور ہی رکھتا ہوں۔"

حمید نے چاقو کی نوک نادر کی گردن پر رکھ دی۔

"ٹھہرو۔" فریدی نے حمید سے کہا۔ "یہ بہت ہی معمولی قسم کی اذیت ہوگی۔ انگیٹھی میں کوئلے سلگاؤ۔"

"سنئے تو سہی۔" نادر لرز کر بولا۔

"سنایئے۔"

"میں آپ سے سچ عرض کرتا ہوں۔"

"چلو میں نے اسے بھی تسلیم کرلیا، جو تم عرض کرنا چاہتے ہو۔" حمید بولا۔

"ٹھہریئے.... ٹھہریئے۔" نادر گڑگڑایا۔

"ہاں کہو! کیا کہنا چاہتے ہو۔"

"وہ میجر داؤد تھا۔"

فریدی بیٹھ گیا۔ اس کی عقابی آنکھیں نادر خاں کے چہرے کا جائزہ لے رہی تھیں۔

"اس نے اب سے ایک ماہ پیشتر مجھے اس کام کے لئے کافی رقم دی تھی کہ میں پرانی حویلی کو

آسیب زدہ بنادوں۔ میں ہی وہاں جاکر عجیب و غریب آوازیں پیدا کیا کرتا تھا۔ پھر اس نے مجھے شاہد کا سوٹ چرانے کے لئے آمادہ کیا۔ پھر کتے کو تنگ کرنے کے لئے کہا اور آخری کام خط چرانا تھا۔ جب اسے معلوم ہوا کہ سوٹ والا معاملہ ظاہر ہوچکا ہے تو اس نے مجھے اس بات پر اکسایا کہ آپ کو ختم کردوں۔"

فریدی کچھ سوچنے لگا۔ پھر تھوڑی دیر بعد بولا۔

"اچھا بیٹے تم میری مہمان رہو گے۔"

"میں آپ کا مطلب نہیں سمجھا۔"

"میں فی الحال تمہیں پولیس کے حوالے کرنے کے بجائے اپنی قید میں رکھوں گا۔"

"مجھے آپ حوالات ہی بھیج دیں تو بہتر ہے۔"

"کیوں؟" فریدی مسکرا کر بولا۔

"میں آپ کی قید کے متعلق بہت کچھ سن چکا ہوں۔ آپ کے تہہ خانے پر جہنم کو ترجیح دوں گا۔"

"بہت پرانی بات ہے۔" فریدی نے ہنس کر کہا۔ "اب وہاں بہتیری اصلاحات ہوچکی ہیں، ٹیوب لائٹ اور بجلی کے پنکھے کا خاص انتظام ہے۔ فرش پر ایرانی قالین ملے گا۔ بہترین قسم کا صوفہ سیٹ۔ بہرحال قیام و طعام کا معقول انتظام رہے گا۔"

"نہیں نہیں! خدا کے لئے آپ مجھے حوالات ہی میں بھجوادیجئے۔"

"ہوں اور پھر وہاں لوگ مار مار کر تمہارا کچومر نکال دیں۔" فریدی نے کہا۔ "میں اب بھی تمہارے ساتھ رعائت برتنے کے امکانات پر غور کررہا ہوں۔ مثلاً یہ بھی ہوسکتا ہے کہ میں تم پر یہ الزام عائد نہ کروں کہ تم نے مجھ پر تین بار قاتلانہ حملہ کیا تھا۔"

"اوہ....!"

"ہاں.... لیکن ایک شرط کے ساتھ۔"

"کیا....!"

"تم مجھے سب کچھ سچ سچ بتادو۔"

"تو آپ کو اس پر بھی یقین نہیں آیا۔"

"نہیں بیٹے میں احمق نہیں ہوں۔ غالباً تم نے میجر داؤد سے میری تکرار سن لی تھی۔ اس

لئے اب تم اسے گھسیٹنے لگے۔ میں اپنی آنکھیں کھلی رکھتا ہوں۔"

"تو پھر اب میں کسی پر جھوٹا الزام نہیں رکھ سکتا۔ میں نے سچی اور آخری بات آپ سے کہہ دی۔" نادر نے کہا۔

"ابھی تم ایک اور سچی اور آخری بات بتاؤ گے۔" فریدی مسکرا کر بولا۔ تھوڑی دیر تک اُسے گھورتا رہا پھر اس کا گریبان پکڑ کر بولا "اٹھو....!"

تھوڑی دیر بعد حمید اور فریدی کمرے میں بیٹھے کافی پی رہے تھے۔ نادر خاں کو انہوں نے تہہ خانے میں بند کر دیا تھا۔ حمید کے استفسار پر فریدی بولا۔

"میں نے تھوڑی دور تک تعاقب کرنے کے بعد اُسے پکڑ لیا تھا۔"

"اب میری دکھ بھری داستان سنئے کہ اس کے پڑھنے سے بہتوں کا بھلا ہوگا۔"

حمید اپنے پائپ میں تمباکو بھرتا ہوا بولا اور سارے واقعات دہرا دیئے۔

"تو اس کا یہ مطلب ہے کہ پورا گروہ کام کر رہا ہے۔" فریدی کچھ سوچتا ہوا بولا۔

"ٹھہریئے.... ذرا یہ تو بتایئے کہ نعیم الرشید آپ کے پاس کیوں آیا تھا....؟"

"وہ مجھے افریقہ بھیجنا چاہتا تھا۔ وہاں اس کی تجارت میں گول مال ہو رہا ہے۔"

"اور آپ یہ بھی جانتے ہیں کہ عالیہ کے باپ کی تجارت میں بھی اس کا حصہ ہے۔"

"نہیں۔" فریدی چونک کر بولا۔

"جی ہاں مجھے یہ بات عالیہ سے معلوم ہوئی ہے۔"

"اوہ....!" فریدی اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔ اس کی پیشانی پر شکنیں اُبھر آئی تھیں۔

پھر حمید نے ٹرین کا واقعہ بھی دہرا دیا۔

"تم نے پہلے ہی کیوں نہ بتایا تھا۔"

"ابھی اور سنئے۔"

"کیا....؟"

"وہ اس دن عالیہ کی منگنی کی تقریب میں بھی شریک تھا۔"

"ہوں۔" فریدی کچھ سوچتا ہوا بولا "اور مہمانوں کی فہرست میں اس کا نام نہیں تھا۔"

"میں نے عالیہ سے اس کے متعلق پوچھا تھا۔" حمید نے کہا۔ "لیکن وہ بڑی لاپروائی سے ٹال

گئی۔ اس نے کہا کہ اسی پر منحصر نہیں، ممکن ہے کچھ نام اور بھی رہ گئے ہوں۔"

فریدی خیالات میں ڈوبا ہوا پھر بیٹھ گیا۔ حمید نے کافی کا دوسرا پیالہ لبریز کیا اور ہلکی ہلکی چسکیاں لینے لگا۔ فریدی قطعی بے حس و حرکت بیٹھا تھا۔ اس کے پیالے کی کافی نہ جانے کب کی ٹھنڈی ہو چکی تھی۔

"وہ مجھے افریقہ بھیجنا چاہتا تھا۔" فریدی آہستہ سے بڑبڑایا۔ "احمق کہیں کا۔ تیس ہزار، چالیس ہزار، پچاس ہزار، ساٹھ ہزار، ستر ہزار.... ایک معمولی سی بات کے لئے ستر ہزار، جس کام کو کوئی معمولی سا جاسوس وہیں انجام دے سکتا تھا۔ اس کے لئے وہ میرے پاس آیا۔ اسٹیل پرنس کی اکلوتی بیٹی اپنے باپ کے بعد اس کی دولت کی تنہا مالک ہوگی؟ کیا سمجھے؟"

"جی....؟" حمید چونک کر بولا۔

"اگر عالیہ کی شادی تمہارے ساتھ ہو جائے تو کیسی رہے۔"

"مجھے سوچنے کا موقع دیجئے۔" حمید بوکھلا کر بولا۔

"تم اس شہر کے مالدار آدمیوں میں ہو گے۔"

"وہ تو ٹھیک ہے لیکن مجھے سوچنے کا موقع دیجئے؟"

فریدی اس کی باتوں پر دھیان دیئے بغیر بولتا رہا۔

"دولت کی تلاش انسان سے نہ جانے کیا کیا کراتی ہے۔ تم دولت حاصل کرنے کے لئے سب کچھ کر سکتے ہو۔"

"جی ہاں.... جی ہاں.... مجھے منظور ہے۔"

"کیا منظور ہے۔" فریدی اس طرح بولا جیسے یک بیک سوتے سوتے چونک پڑا ہو۔

"میں عالیہ کے ساتھ شادی کرنے کے لئے تیار ہوں۔"

"کیا مطلب۔"

"آپ ہی تو ابھی کہہ رہے تھے۔"

"میں....!" فریدی سنجیدگی سے بولا۔ "ابے گدھے وہ تو میں مثال کے طور پر کہہ رہا تھا۔"

"مثال کے طور پر۔" حمید اس طرح بولا کہ اس کی آواز حلق میں پھنس کر رہ گئی۔

"اوہو! تو کیا شہناز کا بھوت سر سے اُتر گیا۔" فریدی نے تلخ لہجے میں کہا۔

"نہیں تو.... میں چار شادیاں کروں گا۔"

"خیر.... خیر.... فضول باتیں بند کرو۔" فریدی دیوار کی طرف بڑھا۔ کوٹ ہک میں چمڑے کا ایک مضبوط سا کوڑا لٹک رہا تھا۔ فریدی نے اُسے اتار لیا۔

"کیا مطلب؟" حمید یک بیک چونک کر بولا۔

"ڈرو نہیں! یہ تمہارے لئے نہیں ہے۔" فریدی مسکرا کر بولا۔

وہ تہہ خانے کی طرف بڑھ رہا تھا۔

نادر خاں فریدی کے ہاتھ میں کوڑا دیکھ کر لرز گیا لیکن اس کے چہرے سے معلوم ہو رہا تھا جیسے وہ اس دوران میں زیادہ سے زیادہ ڈھیٹ بننے کی مشق کر رہا ہو۔

"نعیم الرشید سے تمہاری ملاقات کب ہوئی تھی۔" فریدی نے آہستہ سے پوچھا۔

نادر خاں بے اختیار چونک پڑا۔

"نعیم الرشید.... میں نہیں جانتا کہ وہ کون ہے۔"

کوڑا فضا میں بلند ہوا اور سڑاکے کی آواز کے ساتھ ہی نادر خاں کے منہ سے چیخ نکل گئی۔ دوسرا، تیسرا اور چوتھے پر نادر خاں فریدی پر جھپٹ پڑا۔ قبل اس کے کہ حمید دخل دیتا فریدی نے نادر خاں کو صوفے کی طرف اچھال دیا اور پھر اس پر کوڑے برسنے لگے۔

"ٹھہریئے۔" نادر خاں چیخا۔

فریدی نے ہاتھ روک دیا۔

"آپ نے وعدہ.... وعدہ.... کیا....!" وہ بُری طرح ہانپ رہا تھا۔

"ہاں میں اب بھی اس وعدے پر قائم ہوں۔ اگر تم سچ سچ بتا دو تو بچا لئے جاؤ گے۔" فریدی اتنے پُرسکون لہجے میں بولا جیسے وہ اب تک اسے پیٹتے رہنے کے بجائے لڈو کھلاتا رہا ہو۔

"نعیم الرشید ہی نے مجھے اس کام پر اکسایا تھا۔"

فریدی نے کوڑا ایک طرف ڈال دیا اور پُرسکون انداز میں اس کی طرف دیکھنے لگا۔

"تم نے اتنی آسانی سے کیوں بتا دیا۔" فریدی نے پوچھا۔

"اس حرام زادے نے مجھے اطمینان دلایا تھا کہ اس تک کسی کا خیال پہنچ ہی نہیں سکتا۔" نادر خاں جھلا کر بولا۔ "اس نے مجھ سے کہا تھا کہ اگر کبھی تم پکڑے بھی جاؤ گے تو میں تمہیں بچا لوں گا

بس تم ادھر، اُدھر کے لوگوں پر الزامات عائد کرتے رہنا۔"

"کیا اس نے تمہیں اس کا مقصد بھی بتایا تھا؟" فریدی نے پوچھا۔

"کیوں نہیں! میں اسی مقصد کے چکر میں پڑ کر ہی مارا گیا۔ اس نے مجھ سے کہا تھا کہ عالیہ سے شادی ہو جانے کے بعد تمہیں اپنی ہندوستان کی تجارت کا منیجر بنا دوں گا اور نہ جانے کتنے بڑے بڑے وعدے کئے تھے۔"

نادر خاں نے نعیم الرشید کی شان میں قصیدہ پڑھنا شروع کر دیا۔

"خیر.... خیر.... زیادہ شور مچانے کی ضرورت نہیں۔" فریدی ایک صوفے پر بیٹھتا ہوا بولا۔ وہ کچھ سوچ رہا تھا۔ تھوڑی دیر بعد وہ پھر بولا۔

"نعیم الرشید اس وقت کہاں ہوگا۔"

"یہ نہیں بتا سکتا۔ معلوم نہیں کہاں ہوگا۔"

"سرجنٹ حمید پر کس نے حملہ کیا تھا اور اسے لاد کر لے جانے والے کون تھے؟"

"یہ بھی میں نہیں جانتا، ہو سکتا ہے کہ اس نے اس کیلئے میرے آدمیوں سے مدد لی ہو۔"

"تمہارے آدمی کہاں ہیں۔"

"سیتا گھاٹ والی فوجی عمارت میں۔"

فریدی حمید کی طرف مڑا۔

"میرا خیال ہے کہ وہ مجھے سیتا گھاٹ ہی کی طرف لے جا رہے تھے۔" حمید نے کہا۔

"اچھا....!" فریدی اٹھتا ہوا بولا۔

وہ دونوں تہہ خانے سے باہر آئے۔

فریدی نے کوٹ پہنا اور جیب میں ریوالور ڈال کر حمید کے کمرے میں آیا۔ حمید بھی تیار ہو چکا تھا۔ وہ دونوں برآمدے میں آکر کھڑے ہو گئے۔ فریدی سوچ رہا تھا۔

"ٹھہرو...." فریدی نے کہا اور اندر چلا گیا۔ وہ پھر تہہ خانے کی طرف جا رہا تھا۔

نادر اُسے دیکھ کر کھڑا ہو گیا۔

"تقریب کی شام کو کتے کی ڈور کس نے کاٹی تھی۔" اس نے نادر خاں سے پوچھا۔

"نعیم نے.... اور چاقو سعید کی جیب میں ڈال دیا تھا۔"

فریدی کچھ اور پوچھے بغیر واپس چلا آیا۔

"آؤ جی حمید صاحب۔" وہ حمید کی گردن میں ہاتھ ڈالتا ہوا بولا۔ "یہ قطعی بھول جاؤ کہ رات بھر جاگے ہو۔" دوسرے لمحے میں ان کی کار پھاٹک کے باہر نکل رہی تھی۔

انجام

شہر کی سنسان سڑک پر فریدی کی کار فراٹے بھر رہی تھی۔ حمید کی آنکھیں نیند سے بوجھل تھیں۔ کبھی کبھی وہ نیند کی جھونک میں اِدھر اُدھر گرنے لگتا تھا۔

"میں تو اب بھی عالیہ کی طرف سے مشکوک ہوں۔" دفعتاً وہ چونک کر بھرائی ہوئی آواز میں بولا۔

"کیوں....؟"

"ہو سکتا ہے کہ وہ اب نعیم پر عاشق ہو گئی ہو اور پھر اس کی مدد سے سعید اور شاہد دونوں کو اپنے راستے سے ہٹانے کی کوشش کی ہو۔"

"ہو سکتا ہے۔" فریدی کچھ سوچتا ہوا بولا۔ "جانتے ہو کہ میں نے اب بھی نادر کو پولیس کے حوالے کیوں نہیں کیا۔"

"نہیں۔"

"بڑا مکار آدمی ہے۔ مجھے اب بھی اس کے بیان پر شبہ ہے۔"

"تو پھر شبہ کس طرح رفع ہوگا۔"

"ایک اندھی چال چل رہا ہوں۔" فریدی نے کہا۔ "فی الحال منطقی دلائل کسی طرح کام نہیں آسکتے۔"

"تو کیا آپ سیتا گھاٹ چل رہے ہیں۔"

"نہیں! نعیم کے گھر۔ اس نے مجھے اپنا پتہ دیا تھا۔"

"مگر وہ تو آج میرے ہی ساتھ آیا ہے۔" حمید نے کہا۔

"یہاں بھی ایک بنگلہ اس نے کرائے پر لے رکھا ہے۔"

اس کے بعد پھر خاموشی چھا گئی۔ حمید بدستور اونگھ رہا تھا۔

"ابے گدھے تم اونگھ رہے ہو شاید۔ نیچے پھینک دوں گا۔"

"لیکن آپ وہاں کیوں جا رہے ہیں۔" حمید چونک کر بولا۔ "ثبوت کے لئے محض نادر کا بیان ہی کافی نہیں ہو سکتا۔"

"اب کی ہے تم نے عقلمندی کی بات۔" فریدی نے کہا۔ "ایک بات شاید میں نے تمہیں اب تک نہیں بتائی۔ وہ یہ کہ سعید کے جیب سے جو چاقو برآمد ہوا تھا اس پر اس کی انگلیوں کے نشانات نہیں تھے، لیکن نشانات تھے.... کسی اور کے.... کس کے تھے؟ یہ ابھی تک پردہ راز میں ہے۔ مجرم نے صرف یہی ایک غلطی کی ہے جس کی بناء پر وہ پکڑا جا سکتا ہے۔ اگر اس سے یہ بھول نہ ہوئی ہوتی تو قیامت تک نہ پکڑا جا سکتا۔"

"اوہ....!"

فریدی نے ایک جگہ کار روک دی۔ تھوڑی دیر تک وہ کار ہی میں بیٹھے رہے پھر فریدی کار سے اُترا۔ "یہی ہے اس کا بنگلہ۔" فریدی نے ایک عمارت کی طرف اشارہ کر کے کہا۔ "تم یہیں ٹھہرو۔" اور پھر وہ تاریکی میں غائب ہو گیا۔

حمید بھی باہر نکل کر پائیدان پر بیٹھ گیا۔ آسمان پر منڈلاتے ہوئے سیاہ بادل مغرب میں جمنے لگے تھے ہوا بند تھی۔ حبس کی وجہ سے دم گھٹ رہا تھا۔ حمید نے کوٹ اتار کر کار میں ڈال دیا اور قمیض کے بٹن بھی کھول دیئے۔ اسے ایسے موقعوں پر فریدی پر سخت غصہ آتا تھا جب وہ اسے کہیں ساتھ لے جاتا تھا مگر کام کے وقت پیچھے چھوڑ دیتا تھا۔

نیند کی وجہ سے حمید کا دماغ پراگندہ ہو رہا تھا۔ پلکیں بوجھل ہوتی جا رہی تھیں۔ تھوڑی دیر بعد وہ اونگھنے لگا پھر اچانک اسے ایسا محسوس ہوا جیسے اس کے قریب ہی کوئی کار گذری ہو۔ وہ چونک پڑا۔ ساتھ ہی اسے فریدی کی آواز سنائی دی۔

"حمید.... وہ نکل گیا.... انجن اسٹارٹ کرو۔"

لیکن حمید کے سنبھلنے سے پہلے ہی وہ کار تک پہنچ گیا۔

"اندر چلو۔" وہ حمید کو دھکا دیتا ہوا بولا۔

حمید کی سمجھ ہی میں نہ آیا کہ وہ کیا کہہ رہا ہے۔ بہرحال فریدی نے پھرتی سے انجن اسٹارٹ کیا اور کار کو مشرق کی طرف گھما کر سڑک پر ڈال دیا۔

"اگر وہ نکل گیا تو زندگی بھر افسوس رہے گا۔" فریدی نے کہا۔ "لیکن تم نہ جانے کیا کرتے رہے۔ اگر چاہتے تو کار کے پچھلے پہیوں پر فائر کر سکتے تھے۔"

"میں دراصل اونگھ گیا تھا۔"

"ہاں ایسے موقعوں پر تو تمہیں نیند ستاتی ہے۔ ویسے نائٹ کلبوں اور رقص گاہوں میں رات رات بھر رنگ رلیاں مناتے رہتے ہو۔"

حمید نے کوئی جواب نہ دیا۔

فریدی لحظہ بہ لحظہ کار کی رفتار تیز کر تا رہا تھا لیکن بے سود۔ نہ جانے وہ اپنی کار کدھر نکال لے گیا تھا۔

"لیکن یہ ہوا کس طرح۔ کیا آپ جاتے ہی اس پر ٹوٹ پڑے تھے۔" حمید نے پوچھا۔

"قطعی نہیں۔ میں اس ارادے سے اس وقت نہیں آیا تھا۔ مجھے صرف یہ دیکھنا تھا کہ وہ اس وقت گھر پر موجود ہے یا نہیں۔ لیکن ایک ایسا واقعہ پیش آیا کہ مجھے اس بات پر یقین کر لینا پڑا کہ نادر خاں کا آخری بیان صحیح ہے۔"

"یعنی....!"

"وہ ابھی تک جاگ رہا تھا۔ میں نے ایک کھڑکی سے اس کی حالت دیکھی تھی۔ وہ بار بار ٹیلی فون کر رہا تھا اور یہ سب کالیں سیتا گھاٹ والی فوجی عمارت کے لئے تھیں۔ وہ بار بار کسی سے پوچھ رہا تھا کہ نادر خاں واپس لوٹا یا نہیں؟" فریدی خاموش ہو گیا۔

"پھر....!"

"میں نے سوچا کہ اسے اسی وقت پکڑ لیا جائے۔ لیکن وہ نکل بھاگا۔"

"تو آپ نے اس پر حملہ کر دیا تھا۔"

"ہاں۔" فریدی آہستہ سے بولا۔ "گرمی کی شدت کا بُرا ہو۔ اس کا سارا جسم پسینے سے بھیگا ہوا تھا۔ بہر حال وہ میری گرفت سے نکل گیا۔"

"آپ نے ریوالور کیوں نہیں استعمال کیا؟" حمید نے پوچھا۔

"میں اس وقت تک ایسا اقدام نہیں کرتا جب تک کہ میرے پاس مجرم کے خلاف مکمل ثبوت نہ ہو۔"

"لیکن وہ کم بخت گیا کدھر؟" حمید نے کہا۔ "کیا خیال ہے کیا وہ سیتا گھاٹ گیا ہو گا۔"

"ہرگز نہیں.... " فریدی نے کہا۔ "وہ ایسی حماقت کبھی نہ کرے گا۔ وہ سمجھ گیا ہے کہ نادر خاں گرفتار ہو گیا ہے۔"

"نادر کے ساتھیوں میں سے کسی نے اطلاع دی ہو گی۔" حمید بولا۔

"سچ مچ تم سو رہے ہو۔" فریدی نے کہا۔ "ورنہ بچوں کی سی باتیں نہ کرتے! ارے میاں اس وقت یہاں میری موجودگی ہی اس بات کا ثبوت ہے کہ نادر خاں گرفتار ہو گیا۔ ورنہ اس کی بنائی ہوئی اسکیم اس کی اپنی نظر میں اتنی خام نہیں تھی کہ سراغ رساں اس کی تہہ تک پہنچ سکتا۔"

حمید نے کوئی جواب نہ دیا۔ وہ بدستور اونگھ رہا تھا۔ دفعتاً اسے اپنے کان کے قریب ریوالور کی آواز سنائی دی اور وہ بے اختیار اچھل پڑا۔

"او گدھے تم سچ مچ سو رہے ہو۔" فریدی نے دوسرا فائر کرتے ہوئے کہا۔

حمید کو اب ہوش آیا۔ آگے سڑک پر ایک کار تیزی سے جا رہی تھی۔

"کہیں کوئی اور نہ ہو۔" حمید بے اختیار بولا۔

"میں تمہاری طرح سو نہیں رہا ہوں۔" فریدی طنزیہ لہجے میں بولا۔

اس نے پھر فائر کیا۔ لیکن کوئی نتیجہ نہ نکلا۔

اتنے فاصلے سے کارتوس ضائع کرنا فضول ہے۔" وہ آہستہ سے بولا۔

اس نے رفتار کچھ اور تیز کر دی۔

حمید آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر نیند سے پیچھا چھڑانے کی کوشش کر رہا تھا۔ اسے خود اپنی حالت پر غصہ آ رہا تھا۔ اچانک اسے ایک تدبیر سوجھی۔ اس نے کار کا دروازہ کھولا اور ایک بازو کھڑکی میں پھنسا کر دونوں پیر پائیدان پر رکھے اور باہر کی طرف لٹک گیا۔

"یہ کیا کر رہے ہو۔" فریدی چیخا۔

"اب شاید آپ سو رہے ہیں۔" حمید بھرائی ہوئی آواز میں بولا اور جیب سے ریوالور نکال کر آگے والی کار کے پچھلے پہیوں پر فائر کرنے لگا۔

"شاباش۔" فریدی پُر جوش آواز میں بولا۔ "اب تم سچے شاگرد ثابت ہو رہے ہو۔ بخدا اس وقت تم نے استاد کے بھی کان کاٹ لئے۔ مگر ذرا احتیاط سے۔"

چوتھی گولی ایک پہیے پر پڑ ہی گئی۔ آگے والی کار اچھلنے لگی پھر یک بیک رک گئی۔ فریدی نے

پھرتی سے کام لیا ورنہ اس کی کار اس سے ٹکرا کر پاش پاش ہو جاتی۔ اچانک بریک لگنے کی وجہ سے حمید کے پیر پائیدان سے پھسل گئے لیکن قدرت مہربان تھی کہ اس کا بازو کھڑکی ہی میں پھنسا رہ گیا ورنہ شاید پھر کبھی نہ اٹھ سکتا۔

نعیم اپنی کار سے کود کر جھاڑیوں میں گھس گیا۔ فریدی اس کا تعاقب کر رہا تھا۔ حمید نے بھی اس کے پیچھے دوڑنا شروع کر دیا تھا۔

جھاڑیوں کا سلسلہ کافی دور تک پھیلا ہوا تھا اور یہ اتنی گھنی تھیں کہ ان میں دوڑنا قطعی دشوار تھا۔ فریدی محض جھاڑیوں کی سرسراہٹ کی آواز پر نعیم کا تعاقب کر رہا تھا۔ تھوڑی دیر بعد آوازیں بھی بند ہو گئیں۔ "یہ بھی ایک اتفاق ہے کہ اس وقت ہمارے پاس ایک ٹارچ بھی نہیں۔" فریدی آہستہ سے بولا۔ "خیر تم یہیں ٹھہرو۔"

فریدی نے کہا اور جوتے اتار کر قریب کے درخت پر چڑھنے لگا۔

تھوڑی دیر بعد وہ پھر نیچے اتر آیا۔

"میں نے اسے دیکھ لیا ہے۔" وہ جلدی سے جوتے پہنتا ہوا بولا۔ "جلدی کرو اگر وہ دریا پار کر گیا تو بڑی دشواری ہو گی۔"

وہ دونوں تیزی سے ایک طرف چلنے لگے۔ فریدی حمید کا ہاتھ تھامے اسے گھسیٹ رہا تھا۔

کھلے میدان میں پہنچ کر انہوں نے دوڑنا شروع کر دیا۔ تھوڑا راستہ طے کرنے کے بعد انہیں بہت دور ایک متحرک دھبہ دکھائی دیا۔ فریدی کی رفتار اور تیز ہو گئی۔ البتہ حمید کے لئے یہ چیز بڑی مشکل تھی، اسے ایسا محسوس ہو رہا تھا جیسے اب اس کے پھیپھڑے پھٹ جائیں گے۔ وہ فریدی سے بہت پیچھے رہ گیا تھا۔

دفعتاً تاریک دھبہ ایک جگہ رک گیا اور فریدی زور سے چیخا۔

"نعیم اگر تم نے ایک قدم بھی آگے بڑھایا تو گولی مار دوں گا۔"

دوسرے لمحے میں حمید نے ایسا محسوس کیا جیسے وہ دھبہ فضا میں بلند ہو رہا ہو اور پھر وہ بڑی سرعت سے غائب ہو گیا۔ دوسرے دھبے نے بھی اس کی تقلید کی اور وہ بھی غائب ہو گیا۔ حمید انتہائی تھکن کے باوجود بھی پوری قوت سے دوڑ رہا تھا۔

اگر وہ یک بیک رک نہ جاتا تو غیر ارادی طور پر وہ بھی دریا میں گر پڑا ہوتا۔ وہ ایک کگار پر کھڑا

ہوا تھا، جو پانی کی سطح سے تقریباً پچیس تیس فٹ اونچی رہی ہو گی۔ نیچے دریا میں گویا بھونچال سا آ گیا تھا۔

حمید کی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ وہ کیا کرے کیونکہ اسے واجبی ہی سا تیرنا آتا تھا اور کچھ دیر بعد اس نے فریدی کا نام لے لے کر اُسے پکارنا شروع کر دیا۔ مگر جواب ندارد۔

فریدی دریا کا سینہ چیر کر بڑی سرعت سے آگے بڑھ رہا تھا اس کے آگے نعیم تھا۔ فریدی یہ محسوس کئے بغیر نہ رہ سکا کہ نعیم ایک اچھا تیراک ہے۔ وہ اس دوران میں بھی ایک بار اس کی گرفت میں آ کر نکل گیا تھا۔

اس وقت وہ اس سے تقریباً دس گز کے فاصلے پر تھا۔ دریا کا دوسرا کنارا تھوڑی ہی دور رہ گیا تھا لیکن نعیم دوسرے کنارے کی طرف بڑھنے کی بجائے فریدی کو دریا میں چکر دے رہا تھا۔

رات ختم ہو رہی تھی اور افق میں اجالا پھوٹ رہا تھا۔ ستارے ڈوبنے لگے تھے۔

فریدی نے ایک بار پھر اپنی پوری قوت سے تیرنا شروع کر دیا۔ نعیم کی رفتار سست پڑ گئی تھی۔ فریدی کو قریب دیکھ کر اس نے غوطہ لگایا، لیکن اس بار فریدی کی رفتار کا اندازہ لگانے میں غلطی کی تھی۔ دوسرے لمحے میں اُسے ایسا محسوس ہوا جیسے اس کے سر کے بالوں کی جڑوں میں کسی نے چنگاریاں بھر دی ہوں۔ اسے پھر سطح پر ابھر آنا پڑا۔ اس کے بال فریدی کی مٹھی میں جکڑے ہوئے تھے۔ پھر فریدی نے اس کے منہ پر گھونسہ مارا اور اس کے ہاتھ پیر ڈھیلے پڑ گئے۔

فریدی نے اس کے بال پکڑے ہوئے دوسرے کنارے کی طرف تیرنا شروع کیا۔ کنارہ زیادہ دور نہیں تھا لیکن وہاں تک پہنچتے پہنچتے فریدی کے ہاتھ پیر بھی جواب دینے لگے۔ دفعتاً اسے حمید کی آواز کہیں قریب ہی سنائی دی، جو اس کا نام لے لے کر چیخ رہا تھا۔

فریدی اس طرح چونک پڑا جیسے وہ ابھی تک سو رہا ہو اور پھر اسے ایسا محسوس ہوا جیسے وہ یک بیک نئے سرے سے تازہ دم ہو گیا ہو۔ پھر وہ بڑی تیزی سے نعیم کو دوسرے کنارے پر کھینچ لے گیا۔

حمید اب تک اُسے پکار رہا تھا اور قریب ہی پتواروں کی شپاشپ سنائی دے رہی تھی۔

"میں ادھر ہوں۔" فریدی اپنی پوری قوت سے چیخا اور تھوڑی دیر بعد ایک ناؤ کنارے آ لگی اور حمید کود کر فریدی کے قریب پہنچ گیا۔

قبل اس کے کہ حمید کچھ کہتا فریدی بولا۔

"جلدی سے اپنے پائپ میں تمباکو بھرو۔ میرے سب سگار بھیگ کر بیکار ہوگئے ہیں۔"

حمید بھنا کر رہ گیا۔ نعیم زمین پر اوندھا پڑا ہوا تھا۔

"کیا مر گیا۔" حمید نے پوچھا۔

"نہیں! بیہوش ہے۔ پانی پی گیا ہے۔ بھئی تمباکو۔ کیا پائپ چھوڑ آئے ہو۔ بڑے گدھے ہو۔" فریدی نے کہا اور نعیم کے پیٹ سے پانی نکالنے کی تدبیر کرنے لگا۔

حمید پائپ میں تمباکو بھرنے لگا۔

اسی دن چار بجے شام کو فریدی اور حمید جہانگیر پیلس میں چائے پی رہے تھے۔ میز پر میجر داؤد بھی موجود تھا۔

"اس کی طرف تو خیال بھی نہیں پہنچ سکتا تھا۔" عالیہ کی ماں بولی۔ "مجھے یاد پڑتا ہے کہ ایک بار سیٹھ جی نے اس کی بے ایمانیوں کا تذکرہ کیا تھا۔ وہ ایک بار ہمارا کافی روپیہ ہضم کر چکا ہے۔"

"میں پھر کہتا ہوں آپ نے غلطی کی۔" میجر داؤد خشک لہجے میں بولا۔ "بھلا وہ کیوں شاہد کو مارنے لگا۔"

"ایک دولت مند لڑکی سے شادی کرنے کی امید پر۔" فریدی مسکرا کر بولا۔ "کیا عالیہ بانو اپنے باپ کی ساری دولت کی تنہا مالک نہیں ہیں۔"

"تو کیا سعید رہا کر دیا جائے گا۔" میجر داؤد نے پوچھا۔

"قطعی....!" فریدی نے سگار سلگاتے ہوئے کہا۔

"کان کھول کر سن لو۔" میجر داؤد عالیہ کی ماں کو مخاطب کر کے بولا۔ "عالیہ کی شادی سعید کے ساتھ ہرگز نہیں ہو سکتی۔"

"کیوں اس میں ہرج ہی کیا ہے۔" فریدی نے کہا۔ "سعید غریب ضرور ہے لیکن نجیب الطرفین اور اچھے خاندان کا لڑکا ہے۔ اعلیٰ تعلیم یافتہ بھی ہے۔"

"جی....!" میجر داؤد گرج کر بولا۔ "آپ میرے خاندانی معاملات میں دخل دینے والے کون ہوتے ہیں۔"

عالیہ کی ماں کی پیشانی پر شکنیں پڑ گئیں۔ اسے میجر داؤد کا لہجہ بہت گراں گزرا تھا۔ وہ کچھ کہنے ہی والی تھی کہ یک بیک فریدی میجر داؤد کی طرف جھکا اور اس کے کان میں آہستہ آہستہ کچھ کہنے

لگا میجر داؤد کی آنکھیں حیرت اور خوف سے پھیلتی جا رہی تھیں۔ فریدی پھر سیدھا ہو کر بیٹھ گیا اس کے ہونٹوں پر ایک شرارت آمیز مسکراہٹ تھی۔ میجر داؤد اپنے خشک ہونٹوں پر زبان پھیرنے لگا۔

"ہاں تو میرا خیال ہے کہ اس رشتے میں کوئی عیب نہیں۔" فریدی بجھا ہوا سگار سلگاتا ہوا بولا۔ پھر وہ عالیہ کی ماں کو مخاطب کر کے کہنے لگا۔ سعید نے مفت میں اتنی مصیبتیں جھیلی ہیں اور آپ سبھی اس کی عمر قید یا پھانسی کے منتظر تھے اور جب کہ خود عالیہ بانو بھی یہی چاہتی ہیں۔ آپ کو کوئی اعتراض نہ ہونا چاہئے۔

عالیہ اٹھ کر چلی گئی۔

"بھئی میں کیا کر سکتی ہوں۔" عالیہ کی ماں نے کہا۔ "اگر عالیہ اسی پر مصر ہے تو صرف اتنا کر سکتی ہوں کہ سیٹھ جی کو اس پر رضامند کرنے کی کوشش کروں۔ ویسے اختیار تو انہیں کو ہے۔"

"آپ چاہیں تو سب کچھ ہو جائے گا۔" فریدی نے کہا۔

میجر داؤد اس دوران میں بالکل خاموش رہا اور اس کی خاموشی پر عالیہ کی ماں کو بھی حیرت ہونے لگی۔ تھوڑی دیر بعد جب فریدی اور حمید واپس جانے کے لئے برآمدے سے گذر رہے تھے انہیں عالیہ ملی۔ "فریدی صاحب میں نے آپ کی شان میں کل رات بڑی گستاخیاں کی ہیں۔ جن کی معافی چاہتی ہوں۔" عالیہ نے قدرے ہچکچاہٹ کے ساتھ کہا۔

"کوئی بات نہیں! ہم لوگ اس کے عادی ہیں۔" فریدی مسکرا کر بولا۔

"مجھے سخت شرمندگی ہے۔" عالیہ فریدی کی طرف نوٹوں سے بھرا ہوا پرس بڑھاتے ہوئے بولی۔ "میری طرف سے یہ حقیر نذر قبول فرمایئے! حالانکہ یہ آپ کے شایان شان نہیں۔"

"آپ جانتی ہیں کہ میں نے یہ پیشہ حصول زر کیلئے نہیں اختیار کیا۔" فریدی مسکرا کر بولا۔

عالیہ کا ہاتھ جھک گیا۔ فریدی اور حمید آگے بڑھ گئے۔ لیکن عالیہ پھر ان کی طرف بڑھی۔

"ذرا ایک بات سنئے۔" اس نے انہیں روک کر کہا۔ "آپ نے میجر صاحب سے کیا کہا تھا اور انہوں نے مخالفت کرتے کرتے چپ کیوں سادھ لی تھی۔"

"مجھے افسوس ہے کہ میں یہ نہ بتا سکوں گا۔" فریدی نے آہستہ سے کہا۔ "لیکن مجھے امید ہے کہ اب وہ آپ کی پسندیدہ شادی پر معترض نہ ہوں گے۔"

پھر وہ عالیہ کو حیرت زدہ چھوڑ کر اپنی کار میں آ بیٹھے۔

"کیوں میجر داؤد کا کیا معاملہ تھا۔" حمید نے پوچھا۔

فریدی ہنسنے لگا۔

"کوئی خاص بات نہیں۔ کل رات کو میں نے اس کی ایک غیر قانونی حرکت کا پتہ لگایا ہے وہ بھی اتفاق ہی تھا۔ پرانی حویلی میں مجھے جو حادثہ پیش آیا تھا اس کی بناء پر شائد اُسے یہ اندیشہ لاحق ہوا کہ کہیں پولیس جہانگیر پیلس کی تلاشی نہ لے۔ کیونکہ یہ اس کے ہاں دوسرا حادثہ تھا۔"

"پھر....!"

"اسی خوف کے تحت اس نے ایک غیر قانونی چیز جو اسی کی تھی پرانے کھنڈروں میں چھپانے کی کوشش کی۔"

"کیا چیز....؟"

"چانڈو.... اور چانڈو پینے کے کچھ پائپ۔"

"اوہ....!" حمید بے اختیار ہنس پڑا۔

"شاید اس کے گھر والے بھی نہیں جانتے کہ اسے چانڈو کی لت ہے۔" فریدی نے کہا۔

"مگر یہ کیس جلد ختم ہو گیا۔ اس کا افسوس ضرور ہے۔"

"کیوں....؟" فریدی نے چونک کر پوچھا۔

"مگر.... خیر کوئی بات نہیں۔" حمید خود سے بولا۔ "اب عالیہ رقص گاہوں میں مجھ سے کترائے گی نہیں۔"

"اور کچھ تعجب نہیں کہ تمہیں متبنّیٰ بھی کر لے۔" فریدی ہونٹ سکوڑ کر بولا۔

"اب آپ گالیوں پر اُتر آئے۔" حمید نے بُرا سا منہ بنا کر کہا۔

"دیکھو یار تم ہر وقت عورت کا تذکرہ کر کے مجھے بور نہ کیا کرو۔ ورنہ کسی دن تمہارا گلا گھونٹ دوں گا۔" فریدی نے کہا اور اپنا نچلا ہونٹ دانتوں میں دبا لیا۔

حمید بیزاری سے دوسری طرف دیکھ رہا تھا۔

ختم شد

جاسوسی دنیا نمبر 19

رقاصہ کا قتل

(مکمل ناول)

پیش رس

"رقاصہ کا قتل" جاسوسی دنیا کا انیسواں شمارہ ہے۔ یہ ناول بھی ابن صفی کے ان سابقہ ناولوں میں سے ایک ہے، جو اپنی دلچسپ اندازِ بیان، سنسنی خیز واقعات اور تحیر کی بناء پر بے پناہ مقبولیت حاصل کر چکا ہے اور جاسوسی ناولوں میں ایک شاہکار کی حیثیت رکھتا ہے۔

اس کی کہانی رام گڈھ کی سرسبز اور شاداب پہاڑیوں کے دامن سے ابھرتی ہے اور ابتداء ہی سے پڑھنے والے کی دلچسپی اپنے اندر جذب کر لیتی ہے پھر یہی دلچسپی آگے چل کر حیرت و استعجاب کے اس نکتہ تک پہنچ جاتی ہے، جہاں پڑھنے والا خود اپنے آپ کو بھول جاتا ہے۔

اس ناول میں سرجنٹ حمید اور انسپکٹر فریدی کا طریقہ کار بھی بالکل جداگانہ ہے۔ دونوں آخر وقت تک اپنی اپنی شخصیتوں کو چھپائے رکھتے ہیں۔ یہاں تک کہ مقامی پولیس انہیں بھی مشتبہ لوگوں کی فہرست میں شامل کر لیتی ہے۔ اس موقع پر حمید کی ظرافت کہانی کو اور پُر لطف بنا دیتی ہے۔ خاص طور سے اس کی اور پولیس انسپکٹر رام سنگھ کی نوک جھونک بے حد دلچسپ ہے۔

فریدی کا پُر وقار کردار اس ناول میں بھی اپنی مخصوص ذہانت کے ساتھ سامنے آتا ہے اور سراغ رسانی کا ایک انوکھا معیار پیش کرتا ہے۔

ابن صفی کے گذشتہ کارناموں میں یہ ناول جرائم، رومان اور سراغ رسانی کا ایک عجیب و غریب ماحول پیش کرتا ہے۔

"پبلشر"

رقاصہ کی برہنہ لاش

رام گڈھ کی سرسبز شاداب پہاڑیوں کے دامن میں پیراڈائز ہوٹل کی خوبصورت عمارت کسی انگوٹھی میں جڑے ہوئے ہیرے کے نگ سے کم حسین نہیں معلوم ہوتی۔ عمارت کے چاروں طرف ہرے بھرے میدان ہیں اور پھر وہ میدان بتدریج بلند ہوتے ہوئے پہاڑوں کی شکل میں تبدیل ہو گئے ہیں۔ مغربی گوشے میں ایک جھیل ہے جس کے چاروں طرف دیودار کے درخت عشق پیچاں کی بیلوں سے ڈھکے ہوئے تنوں سمیت پُر وقار انداز میں کھڑے ہوئے ہیں۔ موسم بہار میں یہ بیلیں ننھے ننھے سرخ پھولوں سے ڈھک جاتی ہیں اور پھر جھیل کے شفاف سینے پر چنگاریاں ہی چنگاریاں نظر آتی ہیں۔ ہوٹل کی طرف سے یہاں ایک جانب ایک پختہ گھاٹ بنایا گیا ہے اسی کے متصل ایک کافی طویل و عریض پختہ فرش ہے جسے اسکیٹنگ اور ڈانس کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ فرش کے چاروں طرف بے شمار سدابہار درخت ہیں جن کی چوٹیوں پر برقی فانوس لگائے گئے ہیں۔ رات میں ان کی سبز روشنی سدابہار درختوں کو ایک نئی زندگی بخش دیتی ہے۔

آج مطلع صبح ہی سے ابر آلود تھا۔ اس لئے گھاٹ پر کافی رونق تھی۔ کچھ نہا رہے تھے اور کچھ دھوپ نہ ہونے کے باوجود بھی رنگ برنگی چھتریوں کے نیچے مختلف قسم کی تفریحات میں مشغول تھے۔ کچھ نوخیز جوڑے پختہ فرش پر اسکیٹنگ کر رہے تھے۔ فضا میں بے شمار ہلکی، بھاری، بھدی اور سریلی آوازوں کی وجہ سے عجیب سا ارتعاش پیدا ہو گیا تھا۔

سرجنٹ حمید ایک چھتری کے نیچے بیٹھا پانی میں ابھرتے اور ڈوبتے ہوئے صندلی جسموں کو ٹکٹکی لگائے دیکھ رہا تھا۔ اسی کے قریب ایشیا کا جوان سال اور مشہور ترین سراغ رساں انسپکٹر فریدی چت لیٹا کوئی کتاب پڑھ رہا تھا۔ دونوں میدان علاقے کی جھلسا دینے والی گرمی سے تنگ

آکر رام گڈھ آئے تھے۔ خوش قسمتی سے انہیں پیراڈائیز ہوٹل میں ایک بڑا کمرہ مل گیا تھا ورنہ آج کل یہاں سے لوگوں کو عموماً مایوس لوٹنا پڑتا ہے، وجہ یہ ہے کہ اس ہوٹل کے علاوہ یہاں اور کوئی ایسا ہوٹل نہیں ہے جہاں ضروریات زندگی کے ساتھ ہی ساتھ جمالیاتی حسن کی تسکین کے مواقع بھی نصیب ہو سکیں! آج کل بھی یہاں سے روزانہ متعدد سیاح ناکام لوٹ رہے ہیں۔

فریدی جس کی تفریح کا معیار ہی سب سے الگ تھا محض حمید کے بے پناہ اصرار کی بناء پر اس ہوٹل میں ٹھہرا تھا۔ بات یہ تھی کہ وہ ان واقعات میں جب کہ سرکاری کاموں سے اسے کوئی سروکار نہ ہوتا تھا صرف مطالعہ کرنا پسند کرتا تھا لہٰذا وہ اپنے ساتھ کثیر تعداد میں کتابیں لایا تھا اور کچھ یہاں خریدیں تھیں حمید کے رنگین مشاغل سے اسے قطعی دلچسپی نہ تھی لیکن کبھی کبھی اس کے اصرار پر اسکیٹنگ اور ڈانس میں حصہ لینا ہی پڑتا تھا۔

حمید نے ایک ہفتہ کے اندر کئی لڑکیوں سے جان پہچان پیدا کر لی تھی اور ان پر بے تحاشہ روپیہ برباد کر رہا تھا۔ فریدی نے کئی بار سمجھانے کی کوشش کی لیکن کون سنتا تھا۔

اس وقت وہ بڑی دیر سے ان میں سے کسی لڑکی کا انتظار کر رہا تھا۔ اس نے نہانے کے لباس پر لبادہ پہن رکھا تھا۔

"تم کب نہاؤ گے۔" دفعتاً فریدی نے اس سے پوچھا۔

"پرسوں۔" حمید نے لاپروائی سے کہا اور پائپ میں تمباکو بھرنے لگا۔

"غالباً کسی کا انتظار ہو رہا ہے۔" فریدی مسکرا کر بولا۔

جی.... ہاں.... پھر! آپ سے مطلب۔"

"ارے حمید کے بچے! دماغ کی چولیں پھر ڈھیلی ہوئیں۔" فریدی کتاب رکھ کر اٹھ بیٹھا۔

"ہلو سلیم۔" دفعتاً ایک سریلی آواز سنائی دی اور حمید چونک کر پلٹا۔ ایک نیم عریاں اینگلو انڈین لڑکی اسے اپنی طرف مخاطب کر رہی تھی۔

"ہلو....!" حمید اٹھتا ہوا بولا۔ "تم آگئیں! بہت دیر کر دی تم نے۔"

حمید نے اپنا لبادہ اتار پھینکا اور اس کا ہاتھ پکڑ کر جھیل میں کود پڑا۔

فریدی بُرا سا منہ بنا کر پھر لیٹ گیا۔ وہ حمید کی انہیں حرکتوں کی بناء پر ہوٹلوں کے رجسٹروں میں اپنا صحیح نام و پتہ لکھوانا پسند نہیں کرتا تھا۔ یہاں بھی اس نے اپنا نام کیپٹن عابد اور حمید کا نام

کیپٹن سلیم لکھوایا تھا۔

حمید دو تین غوطے لگانے کے بعد پھر باہر نکل آیا اس کے ساتھ اینگلو انڈین لڑکی بھی تھی۔

دونوں چھتری کے نیچے آ بیٹھے! فریدی بدستور لیٹا رہا۔

"کیپٹن عابد کو تفریحات سے کوئی دلچسپی نہیں۔" لڑکی ہنس کر بولی۔

فریدی نے کتاب ایک طرف رکھ دی اور اٹھ کر بیٹھ گیا۔

"کس قسم کی تفریحات چاہتی ہو۔" اس نے لڑکی سے پوچھا۔ پوچھنے کا انداز کچھ اس قسم کا تھا کہ لڑکی بوکھلا کر بغلیں جھانکنے لگی۔ فریدی کی غیر متحرک آنکھیں اس کے چہرے پر جمی ہوئی تھیں۔

"میں دراصل اس قسم کی تفریحات پسند کرتا ہوں۔" فریدی اٹھتا ہوا بولا۔ اس نے نیچے جھک کر حمید کو گود میں اٹھا لیا۔

"یہ کیا کرتے ہیں۔" حمید مچل کر بولا۔

"تفریح۔" فریدی اپنی گرفت مضبوط کرتے ہوئے پُرسکون لہجے میں بولا اور پھر دو تین قدم آگے بڑھ کر اس نے حمید کو جھیل میں اچھال دیا۔ قریب بیٹھے ہوئے لوگ چونک کر اسے گھورنے لگے لیکن کسی کی سمجھ میں کچھ نہ آیا۔ فریدی اینگلو انڈین لڑکی کی طرف مڑا جو گھبرا کر کھڑی ہو گئی تھی۔ اسے فریدی کا چہرہ حد درجہ سنجیدہ نظر آرہا تھا۔

"اور اب تم بتاؤ۔"

"یہ کیا کر رہے ہیں آپ۔" حمید ہانپتا ہوا بولا' جو جھیل سے نکل آیا تھا۔

"تفریح۔"

"میں اس قسم کا مذاق پسند نہیں کرتا۔" حمید نے جھلا کر کہا۔

"میں تمہاری پسند کی پرواہ کب کرتا ہوں۔" فریدی خشک لہجے میں بولا۔

لڑکی بغیر کچھ کہے سنے وہاں سے کھسک گئی۔

فریدی اطمینان سے بیٹھ کر سگار سلگانے لگا۔

"لوگ آپ کو پاگل سمجھنے لگیں گے۔" حمید تھوڑی دیر بعد تلخ لہجے میں بولا۔

"اور میرے لئے یہ ایک حسین ترین اطلاع ہو گی۔"

"آپ نے اس وقت مجھے کافی شرمندہ کیا ہے۔"

"اور اب یہ سلسلہ اس وقت تک جاری رہے گا جب تک تم اپنی حرکتوں سے باز نہ آؤ گے۔" فریدی نے کہا۔

"آپ مجھے اس طرح ریگستان نہیں بنا سکتے۔"

"مجھے اس کا اعتراف ہے۔" فریدی مسکرا کر بولا۔ "میں صرف یہ چاہتا ہوں کہ جب تم پر عشق سوار ہوا کرے تو مجھ سے دور ہی رہا کرو۔"

"تو کیا میں اس وقت آپ کے سر پر سوار تھا۔"

"بکومت۔" فریدی جھنجھلا کر بولا۔ "مجھے کیا کرنا ہے! جاؤ جہنم میں ننگے ہو کر ناچو نالیوں میں ناک رگڑتے پھرو۔"

فریدی سگار پھینک کر پھر لیٹ گیا۔ حمید جھلا کر کپڑے پہننے لگا۔ چار بج چکے تھے اور ہوا میں کچھ کچھ خنکی پیدا ہو چکی تھی۔ فریدی نے قریب سے گزرتے ہوئے ایک ویٹر سے چائے لانے کو کہا۔ پھر حمید کی طرف مڑ کر پوچھا۔

"کہاں چلے؟"

"کہیں نہیں!" حمید منہ چڑھا کر بولا۔

"بیٹھو۔" فریدی کے لہجے میں تلخی تھی۔

"واہ یہ اچھی زبردستی۔"

"چپ رہو۔"

حمید دانت پیستا ہوا بیٹھ گیا۔

"غالباً اس لونڈیا سے معافی مانگنے جا رہے تھے۔" فریدی نے کہا۔ "وہ جو ایک پگ وہسکی پر خود کو بیچ دیتی ہے۔ آدمی بنو صاحب زادے! اس طرح اپنا وقار ہاتھ سے نہ جانے دو۔"

"بس آپ ہی وقار کو شہد لگا کر چاٹا کریں۔" حمید منہ بنا کر بولا۔ "میں بے وقار ہی بھلا۔ دوسری بار دنیا میں نہیں آنا ہے۔"

"لیکن اس طرح تم جلد ہی دوسری دنیا میں پہنچ جاؤ گے۔"

"آپ کاندھا نہ دیجئے گا میرے جنازے کو۔"

"اچھا بکواس بند! تم نہیں جا سکتے۔"

حمید دوسری طرف منہ پھیر کر بیٹھ گیا۔

شام کی چائے کے لئے بینڈ بجنا شروع ہو گیا تھا ایک اینگلو انڈین لڑکی سریلی آواز میں "دی پلر مس آف دی ہلکی وے" گا رہی تھی۔ لوگ چھتریوں کے نیچے سے اٹھ کر پختہ فرش کے کنارے پڑی ہوئی میزوں کے گرد آ بیٹھے تھے۔ فریدی نے حمید کا ہاتھ پکڑ کر اُٹھایا۔ حمید نے اٹھ ہی جانے میں مصلحت بھی سمجھی۔ وہ نہیں چاہتا تھا کہ پھر دوسروں کے لئے مذاق کا موضوع بنے۔

وہ دونوں ایک میز کے گرد آ بیٹھے۔ تھوڑی دیر بعد ویٹر چائے لایا۔

"کیا سوچ رہے ہو۔" فریدی نے حمید کو پھر چھیڑا۔

"کیا اب سوچنے پر بھی پابندی لگائی جائے گی۔" حمید جھنجھلا کر بولا۔

فریدی کچھ کہنے ہی والا تھا کہ ایک سب انسپکٹر پولیس دو کانسٹیبلوں اور ایک ویٹر کے ساتھ ان کی میز کے قریب آ کر رک گیا۔

"کیپٹن عابد اور کیپٹن سلیم۔" سب انسپکٹر دونوں کو گھورتا ہوا آہستہ سے بولا۔

فریدی نے داہنی بھوں چڑھا کر پُر وقار انداز میں اس کی طرف دیکھا۔

"کہیے۔"

"آپ لوگ کمرہ نمبر چالیس میں مقیم ہیں نا۔"

"ہاں.... آں۔" فریدی جیب میں ہاتھ ڈال کر سگار کیس ٹٹولتا ہوا بولا۔

"کمرہ نمبر اکتالیس میں کون ہے؟" سب انسپکٹر نے پوچھا۔

"ہوٹل کا رجسٹر ملاحظہ فرمائیے۔" فریدی نے کہا اور سگار سلگانے لگا۔

"میرا مطلب یہ ہے کہ آپ ان لوگوں سے واقف ہیں۔" سب انسپکٹر نے کہا۔

"ہاں کیوں نہیں۔" حمید جلدی سے بولا۔ "ایک مس پروین ہے اسٹار ڈانسنگ پارٹی کی مغنیہ اور دوسری پارٹی کی رقاصہ دیاوتی۔"

"آپ انہیں کب سے جانتے ہیں؟"

"آپ کا مطلب کیا ہے۔" فریدی سگار کو ایش ٹرے میں رکھتا ہوا بولا۔

"دیاوتی کو کسی نے کمرہ نمبر اکتالیس میں قتل کر دیا۔"

"اوہ....!"

حمید بوکھلا کر فریدی کی طرف دیکھنے لگا۔

"آپ لوگ اپنے کمرے میں کب گئے تھے۔" سب انسپکٹر نے پوچھا۔

"دو بجے۔"

"کتنی دیر تک وہاں رہے۔"

"جتنی دیر تک ہمارا دل چاہا۔" حمید نے منہ بنا کر کہا۔

"جی....!" سب انسپکٹر اُسے گھور کر بولا۔ "آپ کو کافی احتیاط سے گفتگو کرنی چاہئے یہ نہ بھولئے کہ مقتولہ کا کمرہ آپ کے کمرے سے ملا ہوا ہے۔"

"تو اس کے ذمہ دار ہم تو نہیں۔" حمید نے کہا۔

"چپ رہو۔" فریدی آہستہ سے بولا۔ پھر سب انسپکٹر کو مخاطب کر کے کہنے لگا۔

"ہم لوگ بمشکل تمام وہاں دس یا پندرہ منٹ ٹھہرے ہوں گے۔"

"کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ آپ وہاں کیا کرتے رہے۔"

"جھک مارتے رہے۔" حمید بھنا کر بولا۔

فریدی نے اسے پھر گھور کر دیکھا۔

"لیکن یہ قتل ہوا کب؟" فریدی نے پوچھا۔

"یہ تو میں آپ سے پوچھنا چاہتا ہوں۔"

"کیا مطلب....؟" فریدی اسے گھورنے لگا۔

"ڈاکٹر نے بتایا ہے کہ قتل دو اور تین بجے کے درمیان کسی وقت ہوا۔"

"تو آپ خاص طور سے ہمیں کیوں اتنی اہمیت دے رہے ہیں۔" فریدی مسکرا کر بولا۔

"کمرہ نمبر.... بیالیس میں پارٹی ہی کے آدمی ہیں۔"

"تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ پارٹی کے آدمی قاتل نہیں ہو سکتے۔" فریدی نے ہنس کر کہا۔

"چائے ٹھنڈی ہو رہی ہے۔" حمید منہ سکوڑ کر بولا اور فریدی نے پیالی اٹھالی۔

"میں آپ کے کمرے کی تلاشی لینا چاہتا ہوں۔" سب انسپکٹر نے کہا۔

"چھری تلاش کریں گے آپ۔" فریدی مسکرا کر بولا۔

دفعتاً سب انسپکٹر چونک پڑا۔

"آپ کو اس قتل کی اطلاع پہلے سے تھی۔" اس نے پوچھا۔

"قطعی نہیں!"

"پھر آپ نے چھری کا حوالہ کیسے دیا۔"

"یہ تو بہت معمولی سی بات ہے انسپکٹر صاحب۔" فریدی نے مسکرا کر کہا۔ "ہوٹلوں میں عموماً دو چیزیں استعمال کی ہوتی ہیں۔ چھری یا زہر یا پھر گلا گھونٹا جاتا ہے۔"

سب انسپکٹر فریدی کو گھورتا رہا، جو نہایت اطمینان سے سر جھکائے چائے پی رہا تھا۔

"کیا وہ سو رہی تھی۔" فریدی نے پوچھا۔

"میں غیر ضروری سوالات کے جواب نہیں دیا کرتا۔" پولیس انسپکٹر بولا۔ "مجھے آپ کے کمرے کی تلاشی لینی ہے۔"

"تو کان کھول کر سن لیجئے۔" حمید نے کہا۔ "ہم چائے ختم کئے بغیر یہاں سے نہیں اٹھ سکتے۔"

"مجھے کسی سخت رویئے پر مجبور نہ کیجئے۔"

حمید چائے کی پیالی رکھ کر اُسے گھورنے لگا۔

"تم بیٹھو۔" فریدی حمید کے شانے پر ہاتھ رکھ کر اٹھتا ہوا بولا۔ "آیئے انسپکٹر صاحب میرا دوست کچھ چڑچڑے مزاج کا واقع ہوا ہے۔"

وہ دونوں چلے گئے حمید بیٹھا چائے پیتا رہا۔ وہ سوچ رہا تھا کہ اب خیر نہیں۔ ساری تفریح خاک میں مل کر رہ جائے گی۔ آہستہ آہستہ ساری میزیں خالی ہوتی جا رہی تھیں شاید لوگوں کو قتل کی اطلاع ہو گئی تھی۔ حمید نے سوچا کہ اس کا اس طرح یہاں بیٹھے رہنا ٹھیک نہیں وہ اچھی طرح جانتا تھا کہ فریدی اس موقع پر اپنی اصلیت ظاہر نہیں کرے گا۔

چائے ختم کرنے کے بعد حمید اٹھ گیا۔ پھر وہ آہستہ آہستہ چلتا ہوا اس جگہ آیا جہاں بہت سے لوگ اکٹھا تھے اور اسی قتل کے متعلق چہ میگوئیاں ہو رہی تھیں۔

"وہ بالکل برہنہ تھی۔" ایک چھوٹے قد کا آدمی کہہ رہا تھا۔ "کسی نے اسے جانوروں کی طرح ذبح کر دیا۔ میں نے اتنا دردناک منظر آج تک نہیں دیکھا۔"

"بڑی پیاری رقاصہ تھی۔" دوسرے نے کہا۔

"آخر کون ہو سکتا ہے۔"

"پولیس شاہد اس کے ساتھ کی دوسری لڑکی پر شبہ کر رہی ہے۔"

"کس پر؟" ایک چونک کر بولا۔ "پروین پر! کبھی نہیں ہو سکتا وہ ننھی منی سی شرمیلی لڑکی قتل نہیں کر سکتی۔"

"جناب آپ کیا جانیں۔ قاتلوں کے چہرے بڑے معصوم ہوتے ہیں۔" دوسرا بولا۔

"معاف کیجئے گا! آپ مجھ سے زیادہ تجربہ کار نہیں ہیں۔" پہلے نے کہا۔

"فضول بات ہے۔" دوسرا ہونٹ سکوڑ کر بولا۔ "آپ میرے متعلق کیا جان سکتے ہیں۔"

"اس کا کل شام والا ناچ۔" پستہ قد والا آدمی پھر بولا۔ "میں زندگی بھر نہ بھلا سکوں گا۔"

"وہ دونوں ایک ہی کمرے میں مقیم تھیں۔" ایک نے کہا۔ "دوسری لڑکی کہاں تھی۔"

"لاش سب سے پہلے اسی نے دیکھی تھی۔" کسی نے کہا۔

"لیکن وہ تھی کہاں؟"

"معلوم نہیں۔"

حمید وہاں سے ہٹ کر عمارت کی طرف جانے لگا۔ راستے میں وہی اینگلو انڈین لڑکی مل گئی۔

"اوہ! کیپٹن سلیم تمہارے برابر میں قتل ہو گیا۔" اس نے حمید سے کہا۔ "تمہارے کمرے کی بھی تلاشی لی گئی ہے۔"

"مجھے معلوم ہے۔" حمید نے کہا۔ "تم کہاں سے آ رہی ہو؟"

"اوپری منزل سے۔ پولیس لوگوں کے بیانات لے رہی ہے۔ کیپٹن عابد سے بھی کافی پوچھ گچھ ہوئی ہے۔"

"اوہ....!"

"بالکل ننگی تھی!" اینگلو انڈین لڑکی معنی خیز انداز میں آہستہ سے بولی۔

"اور دوسری لڑکی کہاں تھی؟"

"کہیں باہر گئی تھی۔ واپسی پر اس نے دیاوتی کی لاش دیکھی۔"

"پارٹی کے دوسرے افراد۔" حمید نے پوچھا۔

"ان کے متعلق میں کچھ نہیں جانتی۔ البتہ پارٹی کا مالک اقبال کافی مطمئن نظر آ رہا ہے۔"

"میں تمہارا مطلب نہیں سمجھا۔"

"میں نے بھی اُسے وہسکی پیتے دیکھا ہے۔ کیا بتاؤں تم سے کہ اس کے چہرے پر کیسی مسکراہٹ تھی۔ بہر حال اتنا سمجھ لو کہ عام آدمی ایسے حالات میں اس طرح نہیں مسکرا سکتے۔"

"اقبال وہی نا جس کی پیشانی پر ایک ابھرا ہوا سیاہ تل ہے۔"

"وہی! میں نے ہمیشہ اسے پیتے دیکھا ہے۔"

"وہ کہاں تھا؟"

"یہ مجھے معلوم نہیں۔ پولیس کافی رازداری سے کام لے رہی ہے۔"

"لیکن تم کہاں جا رہی ہو۔"

"گھاٹ پر، اس حادثے نے مجھ پر بہت زیادہ اثر ڈالا ہے۔ اُف میرے خدا۔"

حادثے کی تفصیل

حمید آہستہ آہستہ اوپری منزل کے زینے طے کر رہا تھا۔ قتل و خون اس کے لئے کوئی نئی بات نہ تھی اور نہ وہ کسی قتل کی خبر سے اس طرح متاثر ہوتا تھا جیسے کہ عام آدمی ہوتے ہیں۔ وہ تو صرف ایک بات سوچ رہا تھا۔ اسے اپنی تقدیر پر رونا آ رہا تھا کہ چھٹیوں میں بھی اسے سکون نصیب نہیں ہوتا۔ حالانکہ یہاں کے کسی کیس سے ان لوگوں کا کوئی تعلق نہیں ہونا چاہئے تھا۔ مگر فریدی کہاں نچلا بیٹھ سکتا تھا۔ حمید اچھی طرح جانتا تھا کہ اب اسے اس حسین تفریح گاہ میں بھی الجھنوں میں مبتلا ہونا پڑے گا۔ رہ گیا فریدی تو اس کی سب سے بڑی تفریح یہی تھی کہ اسے پیچیدہ قسم کے کیس ملتے رہیں۔

وہ طویل راہداری سے گزرتا ہوا اپنے کمرے کے سامنے آیا۔ مقتولہ کا کمرہ بند تھا۔ کچھ دور ہٹ کر آٹھ دس کرسیاں پڑی ہوئی تھیں جن پر پولیس والوں کے علاوہ ہوٹل کا منیجر پارٹی کا مالک اقبال مغنیہ پروین اور فریدی بیٹھے ہوئے تھے۔

"میرا دوست خود ہی آ گیا۔" فریدی مسکرا کر بولا۔

سب کی نظریں حمید کی طرف اٹھ گئیں۔ وہ سب انسپکٹر جو تھوڑی دیر قبل فریدی اور ح
کے پاس گیا تھا دوسرے انسپکٹر کے کان میں کچھ کہنے لگا۔ دوسرا انسپکٹر ادھیڑ عمر کا ایک بھاری بھر
آدمی تھا۔ چڑھی ہوئی مونچھیں خضاب آلودہ تھیں۔ اس نے تیز نظروں سے حمید کی طرف دیکھ
اور حمید کو خواہ مخواہ ہنسی آنے لگی۔ وہ سمجھ گیا کہ فریدی ابھی تک اپنی اصلیت چھپائے ہوئے ہے۔

"بیٹھ جائیے۔" بوڑھا انسپکٹر بھاری بھرکم آواز میں بولا۔

حمید ایک شرارت آمیز مسکراہٹ کے ساتھ بیٹھ گیا۔

"آپ کا نام۔"

"سلیم الدین" حمید نے آہستہ سے کہا۔ ہیڈ محرر جیب سے قلم نکال کر لکھنے لگا۔

"باپ کا نام۔"

"شیخ محمد کلیم الدین، قادری، چشتی، نقشبندی.... اور.... اور.... حنفی بھی۔"

انسپکٹر اُسے قہر آلود نظروں سے گھورنے لگا۔

"پیشہ....!" وہ گرج کر بولا۔

"آہ وزاری، نالہ وبکا.... مدھو بالا کے عشق میں گرفتار۔"

"اسے مسٹر.... ذرا ہوش سے، آپ پولیس کو بیان دے رہے ہیں۔"

"آپ کس کا پیشہ پوچھ رہے ہیں۔"

"آپ کا؟" انسپکٹر دانت پیس کر بولا۔

"میں سمجھا شاید والد صاحب کا۔ میں تو ایک برطرف شدہ کیپٹن ہوں۔"

"برطرف شدہ۔"

"مطلب یہ کہ جنگ کے بعد ہمیں بالکل چھٹی دے دی گئی۔" فریدی جلدی سے بولا۔

"آپ براہِ کرم خاموش رہیے۔" انسپکٹر نے فریدی سے کہا۔

"بہت بہتر۔" فریدی انتہائی سعادت مندانہ انداز میں بولا۔

حمید نے محسوس کیا کہ پروین بے اختیارانہ انداز میں مسکرا رہی ہے بس پھر کیا تھا۔ حمید کے
دماغ کے کیڑے باقاعدہ طور پر کلبلانے لگے۔

"موجودہ پیشہ....!" انسپکٹر پھر غرایا۔

"کہیں مرد بھی پیشہ کرتے ہیں۔"

"مسٹر....!"

"فرمائیے۔"

"مجھے سختی کرنی پڑے گی۔"

"میں صبر کروں گا۔" حمید سنجیدگی سے بولا۔

"سلیم....!" فریدی نے اُسے گھور کر دیکھا۔

"آپ لوگوں کو میرے ساتھ کوتوالی چلنا پڑے گا۔" انسپکٹر غصے میں ہانپتا ہوا بولا۔

"کیوں؟" حمید نے بھویں تان کر پوچھا۔

"ہم تیار ہیں انسپکٹر صاحب۔" فریدی نے خندہ پیشانی کے ساتھ کہا۔

انسپکٹر خاموشی سے تھوڑی دیر تک حمید کو گھورتا رہا جو برابر مسکرائے جا رہا تھا۔ پھر وہ فریدی
کی طرف مخاطب ہوا۔

"اپنے دوست کو سمجھائیے! خواہ مخواہ بات بڑھانے سے کیا فائدہ۔"

"سلیم۔" فریدی بگڑ کر بولا۔ "شرارت اور مذاق کا وقت ہوتا ہے۔ اگر تم نہیں مانو گے تو پھر
میں نتیجے کا ذمہ دار نہیں۔"

حمید یک بیک سنجیدہ ہو گیا۔

اس کے بعد وہ انسپکٹر کے سوالات کے جواب قاعدے سے دیتا رہا۔

"اچھا اب آپ لوگ جا سکتے ہیں۔" انسپکٹر تھوڑی دیر بعد بولا۔ "لیکن پولیس کی اجازت کے
بغیر آپ رام گڈھ سے باہر نہ جا سکیں گے۔"

"اوہ! تو کیا ہم لوگ بھی مشتبہ آدمیوں کی فہرست میں شامل ہیں۔" فریدی نے کہا۔

"جی ہاں۔" ہیڈ محرر لکھتے لکھتے سر اٹھا کر بولا۔

"تب تو مزے آجائیں گے۔" حمید نے ہنس کر کہا۔

"کیا مطلب....!" انسپکٹر چونک کر بولا۔

"میں غیر ضروری سوالات کے جواب نہیں دیتا۔" حمید منہ سکوڑ کر بولا۔ فریدی اور حمید
پھر نیچے آ گئے۔

جھیل کے کنارے پھر پہلی سی رونق نظر آنے لگی تھی۔ لوگ تھوڑی دیر بعد یہ بھی بھو
گئے کہ رقاصہ کی لاش ابھی ہوٹل میں موجود ہے! پختہ فرش پر رات کے ناچ کا انتظام ہو رہا تھ
فضاؤں میں سریلے قہقہے رقص کر رہے تھے۔ چاروں طرف گداز جسموں کی نمائش ہو رہی تھ
فریدی اور حمید ایک میز کے قریب بیٹھ گئے۔

"فرمائیے سرکار! اب کیا ارادے ہیں۔" حمید منہ بنا کر بولا۔

"کیس بڑا دلچسپ ہے۔" فریدی جیب سے سگار نکالتا ہوا بولا۔

"یہ میں بھی جانتا ہوں۔ کوئی نئی بات بتائیے۔"

"اوہو! بہت چہک رہے ہو۔"

"بات دراصل یہ ہے کہ یہ کیس مجھے بھی دلچسپ معلوم ہو رہا ہے۔" حمید نے کہا۔

"اچھا! یہ پہلا موقع ہے کہ تمہاری زبان سے اس قسم کا جملہ سن رہا ہوں۔"

"ابھی آپ کو کئی ایسے موقعے نصیب ہوں گے۔"

فریدی خاموش ہو کر حمید کو غور سے دیکھنے لگا۔

"آپ اس طرح کیا دیکھ رہے ہیں۔" حمید مسکرا کر بولا۔ "میں صرف اس لئے دلچسپی لے
ہوں کہ مقامی پولیس بھی ہم پر شبہ کر رہی ہے۔"

"تم خواہ مخواہ اس بوڑھے کو غصہ دلا رہے تھے۔"

"وہیں سے تو دلچسپی شروع ہوئی ہے۔" حمید نے کہا۔ "سنا ہے کہ وہ بیچاری پروین پر
کر رہے ہیں۔"

"حالات ہی کچھ اس قسم کے ہوئے ہیں۔"

"یعنی....!"

"خود لڑکی کا بیان مشتبہ ہے۔"

"کچھ بتائیے بھی تو۔"

"آج دو بجے کے قریب اس نے اوپری منزل کے ایک نوکر سے نیچے جانے کا کوئی دو
راستہ پوچھا تھا اور کچھ گھبرائی ہوئی بھی تھی۔ نوکر نے اسے دوسری سیڑھیاں بتائیں، جو عمار
کے عقبی حصے کے باورچی خانے میں ختم ہوتی ہیں۔"

"لیکن دوسرا راستہ پوچھنا کوئی جرم نہیں۔" حمید نے کہا۔

"ٹھیک ہے لیکن دوسرے راستے سے جسے مسافر استعمال نہیں کرتے نیچے جانے کی کیا وجہ
ہو سکتی ہے۔"

لڑکی نے کیا بیان دیا۔"

"اس کا بیان ہے کہ وہ دو بجے تفریح کے لئے باہر نکلی تھی اس وقت دیاوتی زندہ تھی لیکن
اس نے اپنے سارے کپڑے اتار رکھے تھے اور صرف ایک چادر اوڑھے بیٹھی تھی۔ جاتے وقت
مقتولہ نے اس سے یہ بھی پوچھا تھا کہ وہ کب تک واپس آئے گی۔"

"لیکن وہ عقبی زینے سے کیوں گئی تھی۔" حمید نے ٹوکا۔

"اس نے بتایا کہ وہ ایک آدمی کو نظر انداز کرنا چاہتی تھی، جو اسے اپنے ساتھ تفریح کے
لئے لے جانا چاہتا تھا۔"

"اوہ....!"

"وہ سامنے والے زینوں کے نیچے اس کا منتظر تھا اس لئے اس نے اس سے پیچھا چھڑانے کے
لئے عقبی سیڑھیاں استعمال کیں۔ پھر ساڑھے تین بجے جب وہ واپس آئی تو اس نے کمرے میں
دیاوتی کی برہنہ لاش دیکھی۔"

"پولیس نے اس آدمی کا نام نہیں پوچھا جسے وہ ٹالنا چاہتی تھی۔" حمید نے پوچھا۔

"کیوں نہیں.... وہ ڈانسنگ پارٹی کا مالک اقبال تھا۔"

"اوہ....!" حمید نہ جانے کیوں چونک پڑا۔

"کیوں؟ کیا تم اقبال کے متعلق کچھ جانتے ہو۔" فریدی نے پوچھا۔

حمید نے اقبال کے متعلق اینگلو انڈین لڑکی کا جملہ دہرا دیا۔

فریدی کچھ سوچنے لگا۔

"اتنا میں بھی جانتا ہوں کہ وہ لڑکی قتل نہیں کر سکتی۔"

"اچھا....!" حمید مسکرا کر بولا۔ "یہ آپ اس کے بھولے بھالے چہرے کی بناء پر کہہ رہے
ہیں۔"

"نہیں برخوردار۔ اپنے تجربات کی بناء پر۔" فریدی نے کچھ سوچتے ہوئے کہا۔ "وہ اب سے

صرف ایک ہفتہ قبل اس پارٹی میں داخل ہوئی ہے اس سے پہلے وہ ایک دفتر میں ٹائپسٹ تھی۔ شاہ پور کے ایک گرلز کالج کے ڈرامے میں اس نے حصہ لیا تھا۔ وہیں اس کی اقبال سے ملاقات ہوئی۔ اقبال نے اسے اس بات پر راضی کرلیا کہ وہ دفتر کی ملازمت چھوڑ کر اس کی پارٹی میں بحیثیت مغنیہ شامل ہو جائے۔ اس کیلئے اس نے جو معاوضہ پیش کیا وہ اس کی دفتر کی تنخواہ سے کئی گناہ زیادہ تھا۔ پروین تیار ہوگئی اور پھر وہ پارٹی سمیت یہاں چلے آئے اس سیزن بھر کے لئے پیراڈائیز والوں سے ان کا معاہدہ ہوگیا ہے۔"

"مگر اب وہ کیا کریں گے رقاصہ تو قتل کر دی گئی۔"

"یہ انہیں سے پوچھنا۔" فریدی منہ سکوڑ کر بولا۔ "ہمیں اس سے کوئی سروکار نہیں۔"

حمید کچھ کہنے ہی والا تھا کہ دفعتاً اس کا منہ حیرت سے کھل گیا۔ فریدی چونک کر مڑا۔ اقبال پروین کو سہارا دیتا ہوا اسی طرف لا رہا تھا۔ فریدی اور حمید نے ایک دوسرے کو معنی خیز نظروں سے دیکھا۔

اقبال اور پروین قریب ہی ایک میز کے پاس بیٹھ گئے۔ ان کی آوازیں انہیں صاف سنائی دے رہی تھیں۔

"اوہ بے بی.... بے بی.... اپنی طبیعت سنبھالو! مجھے یقین ہے کہ تم بے گناہ ہو! بھلا تم کیوں اسے قتل کرنے لگیں۔" اقبال بولا۔

"میں ٹھیک ہوں بالکل ٹھیک ہوں۔" پروین نے گھبرائے ہوئے لہجے میں کہا۔

"میرے خیال میں تم تھوڑی سی برانڈی پی لو۔" اقبال پھر بولا۔

"نہیں! میں نے شراب کبھی نہیں پی۔"

"ضرور تا.... دوا کے طور پر۔"

"نہیں بالکل نہیں۔"

"میں تمہارے لئے بہت مغموم ہوں۔" اقبال نے کہا۔

حمید نے فریدی کو آنکھ ماری۔

"شکریہ۔" پروین بے دلی سے بولی۔

اقبال تھوڑی دیر تک کچھ سوچتا رہا پھر بولا۔

"سمجھ میں نہیں آتا کہ آج کے پروگرام کا کیا بنے گا۔"

"جی۔" پروین بے اختیار چونک پڑی۔ اس کی آنکھیں حیرت سے پھیل گئیں۔

"ہاں آج کا پروگرام۔ تم تھوڑا بہت ناچ بھی سکتی ہو۔"

"مگر.... دیاوتی۔" پروین رک رک کر بولی۔ "کیا وہ آپ کی بیوی نہیں تھی۔"

"قطعی تھی۔" اقبال نے بھرائی ہوئی آواز میں کہا۔ "لیکن مجھے اس کے انجام پر ذرہ برابر بھی حیرت نہیں۔"

وہ کچھ اور بھی کہنے والا تھا کہ کچھ لوگ آکر ان کی میز کے گرد اکٹھا ہوگئے۔ غالباً یہ ان سے جان پہچان رکھنے والے تھے۔

"دیاوتی اس کی بیوی تھی۔" حمید آہستہ سے بولا۔

فریدی نے کوئی جواب نہ دیا۔

"اور اسے اس کے انجام پر حیرت نہیں۔" حمید پھر بولا۔ "وہ آج کے پروگرام کے متعلق سوچ رہا ہے۔" فریدی کھڑا ہوگیا۔

دوسرے لمحے میں وہ دونوں اپنے کمرے کی طرف جا رہے تھے۔ راہداری میں ابھی تک پولیس والے موجود تھے۔ دیاوتی اور پروین کا کمرہ کھلا ہوا تھا اور اس میں روشنی ہو رہی تھی، اندر بھی کچھ پولیس والے موجود تھے۔

بوڑھے انسپکٹر نے فریدی اور حمید کو گھور کر دیکھا لیکن وہ دونوں اس کی طرف متوجہ ہوئے بغیر اپنے کمرے میں چلے گئے۔

فریدی لکھنے کی میز پر بیٹھ کر اپنی ڈائری میں کچھ لکھنے لگا۔ دفعتاً کسی نے دروازے پر دستک دی۔ حمید نے اٹھ کر دروازہ کھول دیا، بوڑھا انسپکٹر اسے کھڑا گھور رہا تھا۔

"کیا آپ لوگوں نے نہیں سنا۔" وہ گرجدار آواز میں بولا۔

"میں آپ کا مطلب نہیں سمجھا۔"

"آپ یہاں کس کی اجازت سے آئے ہیں۔"

"اجازت....!"

"جی ہاں! جب تک تفتیش مکمل نہ ہو جائے کوئی اوپر نہیں آسکتا۔"

"ہمیں اس کی اطلاع نہیں تھی۔"

"زینے پر نوٹس لگا دیا گیا ہے۔" بوڑھا غرا کر بولا۔

"ہمیں افسوس ہے؟" فریدی نے آہستہ سے کہا۔ پھر حمید کا ہاتھ پکڑ کر باہر چلا آیا۔ باہر آکر فریدی نے محسوس کیا کہ ان لوگوں کے ساتھ کوئی اور بھی نیچے آیا ہے اور سائے کی طرح ان کے پیچھے لگا ہوا ہے۔

"ذرا اس بوڑھے خبطی کو دیکھو۔" فریدی آہستہ سے بولا۔ "اس نے ہماری نگرانی کے لئے کسی کو ہمارے پیچھے لگا دیا ہے۔"

"تو سنئے! کیوں نہ اسے اُلو بنایا جائے۔" حمید نے کہا۔

"چھوڑو بھی۔"

"خدا قسم مزا آجائے گا۔"

فریدی اس کی بات پر دھیان دیئے بغیر آگے بڑھ گیا۔ حمید نے پلٹ کر دیکھا وہ آدمی اب بھی ان کے پیچھے لگا ہوا تھا۔ حمید کی طبیعت بے قابو ہو گئی۔ وہ فریدی کے ساتھ جانے کے بجائے جھیل کی طرف مڑ گیا۔ فریدی پختہ فرش کے کنارے پڑی ہوئی میزوں کے قریب ایک میز پر بیٹھ گیا تھا۔

حمید محسوس کر رہا تھا کہ اس کا تعاقب برابر جاری ہے۔

حمید جھیل کا پورا چکر لگانے کے بعد ایک جگہ رک گیا۔ پھر اس نے اپنی ٹائی کھولی اور اس میں پتھر کا ایک ٹکڑا باندھ کر ایک درخت سے لٹکا دیا۔ تعاقب کرنے والا مالتی کی جھاڑیوں میں چھپ گیا تھا۔

حمید پھر فریدی کے پاس لوٹ آیا۔

"کہاں تھے؟" فریدی نے پوچھا۔

"یونہی ٹہل رہا تھا۔"

"وہ لوگ اسے لے گئے۔"

"کسے!"

"پروین کو۔"

"کون لوگ۔"

"پولیس.... پولیس۔" فریدی جھلا کر بولا۔

"کیوں....!"

"اس کے سوٹ کیس سے ایک خون آلود چھری برآمد ہوئی ہے۔" فریدی کچھ سوچتا ہوا بولا۔ "لیکن وہ مجھے مجرم نہیں معلوم ہوتی۔"

"آپ ضرورت سے زیادہ سنجیدہ نظر آرہے ہیں۔" حمید مسکرا کر بولا۔

"مجھے اس سے ہمدردی ہے۔"

"پہلے کی جان پہچان؟" حمید نے مسکرا کر پوچھا۔

"بکو مت۔"

"لیکن میں اس ہمدردی کی وجہ ضرور پوچھوں گا۔"

فریدی کچھ جواب دیئے بغیر اٹھ گیا۔ حمید سمجھا تھا کہ شاید وہ اس کی باتوں سے اکتا کر اٹھا ہے لیکن اس کا خیال غلط نکلا۔ فریدی ایک آدمی کے قریب جا کر رک گیا جو ایک سدا بہار درخت کے قریب کھڑا کچھ سوچ رہا تھا۔ حمید بھی اٹھا۔

"آپ کے پاس دیا سلائی ہوگی۔" فریدی نے اس آدمی سے پوچھا۔ "میرا لائٹر خراب ہو گیا ہے۔"

اس نے فریدی کو پُر خیال انداز میں گھورتے ہوئے دیا سلائی پکڑا دی۔

"شکریہ۔" فریدی سگار سلگانے لگا۔ پھر سر اٹھا کر دیا سلائی واپس کرتا ہوا بولا۔ "آپ بھی تو شاید اقبال صاحب کی ڈانسنگ پارٹی کے ایک آرٹسٹ ہیں۔"

"آپ کا خیال درست ہے۔" اس کے لہجے میں اکتاہٹ تھی۔

"میں دعویٰ سے کہتا ہوں کہ وہ لڑکی قاتل نہیں ہو سکتی۔" فریدی نے کہا۔

"جی....!" وہ چونکا۔

"وہ ایک معصوم لڑکی ہے۔" فریدی نے کہا۔ "یوں تو اُن گدھوں نے ہمارا نام بھی مشتبہ آدمیوں کی فہرست میں درج کر لیا ہے۔"

"آپ کا!"

"جی ہاں.... ہمارا کمرہ مقتولہ کے کمرے سے ملا ہوا ہے نا۔"

وہ کچھ دیر تک خاموش رہا پھر بولا۔

"میں بھی یہی سمجھتا ہوں کہ کوئی خواہ مخواہ اپنا جرم اس کے سر تھوپنے کی کوشش کر رہا ہے ہم دونوں ڈھائی بجے سے ساڑھے تین بجے تک ساتھ رہے۔"

"کہاں....!" فریدی نے لاپرواہی سے پوچھا۔

"ستیلی ندی کے کنارے جو یہاں سے ایک میل کی دوری پر ہے۔"

"آپ دونوں ساتھ گئے ہوں گے۔"

"نہیں! مجھے یہ بھی نہیں معلوم تھا کہ اس سے اچانک ملاقات ہو جائے گی۔ میں یوں ہی ٹہلتا ہوا اُدھر نکل گیا تھا۔ اتفاقاً وہ بھی ادھر ہی آ نکلی۔"

"ایک بات سمجھ میں نہیں آتی کہ وہ پچھلے زینوں سے کیوں اتری تھی۔" فریدی نے پوچھا۔

"چھوڑیئے بھی۔" وہ اکتا کر بولا۔ "میں اس وقت صرف یہ سوچ رہا ہوں کہ حوالات میں اس کا کیا حال ہوگا۔ احمق لڑکی.... شہرت کے شوق میں اس نے اپنی اچھی خاصی زندگی برباد کر لی۔"

"شہرت کے شوق میں۔" فریدی نے اس کا جملہ دہرایا۔

"وہ آج سے پندرہ دن قبل ایک آفس میں ٹائپسٹ تھی۔ نہ جانے اقبال اُسے کس طرح پھسلا لایا۔"

"اقبال بھی عجیب ہی آدمی ہے۔" فریدی مسکرا کر بولا۔ "میں نے اسے کبھی ہوش میں نہیں دیکھا۔"

وہ نفرت سے منہ سکوڑ کر رہ گیا۔

"اور آج بھی۔" فریدی پھر بولا۔ "ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے اسے کوئی غم ہی نہ ہو جیسے مقتولہ، بیوی کیا اس کی شناسا بھی نہ رہی ہو۔"

"اس کی وجہ سن کر ایک معمولی آدمی بھی چونک پڑے گا۔" وہ کچھ سوچتا ہوا بولا۔ "آپ جانتے ہیں کہ ان کی شادی کن حالات میں ہوئی تھی۔"

فریدی نے نفی میں سر ہلا دیا۔

"خیر ہٹایئے! مجھے کیا؟ پولیس خود ہی سب کچھ معلوم کر لے گی۔ فی الحال پروین کی گرفتار کا یہ مطلب تو نہیں ہو سکتا کہ اسے کل ہی پھانسی دے دی جائے گی۔"

"مگر اس نے پچھلے زینے....!"

"کچھ بھی نہیں۔ سب فضول۔" وہ فریدی کی بات کاٹ کر بولا۔ "ایسے اتفاقات ہوتے ہی رہتے ہیں اور پھر جہاں تک میرے قیافے کا تعلق ہے وہ کوئی بد چلن یا آوارہ لڑکی نہیں ہے۔ اوہ مجھے اب جانا چاہیئے۔"

وہ تیز تیز قدم بڑھاتا ہوا عمارت کی طرف چلا گیا۔

فریدی پُر خیال انداز میں حمید کی طرف بڑھ گیا۔

"یہ چغد ایک دوسری الجھن میں مبتلا کر گیا۔" حمید نے کہا۔ "اب کس سے پوچھتے پھریں کہ اس اقبال کے پٹھے کی شادی کن حالات میں ہوئی۔"

فریدی نے کوئی جواب نہ دیا۔ وہ بدستور خیالات میں ڈوبا ہوا تھا۔

حمید مدھم سروں میں سیٹی بجاتا ہوا ٹہلنے لگا۔

نیا انکشاف

دوسرے دن صبح حمید جب سو کر اٹھا تو اس نے فریدی کا بستر خالی پایا۔ پہلے تو اس نے کوئی دھیان نہ دیا لیکن جب کافی وقت گذر جانے کے بعد بھی اس کا پتہ نہ چلا تو حمید کی تشویش بڑھ گئی۔ لیکن پھر فوراً ہی خیال آیا کہ وہ ضرور اس نئے حادثے کی چھان بین میں مشغول ہوگا اسے پروین کا حسین اور افسردہ چہرہ یاد آ گیا۔ خود اسے بھی یقین تھا کہ پروین کسی کو قتل نہیں کر سکتی۔ حمید دروازہ کھول کر راہداری میں آیا۔ زینے کے قریب اقبال کھڑا ایک آدمی سے آہستہ آہستہ کچھ کہہ رہا تھا۔ حمید کو دیکھ کر وہ مسکرایا۔ حمید بھی خواہ مخواہ مسکرانے لگا۔

اس آدمی کو رخصت کرنے کے بعد اقبال آہستہ آہستہ حمید کی طرف بڑھا۔

"آپ نے کل رات اس بوڑھے کو بہت تنگ کیا تھا۔" وہ آہستہ سے بولا۔ اور شراب کی بو حمید کا دماغ پھاڑنے لگی۔ حمید جواباً صرف مسکرا کر رہ گیا۔

"نہیں یہ کم بخت انہیں کو دباتے ہیں، جو ان سے دبتے ہیں۔" اقبال پھر بولا۔

"مس پروین کا کیا ہوا۔ مجھے اس حادثے پر سخت افسوس ہے۔" حمید نے کہا۔

"ہونے والی باتیں اسی طرح ہو جاتی ہیں۔" اقبال نے مضمحل آواز میں کہا۔ "میں نے رشوت دے کر اسے حوالات میں بند ہونے سے تو بچالیا ہے لیکن ان کم بختوں کو نہ جانے کیسے یقین ہو گیا ہے کہ وہی قاتل ہے۔"

"آپ کی دانست میں قاتل کون ہو سکتا ہے۔" حمید نے پوچھا۔

"اب میں اس کے متعلق کیا بتا سکتا ہوں میرے خیال میں تو کوئی اس کا دشمن نہیں تھا۔"

"مجھے حیرت ہے۔" حمید کچھ اور کہتے کہتے رک گیا۔

وہ دراصل دیاوتی کے متعلق کچھ معلومات بہم پہنچانا چاہتا تھا لیکن اس نے سوچا کہ کہیں یہ چیز فریدی ناپسند نہ کرے۔ معلوم نہیں اس نے کون سا نیا طریقہ کار اختیار کیا ہو۔

"سگریٹ۔" اقبال نے سگریٹ کیس نکال کر حمید کی طرف بڑھایا۔

"شکریہ۔" حمید نے سگریٹ لے کر ہونٹوں میں دباتے ہوئے کہا۔ "مجھے انتہائی افسوس ہے کہ ایسے موقع پر جب کہ صحیح معنوں میں آپ کی پارٹی کو اپنے کمالات دکھانے کا....!"

"اوہ! مجھے اس کا غم نہیں۔" اقبال حمید کی بات کاٹ کر بولا۔ "میری زندگی میرا فن ہے۔ ہمارے پروگرام ہوتے رہیں گے مجھے دیاوتی کی موت پر افسوس ہے لیکن اس لئے نہیں کہ وہ میری بیوی تھی محض اس لئے کہ وہ ایک اچھی فنکار تھی اور اپنا جواب نہیں رکھتی تھی۔"

"وہ آپ کی بیوی تھی؟" حمید نے حیرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا۔

"جی ہاں۔"

"اور آپ اس کے دشمنوں سے واقف نہیں۔"

"ہماری شادی کو زیادہ عرصہ نہیں گذرا تھا۔"

حمید کچھ اور پوچھنے والا تھا کہ زینوں پر فریدی دکھائی دیا۔ وہ ہلکے سرمئی رنگ کے سوٹ میں ملبوس اوپر کی طرف آ رہا تھا۔

"اوہو! آپ سے ملئے۔" حمید نے اقبال کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فریدی سے کہا۔ "مسٹر اقبال ڈانسنگ پارٹی کے مالک اور یہ میرے دوست کیپٹن عابد۔"

فریدی نے اکتائے ہوئے انداز میں اس سے مصافحہ کیا۔

حمید سمجھا تھا کہ فریدی اپنے مخصوص انداز میں خوش اخلاقی کا مظاہرہ کرے لیکن اس کی بے تعلقی دیکھ کر اسے حیرت ہونے لگی۔

اقبال تھوڑی دیر تک کھڑا بیوقوفوں کی طرح مسکراتا رہا۔ پھر دونوں سے دوبارہ ہاتھ ملا کر زینے کی طرف لوٹ گیا۔ فریدی اور حمید اپنے کمرے میں چلے آئے۔

"تو تم نے اس سے جان پہچان پیدا کرلی۔" فریدی اپنی فلٹ ہیٹ میز پر ڈالتا ہوا بولا۔

"جناب والا....!" حمید نے سینے پر ہاتھ رکھ کر قدرے جھکتے ہوئے کہا۔

"اس لڑکی سے بھی جان پہچان پیدا کرنے کی کوشش کرو۔"

"یہ آپ فرما رہے ہیں۔" حمید طنزیہ انداز میں بولا۔

فریدی اسے گھورنے لگا۔

"سرکاری میں آوارہ نہ ہو جاؤں گا؟" حمید نے پھر کہا۔

"فضول باتیں مت کرو۔"

"نہیں نہیں میں شریف کا بچہ ہوں۔"

"خاموش رہو۔"

میں نے عہد کرلیا ہے کہ اب میں کسی عورت سے بات نہ کروں گا۔"

"جہنم میں جاؤ۔"

"آمد و رفت کے اخراجات آپ کے ذمہ۔"

فریدی منہ بناتا ہوا غسل خانے میں چلا گیا۔ واپس آنے کے بعد اس نے ناشتے کے لئے فون کیا۔ اس کے ماتھے پر سلوٹیں ابھری ہوئی تھیں۔ شاید وہ حمید کی موجودگی سے بھی بے خبر ہو گیا تھا۔ حمید خاموشی سے اس کی طرف دیکھتا رہا لیکن بولنے کی ہمت نہ کر سکا؟ وہ اچھی طرح جانتا تھا کہ اگر اس وقت اس نے اسے چھیڑنے کی کوشش کی تو شامت آجائے گی۔

تھوڑی دیر بعد ناشتہ آ گیا۔ ناشتے کے دوران میں بھی خاموشی ہی رہی۔

کسی نے باہر سے دروازے کو آہستہ آہستہ کھٹکھٹایا۔

"آجاؤ۔" فریدی نے سر اٹھائے بغیر کہا۔

کل والا بوڑھا انسپکٹر داخل ہوا۔

"اوہ آپ۔" فریدی اٹھتا ہوا بولا۔ "تشریف لائیے۔ یہاں تشریف رکھئے چائے ہے۔"

"شکریہ۔" انسپکٹر منہ سکوڑ کر بولا۔ پھر وہ حمید کو گھورنے لگا۔

"یہ ٹائی آپ کی ہے۔" اس نے جیب سے ایک ٹائی نکالتے ہوئے کہا جس کے سرے پتھر کا ٹکڑا بندھا ہوا تھا۔

حمید سنجیدگی سے اس کی طرف دیکھنے لگا۔

"میں اس کا مطلب سمجھنا چاہتا ہوں۔" انسپکٹر ٹائی کی طرف اشارہ کر کے بولا۔

"اس کا مطلب۔" حمید نے چونک کر کہا۔ "اس کا مطلب شاید میں پاگل خانے سے دور نہ بتا سکوں گا۔"

فریدی حیرت سے ٹائی کی طرف دیکھنے لگا۔ وہ حمید کے علاوہ کسی اور کی نہیں ہو سکتی حمید نے اسے انگلینڈ میں خریدا تھا سیاہ رنگ کی ٹائی تھی جس پر ریڈیم کے حروف میں me in the Dark uncle اندھیرے میں یہ حروف چمکنے لگتے تھے۔

"یہ تو آپ ہی کی ہے۔" سب انسپکٹر نے پھر پوچھا۔

"سو فیصدی میری ہے۔" حمید نے لاپروائی سے کہا۔

"لیکن اس حرکت کا مطلب۔"

"انگریزی آتی ہے آپ کو۔" حمید نے پوچھا۔

"جی نہیں! بھلا میں انگریزی کیا جانوں۔" بوڑھا طنزیہ انداز میں بولا۔

"اس تحریر کا یہ مطلب ہے۔" حمید اس کے طنزیہ لہجے کو نظر انداز کر کے بولا۔ "ا مجھے اندھیرے میں پیار کرو۔"

"یعنی۔"

"یعنی یہ کہ میں آپ کو چچا بنا کر چھوڑوں گا۔ میں بھی ملٹری میں کیپٹن رہ چکا ہوں خاص کا محکمہ میرے سپرد تھا۔"

"کیا فضول بکواس لگا رکھی ہے۔" فریدی نے حمید کو ڈانٹا۔ "انسپکٹر صاحب! مجھے بتا

بات ہے؟"

"میں کچھ نہیں بتاؤں گا۔" انسپکٹر جامے سے باہر ہو کر گرجا۔ "میرے پاس آپ دونوں حضرات کے وارنٹ ہیں۔ میں آپ دونوں کو دیاوتی کے قتل کے سلسلے میں گرفتار کرنے کے لئے آیا ہوں۔"

"اوہ....!" فریدی ضرورت سے زیادہ سنجیدہ ہو گیا اور حمید بے تحاشہ ہنس پڑا۔

"خاموش رہو۔" فریدی نے اسے پھر ڈانٹا۔

"دیاوتی کا معاملہ تو پانچ سو پر ہو گیا تھا۔" حمید مسکرا کر بولا۔ "ہم سے ایک ہزار لے لیجئے انسپکٹر صاحب۔"

"جلدی کیجئے۔" انسپکٹر نے اٹھتے ہوئے کہا۔ "خود سپرنٹنڈنٹ صاحب نیچے موجود ہیں۔"

"بہت اچھا۔ انہیں یہیں بھیج دیجئے۔" فریدی سگار سلگاتا ہوا بولا۔

"اگر آپ لوگ یہی چاہتے ہیں کہ آپ کے ہتھکڑیاں لگیں تو یہ بھی ہو جائے گا۔" انسپکٹر نے کہا اور تیزی سے باہر نکل گیا۔

"یہ ٹائی اس کے پاس کس طرح پہنچی؟" فریدی نے حمید سے پوچھا۔

حمید نے اپنی رات والی حرکت دہرا دی۔ فریدی بے اختیار مسکرا پڑا۔

"میرے خیال میں ماتھر صاحب ہی یہاں کے سپرنٹنڈنٹ ہیں۔" حمید نے کہا۔

"ہاں اور میں اس سے ابھی تک نہیں ملا۔" فریدی نے کہا۔ "اسے بڑی شکایت ہو گی۔"

"تو پھر اب کیا ارادہ ہے۔" حمید نے پوچھا۔ "کیا سچ مچ ہتھکڑیاں ہی لگوایئے گا۔"

"کیا ہرج ہے۔" فریدی مسکرا کر بولا۔ "ہمیں اپنی شخصیت چھپانی ہے۔"

"لیکن ماتھر صاحب۔"

"میں سب ٹھیک کر لوں گا۔ اگر ہم حوالات میں نہ بھی بند ہوں تو کم از کم ہمیں مشتبہ آدمیوں کی حیثیت سے مع اعزاز و اکرام کوتوالی تک ضرور جانا چاہئے۔"

تھوڑی دیر بعد کسی نے دروازے کو دھکا دیا۔ یہ ایس۔ پی ماتھر تھا۔ اس کے پیچھے کچھ اور لوگ بھی تھے۔ یہ سب کے سب وردیوں میں تھے۔ فریدی کو دیکھ کر ماتھر کا منہ حیرت سے کھل گیا لیکن قبل اس کے کہ وہ کچھ کہتا فریدی نے اسے آنکھ مار دی۔ اس کے باوجود بھی ماتھر شاید اس کا

مطلب نہ سمجھ سکا۔

"میری سمجھ میں نہیں آتا کہ آخر آپ لوگ میرے پیچھے کیوں پڑ گئے ہیں۔" فریدی غصے کا اظہار کرتا ہوا بولا۔

ماتھر پلٹ کر بوڑھے انسپکٹر کی طرف دیکھنے لگا۔

"تمہارا چال چلن مشتبہ ہے۔" بوڑھا ایک قدم آگے بڑھ کر بولا۔

"تم لوگ نیچے میرا انتظار کرو۔" ماتھر نے اپنے ساتھیوں سے کہا وہ سب چلے گئے۔

"ہاں اب بتاؤ۔" ماتھر نے کہا۔ "تم نے مجھے اطلاع تک نہ دی کہ تم یہاں مقیم ہو۔"

"معاملہ کچھ ایسا ہی تھا۔" فریدی مسکرا کر بولا۔ "بیٹھو۔"

"یہ ٹائی کا کیا قصہ تھا۔" ماتھر نے پوچھا۔

"حمید کی شرارت! تمہارے انسپکٹر نے ہماری نگرانی شروع کر دی تھی۔"

"خیر مارو گولی۔" ماتھر نے فریدی کے سگار کیس سے سگار نکالتے ہوئے کہا۔ "جب میں یہاں موجود ہوں تو تمہیں ہوٹل میں ٹھہرنے کی کیا ضرورت تھی۔"

"تم نہیں دیکھتے کہ ہم نے اپنے نام بدل رکھے ہیں۔" فریدی نے بات بنائی۔

"کوئی خاص معاملہ۔"

"ہاں۔" فریدی مسکرا کر بولا۔ "لیکن ہماری اصلیت کسی پر ظاہر نہ ہونے پائے۔"

"رام سنگھ تمہیں پریشان کر ڈالے گا۔"

"کون رام سنگھ۔"

"یہی بوڑھا..... بہت ضدی آدمی ہے۔"

"اس کی فکر نہ کرو۔ اس پر تم یہی ظاہر کرنا کہ تم بھی مجھ پر شبہ رکھتے ہو لیکن کسی وجہ سے حراست میں نہیں لے سکتے۔"

"آخر کیوں بھئی۔"

"بس یونہی۔"

"خیر ہٹاؤ! اس قتل سے متعلق تمہارا کیا خیال ہے۔"

"معاملہ پیچیدہ ہے۔"

"چھری تو اس لڑکی کے سوٹ کیس سے برآمد ہوئی ہے۔"

"تو اس سے کیا ہوتا ہے ممکن ہے کسی نے اسے پھنسانے کے لئے ایسا کیا ہو۔"

"لیکن اس کا مشکوک رویہ وہ پچھلے زینوں سے کیوں اتری تھی اور گھبرائی ہوئی کیوں تھی۔"

"وجہ بھی تو بتا دی تھی اُس نے۔" فریدی نے سگار سلگاتے ہوئے کہا۔

"اور تم نے اس پر یقین کر لیا۔ ناچنے والیاں اتنی شریف نہیں ہوتیں۔"

"نہ ہوتی ہوں گی۔" فریدی نے لاپروائی سے کہا۔ "لیکن وہ اس ماحول میں نئی ہے۔ اس لئے ہچکچاہٹ لازمی ہے اور پھر اقبال یوں بھی نشے میں رہتا ہے۔"

"خیر یوں تو اقبال بھی مشتبہ آدمیوں کی فہرست میں موجود ہے۔" ماتھر نے کہا۔

"ہونے کو تو ہم لوگ بھی ہیں۔" حمید مسکرا کر بولا۔

"نہیں بھائی یہ بات نہیں ہے! معاملہ واقعی پیچیدہ ہے۔"

"پروین نے اپنے بیان میں یہ بھی کہا تھا۔" فریدی کچھ سوچتا ہوا بولا۔ "کہ دیاوتی اس وقت کسی کا انتظار کر رہی تھی اور جس حال میں اس کی لاش پائی گئی اس سے ثابت ہوتا ہے کہ جس کا وہ انتظار کر رہی تھی وہ یا تو اس کا شوہر ہو سکتا ہے یا کوئی اور جس سے وہ شوہر ہی کی طرح بے تکلف رہی ہو۔"

"یہ تو ٹھیک ہے۔" ماتھر نے کہا۔ "لیکن کیا ممکن نہیں کہ پروین ہی اسے قتل کر کے گئی ہو۔"

"ہو سکتا ہے! لیکن وہ پارٹی کے ایک آرٹسٹ سعید کو ستیل ندی کے کنارے ملی تھی۔ سعید کا بیان ہے کہ اس کے انداز سے کسی قسم کی بے اطمینانی یا بے چینی نہیں ظاہر ہو رہی تھی۔"

ماتھر نے کوئی جواب نہیں دیا۔

"اقبال نے بھی اس کا اعتراف کیا ہے کہ وہ نیچے پروین کا انتظار کر رہا تھا۔" فریدی بولا۔

"تو پھر کیا اقبال ہی کو قاتل سمجھا جائے۔" ماتھر نے کہا۔

"وثوق کے ساتھ یہ بھی نہیں کہا جا سکتا۔" فریدی نے کہا۔

"کیوں؟"

"کیا تم نے بارٹنڈر کے بیان پر غور نہیں کیا۔ اس کا کہنا ہے کہ اقبال ڈھائی بجے سے ساڑھے

تین بجے تک بار میں بیٹھا بیئر پیتا رہا تھا۔"

"ٹھیک تو ہے۔" ماتھر نے کہا۔ "ڈاکٹر کا بیان ہے کہ قتل دو اور تین کے درمیان ہوا۔ اقبال پروین کی تلاش میں اوپر ضرور گیا ہوگا۔ ہو سکتا ہے کہ اس نے دیاوتی کو کسی اور کے ساتھ اس حالت میں دیکھ کر اسے قتل کر دیا ہو۔"

"اگر یہ بات ہوتی تو وہ دوسرا آدمی اب تک خود کو ضرور ظاہر کر دیتا۔" فریدی نے کہا۔

"ممکن ہے اس نے اپنی بدنامی کے خیال سے ایسا نہ کیا ہو۔" ماتھر نے کہا۔

"بدنامی سے زیادہ اسے اپنی جان جانے کا خوف ہونا چاہئے۔ بھلا اقبال اسے کب چھوڑتا۔ فرض کرو وہ موقع پر بھاگ نکلا ہو! لیکن اقبال نے کم از کم اسے پہچان ہی لیا ہوگا۔ صورت میں وہ کبھی نہ کبھی اس پر ضرور حملہ کر سکتا ہے۔"

"اقبال کا تو بیان ہے کہ وہ پھر اوپر گیا ہی نہیں۔" ماتھر نے کہا۔

"اس کا بیان قطعی درست معلوم ہوتا ہے! مجھے پارٹی کے آدمیوں سے معلوم ہوا ہے کہ دیاوتی اس پر بُری طرح حاوی تھی اور خود ہی نے پروین کو اپنے کمرے میں رکھا تھا کہ کہیں وہ اس کے ساتھ رنگ رلیاں نہ منانا شروع کر دے۔ ظاہر ہے کہ ایسی صورت میں اقبال پروین کی تلاش میں اوپر جانے کی ہمت نہیں کر سکتا تھا۔"

"پھر آخر کون ہے۔" ماتھر اکتا کر بولا۔

"یہ بھی جلد ہی معلوم ہو جائے گا۔" فریدی نے کہا اور بجھا ہوا سگار سلگانے لگا۔

تھوڑی دیر بعد ماتھر چلا گیا۔

"تو کیا واقعی اقبال کو مجرم نہیں سمجھتے۔" حمید نے کہا۔

"ابھی کچھ نہیں کہہ سکتا ویسے حالات اس کے خلاف ہیں۔"

"کیا مطلب....؟" حمید چونک کر بولا۔ "کون سے حالات! ابھی تو آپ انہیں حالات کے تحت اسے بے گناہ ثابت کرنے کی کوشش کر رہے تھے۔"

"فی الحال تو مجھے یہی کرنا ہے۔" فریدی نے کہا۔ "کل رات جس آدمی سے ہماری گفتگو ہوئی تھی اس کا نام سعید ہے۔ وہ اس پارٹی میں پیانو بجاتا ہے اور ایک اچھا آرٹسٹ ہے تمہیں یاد ہے کل دوران گفتگو اس نے ایک بات کہی تھی۔ اقبال اور دیاوتی کی شادی کے متعلق۔"

حمید کچھ سوچنے لگا۔

"اوہ....!" وہ تھوڑی دیر بعد بولا۔ "ہاں یاد ہے.... اس نے کہا تھا کہ یہ کوئی نہیں جانتا کہ ان کی شادی کن حالات میں ہوئی تھی۔"

"ٹھیک۔" فریدی بجھا ہوا سگار ایش ٹرے میں ڈالتا ہوا بولا۔ "میں کل رات سے اب تک اس کے ساتھ رہا ہوں۔"

"رات سے.... لیکن آپ تو....!"

"بظاہر سو گیا تھا؟" فریدی مسکرا کر بولا۔ "تم جانتے ہو کہ میں اس قسم کے کام تنہا ہی کرتا ہوں۔ بارہ بجے رات کو میں نے کمرہ چھوڑ دیا تھا۔ سعید بار میں بیٹھا شراب پی رہا تھا۔ بارٹنڈر اسے چھوڑ دینے کے لئے کہہ رہا تھا لیکن وہ وہیں بیٹھنے پر مصر تھا۔ بارہ بجے کے بعد یہاں شراب کی فروخت بند کر دی جاتی ہے۔ میں نے دو بوتلیں خریدی اور اُسے اس کے کمرے میں لے گیا پھر میں نے اس سے سب کچھ پوچھ لیا لیکن اگر وہ نشے میں نہ ہوتا تو شاید ایک لفظ بھی نہ بتاتا۔"

فریدی خاموش ہو گیا۔ حمید بے چینی سے اس کی طرف دیکھ رہا تھا۔

"اقبال ایک بہت زیادہ دولت مند آدمی ہے۔" فریدی تھوڑی دیر بعد بولا۔ "دیاوتی اس کی پارٹی میں ملازم تھی۔ اقبال شرابی اور حسن پرست ہے۔ ظاہر ہے کہ اس نے دیاوتی سے بھی پینگیں بڑھائی ہوں گی۔ بہر حال معاملہ کچھ بھی رہا ہو ایک دن دیاوتی نے اسے مجبور کیا کہ وہ اس کے ساتھ شادی کر لے۔ اقبال کے انکار پر اس نے عدالتی چارہ جوئی کی دھمکی دی اس نے اُسے بتایا کہ وہ ماں بننے والی ہے۔ سعید کا بیان ہے کہ اس کے علاوہ کوئی اور ان واقعات سے واقف نہیں۔ حتیٰ کہ نسیم بھی نہیں۔"

"نسیم کون؟" حمید نے پوچھا۔

"صرف یہی ایک چیز میں اس سے نہ اگلوا سکا۔ اُس نے اس کے متعلق کچھ نہیں بتایا۔ شاید یہ نام نادانستگی میں اس کے منہ سے نکل گیا تھا۔ پھر میں نے لاکھ کوشش کی کہ کچھ اور معلوم کر سکوں مگر ممکن نہ ہوا۔ بہر حال اب اس کے علاوہ اور کوئی چارہ نہیں کہ تم پروین سے دوستی پیدا کرو۔ یہ کام میں خود بھی کر سکتا ہوں لیکن یہاں میں عورتوں کے معاملے میں شروع سے محتاط رہا ہوں۔ اس لئے لوگوں کو چونکنے کا موقع نہیں دینا چاہتا۔"

دوسری عورت

اسی رات کو رقص گاہ میں رمبا کے لئے ساز بج رہے تھے۔ آج اقبال کی پارٹی کے پ
نہیں ہوئے تھے، خود ہوٹل کے منیجر نے ایک ہفتہ کے لئے انہیں رکوا دیا تھا۔

خوش پوش جوڑے رقص کے لئے اٹھ رہے تھے۔ پروین بھی ایک طرف بیٹھی تھی۔ اس سے کسی نے رقص کرنے کی درخواست نہیں کی تھی اور اقبال نشے کی وجہ سے اس قابل تھا کہ رقص کر سکے! لوگ دراصل پروین سے کترا رہے تھے۔ سب کو علم ہو گیا تھا کہ اس کے کیس سے خون آلود چھری برآمد ہوئی ہے۔

فریدی اور حمید ایک طرف بیٹھے تھے۔ اس دوران میں حمید نے کئی بار رقص کے لئے کوشش کی لیکن فریدی اسے برابر روکتا رہا۔ اس کی جان پہچان کی کئی لڑکیاں ادھر سے گ
لیکن وہ فریدی کی وجہ سے مجبور تھا۔

"حمید اس سے بہتر اور کوئی موقع ہاتھ نہیں آئے گا۔"

"کیا عبادت کا موقع۔" حمید جھلا کر بولا۔

"کیا بچوں کی سی باتیں کرتے ہو! تم جیسے سعادت مند فرزند کے لئے آوارہ اور لڑکیاں ٹھیک نہیں۔ میں نے اب تک تمہیں پروین کے لئے روک رکھا تھا۔"

"اوہ....!" حمید اچھل کر بولا۔ "میں سمجھ رہا تھا کہ شاید آپ مجھے نامحرم عورتوں کے رقص نہیں کرنے دیں گے۔"

"چلو جلدی کرو۔" فریدی اکتا کر بولا۔

حمید اٹھ کر پروین کے پاس آیا۔ وہ چونک کر اسے دیکھنے لگی۔

"کیا میں آپ سے رقص کی درخواست کر سکتا ہوں۔" حمید قدرے جھک کر آہستہ

"جی....جی۔" وہ اس سے آگے کچھ نہ کہہ سکی۔

"میں شکر گزار ہوں گا۔"

پروین کھڑی ہو گئی۔

"لیکن آپ نے اس کی جرأت کس طرح کی۔" پروین نے آہستہ سے کہا وہ دونوں

والوں کی بھیڑ میں آ گئے تھے۔

"اس میں جرأت کی کیا بات ہے۔"

"عموماً آج لوگ مجھ سے کترا رہے ہیں۔"

"لیکن مجھے یقین ہے کہ آپ کبھی کسی کو قتل نہیں کر سکتیں۔"

پروین حیرت سے حمید کی طرف دیکھنے لگی۔

"شاید آپ کو رمبا اچھی طرح نہیں آتا۔" حمید نے کہا۔ "نہیں.... داہنا.... ٹھیک بایاں نہیں پھر داہنا.... بایاں.... بایاں.... داہنا.... ٹھیک!.... ہاں تو میں یہ کہہ رہا تھا کہ آپ قاتل نہیں ہو سکتیں۔ آپ نے بہت بُرا کیا کہ اس پارٹی میں داخل ہوئیں۔ ابھی ہمارے یہاں کا ماحول اس کے لئے سازگار نہیں۔"

"آپ پولیس والوں سے بھی خائف نہیں۔" پروین نے کہا۔

"میں ملٹری کا آدمی ہوں نا۔"

"کل مجھے انتہائی پریشانی کے عالم میں بھی آپ کی باتوں پر ہنسی آتی تھی۔"

"ابھی میں انہیں اور تنگ کروں گا۔ ان گدھوں نے ہمارا نام بھی مشتبہ آدمیوں کی فہرست میں لکھ رکھا ہے۔"

"سنا ہے آج وہ آپ لوگوں کو بھی حراست میں لینے کے لئے آئے تھے۔"

"آئے تو تھے لیکن میرے ساتھی نے ان کی کافی حجامت بنائی۔"

"یعنی....!"

"اس سے باتوں میں کوئی نہیں جیت سکتا۔"

"لیکن وہ ناچ کیوں نہیں رہے ہیں۔"

"اسے ان چیزوں سے کوئی دلچسپی نہیں۔ وہ دراصل فلسفی ہے۔ اس کا خیال ہے کہ ناچوں میں شنکر ناچ سب سے بہتر ہے جس سے جسم میں توانائی آتی ہے۔ رمبا وغیرہ کو وہ مکھی مارنے کے مترادف سمجھتا ہے اور دوسری وجہ یہ بھی ہے کہ وہ عورتوں سے دور بھاگتا ہے۔"

"ٹھیک ہے میں نے انہیں ابھی تک کسی عورت سے بات کرتے نہیں دیکھا۔"

"کہہ تو دیا کہ وہ عورتوں سے اس طرح بھاگتا ہے جیسے شیر بکری سے۔"

پروین بے تحاشہ ہنس پڑی۔

"کیا میں نے کوئی بے وقوفی کی بات کہہ دی ہے۔"

"شیر بھی کہیں بکری سے بھاگتا ہے۔"

"میرا مطلب یہ تھا جیسے بکری شیر سے۔"

پروین خاموش ہو گئی۔ دونوں ناچتے رہے۔

"اقبال بڑا واہیات آدمی معلوم ہوتا ہے۔" حمید نے تھوڑی دیر بعد کہا۔

"ہوں۔"

"میں نے کبھی اُسے ہوش میں نہیں دیکھا۔"

"میں تو اب اپنی زندگی سے بیزار ہو گئی ہوں۔"

"کیوں؟"

"میں ایک دلدل میں آ پھنسی ہوں۔ شہرت اور دولت کی لالچ نے مجھے کہیں کا نہ رکھا۔"

"اب بھی کچھ نہیں بگڑا۔"

"مگر اب کیا ہو سکتا ہے۔ اقبال بڑا مکار ثابت ہوا۔ اس نے مجھ سے چھ ماہ کا کنٹریکٹ کیا ہے اگر میں علیحدہ ہوتی ہوں تو مجھ پر دعویٰ دائر کر دے گا۔"

"خیر اس کے لئے بھی کوشش کی جائے گی۔"

"کیسی کوشش۔" پروین چونک کر بولی۔

"سب سے پہلے یہ ضروری ہے کہ آپ قتل کے الزام سے بری ہو جائیں اس کے بعد ہم اس کے لئے بھی کوشش کریں گے۔"

"میں اب کسی پر اعتماد نہیں کر سکتی۔"

"یہ بہت اچھی بات ہے۔ اگر پہلے ہی سے آپ کا یہ رویہ ہوتا تو اس کی نوبت نہ آتی۔"

"آخر آپ کیوں اتنے ہمدرد ہو گئے ہیں۔"

"اس لئے کہ ہم ایک ہی کشتی پر سوار ہیں۔ ہم بھی تو مشتبہ ہیں نا۔"

"مگر آپ کے خلاف ان کے پاس کوئی واضح ثبوت نہیں ہے۔"

"تو جس کے خلاف ان کے پاس واضح ثبوت موجود ہے اس کا وہ کیا بگاڑیں گے۔"

"یعنی۔"

"یعنی یہ کہ اسے ثابت کر دینا کوئی مشکل کام نہیں کہ وہ چھری کسی اور نے آپ کے سوٹ کیس میں رکھی تھی۔"

"کیا اب میرے گرد کوئی نیا جال بنایا جانے والا ہے۔" پروین نے کہا۔

"اس کا فیصلہ مستقبل کرے گا۔" حمید مسکرا کر بولا۔

پروین پھر خاموش ہو گئی۔

"دیاوتی اور اقبال کے تعلقات کیسے تھے؟"

"میں ابھی تک اس کا فیصلہ نہیں کر سکی۔ البتہ اتنا جانتی ہوں کہ اقبال اس سے بہت ڈرتا تھا۔"

"کیوں؟"

"وہ اس پر چھائی ہوئی تھی۔"

"اس کی وجہ؟"

"وجہ میں نہیں جانتی۔"

"سعید بڑا شریف آدمی ہے۔" حمید نے کہا۔

"کیا آپ اُسے جانتے ہیں؟"

"ہلکی جان پہچان ہوئی ہے۔ میں اسے پسند کرتا ہوں۔"

"اچھا آدمی ہے۔" پروین نے کہا۔

"لیکن وہ اقبال کو پسند نہیں کرتا۔"

"اقبال کو پسند ہی کون کرتا ہے۔" پروین بولی۔

"بدکردار آدمی ہے۔"

"میں یہ بھی نہیں کہہ سکتی۔ ویسے اسے کوئی پسند نہیں کرتا۔"

"اچھا اس دیاوتی سے کسی کی آشنائی تھی۔"

"مجھے نہیں معلوم۔" پروین نے کہا اور حمید کو گھورنے لگی۔ "آپ یہ سب کیوں پوچھ رہے

"آپ کو اس دلدل سے نکالنے کے لئے۔"

"مجھے حیرت ہے کہ آپ مجھ پر اتنے مہربان کیوں ہیں۔"

"شاید آپ کو کوئی غلط فہمی ہوئی ہے۔" حمید نے کہا۔ "شاید آپ یہ سمجھتی ہیں کہ....

حمید کچھ اور کہنے جا رہا تھا کہ ساز بند ہو گئے۔ رقص کرنے والے ادھر اُدھر منتشر لگے۔ حمید پروین کے ساتھ مالتی کی جھاڑیوں کے قریب والی میزوں میں سے ایک پر بیٹھ ایک ویٹر کو اشارے سے بلا ہی رہا تھا کہ پروین بولی۔

"واضح رہے کہ میں شراب نہیں پیتی۔"

"لاحول ولا قوۃ! تو یہاں کون فاختہ کا پٹھا پیتا ہے۔"

حمید نے ویٹر کو آئس کریم کا آرڈر دیا۔

پروین اسے پُر خیال انداز میں گھور رہی تھی۔

"میرا خیال ہے کہ آپ میرے متعلق کوئی غلط رائے قائم کر رہی ہیں۔" حمید مسکرا کر پھر دفعتاً دوسری طرف مڑ کر کہنے لگا۔ "لیجئے نگرانی شروع ہو گئی۔"

"نگرانی۔ کیا مطلب۔" پروین چونک پڑی۔

"رام سنگھ کے آدمی ہمارے پیچھے لگے ہوئے ہیں۔"

"کون رام سنگھ۔"

"وہی بوڑھا انسپکٹر۔"

"اوہ.... تو آپ ہٹ جایئے۔"

"کیوں؟"

"وہ آپ لوگوں کو اور زیادہ تنگ کرے گا۔"

"اچھا فرض کیجئے! اگر میں ہی دیاوتی کا قاتل ہوں تو۔"

"آپ! نہیں.... بھلا.... آپ کیوں؟"

"ناممکن نہیں ہے۔" حمید نے کہا۔ "خیر چھوڑیئے۔ وہ آئس کریم بھی آ گئی۔"

دونوں آئس کریم کھانے لگے۔

"دیاوتی تو گانا نہیں جانتی تھی؟" حمید نے پوچھا۔

"نہیں....!"

"آپ بہت اچھا گاتی ہیں۔"

"شکریہ۔"

"آپ سے پہلے بھی تو کوئی مغنیہ ہی ہو گی اس پارٹی میں۔"

پروین بے ساختہ چونک کر حمید کو گھورنے لگی۔

"ہاں تھی تو۔"

"اس نے ملازمت ترک کر دی۔"

"لیکن آپ یہ سب کیوں پوچھ رہے ہیں۔"

"پھر کہوں گا کہ آپ کو اس دلدل سے نکالنے کے لئے۔"

"آپ کون ہیں؟"

"آپ مجھے نہیں جانتی۔" حمید مسکرا کر بولا۔ "کیپٹن سلیم۔ ایک یونٹ کے محکمہ سراغ رسانی کا انچارج۔"

"اوہ....!"

"لیکن اس سلسلے میں آپ کو اپنی زبان بند رکھنی ہو گی۔ میں مجرم اور پولیس دونوں کو مغالطے میں رکھ کر اپنا کام کرنا چاہتا ہوں۔"

"تو کیا آپ سچ مچ مجھے بے گناہ سمجھتے ہیں۔" پروین کے لہجے میں کپکپاہٹ تھی۔

"قطعی! اسی لئے تو میں سر مار رہا ہوں۔ آپ سمجھی تھیں، شاید میں بھی آپ کے فن کے پجاریوں میں سے ایک ہوں اور اس طرح آپ سے متعارف ہونا چاہتا ہوں۔ نہیں بے بی میں اتنا ڈریم فول نہیں ہوں۔"

پروین حیرت سے اس کی طرف دیکھ رہی تھی۔

"لہٰذا کہنے کا یہ مطلب ہے کہ آپ نے ابھی تک جو بات پولیس سے چھپائی ہے مجھے بتایئے۔"

"میں نے کیا بات چھپائی ہے۔" پروین نے ہونٹوں پر زبان پھیرتے ہوئے کہا۔

"نسیم....!" حمید نے اندھیرے میں تیر پھینکا۔

"تو آپ سب کچھ جانتے ہیں۔" وہ آہستہ سے بولی۔

"بیٹھ جاؤ، بیٹھ جاؤ۔" حمید اپنے جوش پر قابو پانے کی کوشش کرتا ہوا بولا۔ شاید اندھیرے میں پھینکا ہوا تیر نشانے پر بیٹھا تھا، اس خیال سے اس کا دم گھٹنے لگا کہ اب وہ بھی فریدی پر اپنی کارگزاری کا رعب ڈالے گا۔

"میں آپ کی زبان سے سننا چاہتا ہوں۔" اس نے کہا۔

پروین تھوڑی دیر تک کچھ سوچتی رہی پھر بولی۔

"جی ہاں.... وہی مجھ سے پہلے بحیثیت مغنیہ پارٹی میں کام کرتی تھی لیکن وہ واقعہ میرے سامنے نہیں پیش آیا تھا۔"

"کون سا واقعہ؟"

"جب آپ جانتے ہی ہیں تو.....!"

"ممکن ہے کوئی بات مجھے نہ بھی معلوم ہو۔" حمید اس کی بات کاٹ کر بولا۔

"یہ واقعہ پارٹی کے ہر آدمی کو معلوم ہے لیکن...... اپنے عادات واطوار کی بناء پر پارٹی میں اتنی مقبول تھی کہ پولیس کو بیان دیتے وقت کسی نے اس واقعے کا تذکرہ نہیں کیا۔"

حمید پائپ سلگانے لگا۔ پروین تھوڑے توقف کے بعد پھر بولی۔

"نسیم اقبال کو بے حد چاہتی تھی اور اقبال بھی اسے چاہتا تھا، میں آپ سے لوگوں کا خیال بتا رہی ہوں۔ ویسے میں اقبال کے متعلق کوئی اچھی رائے نہیں رکھتی۔ ہاں تو اقبال نے نسیم سے شادی کا وعدہ کیا تھا اور پھر جب ایک دن یہ بات مشہور ہوئی کہ اقبال نے دیاوتی سے شادی کرلی تو نسیم کئی گھنٹے تک پاگلوں کی طرح اول فول بکتی رہی پھر اسی شام کو جب کہ اقبال اور دیاوتی پارٹی کے کچھ آدمیوں کے ساتھ چائے پی رہے تھے نسیم غصے میں بھری ہوئی اندر داخل ہوئی اس کے ہاتھ میں خنجر تھا جس سے اس نے دیاوتی پر حملہ کردیا لیکن کامیاب نہ ہوئی۔ لوگوں کا بیان ہے کہ وہ اس وقت ہوش میں نہ تھی۔ اسی رات کو سعید اسے لے کر کہیں چلا گیا۔ دوسرے دن واپسی پر اس نے بتایا کہ وہ اسے اس کی ماں کے پاس گاؤں چھوڑ آیا ہے اور یہ بھی عجیب اتفاق ہے کہ میں ہر بار ہوٹل سے باہر ہی رہی تھی لیکن آخر وہ مجھ سے کیوں ملنا چاہتی تھی۔ میں نے اس کا تذکرہ کسی سے نہیں کیا تھا ضرورت بھی کیا تھی۔ میں نے سوچا ممکن ہے دیاوتی اسے گرفتار کرادینے کی کوشش

کرے جیسا کہ وہ اس واقعے کے بعد بھی کر چکی تھی، لیکن میں نے آج اقبال سے اس کا تذکرہ کیا ہے۔ وہ کہتا ہے نسیم کو ڈھونڈھ نکالنا بہت ضروری ہے۔ آج بارہ بجے کے بعد ہم دونوں اسے یہاں کے ہوٹلوں اور قیام گاہوں میں تلاش کریں گے۔"

ایک اور قتل

"یہ بھی آپ نے اچھا ہی کیا کہ مجھے اپنا پروگرام بتا دیا۔"

"کیوں....؟"

"اب میں آپ کی حفاظت بھی کرسکوں گا۔" حمید نے کہا۔ "آپ کا یہ فعل غیر دانشمندانہ ہے کہ آپ نے اقبال سے بارہ بجے کے بعد ہوٹل گردی کا وعدہ کرلیا ہے۔"

پروین نے کوئی جواب نہیں دیا۔

"آپ کے علاوہ بھی کسی اور کو یہاں نسیم کی موجودگی کا علم ہے۔"

"اس کے متعلق میں کیا کہہ سکتی ہوں۔"

"اچھا ایک اور بات؟ کیا دیاوتی کا رویہ آپ کے ساتھ بھی خراب تھا۔"

"نہیں! لیکن وہ اس بات کی کڑی نگرانی رکھتی تھی کہ میں اقبال کے ساتھ کہیں جانہ پاؤں۔"

"اوہ....!" حمید کچھ سوچتا ہوا بولا۔ "لیکن کل اس نے آپ کو کیوں ٹوکا نہیں تھا۔ یہ معلوم ہوجانے کے بعد کہ آپ بغرض تفریح کہیں جارہی ہیں۔ اس نے یہ معلوم کرنے کی کوشش کی تھی یا نہیں کہ آپ تنہا جارہی ہیں یا کوئی اور بھی آپ کے ساتھ جائے گا۔"

"نہیں قطعی نہیں۔"

"حیرت ہے۔"

پروین حمید کو غور سے دیکھنے لگی۔

"کیا آپ اندازاً یہ بتا سکتی ہیں کہ وہ کس کا انتظار کررہی تھی۔"

"اس کے متعلق کچھ نہیں کہہ سکتی! آپ پھر بھول رہے ہیں کہ اس پارٹی میں شامل ہوئے

چند ہی روز گزرے ہیں۔"

دونوں خاموش ہوگئے۔ پروین تھوڑی دیر تک بیٹھی رہی پھر اٹھتی ہوئی بولی۔

"اچھا اب میں اجازت چاہوں گی۔"

"بہتر ہے لیکن میرے متعلق اقبال کو بھی کچھ نہ معلوم ہونا چاہئے۔"

"حتیٰ الامکان یہی کوشش کروں گی۔"

"شکریہ۔"

پروین چلی گئی۔ حمید نے ادھر اُدھر دیکھا فریدی کی میز یہاں سے کافی فاصلے پر تھی اور ایک سدابہار درخت کی اوٹ میں پڑ گئی تھی۔ حمید اٹھ کر اس کی طرف روانہ ہوگیا۔

فریدی کافی کی پیالی سامنے رکھے اونگھ رہا تھا۔

"آج تو میں نے کمال کر دیا۔" حمید بیٹھتا ہوا بولا۔

"کسے حلال کر دیا۔"

"حلال نہیں کمال۔"

"کون کمال۔ کیا احمد کمال۔ مگر وہ تو میرا ہی نام ہے۔"

"سمجھا۔" حمید مسکرا کر بولا۔ "خیر جناب اس بار میدان میرے ہاتھ رہا۔"

"اچھا....!" فریدی آنکھیں پھاڑ کر بولا۔ "میدان تمہارے ہاتھ رہا۔ گویا میدان نہ ہوا کسی آوارہ لڑکی کا ہاتھ ہوگیا۔"

"تو آپ اس وقت کچھ سننے کے موڈ میں نہیں ہیں۔" حمید اکتا کر بولا۔

"کیوں نہیں! ضرور سنوں گا۔ کچھ بھی سناؤ۔ ٹھمری، دادرا، اساوری، بھیرویں، میاں کی ٹوکری، شیام کلیان، سوہنی حتیٰ کہ قوالی تک سننے کے موڈ میں ہوں۔"

"کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ نسیم کون ہے۔" حمید نے اکڑ کر پوچھا۔

"ہاں کیوں نہیں ایک خوبصورت سی لڑکی۔ اسی پارٹی میں پروین سے پہلے مغنیہ تھی۔"

حمید حیرت سے فریدی کی طرف دیکھنے لگا۔

"اور یہ بھی بتا سکتا ہوں کہ اس کی علیحدگی کس طرح عمل میں آئی تھی۔ نہ وہ دیاوتی پر خنجر سے حملہ کرتی اور نہ اسے اس کے گاؤں پہنچایا جاتا۔"

"تو آپ پہلے سے جانتے ہیں۔" حمید نے جھینپی ہوئی مسکراہٹ کے ساتھ کہا وہ کچھ سوچ رہا
دفعتاً اُسے خیال آیا کہ ابھی ایک اطلاع اور باقی ہے۔"

"اور کچھ۔" فریدی نے سگار سلگاتے ہوئے کہا۔

"کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ اقبال بارہ بجے کے بعد پروین کو کہاں لے جائے گا۔"

"یہ بھی بہت پرانی اطلاع ہے۔" فریدی مسکرا کر بولا۔ "وہ دونوں آج نسیم کی تلاش میں لیں گے وہ یہیں کہیں مقیم ہے اور کئی بار پروین سے ملنے کی کوشش کر چکی ہے اور بتاؤں تم بالکل وہو۔ تم یہ بتائے بغیر پروین سے کچھ نہیں معلوم کر سکے کہ تم کسی خیالی فوجی یونٹ کے محکمہ سراغ رسانی کے انچارج رہ چکے ہو۔ یہ ایک فنی غلطی تھی خیر بہر حال مجموعی حیثیت سے یہ انٹرویو برا نہیں رہا۔ ہاں ایک بہت زیادہ کام کی بات تم نے نہیں پوچھی۔"

حمید حیرت سے اُس کی طرف دیکھ رہا تھا اس کے خاموش ہوتے ہی چونکا۔

"کیا....؟"

"تمہیں یہ معلوم کرنے کی کوشش کرنی چاہئے تھی کہ آخر سعید ہی کیوں نسیم کو اس کے گاؤں لے گیا تھا۔ ان دونوں کے تعلقات کس قسم کے تھے۔"

"مگر آپ کو یہ سب کیسے معلوم ہوا۔" حمید بے چینی سے بولا۔

"میرے ہمزاد نے بتایا ہے۔" فریدی ہنس کر بولا۔ "میں کسی جاسوسی ناول کے سراغ رساں کی طرح سب کچھ جانتا ہوں۔"

"بتائیے نا!" حمید اکتا کر بولا۔

"تم خود ہی بتاؤ۔"

حمید فریدی کو گھورنے لگا۔

"سوچو.... سوچو.... ذہن پر زور دو۔"

"چھوڑیئے.... میں خواہ مخواہ درد سری کیوں مول لوں۔"

"کوئی خاص بات نہیں تھی۔" فریدی مسکرا کر بولا۔ "میں نے ابھی ابھی یہ ساری باتیں معلوم کی ہیں۔ میں تمہارے قریب ہی بیٹھا ہوا تھا۔"

"کہاں؟" حمید چونک کر بولا۔

"مالتی کی جھاڑیوں میں۔"

"ہوں۔" حمید منہ سکوڑ کر بولا۔ "بھلا اس کی کیا ضرورت تھی۔"

"ابھی کچے ہو۔" فریدی نے مسکرا کر کہا اور بجھا ہوا سگار سلگانے لگا۔

"لیکن اگر رام سنگھ کے کسی آدمی نے آپ کو جھاڑیوں میں چھپتے ہوئے دیکھ لیا ہو۔" نے کہا۔

"ممکن ہے دیکھا ہو! اگر ایسا ہوا تو اور بھی اچھا ہے۔"

"کیوں؟"

"اس طرح وہ ہم دونوں کی کڑی نگرانی شروع کر دیں گے۔"

"اس سے فائدہ؟"

"چھوڑو اس بحث کو۔ وہ دیکھو تمہاری چھوکریاں ادھر آرہی ہیں اب تمہیں چھٹی۔ جاسکتے ہو۔" فریدی نے ہاتھ ہلا کر کہا۔

حمید فریدی کو گھورتا ہوا اٹھ گیا۔

رقص کی موسیقی پھر شروع ہو گئی تھی۔ لوگ آہستہ آہستہ میزوں سے اُٹھ کر رقص گا طرف جا رہے تھے۔ حمید اپنی جان پہچان والی لڑکیوں میں سے ایک کے ساتھ ناچنے لگا۔ اس طبیعت بدمزہ ہو گئی تھی۔ وہ سمجھا تھا کہ فریدی اس وقت اس کی پیٹھ ٹھونکے گا مگر مایوسی کے ا ہی چھینٹے نے اس کا سارا جوش ٹھنڈا کر دیا۔

فریدی چپ چاپ بیٹھا ناچنے والوں کا جائزہ لے رہا تھا۔ اس کی نظریں زیادہ تر ڈانسنگ ہا کے آرٹسٹوں پر پڑ رہی تھیں۔ اس وقت اقبال اور سعید کے علاوہ سب رقص میں حصہ لے ر تھے اقبال تو نشے میں تھا لیکن سعید نہ جانے کیوں سب سے الگ تھلگ ایک گوشے میں تنہا تھا۔ اس وقت اس نے شراب بھی نہیں پی تھی۔ فریدی کی نظریں شام ہی سے اس پر تھیں۔ ا کا اندازہ تو اس نے پچھلی ہی رات کو لگا لیا تھا کہ وہ زیادہ پینے کا عادی نہیں ہے۔

فریدی تھوڑی دیر تک بیٹھا کچھ سوچتا رہا پھر اٹھ کر سعید کی میز کی طرف بڑھا۔ سعید ا دیکھ کر بے ساختہ چونک پڑا۔

"معاف کیجئے گا۔" فریدی بیٹھتا ہوا بولا۔ "میرا خیال ہے کہ شاید پچھلی رات کو میں اپنا سگار لائٹر آپ کے کمرے میں چھوڑ آیا تھا۔"

"مجھے نہیں معلوم! دیکھوں گا۔" اس نے فریدی کو گھورتے ہوئے کہا۔ "رات میری حالت خراب تھی۔ کیا آپ ہی نے مجھے میرے کمرے میں پہنچایا تھا۔"

"جی ہاں۔"

"میں اس تکلیف کی معافی چاہتا ہوں۔"

"کوئی بات نہیں اکثر ایسا ہو جاتا ہے۔" فریدی نے کہا۔

"سعید میز پر نظریں جمائے خاموش بیٹھا تھا۔"

"آپ پیانو بہت اچھا بجاتے ہیں۔" فریدی نے کہا۔

"جی۔" وہ چونک کر بولا۔ پھر زبردستی مسکرانے کی کوشش کرنے لگا۔ "بس یونہی ٹوٹا پھوٹا بجا لیتا ہوں۔ ویسے فن تو ایک بحر ذخار ہے۔"

"کچھ بھی ہو! مجھے آپ کی پارٹی کے سارے فنکار باکمال معلوم ہوتے ہیں۔" فریدی نے کہا۔

سعید نے کوئی جواب نہ دیا۔ وہ خاموشی سے رقص کرنے والوں کی طرف دیکھ رہا تھا۔ فریدی سگار سلگانے کے بعد پھر اس کی طرف مخاطب ہوا۔

"اس افسوس ناک حادثے کی وجہ سے ہم اتنے اچھے اچھے پروگراموں سے محروم ہو گئے۔" وہ پھر بولا۔

سعید پھر چونک کر فریدی کی طرف دیکھنے لگا۔

دفعتاً فریدی کی توجہ اس کی طرف سے ہٹ کر رقص کرنے والوں کی طرف مبذول ہو گئی۔ پارٹی والوں میں سے ایک کم ہو گیا تھا اور اقبال بھی اپنی جگہ پر نہیں تھا۔ پھر اس نے حمید کو بھی مجمع سے نکل کر عمارت کی طرف جاتے دیکھا۔

"وہ صاحب جو وائلن بجاتے ہیں ان کا کیا نام ہے۔" فریدی نے پلٹ کر سعید سے پوچھا۔

"وحید.....!"

"وہ بھی اپنے فن کے ماہر ہیں۔ مجھے بھی وائلن سے تھوڑا بہت شوق ہے۔"

سعید پھر اسے گھورنے لگا۔

"معاف کیجئے گا۔" وہ دفعتاً اٹھتا ہوا بولا۔ "مجھے ذرا ایک کام یاد آ گیا۔ میں آپ کا سگار لائٹر ضرور تلاش کروں گا۔"

"اوہ! کوئی بات نہیں۔" فریدی نے مسکرا کر کہا۔ "میں تو یونہی خواہ مخواہ آپ کا وقت برباد کر رہا تھا۔"

"یہ بات نہیں۔" سعید اخلاقاً دانت نکال کر بولا۔ "میں معافی چاہتا ہوں۔"

وہ چلا گیا۔

فریدی کے ہونٹوں پر ایک پُر اسرار مسکراہٹ رقص کر رہی تھی۔

وہ بھی اٹھ کر ٹیلی فون بوتھ کے قریب آیا۔ تھوڑی دیر تک کھڑا اِدھر اُدھر دیکھتا رہا پھر اندر جا کر ڈائل پر نمبر ملانے لگا۔

"ہیلو! کون بول رہا ہے اوہ ماتھر!.... میں ف بول رہا ہوں۔ پیراڈائیز سے دیکھو، مجھے ابھی اور اسی وقت ایک کار چاہئے.... مگر وہ تمہاری نہ ہو.... یہاں بھجوا دو.... ڈرائیور سے کہہ دو کہ کار یہاں چھوڑ کر واپس جائے.... پہچان کے لئے مجھے کار کا نمبر بتا دو۔ ہاں.... ہاں.... کیا.... تین سو سات.... بھئی پھر کہو میں نے سنا نہیں۔ تین سو ساٹھ.... اچھا شکریہ.... صبح تک کار واپس بھجوا دی جائے گی۔" فریدی ریسیور رکھ کر باہر نکل آیا۔

رقص گاہ میں حمید سے مڈبھیڑ ہو گئی۔ وہ تنہا تھا اور ایک میز پر ہاتھ ٹیکے کھڑا کچھ سوچ رہا تھا۔ فریدی کو دیکھتے ہی وہ سیدھا کھڑا ہو گیا۔

"ایک دلچسپ اطلاع۔" وہ آہستہ سے بولا۔ "میں نے اس وقت ایک ایسا منظر دیکھا ہے کہ اگر الجھن کا مریض ہوتا تو میرا ہارٹ فیل ہو جانا یقینی تھا۔"

"ہوں؟" فریدی نے سوالیہ انداز میں کہا۔

"وہ جو وائلن بجاتا ہے نا....!"

"وحید؟"

"ہاں.... وہی! اقبال اس وقت اس کا تعاقب کر رہا تھا اور سعید اقبال کا اور لطف یہ ہے کہ وہ تینوں اس سے بے خبر تھے کہ ان کا تعاقب کیا جا رہا ہے اور پھر آخری آدمی یعنی میں نے یہ دیکھا کہ

تینوں اپنے اپنے کمروں میں بند ہو گئے۔"

"پروین بھی کہیں دکھائی دی تھی۔" فریدی نے پوچھا۔

"نہیں۔"

"پروین پر خاص طور سے نظر رکھنا۔" فریدی نے کہا۔

"کیوں؟"

"پھر تم نے مجھ سے سوالات کرنے شروع کئے۔" فریدی بگڑ کر بولا۔ "جو میں کہوں وہ کرو۔"

"آپ مجھ سے کہئے کہ سر کے بل کھڑے ہو جاؤ تو کیا سچ مچ سر کے بل کھڑا ہو جاؤں گا۔"

"فضول بکواس کا وقت نہیں جاؤ۔"

اسی رات کے بارہ بجے دو کاریں پہاڑیوں میں چکرانے والی سنسان سڑکوں پر فراٹے بھر رہی تھیں۔ اگلی کار کی ہیڈ لائیٹس روشن تھیں لیکن پچھلی کار کی ساری روشنیاں گل کر دی گئی تھیں۔ وہ دونوں کاریں اسی طرح آگے پیچھے چلتی رہیں۔ اگلی کی رفتار سست ہوتے ہی پچھلی کار روک دی جاتی۔ اگلی کار رام گڈھ کے متعدد ہوٹلوں کے سامنے رک چکی تھی۔ اگلی کار میں اقبال اور پروین تھے اور دوسری میں فریدی اور حمید! اقبال اور پروین نے اب تک کئی ہوٹل دیکھ ڈالے تھے۔

اب ان کی کار بالی کیمپ کی طرف جا رہی تھی۔ یہاں بھی وہ ایک چھوٹے سے ہوٹل کے سامنے پہنچ کر رکے یہاں قرب و جوار میں دو ایک چھوٹے موٹے کارخانے تھے جہاں رات میں بھی کام ہوتا تھا اس لئے یہ ہوٹل رات بھر کھلا رہتا تھا۔ پروین اور اقبال اتر کر اندر چلے گئے۔ فریدی نے اپنی کار دور درختوں کے نیچے کھڑی کر دی تھی اور وہ بھی اتر کو ہوٹل کی طرف بڑھے انہوں نے لمبا سفر کرنے والے سیاحوں کا حلیہ بنا رکھا تھا۔ ان کے کوٹ میلے تھے اور پتلونوں کی کریز غائب تھی۔ بالوں پر گرد جمی ہوئی تھی۔ انہوں نے اپنے چہروں میں بھی تھوڑی سی تبدیلی کی تھی اور آسانی سے پہچانے نہیں جا سکتے تھے جس وقت وہ ہوٹل میں داخل ہوئے انہوں نے کاؤنٹر پر بیٹھی ہوئی ایک بوڑھی عورت کو اقبال اور پروین سے گفتگو کرتے دیکھا۔ وہ چپ چاپ ایک کونے میں بیٹھ گئے۔ اقبال ہوٹل کے رجسٹر پر جھکا ہوا تھا۔ دفعتاً وہ چونک کر پروین کی طرف مڑا۔

"یہ دستخط اسی کے ہیں۔"

فریدی نے اطمینان کا سانس لیا اور بوڑھی عورت کو مخاطب کر کے کافی کا آرڈر دیتا ہوا سلگانے لگا۔ پروین اور اقبال نے بھی انہیں دیکھا لیکن کوئی اہمیت نہ دی اور پھر دونوں رہ جھک گئے۔

"مگر یہ ابھی تک واپس نہیں آئی۔" بوڑھی نے اقبال سے کہا۔

"کوئی بات نہیں، ہم انتظار کریں گے۔" اقبال نے کہا اور پروین سمیت ایک میز کے قر بیٹھ گیا۔

اقبال تھوڑی دیر تک بیٹھا اونگھتا رہا پھر اچانک پروین سے بولا۔

"وہ میری کار پہچانتی ہے! کیوں نہ میں کار کو اندھیرے میں کھڑی کر آؤں.... ہو سکتا ہے وہ میری کار پہچان کر واپس چلی جائے۔"

پروین نے سر ہلا دیا۔ اقبال کے چلے جانے کے بعد اس نے میز پر ٹھوڑی ٹیک کر آنکھیں کرلیں اور حمید کرسی پر پہلو بدلنے لگا۔

"اوہ.... ذرا دیکھئے.... خدا کی قسم وہ بچوں کی طرح معصوم دکھائی دیتی ہے۔"

فریدی نے کوئی جواب نہ دیا وہ خاموشی سے کافی پی رہا تھا۔

آدھا گھنٹہ گذر گیا لیکن اقبال واپس نہ آیا۔ پروین بے چینی سے کرسی پر پہلو بدل رہی اس کی نگاہیں بار بار دیوار سے لگی ہوئی گھڑی کی طرف اٹھ رہی تھی۔ پندرہ منٹ اور گذر دفعتاً اقبال کچھ گھبرایا ہوا اندر داخل ہوا۔ اس نے دروازے ہی سے پروین کو اشارے سے پروین اٹھ کر اس کی طرف بڑھی اور وہ اس کا ہاتھ پکڑ کر باہر نکل گیا۔ بوڑھی حیرت سے طرف دیکھنے لگی۔

فریدی نے بھی اٹھ کر بل ادا کیا اور دونوں باہر نکل آئے۔ درختوں کے نیچے اقبا اسٹارٹ کرنے کی کوشش کر رہا تھا پھر وہ گالیاں بکتا ہوا نیچے اتر آیا۔

"تم اسٹیئرنگ لو میں دھکا دیتا ہوں۔" اس نے پروین سے کہا۔ "اس کم بخت کو بھی اس خراب ہونا تھا۔"

اس نے کار کو دھکا دینا شروع کیا۔ لیکن یہ اکیلے اس کے بس کی بات نہ تھی۔

آخر وہ تھک ہار کر پائیدان پر بیٹھ گیا۔

"میں چاہتا تھا کہ تمہیں ہوٹل پہنچا کر پھر واپس آجاؤں۔ میں نہیں چاہتا کہ پولیس اس وقت تمہیں میرے ساتھ دیکھے۔"

"لیکن اسے کس نے قتل کیا؟" پروین اندر سے بولی۔ "آپ اب تک کہاں تھے؟"

"اوہ! یہ نہ پوچھو! اس کی لاش ادھر چٹانوں میں پڑی ہوئی ہے۔" وہ ایک طرف اشارہ کر کے "کسی نے اس کا پیٹ پھاڑ دیا ہے۔ اُف میرے خدا! ہائے کیسی کیسی حسینائیں قتل ہو رہی ہیں۔ اوہ بے بی۔ میں پاگل ہو جاؤں گا۔"

"لیکن آپ اُدھر کیا کرنے گئے تھے۔" پروین نے پوچھا۔

"میں نے چیخ سنی تھی! مجھے ایسا محسوس ہوا جیسے وہ نسیم کی چیخ ہے۔ میں اُدھر بھاگا مگر.... یا خدا وہ منظر میرے ذہن سے محو کر دے.... بے بی پھر اسٹارٹ کرو، میرا دم گھٹ رہا ہے۔"

پروین نے کار اسٹارٹ کی اس بار انجن اسٹارٹ ہو گیا۔

"شکر ہے۔" اقبال نے اٹھتے ہوئے کہا، پروین دوسری طرف سرک گئی اور اقبال نے اسٹیئرنگ سنبھال لیا۔ کار چل دی۔

تھوڑی دیر چٹانوں میں بھٹکنے کے بعد فریدی اور حمید سچ مچ ایک لاش تک پہنچ گئے۔ یہ ایک معمولی طور پر حسین اور نوجوان عورت تھی۔ کسی بے رحم نے اس کا پیٹ چاک کر دیا تھا۔ اس کے پھٹے ہوئے لباس سے صاف ظاہر ہو رہا تھا کہ وہ کافی جدوجہد کے بعد قتل کی گئی ہے۔ فریدی لاش پر جھک گیا۔ حمید کے ماتھے سے پسینے کی دھاریں پھوٹ نکلی تھیں، جنہیں وہ بار بار رومال سے خشک کرتا جا رہا تھا۔

ہیروں کا ہار

دوسرے دن صبح ہوٹل میں پولیس موجود تھی۔ فریدی اور حمید اپنے کمرے میں تھے۔ دفعتاً سپرنٹنڈنٹ ماتھر نے دروازے پر دستک دی۔ حمید نے دروازہ کھول دیا۔

"لو بھئی ایک اور قتل۔" ماتھر بیٹھتا ہوا بولا۔

"کیا یہاں؟" فریدی نے پوچھا۔

"نہیں.... بالی کیمپ کے قریب! لیکن مقتولہ کا تعلق بھی اقبال سے ہے۔"

"یعنی۔"

"اوہ....!"

"کسی نے رات کو بالی کیمپ سے اس قتل کی اطلاع فون سے دی تھی۔"

"کس نے؟"

"کسی نامعلوم آدمی نے؟"

"اچھا! فریدی کے لہجے میں حیرت تھی۔"

"نسیم کے کچھ کاغذات کے ذریعے معلوم ہوا کہ وہ اسی پارٹی میں ملازم تھی۔" ماتھر نے

"وہ بالی کیمپ کے کیمپ ریفرشو میں ٹھہری ہوئی تھی۔ ہوٹل کی مالکہ کا بیان ہے کہ کل را ایک بجے کے بعد ایک عورت اور ایک مرد اس کی تلاش میں آئے تھے۔"

"تو ان دونوں کا پتہ چلا۔" فریدی نے کہا۔

"نہیں.... ابھی تک نہیں چل سکا۔" ماتھر بولا۔ "رات سے اب تک جاگ رہا تقریباً چھ ماہ سے رام گڑھ میں اس قسم کے جرائم نہیں ہو رہے تھے۔ ریکارڈ اچھا خاصہ ت جانے یک بیک کیا ہو گیا اور ہاں ایک نئی بات سنو۔ ایک بار اس نسیم نے دیاوتی پر قاتلانہ ح تھا۔"

"کیا....؟" حمید نے حیرت ظاہر کی۔

"پارٹی کے دوسرے آدمی سے یہ بات پوچھ گچھ کے دوران میں معلوم ہوئی اور پھر سب اس کی تصدیق کر دی۔ ذرا سوچو تو کہ یہ کتنی اہم بات تھی۔ اسے تو پہلے ہی معلوم ہونا چاہئے

"قطعی۔" فریدی سر ہلا کر بولا۔ "لیکن یہ بات کس نے بتائی۔"

"وحید نے۔ جو پارٹی میں وائلن بجاتا ہے۔"

فریدی نے حمید کی طرف دیکھا، جو حیرت سے ماتھر کو دیکھ رہا تھا۔

"اس کیس نے سچ مچ دماغ چکرا دیا ہے۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ نسیم اقبال سے شادی چاہتی تھی۔ خود اقبال نے اس کا اعتراف کر لیا ہے۔ اچانک دیاوتی درمیان میں آجاتی ہے۔"

"تو کیا اقبال بھی نسیم کو چاہتا تھا۔" فریدی نے کہا۔

"کمال کر دیا۔ اگر وہ اسے چاہتا ہی ہوتا تو دیاوتی سے کیوں شادی کر لیتا۔" ماتھر مسکرا کر بولا۔

فریدی بھی مسکرانے لگا۔ "وہ سوچ رہا تھا کہ ان سب باتوں کے معلوم ہو جانے کے باوجود بھی پولیس کو دیاوتی اور اقبال کی شادی کے متعلق صحیح معلومات کیوں نہیں۔"

"دوسری حیرت انگیز بات۔" ماتھر تھوڑی دیر بعد بولا۔ "پارٹی والے کہتے ہیں کہ نسیم شادی شدہ نہیں تھی۔"

"کیا مطلب....!" فریدی چونک کر بولا۔

"لیکن وہ شادی شدہ تھی۔" ماتھر نے اپنی جیبوں کو ٹٹولتے ہوئے کہا۔ "یہ رہا اس کی شادی کا سرٹیفکیٹ۔"

ماتھر نے ایک لفافہ فریدی کے سامنے ڈال دیا۔ فریدی دیر تک لفافے کے اندر کے کاغذات کا جائزہ لیتا رہا۔

"یہ تمہیں ملا کہاں سے۔" فریدی نے پوچھا۔

"مقتولہ کے سوٹ کیس سے۔"

"ابھی یہ بات پولیس کے علاوہ کسی اور پر تو ظاہر نہیں ہوئی۔"

"نہیں۔"

"ٹھیک! اچھا تو دیکھو! ابھی اس کا تذکرہ کسی سے مت کرنا۔"

"اوہ تو کیا تم....!" ماتھر اچھل کر بولا۔

"ہاں ہاں میں کل رات کو جھک نہیں مارتا پھرا۔" فریدی نے سگار سلگاتے ہوئے کہا۔

"یعنی....!"

"ابھی کچھ نہیں بتا سکتا۔" فریدی نے آہستہ سے کہا۔ "پارٹی کے ہر آدمی پر پابندی لگا دو کہ وہ بغیر اجازت ہوٹل کی عمارت کے باہر قدم نہ نکالے۔"

"وہ تو میں پہلے ہی کہہ چکا ہوں۔" ماتھر نے کہا۔ "لاش دستیاب ہونے اور مقتولہ کی شناخت ہونے کے بعد ہی سے ان پر یہ پابندی لگا دی گئی ہے۔"

"اچھا تو اب ایک کام کرو۔" فریدی کچھ سوچتا ہوا بولا۔ "ان سب کو ایک جگہ بلاؤ نہیں کے

ساتھ ان لوگوں کو بھی بلاؤ جن پر دیاوتی کے سلسلے میں شبہ کیا جا چکا ہے۔ یعنی ہمیں..... ہم سے دو چار الٹے سیدھے سوالات کرنے کے بعد نسیم کی پُر اسرار شادی کا تذکرہ چھیڑ دینا۔ بس پھر میں دیکھ لوں گا۔"

فریدی بولتے بولتے یک لخت خاموش ہو گیا اس کے ماتھے پر ابھری ہوئی سلوٹیں اور سلگتی ہوئی آنکھیں چیخ چیخ کر کہہ رہی تھیں کہ وہ اس دوران میں کسی خاص نتیجے پر پہنچا ہے۔

"بس اب جاؤ۔" اس نے ماتھر کی طرف مڑ کر کہا۔ "کافی احتیاط کی ضرورت ہے۔ ان کے سامنے گفتگو کرتے وقت یہ قطعی بھول جانا کہ میں تمہارا دوست ہوں یا تم مجھے جانتے ہو۔"

ماتھر معنی خیز انداز میں سر ہلاتا ہوا چلا گیا۔

"لو بیٹے حمید صاحب! ایک نئی بات۔" فریدی آہستہ سے بولا۔ "نسیم شادی شدہ تھی اور اس کے باوجود بھی اقبال سے شادی کرنا چاہتی تھی۔ شادی کا سرٹیفکیٹ روپ نگر کے مجسٹریٹ کا تھا۔ شوہر کا نام جاوید افغان تھا۔"

"کیا وہ سرٹیفکیٹ اقبال اور دیاوتی کی شادی سے پہلے کا ہے۔" حمید نے کہا۔

"قطعی۔" ایک ہفتہ قبل کا اور اس نے دیاوتی پر قاتلانہ حملہ ان کی شادی کے بعد کیا تھا۔

"تو پھر.....!"

"اس سے تو یہ نہیں معلوم ہوتا کہ اس حملے کی وجہ رقابت رہی ہو۔"

"پھر.....!"

"یہی تو دیکھنا ہے۔"

"لیکن ماتھر کو اس قسم کی ہدایات کیوں دی ہیں۔" حمید نے پوچھا۔

"دیکھتے جاؤ۔" فریدی آہستہ سے بولا اور اٹھ کر ٹہلنے لگا۔

حمید بھی کچھ سوچ رہا تھا۔ تھوڑی دیر بعد وہ بولا۔

"بے چاری پروین کا کیا ہوگا؟"

فریدی اُسے پُر خیال انداز میں دیکھتا ہوا بیٹھ گیا۔

دفعتاً دروازے پر کسی نے دستک دی۔ یہ ایک پولیس کانسٹیبل جو سپرنٹنڈنٹ ماتھر کے حکم کے مطابق ان دونوں کو بلانے کے لئے آیا تھا۔

"تمہارے انسپکٹر رام سنگھ کہاں ہیں۔"

"بالی کیمپ۔"

"کیمپ ریفر شو میں۔"

"ہاں۔"

"اچھا تو تم چلو۔"

فریدی اور حمید نیچے اتر کر ہال میں جانے کے بجائے باہر چلے گئے۔ فریدی تیز تیز قدموں سے ٹیلی فون بوتھ کی طرف جا رہا تھا۔

"تم یہیں ٹھہرو۔" اس نے حمید سے کہا اور بوتھ کا دروازہ کھول کر اندر چلا گیا۔

"ہیلو.....!" اس نے ماؤتھ پیس میں کہا۔ "اوہ اچھا، رام سنگھ کو فون پر بلاؤ۔ رام سنگھ! میں ماتھر بول رہا ہوں۔ ہوٹل کی مالکہ کو لے کر فوراً آؤ! پیراڈائیز میں۔"

حمید حیرت سے اس کی آواز سن رہا تھا لیکن وہ کچھ بولا نہیں۔ وہ جانتا تھا کہ فریدی اس وقت کسی قسم کی وضاحت کے موڈ میں نہیں ہے۔

دونوں اس کمرے میں داخل ہوئے جہاں ڈانسنگ پارٹی کے سارے افراد اکٹھا تھے۔ اقبال اور پروین ضرورت سے زیادہ ست اور لاغر نظر آ رہے تھے۔ ماتھر نے فریدی اور حمید کو گھور کر دیکھا۔

"آپ لوگ کانسٹیبل کے ساتھ ہی کیوں نہیں آئے۔" ماتھر نے پوچھا۔

"مجھے افسوس ہے۔" فریدی قدرے جھک کر بولا اور ایک کرسی پر بیٹھ گیا۔ ماتھر اسے احمقوں کی طرح گھور رہا تھا۔

حمید کے پیٹ میں لڈو پھوٹ رہے تھے۔ نہ جانے اس نے کس طرح اپنی ہنسی ضبط کر رکھی تھی۔ ماتھر اس وقت اس دنیا کا احمق ترین آدمی معلوم ہو رہا تھا۔ اتنا تجربہ کار ہونے کے باوجود بھی وہ اجنبیت کی ایکٹنگ نہیں کر سکتا تھا۔ فریدی الگ بور ہو رہا تھا۔ اسے خوف تھا کہ کہیں اس کی ساری اسکیم ہی چوپٹ نہ ہو جائے۔

دفعتاً ایک سب انسپکٹر کمرے میں داخل ہوا۔ اس نے ماتھر کے ہاتھ میں کوئی چیز دیتے ہوئے آہستہ آہستہ کچھ کہنا شروع کیا۔ ماتھر کی پیشانی پر سلوٹیں ابھری آ رہی تھیں۔ پھر اس نے سر کے

اشارے سے سب انسپکٹر کو وہاں سے ہٹادیا۔ ماتھر کی ہتھیلی پر سونے کا ایک چھوٹا سا پھول تھا جس کے درمیان ایک ہیرا جگمگا رہا تھا۔

"اوہ....!" اقبال بے اختیارانہ اچھل پڑا۔

"کیوں؟ کیا اسے پہچانتے ہو۔" ماتھر نے کڑے لہجے میں پوچھا۔

"کیوں نہیں.... یہ دیاوتی کے ہار کا معلوم ہوتا ہے۔"

"لیکن جانتے ہو یہ کہاں ملا ہے؟" ماتھر نے پوچھا۔

اقبال اسے احمقوں کی طرح گھورنے لگا۔

"یہ نسیم کی داہنی مٹھی میں جکڑا ہوا تھا اور ابھی پوسٹ مارٹم کے وقت نکالا گیا ہے۔!"

"اوہ.... لیکن.... لیکن۔" اقبال خوفزدہ نظروں سے اس کی طرف دیکھنے لگا۔

دفعتاً فریدی کی نظریں ایک آدمی کی طرف اٹھیں، جو حیرت سے آنکھیں پھاڑے خلاء گھور رہا تھا۔

"میں نہیں جانتا کہ وہ اس کے ہاتھوں میں کیونکر پہنچا۔" اقبال آہستہ سے بڑبڑایا۔

"کیا یہ تمہارا خریدا ہوا تھا؟" ماتھر نے پوچھا۔

"نہیں.... میں نہیں جانتا کہ وہ اُسے کہاں سے ملا تھا لیکن وہ اکثر اسے پہنا کرتی تھی۔"

"ضروری ہے کہ یہ دیاوتی ہی کا ہو۔"

"میں وثوق کے ساتھ کہہ سکتا ہوں۔ لیکن وہ ہار اس کے زیورات میں موجود نہیں ہے۔"

"تو اس کی اطلاع پولیس کو پہلے ہی کیوں نہیں دی گئی۔" ماتھر کڑک کر بولا۔

"ممکن ہے وہ اسی ہار کے لئے قتل کی گئی ہو۔" "آپ کے خلاف فی الحال دو چارج ہیں۔ ایک تو یہ کہ آپ نے پولیس کو اس سے بے خبر رکھا کہ دیاوتی پر اس سے قبل بھی ایک بار قاتلانہ ہو چکا ہے۔ دوسرا ہار کی گمشدگی کو چھپانا۔"

ماتھر تھوڑی دیر تک کچھ سوچتا رہا پھر سب آدمیوں کو مخاطب کر کے بولا۔ "کیا آپ میں سے کوئی یہاں نسیم کی موجودگی سے باخبر تھا۔"

کسی نے کوئی جواب نہ دیا۔ لیکن پروین کے ہونٹ مضطربانہ انداز میں ہل رہے تھے۔

"تم کچھ کہنا چاہتی ہو؟" ماتھر نے اس کی طرف مڑ کر پوچھا۔

"میں جانتی تھی۔"

"تو پھر اسے اب تک چھپایا کیوں؟"

"میں کیا کر سکتی تھی۔ اس کے متعلق ساری باتیں میں نے سنی تھیں۔ یہاں وہ لوگ بھی موجود ہیں جنہوں نے اسے دیاوتی پر حملہ کرتے دیکھا تھا جب انہوں نے کچھ نہیں بتایا تو۔"

"مگر یہ تمہارا فرض تھا۔" ماتھر کا لہجہ قدرے نرم تھا۔ "لیکن تمہیں اس کی موجودگی کا علم کیونکر ہوا تھا۔ تم پہلے بتا چکی ہو کہ تم اسے پہچانتی نہیں تھی۔"

"وہ مجھ سے ملنا چاہتی تھی۔ وہ جب بھی یہاں آئی اتفاق سے میں نہ ملی۔ اس کے متعلق اسی نے مجھے فون پر بتایا تھا جس دن دیاوتی قتل ہوئی ہے اسی شام کے لئے اس نے مجھے شاردا پارک میں ملنے کی دعوت دی تھی۔"

"لیکن وہ تم سے کیوں ملنا چاہتی تھی۔"

"یہ اس نے نہیں بتایا تھا۔"

"تمہیں اس کی موجودگی کا علم تھا۔" ماتھر نے اقبال سے پوچھا۔

"پروین ہی نے مجھے دیاوتی کے قتل کے بعد بتایا تھا۔" اقبال نے ہچکچاتے ہوئے کہا۔

"اور اس پر بھی...." ماتھر پھر گرجا لیکن اس کی بات ادھوری رہ گئی۔ کیونکہ وہ اچانک رام سنگھ کی طرف مخاطب ہو گیا، جو دروازے میں کھڑا کھانس رہا تھا۔

"حضور وہ آگئی ہے۔" رام سنگھ نے کہا۔

"کون! کیا مطلب۔"

"مسز بولڈو۔"

"کیوں؟ کیا میں نے اسے بلایا تھا؟" ماتھر کے لہجے میں حیرت تھی۔

"حضور نے ابھی فون پر۔"

"میں نے۔" دفعتاً ماتھر کی نظریں فریدی کی طرف اٹھ گئیں، جو اپنے مخصوص انداز میں مسکرا رہا تھا۔

"بلاؤ.... بلاؤ اسے۔" ماتھر گڑگڑا کر بولا۔

ہوٹل کی مالکہ کمرے میں داخل ہوئی وہ کچھ خائف سی نظر آرہی تھی جیسے ہی اس کی نظریں

پروین اور اقبال پر پڑیں اس کے منہ سے بے ساختہ چیخ نکل گئی۔

"یہی دونوں تھے۔" اس نے ان کی طرف اشارہ کر کے کہا۔

"کیا....؟" ماتھر بیتابانہ انداز میں بولا۔

"یہی دونوں کل رات کو مقتولہ کی تلاش میں تھے۔"

"تیسرا چارج۔" ماتھر گرج کر بولا۔

اقبال اور پروین کے چہروں پر ہوائیاں اڑ رہی تھیں۔ اقبال آنکھیں بند کر کے کرسی کی پشت سے ٹک گیا۔

"معاملہ صاف ہو گیا۔" ماتھر حاضرین پر فاتحانہ انداز میں نظریں ڈالتا ہوا غرایا۔ "ہیروں کے ہار کے لئے نسیم نے دیاوتی کو قتل کیا اور نسیم کو کوئی قتل کر کے اس سے وہ ہار لے گیا۔ میں اچھی طرح جانتا ہوں کہ وہ کون ہے۔"

اس نے پھر خاموش ہو کر چاروں طرف نظریں دوڑائیں سب کے منہ فق ہو رہے تھے۔

"میں جانتا ہوں! وہ کون ہے۔" وہ آہستہ سے بڑبڑایا۔ پھر اقبال کی طرف ڈرامائی انداز میں اشارہ کر کے چیخا۔ "وہ تم ہو! اور تم.... لڑکی۔ میں تم سے کہہ رہا ہوں تم اس سازش میں برابر کی شریک تھی۔"

پروین کے چہرے پر زردی چھا گئی۔ اس نے بے بسی سے حمید کی طرف دیکھا جو دل ہی دل میں فریدی پر تاؤ کھا رہا تھا۔

"اور....!" ماتھر مکارانہ انداز میں مسکرا کر بولا۔ "مجھے ایک سوال کا جواب چاہئے۔"

لوگ مستفسرانہ نظروں سے اس کی طرف دیکھنے لگا۔

"کیا نسیم شادی شدہ تھی۔" ماتھر نے کڑک کر پوچھا۔

"ہر گز نہیں.... ہر گز نہیں۔" کئی آوازیں آئیں۔

"وہ شادی شدہ تھی۔" ماتھر پھر ڈرامائی انداز میں مسکرایا۔

انتہائی پریشانیوں کے باوجود بھی اقبال اور پروین کی آنکھیں متحیرانہ انداز میں اپنے حلقوں سے ابل پڑیں۔

"وہ جاوید کی بیوی تھی۔" ماتھر کے منہ سے جملہ نکلتے ہی فریدی کی تیز نظریں مجمع پر دوڑتی

چلی گئیں اور پھر دفعتاً وہ اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔

"کیوں؟" ماتھر متحیر آمیز لہجے میں بولا۔

"جاوید افغان میں ہی ہوں۔" فریدی بھرائی ہوئی آواز میں رک رک کر بولا۔

پُر اسرار شوہر

اچانک ایک وحشیانہ قہقہہ سنائی دیا۔ اتنا وحشت خیز کہ سننے والوں کے رونگٹے کھڑے ہو گئے۔ پارٹی پیانسٹ سعید بے تحاشہ ہنس رہا تھا اور پھر ایک جھٹکے کے ساتھ اس کی گردن کرسی کی پشت سے جا لگی۔ اس کی سرخ سرخ آنکھیں حلقوں سے ابھری پڑ رہی تھیں۔ سارے چہرے پر عجیب سی تشنجی کیفیت طاری تھی۔ دفعتاً وہ چیخنے لگا۔ "تم جاوید افغان ہو مکار.... فریبی.... قاتل.... سازشی.... میرا سب کچھ برباد ہو گیا۔ میں ایک ایک کو چن چن کر قتل کروں گا۔ جھوٹے تم جاوید افغان ہو۔ میرے منہ پر یہ جرأت۔"

اور پھر وہ چکرا کر زمین پر آ رہا۔

ماتھر کی حالت قابل دید تھی۔ جیسے کسی نے سر بازار اسے چپت رسید کر دی ہو۔ کبھی وہ فریدی کی طرف دیکھتا تھا اور کبھی بے ہوش پیانسٹ کی طرف۔ پروین اور اقبال تو شاید یہ بھی بھول گئے تھے کہ ان پر قتل کا الزام عاید کیا گیا ہے۔

"ڈاکٹر۔" دفعتاً ماتھر نے رام سنگھ کی طرف مڑ کر کہا۔ پھر اچانک اسے کچھ خیال آیا اور وہ مصنوعی غصے کے ساتھ فریدی کی طرف مڑا۔

"میں اس کا مطلب نہیں سمجھا۔"

"اس کا مطلب تو وہی سمجھائے گا۔" فریدی نے بے ہوش پیانسٹ کی طرف اشارہ کر کے لاپروائی سے کہا اور بیٹھ کر سگار سلگانے لگا۔

"میرے اجازت کے بغیر کوئی کمرے سے نہیں جائے گا۔" ماتھر نے حاضرین کی طرف دیکھ کر کہا۔

دو تین آدمیوں نے سعید کو فرش سے اٹھا کر ایک صوفے پر ڈال دیا۔

حمید کی نظریں پروین پر جمی ہوئی تھیں۔ پروین بھی اس کی طرف دیکھنے لگی اور حمید بے اختیار مسکرا پڑا۔ فریدی کی ساری اسکیم اب آہستہ آہستہ اس کی سمجھ میں آ رہی تھی۔ پہلے تو وہ سمجھا تھا کہ شاید اس نے کسی غلط فہمی کی بناء پر پروین کو جکڑنے کی کوشش کی ہے ورنہ اس وقت اس طرح ہوٹل کی مالکہ کو بلانے کی کیا وجہ ہو سکتی تھی۔ مگر اب وہ یہ سوچنے پر مجبور ہو گیا تھا کہ فریدی سے کسی غلطی کی توقع رکھنا سورج کے مغرب سے طلوع ہونے کی توقع سے کم احمقانہ نہیں ہے۔

کمرے میں سناٹا چھایا ہوا تھا۔ لوگوں کے سانس لینے کی آواز کے علاوہ اور کسی قسم کی آواز سنائی نہیں دیتی تھی۔ ایک جمود سا طاری تھا۔ ہر شخص اپنی جگہ پر جم کر رہ گیا تھا صرف تحیر میں ڈوبی ہوئی آنکھیں ایک دوسرے کی طرف اٹھ رہی تھیں۔

تھوڑی دیر بعد ڈاکٹر آ گیا۔ اس نے بتایا کہ سعید کی بیہوشی کسی غیر متوقع اضطراری فعل کا نتیجہ ہے وہ اسے ایک انجکشن دے کر چلا گیا۔ سب کی نظریں سعید کی طرف لگی ہوئی تھیں۔ حمید نے فریدی کی طرف دیکھا جو اپنے گردوپیش سے بے خبر خیالات میں ڈوبا ہوا سگار کا گنجان دھواں بکھیر رہا تھا لوگ حیران تھے کہ آخر وہ کیا چاہتا ہے۔ وہ کون ہے جو خود کو ان حادثات سے متعلق ظاہر کر رہا ہے؟ اور اس کی حرکات کا جو ردعمل سعید پر ہوا ہے کیا معنی رکھتا ہے۔

آہستہ آہستہ وہ ہوش میں آ رہا تھا۔ پھر وہ اٹھ کر بیٹھا لیکن اس کے چہرے پر ابھی تک دیوانگی کے آثار تھے وہ فریدی کو خونی نظروں سے گھور رہا تھا۔

"ان سب کو ہٹا دیجئے۔" اس نے ماتھر سے کہا۔ "لیکن یہ جھوٹا! اسے یہیں رہنا چاہئے، میں اس کی بوٹیاں اڑا دوں گا.... قاتل.... سازشی۔"

حمید حیرت سے کبھی فریدی کی طرف دیکھتا اور کبھی سعید کی طرف! فریدی کی حالت میں کوئی تغیر واقع نہیں ہوا تھا۔ ایسا معلوم ہو رہا تھا جیسے وہ کچھ سن ہی نہ رہا ہو۔

ماتھر نے حمید اور فریدی کے علاوہ سب کو کمرے سے ہٹا دیا۔

"تم جاوید افغان ہو۔" سعید فریدی کی طرف مکا تان کر بولا۔

فریدی مسکرا پڑا اور سعید کے منہ سے گالیوں کا طوفان امنڈنے لگا۔

"تمہیں ثابت کرنا پڑے گا کہ تم جاوید افغان ہو۔"

"میں ثابت کر دوں گا۔" فریدی نے لاپرواہی سے کہا۔

سعید پھر اسی خوفناک انداز میں ہنسا۔

"تم جاوید افغان کے سامنے کہہ رہے ہو کہ تم جاوید افغان ہو۔" سعید نے کہا۔

ماتھر بے ساختہ اچھل پڑا۔

"اگر واقعی تم جاوید افغان ہو تو اس کا ثبوت پیش کرو۔" ماتھر کے لہجے میں کپکپاہٹ تھی۔

"ثبوت! اگر آپ اس کا ثبوت چاہتے ہیں تو آپ کو میرے ساتھ کمرے تک چلنا پڑے گا۔"

سعید انہیں اپنے کمرے میں لے گیا۔ وہ ابھی تک فریدی کو کھا جانے والی نظروں سے دیکھ رہا تھا۔

"یہ رہا میرا پاسپورٹ۔" اس نے اپنا پاسپورٹ سوٹ کیس سے نکال کر ماتھر کے سامنے ڈال دیا۔ اس پاسپورٹ میں سچ مچ سعید ہی کی تصویر لگی ہوئی تھی اور نام "جاوید افغان" درج تھا۔

ماتھر نے گھور کر فریدی کی طرف دیکھا۔

"کیا ایک نام کے دو آدمی نہیں ہو سکتے۔" فریدی نے مسکرا کر کہا۔ "میرا پورا نام عابد جاوید ہے۔ آباؤاجداد کا وطن افغانستان تھا یہ اور بات ہے کہ میں نسیم کا شوہر نہ ہوں۔"

"اوہ تم....!" سعید مٹھیاں بھینچ کر بولا۔ "تم کسی نہ کسی طرح ان حادثوں کی سازش سے ضرور تعلق رکھتے ہو۔"

"غیر ضروری باتیں نہیں۔" ماتھر خشک لہجے میں بولا۔ "بیٹھ جاؤ! تمہارے ساتھی تمہارے صحیح نام سے کیوں ناواقف ہیں اور تم نے رات ہی کیوں نہیں بتایا تھا کہ نسیم تمہاری بیوی تھی۔"

"یہ ایک لمبی داستان ہے۔" اس نے مضمحل آواز میں کہا اور اپنا منہ چھپا کر بچوں کی طرح پھوٹ پھوٹ کر رونے لگا۔

ماتھر حمید اور فریدی ایک دوسرے کا منہ تک رہے تھے۔ ماتھر کی پیشانی کی سلوٹیں غائب ہو گئی تھیں اس کی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ کیا کیا جائے۔ دفعتاً خود ہی سعید نے سر اٹھا کر کہا۔

"نسیم میری بیوی تھی۔"

"اور اس کے باوجود بھی وہ اقبال سے شادی کرنا چاہتی تھی۔" ماتھر نے پوچھا۔

"ہاں....!"

"اور اسی لئے تم نے جلا کر اسے قتل کر دیا۔" فریدی بولا۔

"یہ غلط ہے قطعی غلط ہے۔" سعید آہستہ سے بڑبڑایا۔ "میں اسے کس طرح قتل کر سکتا ہوں جب کہ میں اسے اپنی جان سے زیادہ عزیز رکھتا تھا۔"

"لیکن تم نے یہ بات رات ہی کیوں نہیں بتائی۔" ماتھر نے کہا۔

"میرا دماغ خراب ہو گیا تھا۔ میں اپنے ہوش میں نہیں تھا۔ مجھے تو اسی پر تعجب ہے کہ اس کے مر جانے کے بعد میں کس طرح زندہ ہوں۔ آپ دوسری شادی کے لئے کہتے ہیں اگر وہ ایک بار شارع عام پر ننگی ہو کر بھی ناچتی تب بھی میں اسے پوجتا رہتا۔"

"لیکن دیاوتی کے ہار کا پھول۔"

"وہ ہار دیاوتی کا نہیں تھا۔" سعید ماتھر کی بات کاٹتا ہوا بے اختیار بولا۔

"دیاوتی کا نہیں تھا۔"

"ہاں وہ نسیم ہی کا تھا۔ میں نے ہی خرید کر اسے دیا۔ شادی کا تحفہ۔" سعید کی آواز پھر بھرا گئی اور اس کی آنکھوں سے آنسو جھلک آئے۔

"تم نے خریدا تھا۔" ماتھر کے لہجے میں حیرت تھی۔ "کیا قیمت تھی۔"

"بیس ہزار روپے۔"

"بیس ہزار روپے کا تم نے خریدا تھا؟" ماتھر نے طنزیہ لہجے میں دہرایا۔

"خیر یہ بات بھی ثابت کئے دیتا ہوں۔" سعید اٹھتا ہوا بولا۔ اس نے اپنا سوٹ کیس کھولا اور چند ثانئے کے بعد ماتھر کے ہاتھ میں ایک کاغذ کا ٹکڑا دیتے ہوئے کہا۔ "یہ رہی رسید روپ نگر کے سب سے بڑے جوہری کے یہاں سے خریدا گیا تھا کیا اس پر وہی تاریخ ہے جس میں ہماری شادی ہوئی تھی...." ماتھر فریدی اور حمید اسے حیرت سے دیکھنے لگے۔

"لیکن تمہارے پاس اتنی رقم کہاں سے آئی؟ یہاں تمہیں کتنی تنخواہ ملتی ہے۔" ماتھر نے پوچھا۔

"تنخواہ.... یہاں کی تنخواہ شاید میری سگرٹوں تک کا بار نہ سنبھال سکے۔"

"پھر....!"

"ریلوے کے اسٹیشنوں کی افغان ریفرشمنٹ سروس سے واقف ہیں۔"

"ہاں.... ہاں....!" ماتھر چونک کر بولا۔

"وہ افغان میں ہی ہوں۔"

"تم....!" ماتھر اچھل کر بولا۔ "اور یہاں.... اس حال میں.... مجھے یقین نہیں.... مجھے اس جاوید افغان سے ملنے کا اتفاق نہیں ہوا لیکن وہ بہت بڑا آدمی ہے۔"

"وہ چھوٹا آدمی میں ہی ہوں۔ میرے لئے اب عزت اور دولت میں کوئی فرق نہیں رہ گیا۔ نسیم کے بعد میں زندگی میں کوئی کشش نہیں محسوس کرتا۔"

کمرے میں سناٹا چھا گیا۔

"بہر حال۔" ماتھر اپنے خشک ہونٹوں پر زبان پھیرتا ہوا بولا۔ "آپ کی پوزیشن بہت خراب ہو گئی ہے۔"

"میں سمجھتا ہوں۔" سعید نے کہا۔ "اسی الجھاوے نے میری زبان بند کر رکھی ہے۔ لیکن اب مجھے سب کچھ بتانا ہی پڑے گا۔"

"ٹھہریئے۔" ماتھر اٹھتا ہوا بولا۔ "میری تحریری بیان چاہتا ہوں۔"

اس نے دروازے میں جا کر ہیڈ محرر کو آواز دی۔

اور پھر تھوڑی دیر بعد سعید اپنا بیان قلم بند کرا رہا تھا۔

"آج سے تین سال پہلے کی بات ہے۔" وہ گلا صاف کر کے بولا۔ "نسیم میری بھتیجیوں کو پیانو سکھانے کے لئے آیا کرتی تھی۔ اس وقت اس کا تعلق پارٹی سے نہیں تھا۔ میں اس میں دلچسپی لینے لگا۔ وہ ایک سنجیدہ لڑکی تھی اس لئے اس سے گفتگو کے مواقع کم نصیب ہوتے تھے۔ لہٰذا میں نے بھی اس سے پیانو سیکھنا شروع کر دیا۔ اس طرح کم از کم میری اس خواہش کی تسکین ہو جاتی تھی کہ میں اس سے کچھ دیر گفتگو کر سکوں۔"

"ٹھہریئے۔" ماتھر ہاتھ اٹھا کر بولا۔ "آپ نے یہ نہیں بتایا کہ وہ کہاں رہتی تھی اس کے والدین کون تھے؟ کہاں تھے۔"

"یہ خود مجھے بھی معلوم نہیں۔ اس نے کبھی نہیں بتایا البتہ میرا مستقل قیام دلاور نگر میں رہتا تھا، وہیں اس نے ہمارا اٹیوشن شروع کیا تھا۔ ہاں تو وہ ہمیشہ واجبی ہی گفتگو کیا کرتی تھی اس کا رکھ رکھاؤ کچھ اس قسم کا تھا کہ میں اظہار عشق کی جرأت کبھی نہ کر سکا۔ ایک سال تک ہمارا اٹیوشن کرتی

رہی اور آپ کو یہ سن کر تعجب ہوگا کہ ہماری گفتگو کبھی رسمیات سے آگے نہ بڑھی۔"

سعید بولتے بولتے خیالات کی رو میں نہ جانے کہاں بھٹک رہا تھا۔ دفعتاً ماتھر نے اسے ٹوکا۔

"آپ پارٹی میں کس طرح آئے۔"

"یہی بتانے جا رہا ہوں۔ وہیں سے میری اس کی بدبختی کا دور شروع ہوتا ہے۔ انہیں دنوں دلاور نگر میں اقبال کی ڈانسنگ پارٹی اپنے کمالات کا مظاہرہ کر رہی تھی۔ ایک دن ہمیں نسیم نے اطلاع دی کہ اب وہ ہمیں سبق نہ دے سکے گی کیونکہ وہ اقبال کی ڈانسنگ پارٹی میں شامل ہوگئی ہے۔ مجھے اس خبر سے بڑا دکھ پہنچا اور میں نے تہیہ کر لیا کہ اس پر اپنی محبت ظاہر کر کے روکنے کی کوشش کروں گا۔ میں نے اسے سب کچھ بتا دیا۔ شادی کی درخواست کی جو نہایت سرد مہری اور بے تکلفی سے ٹھکرا دی گئی۔ اس پر اپنے فن کے مظاہرے کا بھوت سوار تھا وہ چلی گئی اور میں قریب قریب دیوانہ ہوگیا۔ میں نے لاکھ چاہا کہ اس کا خیال دل سے نکال دوں مگر ناکام رہا۔ آخر میں نے دیوانہ وار ڈانسنگ پارٹی کے پیچھے دوڑنا شروع کر دیا۔ آج میں اس شہر میں کل اس شہر میں۔ نسیم نے اکثر مجھے اس سے باز رکھنے کی کوشش کی مگر مجھ پر اس کا کوئی اثر نہ ہوا۔ اتفاق سے پارٹی کے پیانسٹ کا اقبال سے کسی بات پر جھگڑا ہوگیا اور اس نے اقبال کی ملازمت ترک کر دی۔ میرے لئے میدان صاف تھا۔ میں نے ٹرائیل دے کر پیانسٹ کی جگہ حاصل کر لی۔ اس زمانے میں دیاوتی اور نسیم کے علاوہ کئی لڑکیاں اور بھی تھیں..... خیر..... کچھ دنوں بعد میں نے محسوس کر لیا کہ نسیم اقبال کی بے طرح چاہنے لگی ہے۔ میرا کلیجہ خون ہوگیا مگر میں..... خاموش رہا لیکن ایک بات آج تک میری سمجھ میں نہ آئی کہ نسیم نے کسی کو میری اصلیت سے آگاہ کیوں نہیں کیا تھا۔ بڑی عجیب و غریب عورت تھی۔ میں اسے آج تک نہ سمجھ سکا..... میں۔"

وہ پھر بہکنے لگا لیکن ماتھر کے ٹوکنے پر سنبھل گیا۔

"قصہ کوتاہ! وہ چاہتی تھی کہ اقبال اس کے ساتھ شادی کر لے۔ مگر اقبال ایک کھلنڈرا آدمی تھا۔ اسے شادی کی پابندیاں پسند نہیں تھیں اس لئے وہ اسے ٹالتا رہا۔ ایک شام..... میں..... نسیم اقبال اور دیاوتی ایک جگہ بیٹھے اِدھر اُدھر کی باتیں کر رہے تھے۔ دفعتاً دیاوتی اقبال پر برس پڑی۔ اس کے بیان سے معلوم ہوا کہ وہ اقبال کے بچے کی ماں بننے والی ہے۔ اگر اقبال نے اس کے ساتھ شادی نہ کر لی تو وہ قانونی چارہ جوئی کرے گی..... اقبال گھبرا گیا۔ اس میں ایک خاص بات یہ

کہ وہ اپنی بدنامی سی بہت ڈرتا ہے۔ حالانکہ اخلاقی اعتبار سے اُسے کبھی شریف نہیں سمجھا جاسکتا۔ اس نے گھبراہٹ میں نسیم کے سامنے ہی شادی کا وعدہ کر لیا۔ میں نسیم کی حالت دیکھ رہا تھا۔ اس کے منہ پر ہوائیاں اڑ رہی تھیں۔ وہاں سے ہٹنے کے بعد اس نے اچانک مجھ سے درخواست کی کہ میں اس سے شادی کر لوں۔ وہ شدید غصے میں معلوم ہو رہی تھی۔ میری تو مراد بر آئی۔ میں نے نکاح کی تجویز پیش کی جسے اس نے رد کر دیا اس کے خیال کے مطابق آرٹسٹوں کا کوئی مذہب نہیں ہوتا۔ دوسرے ہی دن ہم نے روپ نگر جا کر سول میرج کر لی۔ وہیں میں نے اس کے لئے وہ ہار خریدا۔ شب عروسی منانے کے لئے ہم ایک ہوٹل میں ٹھہر گئے۔ لیکن جب میں رات کو اس کے پاس پہنچا تو وہ پھوٹ پھوٹ کر رو رہی تھی۔ میں نے وجہ پوچھی تو اس نے بتایا کہ جس وقت اس نے میرے ساتھ شادی کی تھی وہ غصے سے پاگل ہو رہی تھی۔ وہ اب بھی اقبال کو چاہتی ہے اور اسے توقع ہے کہ ایک نہ ایک دن اقبال اس کے ساتھ ضرور شادی کر لے گا۔ اس نے مجھ سے رو رو کر التجا کی کہ میں اسے ہاتھ نہ لگاؤں۔ میری حالت کچھ عجیب سی ہو رہی تھی۔ میں انتہائی غصے کے عالم میں باہر نکل آیا اور رات ایک ویران پارک میں جا کر گزاری۔ دوسرے دن ہم پھر واپس آگئے جہاں پارٹی مقیم تھی۔"

"کہاں؟" ماتھر نے پوچھا۔

"رنجیب نگر۔"

"پھر کیا ہوا۔" ماتھر نے بے چینی سے پوچھا۔

"ہم دونوں اجنبیوں کی طرح زندگی گذارنے لگے۔ اس دوران میں اقبال اور دیاوتی کی شادی ہوگئی۔ نسیم کی حالت روز بروز ابتر ہوتی جارہی تھی۔ ہم نے اپنی شادی کا حال کسی پر ظاہر نہیں کیا تھا۔ نسیم نے مجھ سے استدعا کی تھی کہ میں اس شادی ہی کو بھول جاؤں اور کسی سے اس کا تذکرہ نہ کروں۔ اسے سو فیصدی یقین تھا کہ ایک نہ ایک دن اقبال اس کا ہوجائے گا۔ پھر ایک ایسا واقعہ ہوگیا جس نے نسیم کی زندگی اور زیادہ تلخ کر دی! دیاوتی جانتی تھی کہ نسیم اقبال سے محبت کرتی ہے اور اب تک اس سے شادی کی آس لگائے ہے۔ اتفاق سے ایک دن اس کی نظر ہماری شادی کے سرٹیفکیٹ پر پڑ گئی اور اس نے وہ ہار بھی دیکھا۔ نسیم اس کی خوشامدیں کرنے لگی کہ وہ اس کا حال کسی کو نہ بتائے۔ آخر دیاوتی نے اسے بلیک میل کیا۔ معاملہ اس پر طے ہوا کہ اگر نسیم وہ ہار دیاوتی کو

دے دے تو اس کا تذکرہ کسی سے نہ کرے گی۔ نسیم نے ایسا ہی کیا۔ دراصل صدمات نے اس کی عقل ضبط کر لی تھی۔ اس نے یہ بھی نہ سوچا کہ وہ اقبال کی بیوی سے اقبال کا سودا کر رہی ہے۔ میرا دل اس کے لئے رو رہا تھا۔ مجھے اس سے نفرت نہیں ہوئی۔ اب مجھے اس سے گہری ہمدردی ہو گئی تھی۔ ایک دن اس نے مجھے ہار کے متعلق بتایا اور کہنے لگی کہ اسے سخت شرمندگی ہے لیکن وہ اسے کسی نہ کسی طرح حاصل کر کے مجھے واپس کر دے گی۔ میں اس سے لاکھ کہتا رہا کہ میں اسے وہ ہار دے چکا ہوں۔ اب واپس نہیں لے سکتا لیکن وہ نہ مانی اور دیاوتی سے اس کا تقاضا کیا۔ دیاوتی نے اب اسے دوسری پٹی پڑھائی۔ اس نے اس سے کہا کہ وہ ولادت کے بعد ہی اقبال سے طلاق لے لے گی۔ اس طرح وہ بدنامی سے بھی بچے گی اور اقبال جیسے نامعقول آدمی سے پیچھا بھی چھوٹ جائے گا۔ نسیم پھر چپ رہی۔ اسے دیاوتی کی باتوں پر یقین آ گیا۔ دو تین دن تک وہ خوش نظر آتی رہی لیکن ایک شام پھر اس کا دماغ خراب ہو گیا اور وہ جھلاہٹ میں دیاوتی پر حملہ کر بیٹھی۔ میں اسے دماغ کی خرابی سمجھا تھا لیکن جب میں اسے لے کر باہر آیا تو میں نے محسوس کیا کہ وہ نشے میں ہے۔ نہ معلوم کس چیز کا نشہ تھا۔ شراب کا نہیں ہو سکتا تھا کیونکہ اچھی سے اچھی شراب بھی تھوڑی بہت بو رکھتی ہے اور پینے والے کا منہ کھلتے ہی بہت زیادہ قریب کے لوگ اس کی بو محسوس کر لیتے ہیں۔ وہ کبھی شراب نہیں پیتی تھی میں نے اسے کبھی سگریٹ پیتے بھی نہیں دیکھا تھا۔ پھر میں اسے روپ نگر پہنچا کر واپس چلا آیا۔ کچھ دنوں بعد ہماری پارٹی رام گڈھ چلی آئی۔ نسیم کی جگہ پروین کی خدمات حاصل کر لی گئیں۔ یہاں آ کر مجھے معلوم ہوا کہ نسیم بھی ہمارا تعاقب کرتی ہوئی یہاں آئی ہے۔ اسے بس ایک دھن لگی ہوئی تھی کہ وہ کسی طرح ہیروں کا ہار دیاوتی سے حاصل کر کے میرے حوالے کر دے۔ وہ بالی کیمپ کے ہوٹل میں ٹھہری ہوئی تھی۔ میں جانتا ہوں کہ وہ پروین سے کیوں ملنا چاہتی تھی۔ وہ اس کے ذریعہ دیاوتی سے وہ ہار واپس لینا چاہتی تھی۔

"تو کیا آپ یہ کہنا چاہتے ہیں کہ نسیم نے اسی ہار کے لئے دیاوتی کو قتل کیا۔" ماتھر نے کہا۔

"خدا بہتر جانتا ہے.... اس کے ہاتھ میں ہار کا ایک پھول کیسے ملا اور پھر اسے کس نے قتل کر دیا۔" سعید آہستہ سے بڑبڑایا۔

"ممکن ہے کوئی اور بھی اس ہار کی تاک میں رہا ہو۔ وہ جانتا ہو کہ نسیم دیاوتی کو قتل کر کے ہار اس سے لے گئی ہے اور پھر اس نے اسی کے لئے اسے قتل کر دیا ہو!" ماتھر نے کہا۔

ماتھر بہت زیادہ پریشان نظر آ رہا تھا۔ فریدی بھی محسوس کر رہا تھا کہ ماتھر ان سب سے پیچھا چھڑا کر اس سے گفتگو کرنا چاہتا ہے۔ پروین اور اقبال کے بھی بیانات قلمبند کرنے کے بعد ماتھر، فریدی اور حمید کوتوالی کی طرف روانہ ہو گئے۔ لیکن ماتھر کا رویہ ان دونوں کے ساتھ کچھ ایسا تھا جیسے وہ انہیں حوالات میں بند کرنے کے لئے لے جا رہا ہو۔

"اب کیا کیا جائے۔" ماتھر نے فریدی سے پوچھا۔

"ان میں سے کسی کو فی الحال گرفتار کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ میں دعوے سے کہہ سکتا ہوں کہ قاتل اسی پارٹی کا کوئی آدمی ہے۔"

"لیکن تم یکایک جاوید افغان کیوں بن گئے تھے۔ بھئی اس وقت تو تم نے کمال ہی کر دیا۔"

"اس سے بہتر اور کوئی طریقہ ہی نہیں تھا۔ اگر میں یہ نہ کرتا تو جاوید افغان کا پتہ چلنا دشوار تھا۔"

"کیوں؟"

"اگر تھوڑی دیر اور گذرتی تو سعید کا دماغ خراب ہو جاتا۔ وہ ایک نفسیاتی لمحہ تھا۔ میں اس کے چہرے پر ایسے آثار دیکھ رہا تھا جو شدید قدم کی ذہنی کش مکش کی پیداوار ہو سکتے تھے۔ اگر وہ تھوڑی دیر اور نہ بولتا تو اس کا پاگل ہو جانا یقینی تھا۔ وہ کئی دن سے گھٹتا رہا تھا میرے اس اچانک جھوٹ پر اس سے، جو فعل سرزد ہوا وہ قطعی اضطراری تھا۔ تم نے دیکھا نہیں کہ اس پر ہسٹریائی قسم کا دورہ پڑا تھا۔"

"یار فریدی تم سچ مچ....!"

"اب تمہارا کام یہ ہے۔" فریدی اس کی بات کاٹ کر بولا۔ "کہ تم روپ نگر کے جوہری سے ہار کی خریداری کی تصدیق کرو۔ سعید کے پاسپورٹ کے ذریعے اس کا ثبوت فراہم کرو کہ وہ سچ مچ جاوید افغان ہی ہے اور وہ پاسپورٹ نقلی تو نہیں حالانکہ مجھے اس کے بیان میں کسی شبہے کی گنجائش نظر نہیں آتی پھر بھی ضابطے کی کارروائی ضروری ہے۔"

"اور اگر ان دونوں کے قتل میں اسی کا ہاتھ ہوا تو۔" ماتھر نے کہا۔

"یہ بعد میں دیکھا جائے گا۔" فریدی نے کہا۔ "میں ابھی اس کے متعلق کچھ نہیں سوچ رہا ہوں۔ میں اس فکر میں ہوں کہ نسیم نے کون سا نشہ استعمال کیا تھا۔"

"بھئی کمال کر دیا۔" ماتھر قہقہہ لگا کر بولا۔

"نہیں میری جان یہ بہت ضروری ہے۔" فریدی نے کہا اور سگار سلگانے لگا۔

"لیکن حملے کے بعد بھی دیاوتی نے کسی کو نسیم کے راز سے آگاہ نہیں کیا؟" حمید سوالیہ اندا میں بولا۔

"ایسا کرنے سے وہ ہار اس کے ہاتھ سے نکل جاتا۔" فریدی نے کہا۔ "کیا اقبال کا بیان تمہی یاد نہیں کہ اسے دیاوتی نے پولیس کو اس کی اطلاع دینے سے روک دیا تھا۔ وہ اس بیش قیمت ہا کسی طرح نہیں چھوڑنا چاہتی تھی۔"

تھوڑی دیر تک خاموشی رہی.... پھر فریدی بولا۔

"ماتھر تم سے ایک زبردست غلطی ہوئی۔"

"کیا....؟"

"ہار کے متعلق معلوم ہوتے ہی تمہیں پارٹی کے سارے افراد کے سامان کی تلاشی لے چاہئے تھی۔"

"یار کہتے تو ٹھیک ہو.... اب سہی۔"

"اب اس کا ہاتھ لگنا مشکل ہے۔" فریدی نے کہا۔ "خیر ایک کام کرو۔ سعید کے بیان تمہیں یقین ہو یا نہ ہو لیکن تم اس کا بیان اخبارات کو دے دو اور ساتھ ہی اس شبہے کا بھی اظہار چاہئے کہ ان دونوں کا قاتل جاوید افغان ہی ہے۔"

"اس سے کیا ہوگا۔"

"بھئی یہ میرا بہت پرانا اصول ہے کہ میں اصل مجرم کو مطمئن کرنے کے بعد پکڑتا ہوں۔"

"تو کیا یہ حقیقت ہے کہ تم جاوید افغان کو مجرم نہیں سمجھتے۔" ماتھر نے پوچھا۔

"قطعی نہیں۔"

"وجہ۔"

"اگر وہ ان کا قاتل ہوتا تو اس پر ہسٹریا کا دورہ کبھی نہ پڑتا۔ اسے صرف خود کو بچانے کی ہوتی دورے عموماً ذہنی کشمکش کی حالت میں آیا کرتے ہیں۔ قاتل ہر حال میں محتاط ہوتا ہے! موقع پر اس کے ذہن میں ایک سے زیادہ خیالات نہیں ہوتے صرف ایک خیال.... کہ کسی ط

خود کو بچالے اور اگر بفرض محال اس کا دماغ الٹا بھی ہے تو وہ ایسی صورت میں ہمیشہ اقرار جرم کرتا ہے۔ باتیں نہیں بتاتا۔"

قاتل کون

دوسرے دن رام گڈھ کے سارے اخبارات میں جاوید افغان کی کہانی چھپ گئی اور پیراڈائیز ہوٹل میں خاص طور پر سنسنی پھیل گئی تھی۔ اخبارات کے رپورٹر مزید اطلاعات کے لئے پارٹی کے افراد کو ٹٹولتے پھر رہے تھے۔ جاوید افغان یا سعید اپنے کمرے میں بند ہو گیا اگر پولیس نے اس پر پابندی عائد نہ کی ہوتی تو شاید اس نے کبھی کا ہوٹل چھوڑ دیا ہوتا۔ اقبال اور شدت سے شراب پینے لگا تھا۔ پروین بہت زیادہ خائف نظر آرہی تھی۔ پھر اسی دن جاوید افغان گرفتار کر لیا گیا۔ یہ بھی فریدی ہی کے اشارے پر ہوا لیکن وہ کسی بات کی کوئی وجہ نہیں بتا رہا تھا۔ حمید نے بہت کچھ پوچھنے کی کوشش کی لیکن اس نے کچھ نہ بتایا۔ حمید کے پیٹ میں چوہے کود رہے تھے۔ آخر اسے ایک تدبیر سوجھی۔ کیوں نہ فریدی کو غصہ دلایا جائے اس طرح وہ سب کچھ اگل دے گا۔

دوپہر کا کھانا کھانے کے بعد فریدی آنکھیں بند کئے آرام کرسی پر پڑا تھا۔ حمید جانتا تھا کہ وہ سو نہیں رہا ہے۔

"کل تو آپ نے کمال ہی کر دیا۔" وہ مسکرا کر بولا اور فریدی چونک کر اس کی طرف دیکھنے لگا۔

"بھلا کیا تک تھی۔" حمید پھر بولا۔ "آپ کی اس حرکت نے پچھلے کارناموں پر پانی پھیر دیا۔ کسی گھٹیا فلم کے لچر سے کردار کی طرح اٹھ کر فرماتے ہیں کہ میں ہوں جاوید افغان لاحول ولا قوۃ کل سے آپ کی صورت دیکھنے کو دل نہیں چاہتا۔"

"بکو مت۔" فریدی مسکرا کر بولا۔

"نہیں مذاق نہیں! طبیعت بدمزہ ہو گئی۔ ایشیا کا مشہور معروف سراغ رساں ایسی بچکانہ حرکت کرتا پھرے۔"

"ابھی تم نے دیکھا ہی کیا ہے برخوردار۔ بعض کیس ایسے بھی ہوتے ہیں جن میں دماغ پر

زور دینے کو دل نہیں چاہتا۔ ابھی آخری حرکت باقی ہے۔ اسے دیکھ کر تو تم اپنا سر ہی پیٹ لو گے۔"

"اگر فرض کیجئے۔" حمید نے کہا۔ "ان میں جاوید افغان نہ ہوتا تو.... آپ کا وہ اندھیرے میں پھینکا ہوا تیر کس کے کلیجے کے پار ہوتا.... میرے یا آپ کے۔"

"اندھیرے میں پھینکا ہوا تیر! تمہارا دماغ خراب ہو گیا ہے۔ مجھے شروع ہی سے اس پر شبہ تھا۔ کیا تمہیں یاد نہیں کہ میں نے تمہاری اور پروین کی گفتگو سننے کے بعد تم سے کیا کہا تھا۔ یہی نا کہ تم نے اس سے یہ کیوں نہیں پوچھا کہ دیاوتی پر حملے کے بعد سعید ہی کیوں نسیم کو اس کی ماں کے پاس پہنچانے گیا تھا۔ اس کے بعد سے میں سعید اور نسیم کے تعلقات کے متعلق چھان بین کرتا رہا تھا۔ پھر جب شادی کے سرٹیفکیٹ والی بات معلوم ہوئی تو میرا شبہ یقین کی حد تک پہنچ گیا۔ اب تم یہ کہو گے کہ آخر خود جاوید افغان بننے کی کیا ضرورت تھی۔ اس کا جواب میں کل ہی دے چکا ہوں۔ میں سچ کہتا ہوں کہ اگر تھوڑی سی دیر اور ہو جاتی تو وہ یقیناً پاگل ہو جاتا اور اسی کے ساتھ ہی ساتھ یہ بھی ہے کہ اگر اچانک اس سے یہ کہہ دیا جاتا کہ جاوید افغان تم ہی ہو تو شاید اس کا ہارٹ فیل ہو جاتا۔ میرا وہ رویہ قطعی نفسیاتی تھا"

"مگر پارٹی کے سارے افراد ہم لوگوں کی طرف سے مشکوک ہو گئے ہیں۔" حمید بولا۔

"ہاں یہ تو ہے۔" فریدی نے کہا۔

"اچھا! پھر اب آپ نے اسے بند کیوں کرا دیا ہے۔"

"محض اسی شبہے کو رفع کرانے کے لئے کم از کم مجرم تو مطمئن ہو جائے گا۔"

"لیکن یہ آپ کس طرح کہہ سکتے ہیں کہ وہ یہیں اسی پارٹی میں موجود ہے۔"

"تمہیں شاید یہ نہیں معلوم کہ میں محض سوچتا ہی نہیں رہا ہوں۔" فریدی مسکرا کر بولا۔

"میں نے کچھ کام بھی کیا ہے۔"

"یعنی....!"

"دیاوتی کے قتل کے بعد میں نے یہاں کی ٹیلی فون گرل پر ڈورے ڈالنے شروع کر دیئے ہیں۔"

"بڑا اچھا کام کیا ہے۔ لیکن تو یہ ٹوٹی بھی ٹوٹے ہوئے پیمانے سے۔" حمید ہنس کر بولا۔

"تم نہیں سمجھے۔"

"کیا نہیں سمجھا۔"

"میں نے اسے کچھ روپیہ دے کر اس بات پر آمادہ کر لیا تھا کہ وہ ہوٹل میں قیام کرنے والوں کی ٹیلیفون کالز کے متعلق باقاعدہ چارٹ تیار کرتی جایا کرے۔"

"یعنی اس سے فائدہ۔"

"عجیب احمق آدمی ہو۔ ارے بھئی اس چارٹ سے مجھے معلوم ہوا کہ نسیم جس رات کو قتل ہوئی تھی اس دوپہر کو کسی عورت نے سعید کو ٹیلی فون پر کال کیا تھا۔ وہ پارٹی کے کسی آدمی کی پہلی کال تھی اس لئے میں نے اسے خاصی اہمیت دی اور وہ میرے ذہن میں محفوظ رہ گئی۔"

"تو پھر....!" "تو کو نہیں سنتے جاؤ۔ اسی رات کو جب مجھے پروین کی زبانی نسیم کے وجود اور اس سے متعلق واقعات کا علم ہوا تو میرا ذہن فوراً اس ٹیلی فون کال کی طرف منتقل ہو گیا۔ ممکن ہے وہ نسیم ہی رہی ہو! اس وقت تک ہمیں ہار کے متعلق کوئی علم نہیں تھا۔ میں نسیم کے پچھلے حملے اور دیاوتی کے قتل کے درمیان کی کڑیاں تلاش کرنے لگا۔ پھر دوسرے دن اس ہار کا معاملہ بھی سامنے آ گیا۔ میں نے کل شام کو ماتھر کو اس ٹیلی فون کا قصہ بتایا۔ اس نے سعید سے پوچھا لیکن اس نے اس سے قطعی لاعلمی ظاہر کی۔ اس نے بتایا کہ اس نے کسی عورت سے بات نہیں کی۔ رام گڑھ میں نسیم کے علاوہ کوئی اور عورت اسے جانتی ہی نہیں تھی۔ اگر اس نے نسیم سے اس دن فون پر بات کی ہوتی تو میں اسے چھپاتا کیوں؟ دوسرے واقعات کے ساتھ اس کا بھی اظہار کر دیتا۔"

فریدی خاموش ہو گیا۔ چند لمحے کچھ سوچتا رہا پھر بولا۔

"لیکن ٹیلی فون گرل کا بیان ہے کہ کال ریسیو کی گئی تھی۔ کسی نے اس عورت سے گفتگو کی تھی۔ سعید یا کسی اور نے کیونکہ اس نے اس کی طرف دھیان نہیں دیا تھا اور نہ وہ سعید کو اچھی طرح پہچانتی ہی تھی۔ جانتے ہو! اس کا کیا مطلب ہوا؟ اس کا مطلب یہ ہے کہ کسی دوسرے آدمی نے فون پر گفتگو کی کسی نقلی سعید نے جو یہیں ہوٹل میں موجود ہے اور سعید سے واقف ہے اور اس عورت کو بھی جانتا ہے ورنہ اگر اس نے غلطی سے فون ریسیور کیا تھا تو اس نے ٹیلی فون گرل کو یہ کیوں نہیں بتایا کہ وہ اس کی کال نہیں ہے یا پھر اسے سعید کو اس کی اطلاع دینی چاہئے تھی۔

اس نے سعید بن کر اس عورت سے کوئی بات کی اور اسے اپنے تک محدود رکھا۔ وہ کیا بات ہو سکتی تھی جس کا تعلق سعید کی ذات سے تھا لیکن کوئی دوسرا آدمی بھی اس میں دلچسپی لے رہا تھا۔ ٹیلی فون گرل نے یہ بھی بتایا کہ اس کا خیال ہے کہ وہ گفتگو اسی رات کو کہیں ملنے ملانے کے وعدے پر ختم ہو گئی تھی۔

حمید خاموشی سے فریدی کی طرف دیکھ رہا تھا۔ فریدی بجھا ہوا سگار سلگانے کے لئے رکا۔

"اب دیاوتی کے قتل کی طرف لوٹ آؤ۔" وہ تھوڑی دیر بعد بولا۔ نسیم نے ایک بار قاتلانہ حملہ کیا تھا لہٰذا تھوڑی دیر کے لئے مان لو کہ اس بار بھی وہ اسی کے حملے کا شکار ہوئی لیکن اب سوال نیت کا پیدا ہوتا ہے۔ تم سعید کی زبانی یہ بھی سن چکے ہو کہ وہ دیاوتی سے ہار حاصل کر کے اسے واپس کر دینے کے لئے کس قدر بے تاب تھی اس کا ضمیر جاگ اٹھا تھا۔ ممکن ہے اس نے کوئی اور صورت نہ دیکھ کر دیاوتی کو قتل ہی کر دیا ہو لیکن وہ اس بات کو بھی اچھی طرح سمجھتی رہی ہو گی کہ اس پر شبہ ضرور کیا جائے گا کیونکہ ایک بار وہ اس پر حملہ کر چکی ہے لہٰذا قتل کا یہ مقصد نہیں ہو سکتا کہ وہ اس طرح دیاوتی کی جگہ خود لینا چاہتی تھی اس نے اپنے ضمیر کا بوجھ ہلکا کرنے کے لئے اسے قتل کیا اور شاید سعید کو ہار واپس کر دینے کے بعد وہ اعتراف جرم بھی کر لیتی..... خیر... اس نے سعید کو اس دوپہر فون کیا۔ شاید ہار واپس کر دینے کے لئے لیکن کسی ایسے شخص نے سن لیا۔ جو پہلے ہی سے اس ہار کی تاک میں تھا۔ اس نے اس سے وہ جگہ بھی معلوم کر لی جہاں ان دونوں کو ملنا تھا اور پھر اس نے اس سے وہ ہار حاصل کر کے اسے قتل کر دیا۔"

فریدی پھر خاموش ہو گیا۔

"لیکن وہ دوسرا آدمی کون ہو سکتا تھا۔"

"ٹھہرو! اتنی جلدی کسی نتیجے پر پہنچنے کی کوشش فضول ہے، ویسے ایک معمولی سی بات ہر ایک کی سمجھ میں آسکتی ہے۔ یا تو وہ آدمی سعید کا ہم نام ہے یا پھر اس کا نام بھی سعید کے نام سے ملتا جلتا ہو سکتا ہے۔ جبھی وہ شخص غلطی سے سعید کے بجائے اسے بلا لایا۔"

"کیا ٹیلی فون گرل کو یہ یاد نہیں کہ اس نے سعید کو بلانے کے لئے کسے بھیجا تھا۔" حمید نے پوچھا۔

"یہی تو دشواری آپڑی ہے۔" فریدی نے کہا۔ "اسے قطعی یاد نہیں۔ ماتھر نے منیجر کے

سارے ویٹروں کو اکٹھا کر کے یہ سوال اٹھایا ہے مگر کسی نے کوئی جواب نہیں دیا۔ سب نے لاعلمی ظاہر کی۔ یہ کوئی بڑی بات نہیں۔ ایسے معاملات میں تھوڑی رشوت دے کر منہ بند کیا جا سکتا ہے۔"

"بہر حال اس کا پتہ چلنا دشوار ہی معلوم ہوتا ہے۔"

"بس ایک اندھا داؤ جس سے تمہیں طوفان میل اور ہنٹر والی سے لے کر آن تک ساری بلند فلمیں یکلخت یاد آجائیں گی۔" فریدی نے مسکرا کر کہا۔

"یعنی۔"

"فی الحال وضاحت دشوار ہے۔"

"آخر کچھ تو۔"

"نسیم اور دیاوتی کے جھگڑے کے متعلق سب سے پہلے پولیس کو کس نے مطلع کیا۔" فریدی نے اچانک پوچھا۔

"وحید نے۔"

"کس نام پر سعید کے نام کا دھوکا ہو سکتا ہے۔"

حمید بے اختیار اچھل پڑا۔

"تو کیا وحید۔"

"محض شبہ ہے۔"

حمید فریدی کی طرف دیکھنے لگا، جو بے خیالی میں سگار کے کش پر کش لئے جا رہا تھا۔ "اور" وہ تھوڑی دیر بعد بولا۔ "پوسٹ مارٹم کی رپورٹ سے معلوم ہوا ہے کہ نسیم نے قتل سے تھوڑی دیر پہلے بردمائیڈ پی تھی۔ بردمائیڈ کی طرف اسی وقت میرا خیال گیا تھا سعید نے یہ بتایا تھا کہ نشے کی حالت میں نسیم کے منہ سے کسی قسم کی بو نہیں آتی تھی۔"

"لیکن آپ بار بار نشے کا تذکرہ کیوں کرتے ہیں۔" حمید نے کہا۔ "آخر اس سے اور ان واقعات سے کیا تعلق؟"

"ابھی پورا تعلق خود میرے ذہن میں بھی واضح نہیں ہے! لیکن کچھ نہ کچھ تعلق ضرور ہے۔"

"آخر آپ کس طرح اس نتیجے پر پہنچے۔"

"دیکھو تمہیں یاد ہوگا۔ سعید نے نسیم کے متعلق بتایا تھا کہ وہ سگریٹ تک نہیں پیتی۔ ڈ تو بڑی چیز ہے اور اس روز اس نے پہلی بار نسیم کو نشے کی حالت میں دیکھا تھا اور اس کا خیال یہ ہے کہ دیاوتی پر حملہ کرنے کی سب سے بڑی وجہ غالباً وہ نشہ ہی تھا۔ خیر اسے چھوڑو! سوال یہ ہوتا ہے کہ اس نے اچانک برومائیڈ کیوں استعمال کرنا شروع کر دیا۔"

"ممکن ہے اس سے پہلے استعمال کر رہی ہو۔" حمید نے کہا۔

"یہ ناممکن ہے۔ سعید اسے بے طرح چاہتا تھا اور چاہنے والوں سے محبوباؤں کی کوئی چھپی نہیں رہتی۔ وہ ہر وقت ان کے متعلق سوچتے رہتے ہیں اور ان کے بارے میں سب کچھ جانتے ہیں اور پھر ایسی صورت میں جب کہ ان کا آپس میں ہر وقت کا اٹھنا بیٹھنا تھا۔ یہ چیز طرح نہیں چھپ سکتی تھی۔"

"اوہ.... تو چاہنے والوں کے متعلق یہ آپ کا ذاتی تجربہ ہے۔" حمید نے مسکرا کر پوچھا

"غیر متعلق بات مت چھیڑو۔ میں اس قسم کی باتیں اکثر کتابوں میں پڑھ لیا کرتا ہوں اتنی فرصت کہاں کہ میں عشق کا تجربہ کروں۔"

"میں آپ سے استدعا کرتا ہوں کہ صرف ایک بار۔" حمید نے ہنس کر کہا۔

"شٹ اپ.... ہاں تو میں کہہ رہا تھا کہ اس نے برومائیڈ ہی کیوں استعمال کیا۔ شراب سامنے کی چیز تھی۔ بعض ناکام آدمی نشے میں ڈوبے رہنا چاہتے ہیں، لیکن وہ عموماً شراب ہی ا کرتے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ برومائیڈ جیسا بے حد نشہ کیوں؟ اور پھر یہ کہ اچانک اس کا برومائیڈ تک کیسے پہنچا۔"

"تو آپ کہنا کیا چاہتے ہیں؟" حمید نے اکتا کر کہا۔

"یہی کہ وہ کون آدمی ہو سکتا ہے جس نے اُسے برومائیڈ سے روشناس کرایا۔"

"اونہہ۔" حمید منہ سکوڑ کر بولا۔ "آپ کو تو گھما پھرا کر سوچنے کی عادت پڑ گئی ہے۔ آپ کے سامنے موجود ہے اور آپ ادھر اُدھر بھٹکتے پھر رہے ہیں۔"

"سعید۔" فریدی مسکرایا۔

"ہاں سعید! میں اس کہانی پر یقین کئے لیتا ہوں۔" حمید نے کہا۔ "لیکن ساتھ ہی سا

ہتا ہوں کہ سعید نرا فرشتہ نہیں ہو سکتا۔ دیاوتی کی زندگی تک وہ یہ سوچتا رہا ہوگا کہ ایک نہ دن نسیم راہ راست پر آجائے گی۔ اسی لئے وہ انسانیت برتتا رہا لیکن جب دیاوتی بھی ختم ہو گئی ن کی رقابت جاگ اٹھی۔ اس نے سوچا کہ کہیں اب سچ مچ نسیم اقبال ہی کی نہ ہو جائے۔ اس ں نے اسے قتل کر دیا۔ اس قسم کے معاملات اکثر محبوبائیں عاشقوں کے ہاتھوں قتل ہوتی ہی گئی ہیں۔"

"تمہاری یہ دلیل بھی غیر مناسب نہیں ہے۔" فریدی مسکرا کر بولا۔ "مگر شاید ہار کے اس پھول کو بھول رہے ہو جو مقتولہ کی مٹھی میں جکڑا ہوا ملا ہے۔ وہ اس بات کا ثبوت ہے کہ کسی نے ہار اس سے چھیننے کی کوشش کی تھی۔ آخر کار جدوجہد میں ہار ٹوٹ گیا اور ایک پھول مقتولہ ہاتھ ہی میں رہ گیا۔ ظاہر ہے کہ اگر وہ سعید ہی تھا تو کشمکش کی کیا ضرورت تھی۔ وہ نہایت ینان سے ہار حاصل کرتا۔ پھر اسے بقول تمہارے قتل کر دیتا۔ حمید نے کوئی جواب نہ دیا۔ وہ اب کسی نئی دلیل کے لئے ذہن پر زور دینے لگا تھا۔ دفعتاً وہ پھر فریدی کی طرف مخاطب ہوا جو سے اٹھ کر کھڑکی کے قریب کھڑا ہو گیا تھا۔ اس کی پشت حمید کی طرف تھی۔ "تو پھر اس رح اقبال کے علاوہ اور کوئی نہیں ہو سکتا۔" حمید نے کہا۔

"مگر ہم تو برابر ان کی نگرانی کرتے رہے تھے۔" فریدی نے مڑے بغیر جواب دیا۔

"ٹھیک ہے لیکن وہ پون گھنٹے تک ہوٹل سے باہر کیا کرتا رہا تھا اور پھر واپسی پر اس نے نسیم کے قتل کی خبر سنائی تھی۔"

"اور اب تم یہ بھی پوچھو کہ اس نے خود ہی پولیس کو اطلاع کیوں دی تھی؟" فریدی حمید کی طرف مڑ کر مسکراتے ہوئے بولا۔ "یہ بھی سوال کرو کہ اس نے فوراً ہی پروین کو اس قتل کی بات کیوں بتا دی۔ سنو میاں حمید وقتی غصے کے تحت حملہ کرنے والے قاتل اس قسم کی حماقتیں کر سکتے ہیں۔ لیکن سوچی سمجھی ہوئی اسکیم والے قتل کے راز ایسی آسانی سے نہیں ظاہر ہو جاتے۔ فرض کرو اقبال ہی قاتل ہے تو اسے یہ بات دوپہر ہی سے معلوم رہی ہو گی کہ نسیم فلاں جگہ فلاں وقت بخیریت موجود ہو گی۔ کیوں.... سعید کی کال اس نے ریسیو کی ہو گی۔ اچھا! اسی دن پروین نے اسے رام گڈھ میں نسیم کی موجودگی کے متعلق بتایا تھا۔ اب اگر اس کا ارادہ نسیم کے قتل کا ہوتا تو وہ اسے ساتھ لے کر نسیم کو تلاش کرنے کا پروگرام بنانے کی بجائے اُسے کچھ اور سمجھا بجھا

کر ٹال دیتا اور اگر فرض کرو کسی وجہ سے اس نے ایسا کر ڈالا تو پروین کو یہ بتانے کی کیا ض
تھی کہ ابھی ابھی نسیم کی لاش دیکھ کر آرہا ہے اگر وہ اتنا ہی چالاک تھا کہ پروین کو ساتھ
نسیم کو قتل کرنے گیا تھا.... تو پھر اُسے فون پر پولیس کو اپنا نام بھی بتا دینا چاہئے تھا ورنہ ہو
مالکہ تو اُسے دیکھ ہی چکی تھی۔ کبھی نہ کبھی اس کی مدد سے ضرور پکڑا جاتا.... اور پھر....!"

"جہنم میں جائے۔" حمید اکتا کر بولا۔ "بس الجھتے جائیے یہاں تو ساری تفریح کرکری رہ گئی۔ یہ کم بخت قاتل اور مقتول اس بُری طرح ہم سے چمٹ کر رہ گئے ہیں کہ کہیں نجات نہیں ملتی۔"

"تو تم سے کون کہتا ہے۔" فریدی نے بگڑ کر کہا۔ "جاؤ.... نکلو یہاں سے جھیل کنارے کئی لوفر قسم کی لڑکیاں تمہارا انتظار کر رہی ہوں گی۔ تم اس کو تفریح سمجھتے ہو۔"

"تو اس میں بگڑنے کی کیا بات ہے۔ آپ انہیں لوفر کہہ کر خواہ مخواہ میری توہین کر رہے ہیں۔ ہر مرد کی تفریح یہی ہے بشرطیکہ وہ مرد ہو۔"

"اچھا اچھا مرد صاحب! اب تشریف لے جائیے، ورنہ مردود بنادوں گا۔"

"نہیں جاتا۔"

"گٹ آؤٹ۔" فریدی نے اُسے دروازے کے باہر دھکا دے کر کواڑ بند کر لئے۔

"ارے تو نہانے کا لباس تو لے لینے دیجئے۔" حمید دانت پر دانت جما کر مسکراتا ہوا بولا

آخری حملہ

تین دن اور گذر گئے۔ اس دوران میں حمید کے خیال کے مطابق فریدی اندھیرے میں پیر مار رہا تھا۔ نہ جانے کس طرح اس کی جاوید افغان والی حرکت مشہور ہو گئی تھی۔ جب اپنے کمرے سے نکلتا لوگ اُسے گھور گھور کر دیکھنے لگتے اور پھر اس نے لوگوں میں ادھر اُدھر کر اسی واقعے کا رونا رونا شروع کر دیا وہ کہتا کہ پولیس والوں نے مجھے خواہ مخواہ روک رکھا ہے۔ کسی طرح اس پابندی سے پیچھا چھڑوانا چاہتا ہوں۔ اگر میں پولیس کی مدد نہ کرتا تو کوئی فرشتے اس بات کا پتہ نہ لگا سکتے کہ جاوید افغان کون ہے۔" اور پھر وہ ذرا دھیمی آواز میں کہتا۔ "میرا

ہے کہ یہی جاوید افغان اس کا قاتل ہے۔ پولیس نہ جانے کس خبط میں مبتلا ہے۔ میں نے سنا ہے کہ وہ ضمانت پر رہا کر دیا جائے گا۔ ایسے آدمی کی تو کھال اڑا دینی چاہئے۔ کبھی کبھی وہ ہوٹل کے منیجر کے خلاف پروپیگنڈا شروع کر دیتا ہے کہ وہ اس قسم کی ڈانسنگ پارٹی سے معاہدہ کر کے قیام کرنے والوں کی زندگی دوبھر کر دیتا ہے اور اگلے سیزن پر یقیناً یہ ہوٹل ویران نظر آئے گا۔ وغیرہ وغیرہ
اس دوران میں پارٹی کے کئی آدمیوں سے بھی اس کی گہری دوستی ہو گئی تھی۔ کبھی کبھی وہ پروین سے گفتگو کرتا ہوا پایا جاتا تھا۔ لیکن حمید کو یہ قطعی معلوم نہ ہو سکا کہ وہ کس قسم کی گفتگو ہوتی تھی۔
اکثر پروین حمید سے کہا کرتی تھی کہ اس کا ساتھی بہت دلچسپ آدمی ہے۔ لیکن اس نے یہ کبھی نہیں بتایا کہ اس میں دلچسپی کی کونسی بات ہے۔ حمید نے اس کی ذرہ برابر بھی پرواہ نہ کی۔ وہ بدستور جھیل میں نہاتا اور اپنے حسن کی نمائش کرتا رہا۔ دن بھر جھیل کے کنارے بھورے اور کالے بالوں کے سائے میں لیٹا یا تو کوئی کتاب پڑھتا رہتا یا لڑکیوں کو ٹافیاں بانٹتا۔ رات ہوتی تو دو تین راؤنڈ رمبا یا والز ناچنے کے بعد سو جاتا۔ فریدی نے بھی اس کے مشاغل میں دخل نہیں دیا اور نہ وہ بھی ان کیسوں کے متعلق کوئی بات کرتا۔ حمید کو اس کی توقع تو ہو ہی نہیں سکتی تھی کہ فریدی ان سے ہاتھ اٹھالے گا۔ البتہ وہ اس خاموشی اور علیحدگی کو کسی بڑے واقعے کا پیش خیمہ ضرور سمجھتا تھا۔ بارہا ایسے مواقع سے دوچار ہونا پڑا تھا جب فریدی نے نہ صرف دوسروں کو بلکہ خود اسے بھی سوتے سوتے چونکا دیا تھا۔ آج کی شام حد درجہ خوشگوار تھی۔ دن بھر آسمان سفید بادلوں سے ڈھکا رہا تھا اور اس وقت مطلع صاف ہو گیا تھا۔ البتہ افق میں گہرے بھورے بادلوں کی تہیں جمی ہوئی تھیں جن کے درمیان شوخ رنگوں کے لہریئے بڑے حسین لگ رہے تھے۔ جھیل کی ننھی ننھی لہروں میں سدا بہار درختوں اور مالتی کی جھاڑیوں کے عکس مچل رہے تھے۔ اس وقت جھیل کے کنارے خاصہ جماؤ تھا اور وہاں سے ہٹ کر پختہ فرش کے قریب کی میزیں بھی بھری ہوئی تھیں۔
فریدی ڈانسنگ پارٹی کے تین چار آدمیوں کے ساتھ بیٹھا کافی پی رہا تھا۔ یوں تو پارٹی اٹھائیس افراد پر مشتمل تھی لیکن یہ پارٹی کے اچھے فنکار تھے اور فریدی زیادہ تر انہی کے ساتھ دیکھا جاتا تھا۔ ان میں کبھی کبھی پروین اور اقبال بھی شامل ہوتے تھے۔ فریدی ان پر بے تحاشہ پیسہ پھونکتا تھا۔ حمید اس قسم کی نشستوں میں عموماً فن کے متعلق گفتگو سنا کرتا تھا اور پھر اسی دوران میں حمید پر یہ بات بھی آشکار ہو گئی کہ فریدی فن موسیقی کا بھی اگر ماہر نہیں تو ایک اول درجہ کا علم ضرور ہے

ایک بار تو یونہی باتوں باتوں میں اس نے وائلن اٹھالیا۔ پہلے تو قوس کو یونہی الٹے سیدھے جھٹکے دیتا رہا جس پر کئی آرٹسٹ طنزیہ انداز میں مسکرائے بھی تھے لیکن پھر جو اچانک ایک دھن چھیڑ کر اُسے گت میں لے آیا تو پارٹی کے وائیلنٹ وحید کا منہ بھی حیرت سے کھل گیا۔ ارشاد اور نریندر نے تو اپنے سر دھن پر رکھ دیئے! یہ دونوں کلارنٹ بجاتے تھے، ان میں رنجیت بھی تھا، جو طبلہ بجاتا تھا۔ وہ تو اس قدر بے تاب ہوا کہ اس نے دوسرے ہی لمحے میں لپک کر جوڑی اٹھالی اور حمید یہ سوچنے پر مجبور ہو گیا کہ اس وقت نسیم اور دیاوتی نے عالم ارواح میں رقص شروع کر دیا ہوگا۔ بہر حال پارٹی کے جو افراد کچھ دن پیشتر فریدی کو مشتبہ سمجھ کر اس سے نفرت کرتے تھے وہی اس سے اس قدر گھل مل گئے تھے جیسے برسوں پرانی جان پہچان ہو! حمید یہ سب دیکھتا اور کبھی کبھی یہ سوچتا کہ اس بار فریدی کی شکست لازمی ہے۔ وہ خواہ مخواہ تضیع اوقات کر رہا ہے مجرم اقبال یا سعید ہی میں سے کوئی ہو سکتا ہے یا پھر دونوں میں سے۔ اسے یقین تھا کہ اقبال نے دیاوتی کو اس لئے قتل کیا کہ اس سے پیچھا چھوٹ جائے اور سعید نے نسیم کو اس لئے مار ڈالا کہ وہ اس کے خیال کے مطابق دیاوتی کے قتل کے بعد اس سے طلاق کا مطالبہ کرتی۔ کافی ختم کرنے کے بعد وہ سب اٹھے۔ فریدی اپنے کمرے کی طرف جا رہا تھا۔ راستے میں حمید مل گیا اسے بھی اپنے ساتھ لیتا گیا۔

"ہم بالی کیمپ جا رہے ہیں۔" فریدی نے کہا۔

"ہم لوگ سے مراد میں ہوں یا وہ لوگ بھی۔"

"وہ بھی جا رہے ہیں! میں آج یہ قصہ ختم کر دینا چاہتا ہوں۔"

"کون سا قصہ....!" حمید نے پوچھا۔

فریدی کوئی جواب دینے کی بجائے اپنا سوٹ پہننے لگا۔ پھر تھوڑی دیر بعد خود بخود بڑبڑایا۔

"سنا تم نے وہ چاروں رومائیڈ پیتے ہیں۔ میں اس وقت انہیں کیمپ ریفر شو میں برومائیڈ پلاؤں گا۔"

"کیمپ ریفر شو۔" حمید چونک کر بولا۔ "وہی جہاں نسیم ٹھہری ہوئی تھی۔"

"ہاں....!" فریدی اپنے مخصوص انداز میں مسکرایا۔

"آخر اس سے فائدہ۔"

"تم خود دیکھ لو گے۔" فریدی نے کہا۔ وہ تیار ہو گیا تھا۔ حمید نے بھی جلدی جلدی کپڑے

تبدیل کیے اور اپنے پائپ میں تمباکو بھرنے لگا۔

"لیکن میں نہیں پیئوں گا برومائیڈ ورومائیڈ۔" حمید نے کہا۔

"اچھا اچھا....!" فریدی چڑ کر بولا۔ "جلدی کیجئے۔"

وہ دونوں باہر آئے۔ چاروں ان کا انتظار کر رہے تھے۔ ہوٹل کے باہر نکل کر انہوں نے ٹیکسی کی اور بالی کیمپ کی طرف روانہ ہو گئے۔ لیکن حمید نے وہ کار پہچان لی تھی کیونکہ اسی کار پر نسیم کے قتل والی رات کو وہ اقبال اور پروین کا تعاقب کرتے رہے تھے۔ حمید کا دل دھڑکنے لگا اور اسے فریدی پر پھر تاؤ آ گیا۔ بالی کیمپ پہنچ کر وہ کیمپ ریفر شو میں داخل ہوئے۔

"یہاں تو کافی بھیڑ ہے۔" وحید نے کہا۔

"تو کیا تم اتنا بیوقوف سمجھتے ہو۔" فریدی مسکرا کر بولا۔ "میں نے اپنا یہ شوق پورا کرنے کے لئے یہاں ایک کمرہ کرائے پر لے رکھا ہے۔"

"کیا شروع ہی سے۔" نریندر نے پوچھا۔

"ہاں بھئی! اس دلاری جان کو اپنے ساتھ نہیں رکھتا۔" فریدی سنجیدگی سے بولا۔ "اب اسی دن اگر پولیس میرے کمرے کی تلاشی کے وقت اسے پا جاتی تو میں کہاں ہوتا۔"

"سسرال میں۔" وحید نے کہا اور بے ڈھنگے پن سے ہنسنے لگا۔

"ہم تو کئی دنوں سے ترس رہے تھے۔ ہمارے پاس جو اسٹاک تھا اسے ہم نے تلاشی کے خوف سے اسی دن گڑھے میں بہا دیا تھا جس دن دیاوتی قتل ہوئی تھی۔" رنجیت نے کہا۔

فریدی نے کمرہ کھولا اور لیمپ روشن کر دیا۔ چاروں طرف دھندلی روشنی پھیل گئی۔ ایک بڑی میز کے گرد کئی کرسیاں پڑی تھیں وہ سب بیٹھ گئے۔ فریدی نے الماری کھول کر پانچ چھوٹے چھوٹے گلاس نکالے۔

"پانچ ہی۔" ارشاد حمید کی طرف اشارہ کر کے بولا۔ "کیا یہ نہیں پئیں گے۔"

"مجھے آج کل پیچس ہو رہی ہے۔" حمید گڑگڑا کر بولا۔ وہ سوچ رہا تھا کہ کیا فریدی بھی برومائیڈ پئے گا۔ چند لمحوں کے بعد وہ برومائیڈ پی رہے تھے۔ نریندر نے نشے میں نسیم کے قتل کا قصہ چھیڑ دیا اور کہنے لگا کہ وہ انہیں کمروں میں سے کسی ایک میں رہتی تھی۔

"چھوڑو یار کیوں مزہ کرکرا کر رہے ہو۔" کئی آوازیں آئیں۔ ان سب کی آنکھیں آہستہ

آہستہ بوجھل اور سرخ ہوتی جارہی تھیں۔ وہ سب بول رہے تھے وحید سب سے زیادہ شور مچا رہا تھا وہ بات بات پر اتنے وزنی قہقہے لگاتا جیسے عمدہ قسم کے لطیفے سن رہا ہو۔ دفعتاً پشت کی کھڑکی ایک چڑچڑاہٹ کے ساتھ کھل گئی اور ٹھنڈی ہوا کا ریلا اندر گھس آیا۔ پھر اندھیرے میں باہر ایک سر ابھرتا نظر آیا جس کے پس منظر میں تاروں بھرا آسمان تھا۔ سب لوگ حیرت سے ادھر دیکھنے لگے پھر پیلے رنگ کی ہلکی روشنی میں کسی عورت کا چہرہ دکھائی دیا۔ یہ سب کے سب اچھل کر کھڑے ہوگئے۔

"آپ کون ہیں اور کیا چاہتی ہیں؟" فریدی نے تحکمانہ لہجے میں پوچھا۔ حمید کو ایسا محسوس ہورہا تھا جیسے اس نے کبھی اسے کہیں دیکھا ہو۔

"نسیم۔" ان میں سے کسی نے خوفزدہ آواز میں کہا اور پھر کرسیاں الٹنے لگیں ایک پر ایک گرنے لگا مگر وحید اُسی برابر گھورے جارہا تھا اس کے ہونٹ ہل رہے تھے اور لال لال آنکھیں ابلی پڑ رہی تھیں۔

"میں ہزار بار تمہیں قتل کر سکتا ہوں۔" وہ اس طرح بڑبڑایا جیسے خواب میں بول رہا ہو اور پھر قبل اس کے کہ فریدی سنبھلتا وحید کے ہاتھ میں ایک بڑا سا چاقو کڑکڑاہٹ کے ساتھ کھلتا ہوا نظر آیا۔ دوسرے لمحے میں وہ کھڑکی پھلانگ چکا تھا۔

باہر ایک نسوانی چیخ سنائی دی اور ساتھ ہی کئی آدمیوں کے دوڑنے کی آوازیں بھی آئیں۔

"جانے نہ پائے۔" کسی نے چیخ کر کہا۔

حمید نے پہچان لیا۔ یہ ماتھر کی آواز تھی۔ فریدی بھی کھڑکی سے باہر جاچکا تھا۔ حمید اس کے پیچھے بھاگا۔ کیا ہوا۔" فریدی نے چیخ کر پوچھا۔

"نکل گیا۔" ماتھر ایک طرف ہاتھ اٹھا کر بولا۔ وہ بیچارہ شاید اپنی فربہی کی وجہ سے دوڑ نہیں سکا تھا۔

"لڑکی" فریدی نے بے تحاشہ پوچھا۔

"ٹھیک ہے۔ بخیریت ہے۔"

فریدی دوڑنے لگا۔ حمید بھی اس کے پیچھے دوڑ رہا تھا۔ ایک جگہ اچانک وہ ٹھوکر کھا کر گرا۔ پھر اسے کچھ یاد نہیں کہ کیا ہوا۔

دوسرے دن وہ اپنے کمرے میں پڑا پیشانی پر بندھی ہوئی پٹی پر ہاتھ پھیر رہا تھا اور پروین اس پر جھکی ہوئی تھی۔

"کیا میرا ساتھی ابھی نہیں آیا۔" حمید نے اس سے پوچھا۔

"نہیں۔" پروین نے کہا۔ "لیکن آپ زیادہ باتیں مت کیجئے۔"

"وہ پکڑا گیا یا نہیں۔"

"کیوں نہیں۔" پروین نے کہا۔ "ارے آپ اسی سے ٹھوکر کھا کر تو گرے تھے۔"

"ٹھوکر کھا کر۔"

"ہاں.... وہ پہلے نشہ کی جھونک میں گر گیا تھا۔ آپ کے ساتھی اور دوسرے پولیس والوں نے اُسے گرتے نہیں دیکھا۔ اسی لئے وہ اندھا دھند آگے بھاگتے چلے گئے اور آپ نے اتفاق سے اُسی سے ٹھوکر کھائی۔"

"میرا ساتھی یہاں کب سے نہیں آیا۔" حمید نے پوچھا۔

"وہ ابھی آئے ہی نہیں۔"

"اچھا.... دیکھوں گا اُسے۔" حمید دانت پیس کر بولا۔ "لیکن تم یہاں کیوں آئی ہو۔"

"آپ کی دیکھ بھال کے لئے۔ ویسے میں آپ لوگوں کے احسان سے کبھی سبکدوش نہ ہوسکوں گی۔"

"وہ عورت کون تھی۔" حمید نے پوچھا۔

"میں! آپ کے ساتھی نے مجھے اس کے لئے تیار کیا تھا اور مجھ پر نسیم کا میک اپ کر کے ماتھر صاحب کے ساتھ پہلے ہی کیمپ ریفرشو میں بھجوا دیا تھا اور پھر اگر ماتھر صاحب اس وقت میرے ساتھ نہ ہوتے تو اس کم بخت نے مجھے بھی مار ڈالا تھا۔"

"کچھ اور بھی حالات معلوم ہوئے۔" حمید نے پوچھا۔

"نہیں اور تو کچھ بھی نہیں۔"

"اقبال کا کیا حال ہے۔"

"اس وقت بھی نشے میں ہوگا۔" پروین بیزاری سے بولی۔ "اب کسی طرح اس پارٹی سے پیچھا چھوٹ جاتا.... تو بہتر تھا۔"

"سب ٹھیک ہو جائے گا...." حمید اس کے ہاتھ پر ہاتھ رکھتا ہوا بولا۔ "میرا ساتھی سب کچھ ٹھیک کرلے گا۔ ایک کیا ہزار معاہدے تڑوا سکتا ہے! وہ بہت بڑا آدمی ہے۔"

"میں جانتی ہوں۔" پروین مسکرا کر بولی۔ "وہ مجھے بتا چکے ہیں۔ کئی دنوں سے جانتی ہوں۔ ورنہ میں اس خطرناک ڈرامے میں حصہ ہی نہ لیتی۔ دودھ کا جلا چھاچھ بھی پھونک پھونک کر پیتا ہے۔"

"میں۔" حمید نے کہا اور کچھ سوچنے لگا۔

"کل رات کو بڑا لطف آیا۔" پروین تھوڑی دیر بعد بولی۔

"کیا....؟" حمید نے پوچھا۔

"مرام سنگھ کو اس کی اطلاع نہیں تھی۔ ماتھر صاحب اپنے ساتھ چند خاص آدمیوں کو لائے تھے۔ رام سنگھ نہ جانے کیوں پہلے ہی سے آپ لوگوں کے پیچھے پڑا ہوا تھا۔ کل جب آپ کیمپ ریفرشو کے لئے روانہ ہوئے تھے وہ آپ کے پیچھے لگا ہوا تھا۔ اتفاق سے وہ وہاں بہت دیر میں پہنچا۔ اس وقت جب فریدی صاحب وحید کے پیچھے دوڑ رہے تھے۔ راستہ میں رام سنگھ سے مڈبھیڑ ہوگئی اس نے انہیں روکنا چاہا اس پر انہوں نے جھلا کر اسے جو ایک چانٹا رسید کیا ہے تو کئی قلابازیاں کھا گیا۔ فریدی صاحب اندھیرے میں آگے بڑھتے چلے گئے اُدھر ماتھر صاحب نے آپ کو گرتے دیکھ لیا۔ وہاں پہنچے تو وحید بھی مل گیا، جو نشے میں ڈھیر تھا۔"

تھوڑی دیر میں رام سنگھ بھی منہ بسورتا ہوا وہاں آ پہنچا۔ آپ کو دیکھتے ہی کہنے لگا۔ "چلو ایک تو پکڑا گیا۔"

حمید ہنسنے لگا۔

"اور پھر فریدی صاحب کی واپسی پر وہ پھر ان پر جھپٹنے ہی جا رہا تھا تو ماتھر صاحب اپنی ہنسی کسی طرح نہ روک سکے۔ وہ بھی بڑے دلچسپ آدمی ہیں۔ انہوں نے اُسے اس وقت تک کچھ نہیں بتایا تھا اور اس وقت کا تو پوچھنا ہی کیا جب یہ راز کھلا ہے ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے کسی نے رام سنگھ کے منہ پر کالک لگا کر اُسے گدھے پر سوار کرا دیا ہو۔" یہ باتیں ہو رہی تھیں کہ برآمدے میں قدموں کی آہٹ سنائی دی اور فریدی کمرے میں داخل ہوا۔ حمید اب اٹھ کر بیٹھ گیا۔

"اب تشریف لائے ہیں آپ۔" حمید منہ سکوڑ کر بولا۔

"بھئی کیا بتاؤں بڑی مشکل سے اس نے اقبال جرم کیا ہے۔" فریدی ایک کرسی پر بیٹھ کر

پیشانی سے پسینہ پونچھنے لگا۔ پھر پروین کی طرف دیکھ کر مسکراتا ہوا بولا۔

"ہلو.... بے بی.... اس نے میرے لئے چیخ دھاڑ تو نہیں مچائی۔ میں نے تمہیں یہاں ٹھہرنے کے لئے کہہ تو دیا تھا لیکن سوچ رہا تھا کہ یہ تمہیں بہت پریشان کرے گا۔ بچہ ہے نا۔ ذرا سی تکلیف میں آسمان سر پر اٹھا لیتا ہے۔"

حمید اپنا انگوٹھا چوسنے لگا اور پروین بے اختیار ہنس پڑی۔ پھر تھوڑی دیر بعد فریدی ان دونوں کی حیرت سے پھیلی ہوئی آنکھوں کی زد میں بیٹھا انہیں وحید کی روداد سنا رہا تھا۔

"وحید ہی نے دیاوتی کو بھی قتل کیا تھا اور قتل کا باعث وہی نسیم والا ہار تھا سب سے زیادہ حیرت انگیز بات یہ ہے کہ دیاوتی نے جس بچے کا باپ اقبال کو ٹھہرایا وہ دراصل وحید کا تھا۔ اس کے اور دیاوتی کے پرانے تعلقات تھے جن کا علم کسی کو نہیں تھا۔ دوسری طرف وہ اقبال کو بھی خوش کرتی رہتی تھی۔ اس واقعہ کے بعد اس نے وحید سے کہا کہ وہ اس سے شادی کرلے لیکن وہ صاف انکار کر گیا۔ اس نے عدالت کی دھمکی دی اور وحید نے کہا کہ وہ بدنامی سے نہیں ڈرتا۔ اس پر دیاوتی نے اپنی بدنامی سے بچنے کے لئے وحید کی بلا اقبال کے سر منڈھ دی۔ چور اس کے دل میں بھی موجود تھا۔ اس لئے وہ پھنس گیا۔ حالانکہ اُسے اس پر شبہ تھا۔ اسی دوران میں وحید نے نسیم والا ہار دیاوتی کے پاس دیکھ لیا اور اسے حاصل کرنے کی کوشش کرنے لگا۔ اس نے دیاوتی کو بلیک میل کرنا شروع کر دیا۔ اس نے اسے دھمکی دی کہ اگر وہ ہار اُسے نہیں دے گی تو وہ اقبال کو اس بچے کے متعلق بتا دے گا۔ دیاوتی اس پر بھی نہ مانی تو اس نے ایک دن نسیم کو برومائیڈ پلا کر دیاوتی کے خلاف اس قدر بھڑکایا کہ وہ اسے قتل کرنے پر آمادہ ہوگئی لیکن اس کا حملہ ناکامیاب رہا تھا۔ پھر پارٹی یہاں چلی آئی۔ وحید بدستور ہار پر قبضہ کر لینے کی دھن میں لگا ہوا تھا۔ پھر معلوم نہیں کس طرح دیاوتی نے وہ ہار نسیم کو واپس کر دیا شاید وہ اس دن نسیم کا انتظار کر رہی تھی۔ اسی لئے میں نے تم سے کہا تھا کہ جس کا وہ انتظار کر رہی تھی وہ یا تو اس کا شوہر ہو سکتا تھا یا کوئی آشنا یا پھر کوئی عورت۔ غالباً وحید اس وقت پہنچا جب نسیم ہار لے کر واپس جا چکی تھی۔ اس نے دیاوتی سے بھی پھر ہار کا مطالبہ کیا۔ اس پر دیاوتی نے اُسے ہار کے متعلق سب کچھ صحیح صحیح بتا دیا۔ اسے یقین نہیں آیا اور اس نے غصے میں اسے قتل کر دیا۔ دوسرے دن جب نسیم قتل ہوئی اسے ایک ویٹر ٹیلی فون کال ریسیو کرنے کے لئے بلا کر لے گیا تھا۔ اس نے حقیقتاً وحید کو سعید سمجھا تھا۔ بہر حال فون پر نسیم

بات کر رہی تھی۔ اس نے سعید کے دھوکے میں اسے ہار کے حاصل کر لینے کا واقعہ بتایا اور یہ بھی بتایا کہ وہ بالی کیمپ کے ریفر شو میں ٹھہری ہوئی ہے۔ وحید نے اس سے کہا کہ وہ رات کو قریب کی چٹانوں کے درمیان اسے ملے گا اور پھر اس نے اسے بھی قتل کر دیا۔ وہ اُسے پہچان گئی تھی اس لئے اسے ہار حاصل کرنے کے لئے تھوڑی دیر تک اس سے دھینگا مشتی بھی کرنی پڑی۔ بہر حال اس نے اسے قتل کر دیا۔ ہار کو اس نے جھیل کے کنارے دفن کر دیا تھا جسے بر آمد کر لیا گیا ہے۔“

تھوڑی دیر خاموشی رہی۔

”مگر اس بار آپ نے بہت بڑے بڑے شعبدے دکھائے ہیں۔“ حمید ہنس کر بولا۔

پروین اس طرح خاموش بیٹھی تھی جیسے بت بن گئی ہو۔

”کیوں؟“ فریدی اس کی طرف مڑا۔ ”تم کیا سوچ رہی ہو؟“

”نہ جانے کیوں مجھے بھی اپنی موت سامنے دکھائی دے رہی ہے۔“ پروین آہستہ سے بولی۔

”ہشت! تم ڈرو نہیں۔“ فریدی سنجیدگی سے بولا۔ ”میں اقبال سے سارے معاملات طے کر لوں گا اگر وہ نہ مانے گا تو پھر دوسرا راستہ اختیار کیا جائے گا۔“

پروین نے کوئی جواب نہ دیا۔

”میں تمہیں کسی آفس میں کوئی اچھی سی جگہ دلا دوں گا۔ فکر مت کرو۔“ فریدی نے سگار سلگاتے ہوئے کہا۔

”اچھا اب جا کر آرام کرو۔ تم بھی رات سے جاگ رہی ہو۔“

پروین چلی گئی۔ حمید کے ہاتھ آہستہ آہستہ دعا کے لئے اٹھ رہے تھے۔

”کیوں یہ کیا؟“ فریدی نے مسکرا کر پوچھا۔

”مرنے سے پہلے۔“ حمید کراہ کر بولا۔ ”خدائے قدوس سے ایک التجا کرنا چاہتا ہوں۔“

”کیا؟“

”یہی کہ اسی پروین ہی سے آپ کی محبت ہو جائے تاکہ کم از کم چھٹیوں کا زمانہ تو سکون کے ساتھ گزرے۔“ حمید نے منہ بسور کر کہا اور فریدی نے اس کی پیٹھ پر ایک زوردار دھول جما دی۔

ختم شد

جاسوسی دنیا نمبر 20

نیلی روشنی

(مکمل ناول)

گمنام منزل

تاحد نظر چٹیل اور ریتلا میدان پھیلا ہوا تھا۔ تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد گرم ہوا کے تیز جھونکے اپنے ساتھ گردو غبار کا طوفان لاتے اور مسافروں کے چہروں پر کلی کرتے ہوئے آگے نکل جاتے۔ چھوٹے چھوٹے اسٹیشنوں پر ویٹنگ روم تو ہوتے نہیں کہ معزز قسم کے مسافر کھڑکیوں کے سیاہ پردے تک گرا کر ریگستان میں ایک آدھ گھنٹے ہی کے لئے ایک ننھی سی جنت بنا سکیں۔ یہاں بس چاروں طرف سے کھلا ہوا ایک ٹین کا سائبان تھا۔ جس کے نیچے بھانت بھانت کے آدمی عجیب انداز سے لیٹے اور بیٹھے ہوئے تھے۔ ان کے گرد سے اٹے ہوئے چہروں پر وحشت اور بیزاری کے ملے جلے آثار پائے جاتے تھے اگر کوئی سہواً بھی اپنے خشک ہونٹوں پر ایک بار زبان پھیر لیتا تو کافی دیر تک اس کے دانتوں کے نیچے ریت کے ذرے کرکراتے رہتے اور وہ کچھ ایسے تلخ انداز میں اپنے ہونٹوں کو قوسوں اور دائروں کی شکل میں جنبش دیتا کہ دوسروں کے منہ بھی بگڑ جاتے۔ سائبان بھٹی کی طرح تپ رہا تھا اور اس پر سے گرم ہوا کے جھونکے.... زبانیں نکلی پڑ رہی تھیں۔

اس وقت کوئی سرجنٹ حمید کو دیکھتا تو یہ نہ کہہ سکتا کہ وہ کبھی نفاست پسندی کے جنون میں مبتلا رہا ہوگا۔ اس کے چمکیلے بال گرد میں اٹ گئے تھے۔ چہرے پر اس قدر دھول تھی کہ اب ماتھے سے پسینہ پونچھنے کی بھی ہمت نہیں رہ گئی تھی۔

سرخ و سپید رخسار جھلس گئے تھے اور وہ دق کا مریض معلوم ہونے لگا تھا۔ اس کے ذہن میں سوائے ایک موٹی سی گالی کے علاوہ اور کچھ نہیں رہ گیا تھا۔ جسے وہ کبھی اپنی ذات سے منسوب کرتا اور کبھی اپنے محکمے کے اعلیٰ افسر کی ذات سے۔ اس ریگستان کو پار کرتے وقت وہ ٹرین پر سوچتا آیا تھا

کہ منزل مقصود پر ضرور کچھ نہ کچھ سکون ملے گا۔ لیکن یہاں پہنچ کر ساری امیدوں پر اوس پڑ گئی اور اب اس سائبان کے نیچے ایک سوٹ کیس پر بیٹھا اس موٹر کا انتظار کر رہا تھا جس کی بشارت اس کے محکمے کے اعلیٰ افسر نے پہلے ہی دے رکھی تھی؟

یہ بلائے ناگہانی اس پر اچانک نازل ہوئی تھی۔ بس یونہی ایک دن آفس میں بیٹھے بٹھائے افسر اعلیٰ کے نادر شاہی فرمان کا شکار ہو گیا۔ انسپکٹر فریدی بھی ان دنوں شہر میں موجود نہیں تھا ورنہ شاید اس کی نوبت نہ آتی.... بہر حال شدنی.... ہونے والی بات اور پھر ملازمت کا مطلب ہاتھ پر ہاتھ رکھے بیٹھے رہنا تو نہیں ہوتا۔ ہاں جب کام کی نوعیت ہی بے سروپا ہو تو اختلاج کا ہونا لازمی ہے۔ سرجنٹ حمید بھی اختلاج میں مبتلا تھا۔ اس کے اعلیٰ افسر نے صرف اتنا بتایا تھا کہ اسے فلاں اسٹیشن پر اترنا ہے پھر وہاں سے اسے ایک سیاہ رنگ کی کار لے جائے گی۔ کہاں؟ اس کی خبر حمید کے فرشتوں کو بھی نہ تھی۔ اس کا مقصد کیا تھا؟ یہ چیز بھلا کیونکر ایسی صورت میں اس کی سمجھ میں آتی۔ جب کہ اسے اپنی منزل تک کا علم نہیں تھا؟ البتہ ٹرین پر کئی بار اس سوال کے جواب میں اس کے ذہن میں لفظ ”جہنم“ ضرور گونجا تھا اور اب وہ سچ مچ جہنم میں بیٹھا اس سیاہ رنگ کی کار کا انتظار کر رہا تھا۔ اس نے تھرماس کھول کر تھوڑا سا پانی پیا اور کئی للچائی ہوئی نظریں اس کے تھرماس پر گڑ کر رہ گئیں۔ لیکن اس نے جھلاہٹ میں انہیں اس طرح اپنے ذہن سے جھاڑ دیا جیسے کوئی کان پر رینگتی ہوئی چیونٹی جھاڑ دیتا ہے۔ ہمدردی اور انسانیت کے سارے جذبات جیسے فنا ہو گئے تھے۔

اُسے زیادہ دیر تک انتظار نہیں کرنا پڑا ٹھیک گیارہ بجے ایک بڑی سی سیاہ رنگ کی کار شیڈ کے سامنے آ کر کھڑی ہو گئی۔ ڈرائیور کی سیٹ پر ایک بھاری جبڑوں اور پھولی ہوئی سرخ ناک والا آدمی بیٹھا اپنی چھوٹی چھوٹی چمکیلی آنکھوں سے سائبان کا جائزہ لے رہا تھا اس کی گھنی مونچھیں اس طرح نیچے کی طرف جھکی ہوئی تھیں کہ نچلے ہونٹ کا صرف درمیانی حصہ دکھائی دے رہا تھا۔ گردن اتنی کوتاہ تھی کہ اس کا سر شانوں کے درمیان رکھا ہوا معلوم ہوتا تھا۔

حمید سامان اٹھا کر کار کی طرف لپکا۔ ڈرائیور نے سر کی خفیف سی جنبش کے ساتھ پچھلی سیٹ کی طرف اشارہ کیا اور وہ دروازہ کھول کر نرم گدیلے میں دھنس گیا۔ کار چل پڑی۔ حمید نے کھڑکیوں کے شیشے چڑھا دیئے تھے۔ پھر بھی ریت اور اندر گھسی آ رہی تھی۔ تھوڑی دیر کے بعد

اس کی حالت اتنی ابتر ہو گئی کہ وہ ڈرائیور سے یہ تک پوچھنا بھول گیا کہ وہ اسے کہاں لے جائے گا۔ کار نہ جانے کب تک چلتی رہی حمید کو کچھ یاد نہیں اس پر غشی سی طاری تھی۔ بس کبھی کبھی اس کے ہاتھ غیر شعوری طور پر تھرماس سے جا لگتے اور وہ دو ایک گھونٹ پی کر پھر اسے نیچے ڈال دیتا۔ ڈرائیور اسٹیئرنگ پر جھکا ہوا تھا۔ اس نے ایک بار بھی پیچھے پلٹ کر نہ دیکھا۔

شام ہوتے ہوتے کار ایک سرسبز وادی میں داخل ہو رہی تھی۔ حمید اس قدر بے جان ہو چکا تھا کہ اس میں کھڑکیوں کے شیشے تک گرانے کی سکت نہیں رہ گئی تھی۔ ڈرائیور نے پلٹ کر پچھلی سیٹ کی طرف دیکھا اور کار روک کر نیچے اتر آیا پھر اس نے زور سے دروازے کھول کر شیشے گرائے اور خنک ہوا کے فرحت بخش جھونکوں نے حمید کی بے ہوشی میں اضافہ کر دیا....

یہاں دور تک سرسبز چٹانیں بکھری ہوئی تھیں اور موٹے تنوں کے چھوٹے اور گنجان درخت حد نظر تک پھیلے ہوئے تھے۔ ڈرائیور نے حمید کو بازوؤں میں اٹھا لیا اور ایک طرف چلنے لگا۔ سورج ابھی غروب نہیں ہوا تھا۔ نارنجی شعاعیں آہستہ آہستہ ڈھلوانوں پر چڑھ رہی تھیں اور سناٹے میں پرندوں کا شور گونج رہا تھا۔ ڈرائیور حمید کو اٹھائے چلتا رہا۔ پھر وہ ایک چھوٹے سے چشمے کے کنارے رکا اور حمید کو زمین پر ڈال کر اس کے منہ پر چھینٹے دینے لگا۔

تھوڑی دیر بعد حمید ایک پتھر سے ٹیک لگائے حیرانی سے چاروں طرف دیکھ رہا تھا۔ ڈرائیور کار سے اس کا سوٹ کیس بھی اٹھا لایا تھا اور اب اسٹوو پر چائے کا پانی چڑھا کر کیتلی کو اس طرح گھور رہا تھا جیسے اس کی نظر بھٹکتے ہی وہ اسٹوو سے کود کر چشمے میں جا پڑے گی۔

"ارے بھائی تم کون ہو! اور مجھے کہاں لئے جا رہے ہو۔" حمید نے اس سے پوچھا لیکن اس کی مشغولیت میں کسی قسم کا فرق نہیں آیا۔

"میں تم سے پوچھ رہا ہوں۔" اس بار حمید کے لہجے میں جھلاہٹ تھی۔

اس نے چونک کر حمید کی طرف دیکھا۔

"مجھے کہاں جانا ہے۔" حمید نے دہرایا۔

لیکن وہ کوئی جواب دیئے بغیر پھر کیتلی کی طرف متوجہ ہو گیا۔ وہ برف کی طرح سرد معلوم ہو رہا تھا۔ حمید کو پہلے تو غصہ آیا لیکن پھر اس کے سارے جسم میں ایک ٹھنڈی سی لہر دوڑ گئی۔

وہ کافی دیر تک حیرت آمیز نظروں سے ڈرائیور کو دیکھتا رہا جو اسے حد درجہ پُراسرار معلوم

ہو رہا تھا۔ لیکن اس نے کیتلی پر سے نظر ہٹا کر ایک بار بھی اس کی طرف نہیں دیکھا۔ حمید سوچنے لگا کہ آخر وہ صرف سوٹ کیس ہی اٹھا کر کیوں لایا ہے۔ سوٹ کیس کے علاوہ تھرماس اور ناشتہ دان بھی تو تھے اس سے پوچھنا چاہا۔ لیکن پھر نہ جانے کیا سوچ کر خاموش ہو رہا۔

دن بھر کی کوفت اور تھکن کے بعد ٹھنڈے پانی کے چشمے کا قرب گویا اسے جہنم سے کھینچ کر جنت میں لے آیا تھا اس نے اٹھ کر سوٹ کیس سے غسل کا لباس نکالا اور نہانے کی تیاری کرنے لگا۔

"چشمہ زیادہ گہرا تو نہیں۔" حمید نے ڈرائیور سے پوچھا۔

اس نے کیتلی سے نظر ہٹائے بغیر نفی میں سر ہلا دیا۔

حمید کافی دیر تک نہاتا رہا۔ پانی کی ٹھنڈک اسے روح کی گہرائیوں میں اترتی محسوس ہو رہی تھی اور وہ اس لذت میں اس طرح کھو گیا تھا کہ اسے وقت کا بھی احساس نہ رہا۔ سورج پہاڑیوں کے پیچھے چھپ گیا تھا اور افق میں کئی چمکیلے رنگ ابھر آئے تھے۔

ڈرائیور نے چائے تیار کر لی تھی اور اب بھنے ہوئے پارچوں کے سینڈوچ بنا رہا تھا۔ دفعتاً حمید کو یاد آیا کہ وہ دوپہر سے بھوکا ہے۔

ٹھنڈے پارچے کے سینڈوچ بھی اس وقت اسے بڑا مزہ دے رہے تھے۔

"بھئی آخر تم بولتے کیوں نہیں۔" حمید نے کھاتے ہوئے سر اٹھا کر کہا۔

موٹر ڈرائیور کے ہونٹوں پر ایک بیجان سی مسکراہٹ پھیل گئی لیکن وہ کوئی جواب دینے کے بجائے اپنے لئے چائے انڈیلنے لگا۔ حمید کو کچھ تو ہنسی آئی اور کچھ جھنجھلاہٹ معلوم ہوئی لیکن اس نے جھنجھلاہٹ کا اظہار کرنا مناسب نہ سمجھا! چشمے کے ٹھنڈے پانی اور گرما گرم چائے کے کپ نے گویا اسے نئی زندگی بخش دی تھی اور وہ حسبِ دستور قدیم چہکنے کے موڈ میں آ گیا تھا۔ وہ تھوڑی دیر تک اس عجیب و غریب ڈرائیور کو گھورتا رہا پھر اچانک بولا۔

"بھئی اگر گونگے ہو تو صاف صاف بتا دو۔ میں کیوں خواہ مخواہ مغز ماروں۔"

ڈرائیور بے اختیار ہنس پڑا۔

"مجھے گونگا ہی سمجھئے۔" وہ بھدی اور بے ہنگم آواز میں بولا۔ "میں کچھ نہیں جانتا مجھے صرف ایک بتائے ہوئے نشان پر آپ کو اتار دینا ہے اس کے علاوہ میں کچھ نہیں جانتا۔"

"نشان پر....!" حمید چونک کر بولا۔ "کیا مطلب۔"

"مطلب خود میری سمجھ میں بھی نہیں آیا۔" ڈرائیور نے لاپروائی سے کہا اور چائے کی خالی پیالیاں اٹھا کر باسکٹ میں رکھنے لگا اس کے چہرے پر پھر سنجیدگی اور سفاکی کے آثار پھیل گئے تھے۔

"اماں تو کہاں.... اتار دو گے.... جنگل میں.... قبرستان میں.... یا کسی....!"

"جنگل میں...." ڈرائیور نے کہا۔ "جہاں دور دور تک آبادی کا پتہ نہیں۔"

"کمال کر دیا.... آخر....!"

"میں کچھ نہیں جانتا۔ مجھے یہی حکم ملا ہے اور نہ میں اس کے متعلق کوئی گفتگو کرنا چاہتا ہوں۔"

حمید کا دل چاہا کہ ایک ٹانگ پر کھڑے ہو کر کتوں کی طرح بھونکنا شروع کر دے آخر اس کے اعلیٰ افسر کا مقصد کیا تھا اسی طرح کچھ دن قبل جب وہ گھر پر موجود نہیں تھا انسپکٹر فریدی بھی اپنا اتا پتا بتائے بغیر غائب ہو گیا تھا۔ گھر کے ملازموں سے بس اتنا معلوم ہو سکا تھا کہ اس نے کسی لمبے سفر کی تیاری کی تھی اور وہ اس کے لئے بھی کوئی پیغام نہیں چھوڑ گیا تھا لیکن حمید نے اسے اس وقت تک اہمیت نہیں دی تھی کیونکہ اس سے قبل بھی کئی بار ایسا ہو چکا تھا۔ یوں بھی یہ عادت فریدی کی فطرت ثانیہ بن چکی تھی کہ وہ اپنے پروگرام کسی کو نہیں بتاتا تھا۔ اسی طرح غائب ہو جانے کو کوئی خاص معنی نہیں پہنائے تھے۔ لیکن اس وقت وہ کچھ سوچنے پر مجبور ہو گیا تھا۔ آخر اعلیٰ افسر کیا چاہتا ہے اس کے ذہن میں لیونارڈ[1] والا واقعہ ناچنے لگا۔ لیونارڈ یورپ کا مشہور بلیک میلر جو مسٹر جیکسن کے بھیس میں محکمہ سراغ رسانی کا سپرنٹنڈنٹ بن بیٹھا تھا تو پھر کیا کوئی اس قسم کا حادثہ پیش آیا چاہتا ہے کہ یہ ان دونوں کے خلاف کوئی سازش تھی؟

حمید بیک وقت چونک پڑا۔ ڈرائیور سوٹ کیس اور باسکٹ اٹھائے چلنے کے لئے کہہ رہا تھا۔ وہ بادل نخواستہ اس کے ساتھ ہو لیا۔

کار پھر چل پڑی تھی۔ آہستہ آہستہ اندھیرا پھیلتا جا رہا تھا۔ دفعتاً ایک خیال حمید کے ذہن کے عقبی حصے سے شعور میں رینگ آیا اور پھر دوسرے ہی لمحے میں اس کا ہاتھ سوٹ کیس کے اندر کپڑوں میں کچھ ٹٹول رہا تھا آخر اس نے اطمینان کا سانس لیا۔ ریوالور اپنی جگہ پر موجود تھا اس نے ریوالور کی پیٹی کاندھے پر ڈال کر اوپر سے کوٹ پہن لیا۔ خنکی بڑھتی جا رہی تھی۔ ڈرائیور بدستور اسٹیئرنگ پر جھکا ہوا تھا۔ دونوں طرف عظیم الشان چٹانوں کا سلسلہ تھا اور ہیڈ لائیٹس کی روشنی بل

[1] جاسوسی دنیا کا ناول "فریدی اور لیونارڈ" جلد نمبر 2 ملاحظہ فرمائیے۔

تی ہوئی پہاڑی سڑکوں پر پھیل رہی تھی۔ انجن کا شور چٹانوں سے ٹکرا کر دور دور تک منتشر نا معلوم ہو رہا تھا۔ کبھی کبھی بڑے بڑے بالوں والی سفید لومڑیاں روشنی میں سڑک پار کرتی ائی دے جاتی تھیں۔ قرب و جوار میں پھیلے ہوئے گنجان درخت تاریکی میں کچھ عجیب وحشت سے لگ رہے تھے۔

"ارے بھائی کم از کم اتنا تو بتا دو کہ ابھی کتنا اور چلنا ہے۔" حمید نے ڈرائیور کو مخاطب کیا۔

"بس دو تین میل اور۔"

"تمہیں کس نے بھیجا ہے۔"

ڈرائیور نے اس کا کوئی جواب نہ دیا۔ حمید کا دل چاہا کہ ریوالور کی نال اس کی نظر نہ آنے والی دن سے لگا کر لبلبی کو دبا دے۔

"یار تم عجیب آدمی ہو...." حمید نے پھر کہا۔

"دیکھئے" ڈرائیور کرخت آواز میں بولا جو کچھ آپ کہنا چاہتے ہوں اسے صرف سوچتے رہیے۔

"دیکھو دوست میں ابھی تمہاری گردن ناپ سکتا ہوں۔" حمید نے دانت پیس کر کہا۔

"اس سے فائدہ؟" ڈرائیور نے قہقہہ لگایا۔ "میرے بعد آپ یہاں یتیم بچوں کی طرح بھٹکتے ریں گے۔"

حمید کو اس زور کا غصہ آیا کہ اسے اپنی عقل گدی سے نکلتی معلوم ہونے لگی۔ لیکن وہ کرتا ہی کیا۔ قہر درویش بر جان درویش اس نے یہ بات بھی قاعدے ہی کی کہی تھی۔ اگر سچ مچ وہ تنہا رہ یا تو کہاں بھٹکتا پھرے گا۔

حمید نے ہارے ہوئے جواری کی طرح ہاتھ پیر ڈال دیئے اور تن بہ تقدیر ہو بیٹھا۔

آخر کار ایک جگہ رک گئی اور ڈرائیور نیچے اتر گیا۔

"اترئیے۔" اس نے آہستہ سے کہا۔

حمید اندھیرے میں آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر چاروں طرف دیکھنے لگا۔

"یار.... کیوں؟" وہ ایک بار پھر ہکلایا۔

"ٹھہرئیے.... میں آپ کا سوٹ کیس اتارے دیتا ہوں۔" ڈرائیور نے آگے بڑھ کر کہا۔

"تو کیا سچ مچ یہیں۔"

"جی ہاں۔"

"یار کیوں مذاق کرتے ہو۔"

"جلدی کیجئے میرے پاس وقت نہیں ہے۔" ڈرائیور کا لہجہ درشت تھا۔

اس نے حمید کا سامان نیچے اتار دیا۔ طوعاً و کرہاً حمید بھی اتر آیا۔

"تم بھول تو نہیں رہے ہو!" حمید نے بوکھلا کر کہا۔

"شب بخیر...." ڈرائیور نے کار میں بیٹھ کر دروازہ بند کرتے ہوئے کہا۔

حمید "ارے ارے" ہی کرتا رہ گیا اور کار اگلے موڑ پر پہنچ کر نظروں سے غائب ہو گئی۔ پہاڑی جھینگروں کی کان پھاڑ دینے والی تیز سیٹیاں فضا میں گونج رہی تھیں۔ حمید کو ایسا معلوم ہوا جیسے اندھیرا تاریک ڈھلوانوں سے پھسل پھسل کر اس کے گرد اونچی اونچی دیواریں کھڑی کر رہا ہو اور یہ دیواریں اسے پیس ڈالنے کے لئے آگے بڑھ رہی ہوں۔ دفعتاً قریب ہی بہت سے گیدڑ چیخ اٹھے اور حمید کی ریڑھ کی ہڈی میں ایک برفیلی لہر دوڑ گئی۔

وہ دو بڑی چٹانوں کے درمیان بکھری ہوئی خار دار جھاڑیوں میں کھڑا تھا۔ ہر دوسرا لمحہ زیادہ سے زیادہ پاگل کر دینے والا ثابت ہو رہا تھا۔ حمید ڈرپوک نہیں تھا لیکن ایسے حالات میں مرنا بھی پسند نہیں کرتا تھا۔ کوئی تک ہے آخر؟

پھر اسے دور کہیں کسی لکڑ بگھے کی قہقہہ نما چیخ سنائی دی جو لحظہ بہ لحظہ قریب ہوتی معلوم ہو رہی تھی۔ وہ سوٹ کیس وغیرہ وہیں چھوڑ کر دوسری سمت والی چٹان پر چڑھنے لگا۔ انتہائی بلندی پر پہنچ کر وہ سانس لینے کے لئے رکا؟ چاروں طرف گہری تاریکی تھی۔ مطلع غبار آلود ہونے کی وجہ سے ستارے بھی دھندلے ہو رہے تھے۔ دیو پیکر چٹانوں کے نیچے بکھرا ہوا اندھیرا تو نہ جانے کتنی خبیث ارواح کی کمین گاہ معلوم ہوتا تھا۔

دفعتاً حمید کو اپنے سر پر تیزی سے جھپٹتا ہوا ایک سایہ دکھائی دیا اور پھر اس نے اس کے سارے جسم کو ڈھک لیا۔ اس نے اس کی گرفت سے نکلنے کی کوشش کی مگر بے سود۔ سر سے پیر تک وہ ایک تنگ جال میں پھنسا ہوا تھا وہ لڑکھڑا کر گر پڑا۔ وہ کچھ ایسے بدحواس ہو گیا تھا کہ اس کے منہ سے چیخ تک نہ نکل سکی۔ جال کے حلقے تنگ ہوتے جا رہے تھے اور پھر وہ نیچے کی طرف لڑھکنے لگا۔ اس نے کئی بار جھاڑیوں کو پکڑنے کی کوشش کی لیکن کامیاب نہ ہو سکا۔

خوفناک گروہ

حمید نہ جانے کب تک بے ہوش رہا۔ بیدار ہوتے ہی سب سے پہلے اسے اذیت کا احساس ہوا۔ اس کے سارے جسم میں سوئیاں سی چبھ رہی تھیں۔ چاروں طرف زرد رنگ کی گہری دھند چھائی ہوئی تھی۔ کئی منٹ تک وہ اندھوں کی طرح ادھر ادھر ٹٹولتا رہا پھر آہستہ آہستہ زردی سے سیاہی کے پیچ وخم مٹتے گئے اور اسے موم بتی کی لو صاف نظر آنے لگی۔ وہ ایک غار میں پڑا ہوا تھا اس کے نیچے خشک گھاس کا بستر تھا اور قریب ہی اس کا سامان پڑا ہوا تھا۔ یہاں کچھ تھوڑا سا سامان اور بھی تھا مگر کس کا؟ اس کا پستول کارتوس کی پیٹی سمیت کچھ فاصلے پر پڑا ہوا تھا۔ حمید نے جھپٹ کر اسے اٹھا لیا۔ یہ اس کا ایک اضطراری فعل تھا۔ ورنہ وہ لاکھ کوشش کے باوجود بھی نہ اٹھ سکتا تھا اس کے سارے جسم میں بے شمار خراشیں تھیں جن سے ابھی تک خون رس رہا تھا۔ متعدد جگہ کانٹے چبھ گئے تھے۔ داہنے پیر میں اگر موچ نہیں آئی تھی تو کوئی رگ ضرور اپنی جگہ سے کھسک گئی تھی۔ کیونکہ وہ پورا پیر جما کر زمین پر نہیں رکھ سکتا تھا۔

اس نے ایک بار پھر غار کا جائزہ لیا۔ ایک کونے میں ایک انگیٹھی رکھی ہوئی تھی جس میں کوئلے دہک رہے تھے اور اس پر رکھی ہوئی کیتلی سے بھاپ اٹھ رہی تھی۔ بھاپ سے پھیلنے والی ہلکی ہلکی خوشبو بتا رہی تھی کہ اس میں کافی ہے اس کے قریب ہی دودھ کا ڈبہ دکھائی دیا۔ غالباً شکر بھی کہیں قریب ہی رکھی ہو گی۔

بھوک کے مارے حمید کا برا حال ہو رہا تھا۔ کافی کی خوشبو نے اسے قریب قریب خوش کر دیا اور وہ یہ بھی بھول گیا کہ وہ اس حال میں ایک نامعلوم جگہ پر پتہ نہیں قید ہے یا آزاد ہے۔ کچھ دیر قبل جو حادثہ پیش آیا تھا اس کا مطلب کیا تھا۔ وہ بے تحاشا کافی کی کیتلی کی طرف جھپٹا اور دفعتاً غار کے دہانے کے قریب اسے ایک قہقہہ سنائی دیا۔

حمید ادھر متوجہ ہوا اور سامنے انسپکٹر فریدی کو کھڑا دیکھ کر بے ساختہ اچھل کر کھڑا ہو گیا۔

"آپ....!"

انسپکٹر فریدی اپنے مخصوص انداز میں کھڑا مسکرا رہا تھا اس کے جسم پر ایک خاکی رنگ کی برجس تھی اور ایک میلا سا جیکٹ جو کہنیوں سے پھٹا ہوا تھا۔ شیو بڑھا ہوا تھا چہرے پر ہلکی سی سیاہی

دوڑ گئی تھی لیکن آنکھوں کی وحشیانہ چمک اس حال میں بھی برقرار تھی اس کے دونوں ہاتھ برجس کی جیبوں میں تھے اور ہونٹوں میں سگار دبا ہوا تھا۔

"آخر اس کا مطلب" حمید جھنجھلا کر بولا۔ "اگر میری جان ہی لینی ہے تو کسی دن شوٹ کر دیجئے!"

"وہ تو آخری حربہ ہوگا۔" فریدی نے منہ سے سگار نکال کر کہا اُدھر باسکٹ میں کچھ سینڈوچ بھی ہیں۔ مگر ٹھہرو! تمہیں اٹھنے کے لئے کس نے کہا تھا۔

اس نے آگے بڑھ کر حمید کو پھر گھاس کے بستر پر ڈال دیا۔

"آخر یہ کیا بھان متی کا تماشہ ہے۔" حمید دانت پیس کر بولا۔

"سب معلوم ہو جائے گا۔ فی الحال تم چپ چاپ پڑے رہو۔"

فریدی نے باسکٹ سے کچھ سینڈوچ نکالے اور دو پیالیوں میں کافی بنائی۔

حمید سینڈوچ کھاتے وقت بھی بڑبڑائے جا رہا تھا۔ پھر اس نے دفعتاً سر اٹھا کر کہا۔

"ایک تو دن بھر ریگستان میں تپتا رہا۔ اس کے بعد یہ مذاق۔ اگر ریڑھ کی ہڈی ٹوٹ جاتی تو۔"

"امریکہ سے دوسری منگوا لیتے۔" فریدی نے مسکرا کر کہا۔ "مگر تم غلط سمجھے ہو۔"

"کیا غلط سمجھا ہوں۔" حمید جھلا کر بولا۔ "گویا کتے کا پلا تھا۔ اول تو اس طرح بے تکے پن سے بلوایا پھر جال میں پھنسا کر۔"

"یہی تو تم نہیں سمجھے۔" فریدی اس کی بات کاٹ کر بولا۔ "مگر اس سے ایک فائدہ ضرور ہوا"

"ایک کیا فائدے ہی فائدے۔" حمید منہ سکوڑ کر بولا۔ "میرے جسم پر لاتعداد فائدے ہیں جن سے ابھی تک خون بہہ رہا ہے۔"

"اچھا پہلے تم اپنا غصہ اتار لو اس کے بعد میں کچھ کہوں گا۔" فریدی نے مسکرا کر کہا۔

کافی ختم ہونے کے بعد فریدی حمید کے زخم دیکھنے لگا۔ کئی جگہ سے کانٹے بھی نکالے۔ زخم گہرے نہیں تھے۔ معمولی خراشیں تھیں۔

حمید کا غصہ بھی سرد ہو چکا تھا اور وہ اب گھاس کے بستر پر لیٹا ہولے ہولے کراہ رہا تھا۔

"تم سے زیادہ عجیب حالات میں میں یہاں پہنچا ہوں۔" فریدی نے سگار سلگاتے ہوئے کہا۔

"مگر جال میں پھنسا کر۔"

"پھر وہی۔ پہلے سن تو لو.... جال میں میں نے نہیں پھنسایا تھا۔"

"یعنی....!"

"بس سنتے جاؤ۔ ٹھہرو۔ یہاں اندھیرا ہی بہتر ہے۔" فریدی نے کہا اور اٹھ کر موم بتی بجھا دی۔

"خاموش۔"

اور پھر حمید کو ایسا محسوس ہوا جیسے فریدی آہستہ آہستہ غار کے دہانے کی طرف رینگ رہا ہو۔

تھوڑی دیر تک خاموشی رہی پھر حمید نے کسی کی سانسیں اپنے چہرے پر محسوس کیں۔ لیکن وہ دم سادھے پڑا رہا۔

"وہ ہمیں تلاش کرتے پھر رہے ہیں۔" فریدی کی سرگوشی پھر سنائی دی۔

حمید کی سمجھ میں خاک بھی نہ آیا۔

"کون۔"

"وہی جنہوں نے تمہیں جال میں پھنسا کر پکڑنے کی کوشش کی تھی۔"

"وہ کون ہیں۔"

"پھر بتاؤں گا.... چپ چاپ پڑے رہو۔ ورنہ کتوں سے بدتر موت نصیب ہوگی۔"

حمید کی پلکیں بوجھل ہوتی جا رہی تھیں اس پر پھر غشی طاری ہو گئی۔ رات میں کئی بار اس کی آنکھیں کھلیں۔ لیکن اس بیداری میں شعور کو دخل نہ تھا۔

دوسرے دن وہ کافی دن چڑھے تک سوتا رہا۔ فریدی کے جگانے پر اس نے آنکھیں تو کھولیں لیکن اپنی جگہ سے ہل نہ سکا۔ سارے جسم میں درد ہو رہا تھا اور آنکھوں میں مرچیں سی بھری معلوم ہو رہی تھیں۔

"ارے تمہیں تو اچھا خاصا بخار ہے۔" فریدی نے کہا۔

حمید نے کوئی جواب دینے کے بجائے آنکھیں بند کر لیں۔

"یہ تو بہت برا ہوا۔" فریدی خود بخود بڑبڑایا۔ اس کی پیشانی پر گہرے تفکر کی لکیریں نظر آ رہی تھیں۔ حمید کچھ بولنے کے موڈ میں نہیں تھا۔

"دواؤں کا بکس بھی یہاں موجود نہیں ہے۔" فریدی نے کہا۔ "مجھے کیا معلوم تھا کہ یہاں پہنچتے ہی تم اس حادثے کا شکار ہو جاؤ گے۔"

حمید جھلا کر اٹھ بیٹھا۔

"میں کہتا ہوں آخر اس طرح بلانے کی ضرورت ہی کیا تھی۔" اس نے کہا۔

"حالات ہی ایسے تھے۔" فریدی آہستہ سے بولا۔

"حالات! خدا سمجھے ان حالات سے آپ کے ساتھ حالات کے علاوہ اور رہتا ہی کیا ہے۔"

"بھئی بات بھی سنو تو۔"

"سنائیے نا!" حمید جھنجھلا کر بولا اور فریدی ہنسنے لگا۔

"مجھے بھی اسی طرح کچھ بتائے بغیر روانہ کر دیا گیا تھا۔ ٹیکم گڈھ کے محکمہ سراغ رسانی کا سپرنٹنڈنٹ مجھے اُسی اسٹیشن سے ٹیکم گڈھ لے گیا۔ جس راستے سے تم یہاں آئے ہو۔"

فریدی سگار سلگانے کے لئے رکا اور دو تین کش لینے کے بعد بھی خاموش ہی رہا۔ حمید کو اس کی اس عادت سے پرانی عداوت تھی۔ وہ ہمیشہ ایک بات کرتے کرتے دوسری بات میں الجھ کر اس کے متعلق سوچنے لگتا تھا۔

"لیکن کیوں؟ کس لئے؟" حمید نے پوچھا۔

"یہی تو میں بھی سوچ رہا ہوں۔" فریدی مسکرا کر بولا۔

"کمال کر دیا؟" حمید بھنا کر بولا۔ "تو گویا....!"

"اوہ سنو تو....!" فریدی اس کی بات کاٹ کر بولا۔ "بظاہر بات اتنی ہی ہے کہ یہاں سے ناجائز برآمد ہو رہی ہے۔ لاکھوں روپیہ کا سونا ہمسایہ ملک میں ناجائز طور پر بھیجا جا رہا ہے۔"

"تو یہاں کا محکمہ سراغ رسانی اتنی سی بات کا پتہ بھی نہیں لگا سکا۔" حمید نے کہا۔

"یہی تو حیرت کی بات ہے!" فریدی کچھ سوچتا ہوا بولا۔ "انہیں پتہ ہی نہیں چلتا کہ سامان کس وقت اور کس طرح گذرا۔"

"پھر انہیں اس کے متعلق معلوم کیسے ہوتا ہے۔" حمید نے پوچھا۔

"ہمارے جاسوس ہمسایہ ملک سے اس کی اطلاع دیتے ہیں۔"

"حیرت ہے.... اتنی ذرا سی بات۔"

"ذرا سی بات نہ کہو! بہت ہی منظم گروہ ہے۔ ایک ایک بات کی خبر رکھتا ہے اس کا اندازہ اب ہوا ہے کہ یہاں کا محکمہ سراغ رسانی اس کے مقابلے میں کتنا کمزور ہے۔ اب اپنی آمد ہی کے

بارے میں غور کرو! محض رازداری کے لئے اتنا ٹیڑھا میڑھا راستہ اختیار کیا گیا تھا۔ لیکن انہیں اس کی بھی اطلاع ہو گئی اور انہوں نے تمہیں پکڑنے کی کوشش کی۔ وہ اس وقت صرف دو ہی تھے۔ ورنہ شائد میں تمہیں چھڑانے میں کامیاب بھی نہ ہوتا۔"

"وہ ڈرائیور کون تھا۔" حمید نے پوچھا۔

"یہیں کے محکمہ سراغ رسانی کا کوئی آدمی رہا ہو گا۔"

"مجھے تو اسی پر شک ہے۔" حمید نے کہا۔

"ہو سکتا ہے۔ ممکن ہے.... اس قسم کی باتوں کے کھل جانے کے ذرائع ایسے ہی ہوا کرتے ہیں۔ مجرموں کے آدمی محکمہ سراغ رسانی میں بھی موجود ہیں۔"

"تو کیا آپ اسی غار میں رہتے ہیں۔"

"نہیں وہ تو میں تمہاری وجہ سے یہاں آ بسا تھا۔ لیکن اب سوچتا ہوں کہ اس طرح چھپنا چھپانا قطعی فضول ہے کیونکہ مجرم ہم سے اچھی طرح واقف ہیں۔"

"پھر کیا کیجئے گا۔"

"دیکھو بھائی ایسے حالات میں موت دو چار ہی قدم کے فاصلے پر ملتی ہے اسی لئے ابھی کچھ نہیں کہہ سکتا اور پھر سب سے بڑی بات تو یہ ہے کہ ابھی تک کچھ سمجھ میں نہیں آیا۔"

"آپ ٹیکم گڈھ میں کب سے مقیم ہیں۔"

"تین دن سے۔"

"اور آپ کے ساتھ کوئی خاص حادثہ پیش نہیں آیا۔"

"نہیں قطعی نہیں۔ ممکن ہے اس وقت تک انہیں میری موجودگی کا علم نہ رہا ہو۔"

"لیکن یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ انہیں میرے آنے کی اطلاع تو مل جائے اور آپ کے متعلق کچھ معلوم نہ ہو۔ ہو سکتا ہے کہ انہوں نے ہم دونوں کو ایک ہی جگہ ٹھکانے لگا دینے کی اسکیم بنائی ہو۔"

"اگر یہ بات ہوتی تو صرف دو ہی آدمی نہ آتے اگر وہ میرے متعلق بھی جانتے ہوں گے تو انہیں یہ بھی معلوم ہو گا کہ میں دو چار آدمیوں کے بس کا روگ نہیں۔"

"یہ نہ کہئے! بے خبری میں بڑے بڑے مارے جاتے ہیں۔"

"ممکن ہے تمہارا خیال درست ہو۔" فریدی مسکرا کر بولا۔

حمید تھوڑی دیر خاموش رہا پھر بولا۔

"آپ نے مجھے کس طرح رہائی دلائی تھی۔"

"بات دراصل یہ ہے کہ مجھے وہاں پہنچنے میں تھوڑی دیر ہو گئی تھی ورنہ اس کی نوبت نہ آنے پاتی۔ بہر حال میں اس وقت پہنچا جب وہ تمہیں جال میں پھنسا کر کھینچ رہے تھے۔ پہلے تو میں کچھ سمجھا ہی نہیں۔ لیکن جب تمہاری چیخ سنی تو بے تحاشہ فائر کرنے شروع کر دیئے۔ تھوڑی دیر تک وہ مقابلہ کرتے رہے لیکن پھر بھاگ نکلے اگر میں جانتا ہوتا کہ وہ صرف دو ہی ہیں تو میں فائر نہ کرتا اس کے بجائے انہیں پکڑنے کی کوشش کرتا۔"

"لیکن اس کے بعد بھی تو وہ ہمیں تلاش کرتے پھر رہے تھے۔" حمید نے کہا۔

"ہاں.... آں۔" فریدی بجھا ہوا سگار سلگا کر بولا۔ مگر اس وقت وہ آٹھ دس تھے۔

"آٹھ دس....!"

"ہاں۔"

"تو اس کا یہ مطلب ہے کہ ان کا کوئی اڈہ یہاں سے قریب ہی ہے۔"

"ہو سکتا ہے۔" فریدی کچھ سوچتا ہوا بولا۔ "لیکن مجھے یقین ہے کہ انہیں یہاں میری موجودگی کا علم نہیں تھا ورنہ وہ میرے ٹھکانے سے بھی واقف ہوتے اور اس وقت ہم کہیں اور پائے جاتے۔"

حمید نے کراہ کر کروٹ بدلی اور فریدی اٹھ کر آتش دان کی آگ تیز کرنے لگا۔ آتش دان پر رکھی ہوئی لوہے کی سلاخ میں کوئی پرندہ لگا ہوا تھا جسے وہ نمک چھڑک چھڑک کر بھونتا جا رہا تھا۔

"تو اب کیا یہیں پڑے رہنے کا ارادہ ہے۔" حمید نے کہا۔

"نہیں تو.... تم ذرا ٹھیک ہو جاؤ تو ہم ٹیکم گڈھ کی طرف روانہ ہو جائیں گے۔" فریدی سیخ کو آتش دان پر سے اتارتے ہوئے کہا۔

"میں بالکل ٹھیک ہوں۔" حمید نے کہا۔ "اور پھر مجھے اس غار میں وحشت ہوتی ہے۔"

"کتنی رومان آفریں جگہ ہے۔ آج تم غروب کا منظر ضرور دیکھنا! ہے ہے! حمید تم نرے ڈیوٹ ہو۔ یہاں زندگی ہے پیارے ان چٹانوں سے حیات کے چشمے ابلتے معلوم ہوتے ہیں۔"

"اور لکڑ بھگوں کے خونی قہقہوں کے متعلق کیا خیال ہے۔" حمید منہ بنا کر بولا۔

"چھوڑو بھی۔" فریدی نے اس کی طرف کافی کا پیالہ بڑھاتے ہوئے کہا۔ "ہو سکتا ہے کہ جہاں ہم بیٹھے ہیں یہ بھی لکڑ بھگے ہی کی پناہ گاہ ہو۔"

"ہو سکتا ہے۔" حمید دانت پیس کر خاموش ہو گیا۔

فریدی تھوڑی دیر کچھ سوچتا رہا پھر مسکرا کر بولا۔

"ٹیکم گڈھ کے جس ہوٹل میں، میں ٹھہرا ہوں ہر لحاظ سے اچھا ہے۔ عمدہ کھانا آرام دہ بستر، قاعدے کے لوگ، عمارت تو ساری لکڑی کی بنائی ہوئی ہے۔ لیکن اتنی پُر فضا جگہ پر واقع ہے کہ بس کچھ نہ پوچھو۔ ملازموں میں ایک بھی مرد نہیں سب لڑکیاں ہیں۔"

حمید نے کوئی جواب نہیں دیا وہ اچھی طرح سمجھتا تھا کہ فریدی اسے بچوں کی طرح بہلانے کی کوشش کر رہا ہے۔

انہوں نے دو دن تک اسی غار میں قیام کیا اس دوران میں کوئی خاص واقع پیش نہیں آیا۔ حمید اب بالکل ٹھیک ہو گیا تھا لیکن ابھی اس کے لئے ایک جان لیوا مرحلہ باقی رہ گیا تھا اور وہ تھا ٹیکم گڈھ تک کا پیدل سفر۔ ٹیکم گڈھ وہاں سے تقریباً دس میل کے فاصلے پر واقع تھا۔ فریدی سے وہ یہ بھی سن چکا تھا کہ راستے میں گھنے جنگلوں کے سلسلے ملتے ہیں جو وحشی درندوں سے پر ہیں لیکن بہر حال اسے ان جنگلوں کو پار کرنا ہے۔

تیسری رات وہ ٹیکم گڈھ کی طرف روانہ ہو گئے۔ حمید کا سوٹ کیس وہیں غار میں ڈال دیا گیا۔ کپڑے اور دوسری چیزیں شکار کے بڑے تھیلوں میں بھر لی گئی تھیں۔ جنہیں وہ اپنے کاندھوں پر اٹھائے دشوار گذار راستے طے کر رہے تھے۔

نیلا ہیجان

ٹیکم گڈھ پہنچ کر وہ اسی ہوٹل میں اترے جہاں فریدی سے پہلے مقیم تھا۔ عمارت کچھ زیادہ وسیع نہیں تھی۔ مسافروں کے ٹھہرنے کے لئے صرف بیس کمرے تھے اور پوری عمارت میں شاید ہی کہیں سیمنٹ یا پتھر استعمال کیا گیا ہو۔ عمارت تھی تو لکڑی ہی کی لیکن سلیقے سے بنائی گئی تھی۔ بیرونی دیواریں جو بڑے بڑے گول شہتیروں کو جوڑ کر بنائی گئی تھی بھورے رنگ کی وارنش

سے رنگی گئی تھیں اندر کی طرف سپاٹ تختے لگا کر انہیں ہموار بنایا گیا تھا اور ان پر سفیدے کا پالش تھا۔ یہاں پر زیادہ تر غیر ممالک کے سیاح ٹھہرا کرتے تھے۔ ان میں سے کچھ مصور ہوتے تھے اور کچھ ایسے جنہیں کوہ پیمائی کا شوق یہاں کھینچ لاتا تھا۔ کبھی کبھی لمبے بالوں والی لومڑیوں کے شکاری بھی آ ٹھہرتے تھے۔

محل وقوع کے اعتبار سے ٹیکم گڈھ کے لوگ اسے "رشک ارم" کہتے تھے۔ یہ انتہائی اونچائی پر بنایا گیا تھا کہ یہاں سے دور دراز پہاڑی سلسلوں کی برفانی چوٹیاں صاف دکھائی دیتی تھیں جن پر طلوع و غروب کے وقت قوس قزح کے رنگ پھیلے ہوئے معلوم ہوتے تھے۔ نشیب میں دور تک سدا بہار درختوں کے جنگل پھیلے ہوئے تھے۔ داہنی طرف کے ڈھلوانوں میں ایک پہاڑی نالا چٹانوں سے ٹکرا کر جگمگاتے ہوئے قطروں کے موتی اچھالتا ہوا بہہ رہا تھا۔ آگے چل کر اس نے ایک وسیع جھیل کی شکل اختیار کر لی تھی اور پھر اس کا پانی اگلی پہاڑیوں کی دراڑوں میں گھس کر نہ جانے کتنے اور نالے بناتا تھا۔

فریدی اس ہوٹل میں سول اینڈ ملٹری گزٹ کے رپورٹر کی حیثیت سے مقیم تھا۔ قیام مقصد سیر و شکار بیان کیا گیا تھا۔ اس لئے جب وہ حمید کے ساتھ بحالت تباہ ہوٹل میں داخل ہوا کسی نے ذرہ برابر حیرت کا بھی اظہار نہ کیا۔ اس نے جو کمرہ لے رکھا تھا وہ دو آدمیوں کے لئے اور منیجر کو یہ معلوم تھا کہ اس کا کوئی اور ساتھی بھی آنے والا ہے۔ فریدی نے راستے ہی میں حمید تھوڑا بہت حلیہ تبدیل کر دیا تھا اور اب وہ ایک نوجوان کے بجائے پینتیس چالیس کا آدمی معلوم ہونے لگا تھا۔ اگر اس پر حملہ نہ کیا گیا ہوتا تو شاید فریدی اس کی ضرورت ہی محسوس نہ کرتا لیکن اب اس کے علاوہ کوئی صورت نہیں رہ گئی تھی۔ چونکہ محکمہ سراغ رسانی کا ڈرائیور اسے پہچانتا تھا اس لئے اصلی صورت میں رہنا خطرے سے خالی نہیں تھا۔

غسل وغیرہ سے فارغ ہو کر ناشتہ کرنے کے بعد وہ بالکونی میں آ بیٹھے۔

"تو کیا تم جھوٹ سمجھے تھے۔" فریدی بجھا ہوا سگار نیچے پھینکتا ہوا بولا۔

"لیکن آپ نے مجھے بوڑھا بنا کر مجھ پر ظلم کیا ہے۔" حمید نے ایک ویٹرس پر نظر جماتے ہوئے کہا جو قریب سے گذر رہی تھی۔ پھر اس نے اسے روک کر پوچھا کیا یہاں پرنس ہنری تمباکو مل سکے گا۔"

"جی نہیں وہ تو نہیں ہوگا۔ کارلٹن اور کیپسٹن ہیں۔" ویٹرس نے کہا۔

"کارلٹن تو ہلکا ہوتا ہے۔ خیر ایک ٹن کیپسٹن کا دے جاؤ۔"

"چھوٹا یا بڑا۔"

"چار اونس والا۔ لیکن ذرا....!" حمید ایک آنکھ دبا کر بولا۔ "خیر جاؤ۔"

ویٹرس مسکراتی ہوئی چلی گئی۔

"تم نے شروع کر دیں اپنی حرکتیں۔" فریدی برا سا منہ بنا کر بولا۔

"کیسی حرکتیں! آپ تو خواہ مخواہ جان کو آجاتے ہیں۔" حمید نے بھنا کر کہا۔ "میں نے کسی عورت سے بات کی اور آپ کے دماغ میں زلزلہ آیا۔ پھر کس سے کہتا۔ کیا یہاں کوئی مرد نوکر ہے۔"

"تم نے اسے آنکھ کیوں ماری تھی۔"

"پتھر تو نہیں مارا تھا۔" حمید جھلا کر بولا۔ اگر آنکھ مارنے سے اس کا پیٹ پھٹ گیا ہو تو میری گردن اڑا دیجئے۔ بھلا بتایئے اب کوئی آنکھ بھی نہ مارے۔"

"تو گویا آنکھ مارنا کوئی بڑا فریضہ ہے۔"

"جی نہیں آپ کی طرف برہمچاری ہو جانے میں نروان ہے۔" حمید طنزیہ لہجے میں بولا۔

یہ بحث یہیں تک پہنچی تھی کہ ویٹرس تمباکو لے کر آ گئی۔

"کیوں بھئی تمہارے چوٹ تو نہیں آئی۔" حمید نے اس سے سنجیدگی سے پوچھا اور فریدی اسے گھورنے لگا۔

"چوٹ....!" وہ چونک کر بولی۔ "کیسی چوٹ۔"

"ہم سمجھے شاید تم زینے پر لڑکھڑائی تھیں۔" فریدی جلدی سے بولا۔

"جی نہیں.... نہیں تو۔"

"خیر ہمیں دھوکا ہوا ہوگا۔" فریدی نے کہا اور دوسری طرف دیکھنے لگا۔

حمید نے تمباکو کے دام ادا کئے اور ایک بار پھر اسے آنکھ مار کر رخصت کر دیا۔

"حمید تمہاری شامت تو نہیں آ گئی۔" فریدی بگڑ کر بولا۔ "کم از کم میرے ساتھ رہ کر تم بگڑی ہوئی حرکتیں نہیں کر سکتے۔"

"بھلا اس میں گراوٹ کی کیا بات ہے۔" حمید نے مسکرا کر کہا۔

"میں سچ مچ تمہیں چانٹا ماردوں گا۔"

"یہ یقیناً ایک گری ہوئی حرکت ہوگی۔" حمید فلسفیانہ انداز میں بولا۔ "کیونکہ چانٹے سے چوٹ لگتی ہے۔ مہاتما گوتم بدھ کا ارشاد ہے کہ ارشاد احمد، ارشاد علی اور ارشاد حسن وغیرہ مسلمانوں کے نام ہوتے ہیں، ہندوؤں کے نام رام کھلاون.... رام....!"

"بکومت۔" فریدی نے جھنجھلا کر اس کا منہ دبا دیا۔

"ہوں.... ہوں.... کہیں میک اپ نہ بگڑ جائے۔" حمید پیچھے ہٹتا ہوا بولا۔

"خیر بیٹے گھبراؤ نہیں جلد ہی ساری چہک بند ہو جائے گی۔" فریدی بے بسی سے بولا۔

"کیا آپ مجھے بزدل سمجھتے ہیں۔" حمید اکڑ کر بولا۔

"نہیں عورتوں کی موجودگی میں تو تم خاصے تیس مار خاں معلوم ہوتے ہو۔" فریدی زہر خند کے ساتھ کہا۔

تھوڑی دیر تک خاموشی رہی پھر حمید سنجیدگی سے بولا۔

"تو اب کیا پروگرام ہے۔"

"یہی تو سمجھ میں نہیں آتا۔" فریدی سگار سلگا کر برفیلی چوٹیوں پر نظریں گاڑتا ہوا بولا "کام کس طرح شروع کیا جائے۔ یہ خود ایک اپنی جگہ پر بہت بڑا سوال ہے۔ ہمارے پاس فی الحال اس اطلاع کے علاوہ کچھ اور نہیں کہ یہاں سے ناجائز برآمد ہوتی ہے۔"

"اور وہ بھی اس طرح کہ یہاں کا محکمہ سراغ رسانی بے دست و پا ہو کر رہ گیا ہے۔" مسکرا کر بولا۔

"کیا تمہارے اس جملے میں کوئی خاص اشارہ پنہاں ہے۔"

"اوہ....!" حمید منہ بگاڑ کر بولا۔ "یہ ایشیا کا معروف سراغ رساں مجھ سے پوچھ رہا ہے۔"

فریدی پُر خیال انداز میں اس کی آنکھوں میں دیکھنے لگا۔

"تم شاید یہ کہنا چاہتے ہو۔" وہ تھوڑی دیر بعد بولا۔ "کہ شروعات اس ڈرائیور سے کی جا کیونکہ تمہاری آمد کا راز افشا ہو گیا تھا۔"

"جناب والا۔" حمید قدرے جھک کر بولا۔ "یہ بالکل سامنے کی بات ہے۔"

"ٹھیک ہے۔" فریدی ہونٹ بھینچ کر بولا۔ "شاید ابھی تک تمہارے ذہن پر لکڑ بھگوں

قہقہے مسلط ہیں۔"

"کیوں؟"

"یہ سامنے کی بات صرف اندھے ہی ٹٹول سکتے ہیں۔" فریدی زہر خند کے ساتھ بولا۔ "ڈرائیور کے فرشتوں کو بھی اس کا علم نہ ہوگا کہ تم پر کیا گذری۔ ایک احمق سے احمق آدمی یہ جانتا ہے کہ اس کی ذمہ داری کہاں سے شروع ہوتی ہے اور اس کا اختتام کہاں ہو سکتا ہے۔ غالباً اتنی عقل تو وہ بھی رکھتا ہوگا کہ تمہیں اس ویران مقام پر تنہا چھوڑ دیا جانا خالی از علت نہیں لہٰذا ایسی صورت میں فوراً ہی حملہ کر دیا جانا ڈرائیور کے سازش میں شریک ہونے کی طرف اشارہ نہیں کرتا۔"

"اونہہ! ماریئے گولی۔" حمید اکتا کر بولا۔ "میں تو یہ سوچ رہا ہوں کہ یہاں خاصی تفریح رہے گی۔"

"خاصی۔" فریدی نے کہا اور اپنی نظریں اُفق پر گاڑ دیں۔ "ٹیکم گڈھ واقعی دلچسپی جگہ ہے۔ مجھے افسوس ہے میں پہلے کبھی یہاں کیوں نہیں آیا۔ یہاں رہ کر آدمی تین مختلف تہذیبوں سے قریب ہو جاتا ہے۔ تین ملکوں کی سرحدیں یہاں سے شروع ہوتی ہیں اور ان میں سے ایک ہمارا سونا ہڑپ کرتا رہتا ہے۔"

فریدی کچھ اور کہتے کہتے رک گیا۔ بالکونی کے دوسرے کنارے پر قدموں کی آہٹ سنائی دے رہی تھی۔

"ہیلو کیپٹن یاور۔" ایک نسوانی آواز سنائی دی۔ "آپ کہاں غائب ہو گئے تھے۔"

"اوہ.... مس رینوکا۔" فریدی اٹھتا ہوا بولا۔ "آیئے آیئے! ذرا شکار کے لئے نکل گیا تھا۔"

حمید بھی کھڑا ہو گیا اس کے سامنے ایک انتہائی حسین عورت نیلے اسکرٹ میں کھڑی ہوئی تھی۔ عمر چھبیس ستائیس سے زیادہ نہ رہی ہوگی۔ بڑی بڑی آنکھیں نشیلی ضرور تھیں لیکن ان میں کی جگہ درندگی بھی چھپی ہوئی تھی۔ مسکراتے وقت گالوں پر ہلکے ہلکے گڑھے پڑ جاتے تھے۔

"آپ میرے دوست کیپٹن جلیس ہیں۔" فریدی نے حمید کی طرف اشارہ کیا۔ "شکاری آدمی ہیں اور آپ مس رینوکا ایک بلند پایہ مصور۔ آپکی ایک تصویر اس سال پیرس کی بین الاقوامی نمائش میں جانے والی ہے۔"

"مجھے انتہائی مسرت ہوئی ہے آپ سے مل کر۔" حمید اس سے ہاتھ ملاتے وقت قدرے

جھک کر بولا۔

"مسٹر راحیل تو نہیں دکھائی دیئے۔" رینو کا نے فریدی سے پوچھا۔ "میں ان کی تلاش میں ہوں۔"

"میں نے انہیں کچھ دیر قبل تمبا کو نوشی کے کمرے میں دیکھا تھا۔" فریدی نے کہا۔

"معاف کیجئے گا میں مخل ہوئی۔" اس نے مسکرا کر سر کو خفیف سی جنبش دی۔

"کوئی بات نہیں۔" فریدی نے کہا اور رینو کا حمید کے حواس خمسہ کو جھنجھوڑتی ہوئی نیچے چلی گئی۔

"آپ کا جغرافیہ۔" حمید نے آہستہ سے کہا۔

"جتنا میں نے تمہیں بتایا ہے اس سے زیادہ میں خود نہیں جانتا۔" فریدی لاپروائی سے بولا۔

"نہ جانے آپ کس پتھر کے بنے ہیں۔"

"ہٹاؤ ہٹاؤ" فریدی احتجاجاً ہاتھ اٹھا کر بولا۔ "میں اس موضوع پر گفتگو کرنا نہیں چاہتا۔"

"سورج غروب ہو چکا تھا افق میں پھیلے ہوئے رنگین لہریوں پر سیاہی غالب آتی جا رہی تھی۔ فریدی تھوڑی دیر تک خیالات میں ڈوبا رہا پھر بولا۔

"دگراج کے درے پر ایک فوجی دستہ تعینات ہے اور وہاں ایک پولیس چوکی بھی ہے اور اس کے علاوہ کوئی اور مناسب راستہ بھی نہیں ہے۔"

"یہ کس طرح کہا جا سکتا ہے۔" حمید نے کہا۔

"میں اپنا خیال نہیں ظاہر کر رہا ہوں۔" فریدی اس کی آنکھوں میں دیکھتا ہوا بولا۔ "یہ یہاں کے محکمہ سراغ رسانی کی رپورٹ ہے۔"

"تو آپ کب تک اس رپورٹ کو پیٹتے رہیئے گا۔" حمید اکتا کر بولا۔

"جب تک کوئی خاص کڑی میرے ہاتھ نہ آجائے۔"

"ٹھیک ہے۔" حمید اٹھتا ہوا بولا۔ "میں ابھی آتا ہوں۔"

فریدی اسے گھورنے لگا لیکن وہ کچھ بولا نہیں۔ حمید نے لاابالی پن کے ساتھ اپنے شانوں کو جنبش دی اور نیچے چلا گیا۔ ڈائننگ ہال میں برتن کھنک رہے تھے اس کی نظریں بے شمار سروں سے پھسلتی ہوئی اس عورت پر جا کر رک گئیں جس سے فریدی نے تھوڑی دیر قبل تعارف کرایا تھا۔ وہ ایک ایکٹر قسم کے آدمی کے ساتھ بیئر پی رہی تھی۔ پھر حمید کو وہ لڑکی دکھائی دی جس سے اس نے تمبا کو منگوایا تھا۔

حمید اُسے اپنی طرف متوجہ کرنے ہی جا رہا تھا کہ دفعتاً باہر شور سنائی دیا۔ دو تین آدمی بھاگ کر اندر آئے ان میں ہوٹل کا چوکیدار بھی تھا۔

"ایک نئی آفت۔" چوکیدار نے منیجر کے کمرے کی طرف بھاگتے ہوئے کسی سے کہا۔

ڈائننگ ہال میں بیٹھے ہوئے لوگ چونک کر ادھر اُدھر دیکھنے لگے۔ کچھ تو گھبراہٹ میں کھڑے ہو گئے۔

اور پھر چند لمحے بعد منیجر اپنے کمرے سے نکل کر تیزی سے اوپری منزل کی طرف جاتا دکھائی دیا۔ اس کے ساتھ کچھ اور لوگ بھی تھے۔ بقیہ لوگ کھڑکیوں اور دروازوں کے قریب اکٹھا ہو رہے تھے۔

حمید بوکھلائے ہوئے انداز میں انہیں میں شامل ہو گیا۔ لوگوں کی نظریں مغربی افق پر جمی ہوئی تھیں۔ جہاں پہاڑی سلسلوں کے پیچھے سے ایک تیز قسم کی نیلی روشنی پھوٹ رہی تھی اور پہاڑوں پر چھوٹے چھوٹے سیاہ دھبے رینگتے معلوم ہو رہے تھے۔

"دروازے اور کھڑکیاں بند کرو۔" بار ٹنڈر کاؤنٹر پر سے چیخا۔

"یہ کیا ہو رہا ہے۔" حمید نے قریب کھڑے ہوئے آدمی سے پوچھا۔

"خبر نہیں صاحب، میں بھی یہاں اجنبی ہوں۔" اس نے جواب دیا۔

باہر بدستور شور جاری تھا۔ شاید یہ نیچے آبادی کا شور تھا۔ حمید تیزی سے اوپری منزل کے زینے طے کرنے لگا۔

اوپر بالکونی میں مجمع بڑھ گیا تھا۔ منیجر چیخ چیخ کر لوگوں سے اندر چلے جانے کی درخواست کر رہا تھا۔

"آخر یہ ہے کیا۔" کئی آدمیوں نے بیک وقت پوچھا۔

"میں بتاؤں گا.... لیکن آپ لوگ اندر تو چلئے۔ ورنہ میں کسی کی موت کا ذمہ دار نہ ہوں گا۔"

لوگ ایک ایک کر کے کھسکنے لگے پھر کسی نے یہ بھی نہ پوچھا کہ اس نیلے ہیجان اور موت سے کیا تعلق۔ روشنی لحظہ بہ لحظہ تیز ہوتی جا رہی تھی اور اب تو قریب کے درختوں اور ہوٹل کی دیواروں پر بھی اس کی جھلکیاں دکھائی دینے لگی تھیں۔ دفعتاً فریدی نے حمید کا شانہ دبا کر اسے منیجر کے پیچھے چلنے کا اشارہ کیا۔

وہ سب نیچے ڈائننگ ہال میں جمع ہو گئے جو لوگ پہلے ہی سے نیچے تھے ان کے چہروں پر خوف

کے آثار دکھائی دے رہے تھے۔ شائد انہیں پہلے ہی کچھ معلوم ہو گیا تھا۔

منیجر کاؤنٹر کے قریب رک کر مجمع پر نظریں دوڑاتا ہوا اپنی پیشانی سے پسینہ پونچھنے لگا۔

"کچھ بولو بھی۔" مجمع سے کسی نے جھلائی ہوئی آواز میں کہا۔

"حضرات!" منیجر اپنے خشک ہونٹوں پر زبان پھیرتا ہوا بولا۔ "میں یہ نہیں کہتا کہ آج بھی کوئی حادثہ ضرور پیش آئے گا.... ہو سکتا ہے کہ میرا.... میرا ہی نہیں بلکہ پورے ٹیکم گڈھ کی آبادی کا اندیشہ بے بنیاد ہو لیکن احتیاط شرط ہے۔"

"عجیب آدمی ہو.... صاف صاف کہو۔" کسی نے چیخ کر کہا۔

"آج سے چھ ماہ قبل اس طرح سے چنگاریاں اڑتی دکھائی دی تھیں اور کئی بہت بڑے بڑے شعلے ٹیکم گڈھ کی آبادی میں آگرے تھے جس سے کافی نقصان ہوا تھا اور کئی جانیں بھی ضائع ہوئی تھیں۔ کچھ دنوں بعد معلوم ہوا کہ سرحد پار کے ایک ملک کے سائنسدانوں نے کسی تباہ کن حربے کا تجربہ کیا تھا آپ نے بھی اخبارات میں اس کے متعلق پڑھا ہوگا۔"

"احتیاط کی دم۔" کوئی شرابی نشے میں بڑبڑایا۔ "احتیاط کی ماں کی ناک۔"

"آپ لوگ اس وقت براہِ کرم باہر نہ نکلیں۔" منیجر پھر بولا۔ "جب تک یہ ہیجان فرو نہ ہو جائے۔"

پورے ہال میں عجیب طرح کی بھنبھناہٹ گونجنے لگی۔ شرابی کی آواز ابھی تک سنائی دے رہی تھی۔

"ہیجان .... سالا.... قیامت تک فرو نہ ہوگا۔" وہ جھومتا ہوا اٹھا اور دروازے کی طرف بڑھنے لگا۔

"مسٹر میں آپ سے استدعا کرتا ہوں۔" منیجر تیز لہجے میں بولا۔

"استدعا کی....!" وہ پلٹ پڑا۔ "استدعا کے ہجے بتاؤ میری جان.... استدعا.... الگ.... دعا الگ.... تم دعا کرو اور میں اپنے کمرے میں جا کر استدعا کرتا ہوں۔ داہنا ہاتھ سلامت ہے تو کیا پرواہ ہے۔"

وہ بے ڈھنگے پن سے گاتا ہوا تمباکو نوشی کے کمرے میں چلا گیا۔

"یہ کیا معاملہ ہے؟" حمید نے آہستہ سے فریدی سے پوچھا۔

"خبر نہیں.... لیکن چیز دلچسپ ہے۔" فریدی نے جواب دیا۔

"آخر ہم کب تک بند رہیں گے۔" کسی نے منیجر سے پوچھا۔

"جب تک وہ روشنی ختم نہ ہو جائے۔ میں پھر عرض کروں گا کہ احتیاط ضروری ہے۔"

"احتیاط کی ماں کی ناک۔" تمباکو نوشی کے کمرے سے شرابی کی آواز آئی۔

تھوڑی دیر بعد آسمان پھر پہلے کی طرح صاف ہو گیا اور تمام دروازے کھول دیئے گئے۔ قرب و جوار میں کہیں کوئی حادثہ نہیں ہوا تھا۔

فریدی بہت زیادہ خاموش نظر آ رہا تھا۔ اس نے اس کے متعلق کسی سے کوئی پوچھ گچھ نہ کی۔ حمید اسکے اس رویے کو حیرت سے دیکھ رہا تھا اس کی دانست میں یہ حیرت کی بات تھی ایسی عجیب و غریب بات سامنے آئے اور فریدی خاموش رہ جائے۔ یہ اس کی فطرت کے سراسر خلاف تھا۔

وہ دونوں کھانا کھا چکنے کے بعد پھر بالکونی میں آبیٹھے لیکن اس وقت وہ یہاں تنہا نہیں تھے۔ البتہ فریدی نے ایک ایسی جگہ منتخب کی تھی جو سب سے الگ تھلگ تھی۔

"آخر یہ کیا تھا؟" حمید نے پھر پوچھا۔

"اماں رہا ہوگا کوئی ڈھونگ۔" فریدی منہ سکوڑ کر بولا۔

"ڈھونگ تو میں اس وقت سمجھتا۔" حمید نے پائپ میں تمباکو بھرتے ہوئے کہا۔ "جب لوگ اُسے کوئی مافوق الفطرت چیز سمجھنے پر مصر ہوتے۔"

"ہوگا کچھ۔" فریدی سگار سلگاتا ہوا بولا۔ اس کے لہجے سے ایسا معلوم ہو رہا تھا جیسے وہ اس موضوع پر کوئی بات نہیں کرنا چاہتا۔ حمید کی نظریں انہیں پہاڑوں کی طرف اٹھی ہوئی تھیں۔ جدھر کچھ دیر قبل نیلی روشنی دکھائی دے رہی تھی۔ دفعتاً پھر نیلی روشنی کا ایک جھماکا سا ہوا اور لوگوں کی آنکھیں چندھیا گئیں۔ اسی طرح تھوڑے تھوڑے وقفے کے بعد کئی بار جھماکے ہوئے اور پھر ساری پہاڑیاں نیلی روشنی سے نہا گئیں لوگ پھر اٹھ اٹھ کر اندر کی طرف بھاگنے لگے۔ فریدی اور حمید نے بھی ان کی تقلید کی۔ لیکن نیچے ہال میں پہنچ کر حمید نے محسوس کیا کہ فریدی اس کے ساتھ نہیں ہے اس نے چاروں طرف نظریں دوڑائیں لیکن وہ کہیں نہ دکھائی دیا۔

ہال کے سارے دروازے بند کر دیئے گئے تھے۔ کھڑکیاں بھی بند تھیں اور لوگ سہمے بیٹھے تھے۔ حمید نے رینوکا کو دیکھا جس کی آنکھیں نشے میں ڈوبی ہوئی تھیں اور وہ بار بار اپنے ساتھی کے شانے پر سر رکھ دیتی تھی۔ حمید اس طرح منہ بنانے لگا جیسے نادانستگی میں کوئی کڑوی کسیلی چیز کھالی ہو۔ قریب تھا کہ اس کا دماغ بہک جائے اسے یاد آیا کہ فریدی موجود نہیں۔ اس نے پھر ادھر

اُدھر نظریں دوڑائیں۔ یک بیک اُسے کچھ خیال آیا اور وہ اس کمرے کی طرف لپکا جس میں وہ دونوں مقیم تھے۔ کمرہ بھی خالی ملا۔

تھوڑی دیر میں اس نے پوری عمارت چھان ماری لیکن فریدی نہ ملا۔ آخر وہ پھر تھک ہار کر ڈائننگ ہال میں آبیٹھا۔ روشنی اب اتنی تیز ہوگئی تھی کہ دروازوں اور کھڑکیوں کی درزوں سے دکھائی دے رہی تھی۔ لیکن اب خوف کے پہلے سے آثار نظر نہیں آرہے تھے لوگ شراب یا کافی پر ٹوٹ پڑے تھے۔

رینوکا اپنی میز پر تنہا تھی اس کی نشے سے بوجھل پلکیں جھکی جا رہی تھیں کبھی کبھی وہ آنکھیں پھاڑ کر صدر دروازے کی طرف دیکھنے لگتی تھی۔ دفعتاً وہ اٹھی اور دروازہ کھول کر باہر نکل گئی۔

"ارے! ارے۔" کئی آوازیں سنائی دیں اور کچھ لوگ دروازے کی طرف لپکے۔ حمید بھی ان کے پیچھے تھا۔ رینوکا کا ساتھی اُسے اندر کھینچ لایا۔ وہ نشے میں نہ جانے کیا کیا بک رہی تھی۔ پھر نیلی روشنی کے درمیان سے ایک ہوائی سی چھوٹی اور فضا میں چنگاریاں بکھیرتی ہوئی ہوٹل کی عمارت سے گذر گئی اس کا رخ مشرق کی طرف تھا۔ کہیں دور شور سنائی دیا اور پھر خاموشی چھا گئی۔

سفید حادثہ

حمید رات بھر جاگتا رہا۔ فریدی نہ جانے کہاں غائب ہو گیا تھا۔ اگر حمید ٹیکم گڈھ میں نووارد نہ ہوتا تو شاید کبھی کا فریدی کی تلاش میں نکل گیا ہوتا۔ نہ جانے کیوں اس کے ذہن پر ایک عجیب قسم کا خوف مسلط تھا، جسے موت کا خوف نہیں کہا جاسکتا۔ یونہی بس بے نام سا ایک خوف۔ آبادی سے کسی حادثے کی اطلاع نہیں ملی تھی۔ ہوائی آبادی میں نہیں گری تھی۔ بلکہ اسے کسی۔ گرتے ہی نہیں دیکھا تھا۔ وہ سیدھی مغرب سے مشرق کی طرف چلی گئی تھی۔

تقریباً چار بجے فریدی آیا اس نے اپنا کوٹ اتار کر کاندھے پر ڈال رکھا تھا اور ٹائی کی گرہ سینے پر جھول رہی تھی۔ بال پریشان تھے۔ گھٹنوں پر پتلون میلی ہو رہی تھی اس پر گھاس کے ہرے ہرے دھبے بھی تھے۔

اس نے آتے ہی کوٹ ایک طرف اچھال دیا اور خود آرام کرسی پر گر کر ہانپنے لگا۔

"اس حلیئے میں آپ صدر دروازے میں داخل ہوئے ہیں۔" حمید نے پوچھا۔

"نہیں پچھلی دیوار پھلانگ کر یہاں تک پہنچا ہوں۔" فریدی اٹھتا ہوا بولا۔ "لیکن جلدی کرو۔ میرا سلیپنگ سوٹ کہاں ہے۔"

اس نے جلدی جلدی کپڑے اتار کر سلیپنگ سوٹ پہن لیا اور اتارے ہوئے کپڑے ایک تولئے میں باندھ کر باہر نکل گیا جب وہ چند لمحوں کے بعد واپس آیا تو خالی ہاتھ تھا۔

"چلو! لیٹ جاؤ.... بستر پر اور سونے کی کوشش کرو۔" فریدی نے حمید سے کہا اور اپنے بستر پر دراز ہو گیا۔

"آخر کیا بات ہے۔"

"چپ چپ! ملٹری کے کچھ سپاہی میرے تعاقب میں ہیں۔ ممکن ہے یہاں کی تلاشی لی جائے۔" فریدی نے آہستہ سے کہا۔

"اوہ...!" حمید معنی خیز نظروں سے سر ہلا کر بولا۔ "لیکن کپڑے کہاں چھپائے۔"

"نالے میں.... وہ اب تک کہیں سے کہیں پہنچ گئے ہوں گے۔"

دونوں خاموش ہو گئے۔ چند ہی ثانیے بعد دروازوں کے کھلنے اور بند ہونے کی آوازیں سنائی دینے لگیں۔ لکڑی کی عمارت بھاری بھرکم جوتوں کی آوازوں سے گونج رہی تھی۔ حمید آنکھیں ملنے لگا تاکہ اگر اس کمرے کی بھی تلاشی ہو تو آنے والے یہی سمجھیں کہ وہ اچانک جاگا ہے۔

تھوڑی دیر بعد کسی نے ان کا دروازہ بھی پیٹا۔ حمید چپ چاپ دم سادھے لیٹا رہا۔ دروازہ بدستور پیٹا جا رہا تھا۔

"کون ہے؟" فریدی بھرائی ہوئی آواز میں چیخا۔ پھر بڑبڑاتا ہوا اٹھ بیٹھا۔ "کیا بیہودگی ہے۔ میں نے اتنا ذلیل ہوٹل آج تک نہیں دیکھا۔"

پھر اس نے بجلی جلادی۔ حمید بھی اٹھ بیٹھا تھا۔ فریدی نے دروازہ کھول دیا ایک لیفٹیننٹ دو سپاہیوں کے ساتھ اندر گھس آیا اس نے فریدی اور حمید کو گھور کر دیکھا! پھر ادھر اُدھر دیکھنے لگا۔

"اس کا مطلب....!" فریدی گرج کر بولا۔

"شور مت مچاؤ! ہمیں ایک مشتبہ آدمی کی تلاش ہے۔" لیفٹیننٹ نے کہا۔

"گ...آ...ٹ۔" فریدی حلق کے بل چیخا۔ "ورنہ ٹھوکر مار نکال دوں گا۔ تمہارے جیسے سیکنڈ

لیفٹیننٹ میرے بوٹ صاف کرتے ہیں۔"

"شٹ اَپ۔" لیفٹیننٹ گرجا۔

اتنے میں ہوٹل کا منیجر بھی آگیا۔

"اوہ کیپٹن صاحب۔" وہ فریدی کی طرف منہ کر کے بولا۔ "بات یہ ہے کہ انہوں نے ایک مشتبہ آدمی کو ہوٹل کی دیوار پر چڑھتے دیکھا تھا۔"

"اور اب وہ مشتبہ آدمی ہماری جیبوں میں آچھپا ہے۔" فریدی نے طنزیہ لہجے میں کہا۔ "میں نے اتنا ذلیل ہوٹل آج تک نہیں دیکھا اور لیفٹیننٹ صاحب یہ آپ کس کے حکم سے شریف آدمیوں کے دروازے پیٹتے پھر رہے ہیں۔ یہ جنگ کا زمانہ نہیں ہے اور پھر آپ کو تلاشی لینے کا حق کب پہنچتا ہے۔ وارنٹ ہے آپ کے پاس۔"

"بات دراصل یہ ہے۔" لیفٹیننٹ کے لہجے میں ہچکچاہٹ تھی۔

"کوئی بات نہیں۔" فریدی جھنجھلا کر بولا۔ "میں ابھی تمہارے یونٹ کمانڈر کو فون کرتا ہوں۔ غالباً تم وگراج کے درے والے دستے سے تعلق رکھتے ہو۔"

"بات تو سنئے۔"

"اگر تمہیں کوئی مشتبہ آدمی دکھائی دیا تھا تو تمہیں ہوٹل کا محاصرہ کرنے کے بعد مقامی پولیس کو اطلاع دینی چاہئے تھی۔ تم کس طرح گھس پڑے۔ کتنے آدمی ہیں تمہارے ساتھ۔"

"چار....!"

"بقیہ دو کہاں ہیں۔"

"دوسرے کمروں میں تلاشی لے رہے ہیں۔"

"اور دروازہ خالی ہے! بہت اچھے! کیا کارگذاریاں ہیں۔ لیجئے جناب یہ کمرہ بھی حاضر ہے۔"

وہ تینوں اِدھر اُدھر دیکھ کر جانے لگے۔

"ٹھہرئیے۔" فریدی ہاتھ اٹھا کر بولا۔ "آپ کو شبہ ہے کہ وہ اسی ہوٹل میں ٹھہرا ہوا مستقل طور پر یہاں رہتا ہے۔"

"ہاں! ورنہ وہ یہاں گھسنے کی ہمت ہی نہ کرتا۔" لیفٹیننٹ نے کہا۔

"ٹھیک ہے۔" فریدی سر ہلا کر بولا۔ "اس کی شکل دیکھی تھی۔"

"نہیں۔"

"دیوار پر چڑھتے دیکھا تھا۔"

"ہاں....!"

"تو پھر فائر کیوں نہیں کیا۔"

لیفٹیننٹ نے کوئی جواب نہ دیا۔

"کس بات کا شبہ تھا اس پر۔"

"اس سے آپ کو کیا سروکار۔" لیفٹیننٹ نے جھلا کر کہا اور باہر نکل گیا۔

فریدی نے دروازہ بند کرتے وقت پلٹ کر حمید کو آنکھ ماری.... اور شرارت آمیز انداز میں مسکرانے لگا۔

"یہ کیا دھما چوکڑی تھی۔"

"چھوڑو یار۔ خواہ مخواہ ایک سوٹ ضائع ہوگیا۔ میں اسے اتنا ڈیوٹ نہیں سمجھتا تھا۔"

"لیکن یہ لوگ کس طرح اور کہاں سے آپ کے پیچھے لگ گئے تھے۔" حمید نے پوچھا۔

"کچھ نہ پوچھو۔" فریدی بیٹھ کر سگار سلگاتا ہوا بولا۔ "بہر حال یہ سوچنا فضول ہے کہ سرحد کے نگہبان غافل رہتے ہیں۔"

"میں کچھ سمجھا نہیں۔"

"یار تم بعض اوقات بھیجا چاٹ جاتے ہو۔ میں وگراج کے درے کی طرف نکل گیا تھا۔ محض یہ دیکھنے کے لئے کہ نگہبان کس موڈ میں ہیں۔ تم نے ابھی وہ جگہ نہیں دیکھی۔ کچھ ایسی الٹی سیدھی چٹانیں ہیں کہ پوری پلٹن ان کی اوٹ لیتی ہوئی سرحد پار کر جائے اور کسی کو کانوں کان خبر نہ ہو۔ لیکن اس وقت دیکھ کر حیرت ہوئی کہ نگہبانوں کی عقابی آنکھوں سے ایک آدمی بھی چھپ نہیں سکتا۔ نہ جانے انہوں نے کب مجھے دیکھ لیا۔"

"پھر....!" حمید بے چینی سے بولا۔

"پھر کیا" فریدی مسکرا کر بولا۔ "تم خود سوچ سکتے ہو کہ ہمارا سوشا کس طرح سرحد پار کرتا ہے۔"

"ایسی حالت میں تو واقعی تعجب خیز ہے۔"

"خیر.... خیر چھوڑو۔ اس بار بڑا لطف رہے گا۔" فریدی بستر پر لیٹ کر چادر کھینچتا ہوا بولا۔

"پانچ بج رہے ہیں کچھ نہ کچھ تو سونا ہی چاہئے۔"

حمید الجھن میں ضرور مبتلا ہو گیا تھا۔ لیکن نیند کے بوجھ سے دبے ہوئے مضمحل دماغ نے کسی قسم کی خلش گوارا نہ کی اور بہت جلد بے خبر ہو گیا۔

اور پھر جب وہ فریدی کے جھنجھوڑنے پر اٹھا تو میز پر رکھی ہوئی ٹائم پیس نو بجا رہی تھی۔

"نو ہی تو بجے ہیں ابھی۔" حمید دوبارہ لیٹتا ہوا بولا۔

"تو اٹھارہ تو کبھی نہیں بجیں گے۔" فریدی نے اسے سیدھا کر دیا۔

حمید اپنی بند ہوتی ہوئی آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر اُسے گھورنے کی کوشش کرنے لگا۔

"میرا خیال ہے کہ آپ مجھے قبر سے بھی اکھاڑ لائیں گے۔" حمید جھلا کر بولا۔

"بشرطیکہ تمہاری لاش پوسٹ مارٹم کے بغیر دفن کر دی گئی۔" فریدی سگار سلگاتا ہوا بولا۔

"وہ رہا تولیہ.... اور غسل خانہ ادھر ہے جلدی کرو ورنہ قبل از وقت بوڑھا کر دوں گا۔ اس وقت میرا موڈ بہت خراب ہے۔"

حمید اسے گھورتا ہوا پائپ میں تمباکو بھرنے لگا۔

"ایک حیرت انگیز خبر ہے۔ حمید صاحب! انتہائی حیرت انگیز۔" فریدی مضطربانہ انداز میں بولا۔

حمید اُسے سوالیہ نظروں سے دیکھنے لگا۔ لیکن کچھ بولا نہیں۔

"ڈگراج گھاٹ پر اُسی مقام پر ایک لاش پائی گئی ہے جہاں کل رات کو میں چھپنے کی کوشش کر رہا تھا۔"

"بڑی حیرت انگیز خبر ہے۔" حمید طنزیہ انداز میں بولا۔ "یہ لاش کیا چیز ہوتی ہے فریدی صاحب؟"

"اگر سیدھی سادھی لاش ہوتی تو میں تمہیں طنز کرنے کا موقع نہ دیتا۔" فریدی مسکرا کر بولا۔

"یعنی....!"

"یعنی یہ کہ جو مرنے سے قبل چھبیس یا ستائیس سال کا تھا مرنے کے بعد اسی سال سے کم معلوم نہیں ہوتا۔"

حمید متحیرانہ انداز میں فریدی کو دیکھنے لگا۔

"یہاں کے محکمہ سراغ رسانی کا سرجنٹ رمیش جس کی عمر ستائیس برس سے زیادہ نہیں تھی۔" فریدی پھر بولا۔

"تو پھر....!"

"مرنے کے بعد اس کے جسم کے روئیں تک سفید ہو گئے ہیں۔ حد یہ کہ پلکوں کے بال بھی۔"

"مرا کس طرح۔"

"یہ ابھی تک پردہ راز ہی میں ہے۔"

"آپ لاش دیکھ آئے ہیں۔"

"نہیں۔"

"تب تو یہ ایک شاندار غپ معلوم ہوتی ہے۔" حمید تولیہ کاندھے پر ڈال کر اٹھتا ہوا بولا۔

"میں نے بھی پہلے اسے غپ ہی سمجھا تھا۔" فریدی نے آہستہ سے کہا۔ "لیکن ابھی نصرت صاحب نے بھی مجھے فون پر اس کی اطلاع دی ہے۔"

"نصرت صاحب۔"

"ہاں ہاں.... یہاں کے محکمہ سراغ رسانی کے سپرنٹنڈنٹ۔"

"تب تو واقعی حیرت ہے۔"

"ہم وہیں چل رہے ہیں جلدی کرو۔"

دس بجے وہ دونوں کوتوالی کی طرف روانہ ہو گئے کوتوالی کے سامنے اتنی بھیڑ تھی کہ ٹریفک رک گیا تھا۔ وہ دونوں کسی نہ کسی طرح پھاٹک تک پہنچے یہاں پہرے داروں نے انہیں روکا۔

پہرے دار اس کے اشارے پر ایک طرف ہٹ گیا اور وہ دونوں اندر چلے گئے۔

اندر بھی خاصی بھیڑ تھی۔ دو ایک آفیسروں نے انہیں گھور کر دیکھا۔ لیکن محکمہ سراغ رسانی کا سپرنٹنڈنٹ میجر نصرت انہیں دیکھ کر ان کی طرف بڑھا۔

"ہیلو کیپٹن یاور....!" اس نے فریدی سے ہاتھ ملاتے ہوئے کہا۔ غالباً اس عجیب و غریب حادثے کی خبر آپ کو یہاں کھینچ لائی ہے۔ آپ کی تعریف۔"

"میرے دوست کیپٹن جلیس۔" فریدی نے آہستہ سے کہا۔ "میں لاش دیکھنا چاہتا ہوں۔"

"آپ کیپٹن یاور سول اینڈ ملٹری گزٹ کے نمائندے ہیں۔" میجر نصرت نے ڈی۔ ایس۔ پی سٹی سے کہا جو قریب ہی کھڑا فریدی کو گھور رہا تھا۔

"اوہ....!" وہ فریدی سے ہاتھ ملا کر دوسری طرف متوجہ ہو گیا۔

پھر وہ اس کمرے کی طرف روانہ ہو گئے جہاں لاش رکھی ہوئی تھی۔

لاش پر سے چادر ہٹتے ہی حمید کی آنکھیں حیرت سے پھیل گئیں۔ چہرہ واقعی جوانوں کا، مگر سر کے بال۔ بھوئیں پلکیں سب سفید برف کے گالوں کی طرح بے داغ۔ کمرے میں ان تی کے علاوہ اور کوئی نہیں تھا۔ فریدی غور سے لاش کی طرف دیکھ رہا تھا۔ دفعتاً وہ چونک پڑا اس مرنے والے کا داہنا ہاتھ اٹھا کر کچھ دیکھا۔ پھر بے چینی سے اپنی جیبیں ٹٹولنے لگا۔

"ایک محدب شیشہ چاہیئے۔" اس نے نصرت سے کہا۔

"محدب شیشہ.... اچھا۔" میجر دروازے کی طرف بڑھتا ہوا بولا۔ "مگر میرا ہینڈ بیگ یہیں ہو گا۔"

وہ پھر لوٹ پڑا اور چھوٹی سی میز پر رکھا ہوا ایک ہینڈ بیگ کھولنے لگا۔

"ویسے آپ کا کیا خیال ہے؟ اس کیس کے متعلق۔!" فریدی نے اس سے پوچھا۔

"بھئی میں نے تو آج تک نہ دیکھا نہ سنا۔ بعض ضعیف الاعتقاد اسے کوئی شیطانی حرکت ہیں۔ رات والی نیلی روشنی..... آپ کو اس کا حال معلوم ہوا؟ غالباً آپ نے بھی دیکھی ہو گ

"مجھے معلوم ہے! لوگوں کے خیال کے مطابق وہ ہمسایہ ملک کے کسی تباہ کن حربے کا تجربہ

"چنگاریوں کی وہ بوچھاڑ بھی دیکھی تھی آپ نے جس کا رخ مشرق کی طرف تھا۔" نصرت نے پوچھا۔

"جی ہاں۔" فریدی نے کہا۔ "اس کا رخ وگراج کے درے ہی کی طرف تھا۔"

"بعض لوگوں کا خیال ہے کہ رمیش اُس حربے کا شکار ہو گیا ہے۔" میجر نصرت بولا۔

"ہو سکتا ہے۔" فریدی کچھ سوچتا ہوا بولا۔ "ڈاکٹر کی کیا رائے ہے؟"

"صحیح حال تو پوسٹ مارٹم کے بعد ہی معلوم ہو گا۔ ویسے سول سرجن کی رپورٹ کے موت اچانک دورانِ خون بند ہو جانے سے واقع ہوئی ہے۔"

"اور بالوں کی سفیدی؟"

"اس بارے میں پوسٹ مارٹم کی رپورٹ سے معلوم ہو گا۔"

"ہوں....!" فریدی دوبارہ لاش پر جھکتا ہوا بولا۔ "شیشہ"

میجر نصرت نے محدب شیشہ اس کے ہاتھ میں دے دیا۔ فریدی لاش کے داہنے

یوں کو محدب شیشے کی مدد سے دیکھنے لگا۔

دفعتاً حمید نے اس کے چہرے پر آسودگی کے آثار دیکھے پھر فریدی نے اپنے ہونٹ سکوڑے ر خیال انداز میں سیدھا کھڑا ہو گیا اور میجر نصرت کی آنکھوں میں دیکھنے لگا۔

"پوسٹ مارٹم کی صحیح رپورٹ کا علم صرف آپ اور سول سرجن تک محدود رہنا چاہیئے۔" یدی نے کہا۔

"کیوں....؟" میجر نصرت چونک کر بولا۔

"رمیش ڈیوٹی پر ہی تھا نا۔"

"ہاں....!"

"وگراج کے درے پر....!"

"ہاں.... ہاں!"

"تو ایسی صورت میں اس کی موت کا تعلق ان واقعات سے بھی ہو سکتا ہے جن کے سلسلے میں ں یہاں طلب کیا گیا ہوں۔" فریدی نے محدب شیشہ میجر نصرت کو واپس کرتے ہوئے کہا۔

"اوہ....! مگر....!"

"آپ اس کے متعلق سول سرجن کو پہلے ہی سے بتا دیجئے! باقاعدہ طور پر آپ کو جو رپورٹ لے وہ گول مول قسم کی ہونی چاہیئے۔ مثلاً یہ کہ موت پُر اسرار طریقے پر ہوئی یا اچانک دورانِ ن بند ہو جانے کی بناء پر ہوئی یا کوئی اور بات بہر حال حقیقت چھپانی ہے۔"

بوڑھی لاش کا راز

بوڑھا میجر نصرت تحیر آمیز انداز میں فریدی کو گھور رہا تھا اور فریدی لاش پر پھر جھک گیا تھا۔ نے اس کے سارے جسم کے کپڑے الگ کر دیئے تھے اور غور سے ایک ایک حصے کو دیکھ رہا تھا۔ تھوڑی دیر کے بعد اس نے اس پر چادر ڈال دی۔

"کیا آپ کسی خاص نتیجے پر پہنچے ہیں۔" میجر نصرت نے پوچھا۔

"جی ہاں! ایک نہایت معمولی بات ہے! آپ ان انگلیوں پر یہ نشان دیکھ رہے ہیں۔" فریدی

نے متوفی کا داہنا ہاتھ چادر سے نکالتے ہوئے کہا۔

میجر نصرت نے پُر خیال انداز میں سر ہلایا۔

"یہ کسی چیز کے جلنے کے ہیں۔"

"قطعی.... لیکن۔"

"ٹھہریئے۔" فریدی نے پھر اس کے ہاتھ سے محدب شیشہ لے لیا اور انگلیوں کو دیکھنے لگ

"ذرا ادھر آیئے اور دیکھئے۔"

میجر نصرت محدب شیشے پر جھک گیا۔ فریدی بولتا رہا۔ "نشان جلنے ہی کا ہے اور بُری طرح جلنے کا۔ لیکن کیا یہ آگ سے جلا ہے؟"

"ظاہر ہے۔" میجر نصرت سر ہلا کر بولا۔ "یہی وجہ ہے کہ نیلی روشنی۔"

"نیلی روشنی کو فی الحال الگ ہی رکھئے۔" فریدی کچھ سوچتا ہوا بولا۔ "وہ چنگاریاں بکھیر ہوئی ممکن ہے جلا سکتی ہو۔ لیکن کسی جوان کو بوڑھا نہیں کر سکتی۔"

"پھر! تو کیا یہ داغ ہی بالوں کی سفیدی کی وجہ ہیں۔" میجر نصرت نے حیرت سے کہا۔

"میرا تو یہی خیال ہے۔"

"اگر آگ نہیں تو پھر کس چیز کے ہو سکتے ہیں۔"

"ریڈیم۔" فریدی مسکرا کر بولا۔

"ریڈیم۔"

"جی ہاں! اس سے متاثر شدہ کوئی اور دھات۔ ہیجان اور سنسنی پھیلانے کا ایک طریقہ۔"

میجر نصرت فریدی کو اس طرح دیکھ رہا تھا جیسے اس کی باتوں پر یقین نہ آیا ہو۔

"پوسٹ مارٹم کی رپورٹ ہی سب کچھ بتا دے گی۔ ڈاکٹر کی توجہ ان داغوں کی طرف خا طور سے مبذول کروایئے گا۔ لیکن راز داری ضروری ہے۔ حقیقت صرف ہم چاروں تک محدود رہنی چاہئے۔ ہم ایک بہت خطرناک گروہ سے دوچار ہیں جس میں دہشت پسندوں کے کچھ بہترین دماغ بھی موجود ہیں۔ یہ میرے ساتھی سرجنٹ حمید ہیں۔ آپ نے انہیں ا پوشیدہ طور پر بلوایا تھا لیکن پھر بھی ان پر حملہ کیا گیا۔"

"کب اور کس طرح۔" میجر نصرت چونک کر بولا۔

فریدی نے سارے واقعات مختصر الفاظ میں دہرا دیئے۔

"حیرت انگیز! انتہائی تعجب خیز۔" میجر نصرت آہستہ سے بڑبڑایا۔ "ڈرائیور حقیقتاً ڈرائیور نہیں تھا۔ وہ میرے محکمے کا ایک ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ہے۔"

"معاف کیجئے گا۔" فریدی نے خشک لہجے میں کہا۔ "میں خاص طور سے اُس کے متعلق نہیں کہہ رہا ہوں۔ لیکن یہ حقیقت ہے کہ محکمہ میں کوئی نہ کوئی ایسا ضرور ہے جو اس گروہ سے بھی تعلق رکھتا ہے۔"

"میں بُرا نہیں مانتا۔" میجر نصرت نے جھینپی ہوئی مسکراہٹ کے ساتھ کہا۔ "ہمارے ناکارہ پن کی سب سے بڑی دلیل یہی ہے کہ باہر سے مدد لینی پڑی۔"

"دیکھئے آپ پھر غلط سمجھے۔" فریدی نے کہا۔ "میں آپ کو اپنا بزرگ سمجھتا ہوں اور آپ مجھ سے زیادہ جہاندیدہ ہیں۔ باہر سے آپ کو محض اس لئے مدد لینی پڑی ہے کہ آپ کے محکمے کے راز ظاہر ہو جاتے ہیں۔ بھلا اس میں ناکارہ پن کو کیا دخل! خیر آیئے میں زیادہ دیر تک یہاں ٹھہرنا نہیں چاہتا۔ پوسٹ مارٹم کی رپورٹ کے لئے میں کب آپ کو فون کروں۔ مگر نہیں.... یہ بات فون پر بھی نہ ہونی چاہئے۔ خیر میں خود ہی کسی نہ کسی طرح آپ سے مل لوں گا۔"

کوتوالی سے واپسی پر حمید نے فریدی کو چھیڑا۔

"آپ واقعی اس قابل ہیں کہ آپ کو کسی فریم میں لگا کر کسی زیارت گاہ میں رکھ دیا جائے۔"

"کیوں؟"

"آج سے پہلے مجھے نہیں معلوم تھا کہ آپ سائنٹسٹ بھی ہیں۔"

"سائنٹسٹ وائنٹسٹ کچھ خاک بھی نہیں۔" فریدی سگار سلگاتا ہوا بولا۔ "البتہ میرے ذہن کی تربیت خاص اصولوں کے تحت ہوئی ہے۔"

"ذرا وہ اصول بھی بتا دیجئے۔"

"ختم بھی کرو۔ اس وقت میرا دماغ بہت الجھا ہوا ہے۔"

"صرف اتنی سی بات اور بتا دیجئے کہ آپ کا اندازہ غلط ثابت ہوا تو۔"

"تو میں سمجھوں گا کہ ٹی۔ ایس۔ اسٹرلنگ جاہل اور نکما ہے۔"

"کیا مطلب....!"

"مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ میں نے اس کے ایک سائنس فکشن میں اس قسم کا ایک کیس پڑھا تھا۔" فریدی نے ہنس کر کہا۔

"یہ تو کچھ بھی نہ ہوا۔" حمید منہ سکوڑ کر بولا۔ "اگر آپ نے بہرام کی خالہ کی ناک پڑھی ہوتی تو بہتر تھا۔"

"خیر چھوڑو! یہ بتاؤ کہ عام حالات میں قدرتی طور پر کیوں بال سفید ہو جاتے ہیں۔"

"بڑھاپے کی وجہ سے۔" حمید تڑ سے بولا۔

"بڑھاپا کیسے آتا ہے؟"

"اللہ کے حکم سے۔" حمید نے سنجیدگی سے کہا۔ وہ نہ جانے کیوں اس وقت خشک قسم کی باتوں سے کترانے کی کوشش کر رہا تھا۔

"تم دھکے کیوں کھا رہے ہو۔" فریدی جھنجھلا کر بولا۔

"آپ کی عنایت اور اپنی شامت سے۔"

"تمہارے دونوں کان اکھاڑ کر منہ میں رکھ دوں گا۔"

"اچھا ہے بڑھاپے میں عینک کے دام بچیں گے۔"

"ارے حمید کے بچے۔"

"غلط سنا ہے آپ نے والد صاحب کا نام وحید ہے۔"

"شٹ اپ....!"

"فاسفورس اور ریڈیم میں کیا فرق ہوتا ہے۔" حمید نے انتہائی معصومیت سے پوچھا۔

"وہی جو تم میں اور گدھے میں ہے۔"

"عزت افزائی آپ کی۔" حمید رکتا ہوا بولا۔ فریدی بھی رک کر اسے گھورنے لگا۔

"اب کیا مطلب ہے۔"

"میں اس فرق کو اچھی طرح سمجھنا چاہتا ہوں۔"

"حمید فضول باتیں اچھی نہیں معلوم ہوتیں۔ میں اس وقت مذاق کے موڈ میں نہیں ہوں۔"

"خود میری بھی یہی کیفیت ہے۔"

"تو جاؤ جہنم میں۔" فریدی آگے بڑھتا ہوا بولا۔

"ٹھہریئے فرق سمجھ میں آ گیا۔" حمید پھر چلنے لگا۔ "کوئی گدھے والا کسی اڑیل گدھے کو جہنم کے سپرد کر کے آگے نہیں بڑھ جایا کرتا.... یعنی میں گدھے سے بھی بدتر ہوں.... یعنی.... یہ کہ آپ....!"

"یار خدا کے لئے چپ رہو۔"

"اب آئے ہیں راہ پر.... چلئے چپ ہو گیا۔"

وہ دونوں بازار سے گذر رہے تھے۔ یہاں بڑی بڑی اور شاندار عمارتیں نہیں تھیں۔ زیادہ تر لکڑی کی ہی عمارتیں نظر آ رہی تھیں لیکن ان میں بھدی ایک بھی نہ تھی۔ طرح طرح کے رنگ و روغن استعمال کر کے انہیں خوبصورت بنانے کی کوشش کی گئی تھی۔ ایک جگہ لکڑی ہی کا ایک کلاک ٹاور بھی دکھائی دیا، جو زیادہ بلند نہیں تھا۔ لیکن اس پر اتنی نفیس نقاشی کی گئی تھی کہ تصویر معلوم ہو رہا تھا۔

"آخر یہاں کے لوگوں کو لکڑی سے کیوں اتنی محبت ہے۔" حمید نے کہا۔

"اوں!" فریدی چونک کر بولا۔ "لکڑی.... بات دراصل یہ ہے کہ یہاں آئے دن زلزلے آتے رہتی ہیں۔"

"خدا کرے ہمارے دوران قیام میں بھی آئے۔"

"کیوں....؟"

"میں نے آج تک زلزلہ نہیں دیکھا۔"

"کیوں بیٹے کیا اس بھیانک جزیرے کا زلزلہ بھول گئے؟" فریدی مسکرا کر بولا۔ لیکن پھر یک بیک سنجیدہ ہو کر حمید کو گھورنے لگا۔ "تم پھر بولنے لگے۔"

"بس ایک آخری بات اور....!" حمید ایک ریستوران کی طرف مڑتا ہوا بولا۔ "مجھے بھوک لگ رہی ہے۔"

حقیقت تو یہ تھی کہ اُس ریستوران میں حمید کو ایک جانی پہچانی صورت نظر آئی تھی یہ رینو کا تھی اور ایک میز پر تنہا بیٹھی غالباً لنچ کا انتظار کر رہی تھی۔ کیونکہ مینو اس کے ہاتھوں میں تھا۔ فریدی چپ چاپ ریستوران میں داخل ہو گیا۔ وہ اچھی طرح جانتا تھا کہ اب حمید کے لگام لگنی مشکل ہے۔

"اوہ کیپٹن یاور!" رینو کا انہیں دیکھ کر مسکرائی۔ "اس طرف یہیں اس میز پر آیئے! میں ب سے آپ کی تلاش میں تھی۔"

فریدی طوہاً و کرہاً اُسی میز کی طرف بڑھا۔ حمید اُس سے دو قدم آگے تھا۔

کھانے کے دوران میں اس حیرت انگیز لاش کے متعلق گفتگو شروع ہو گئی۔

"مجھے تو یقین نہیں آتا۔" رینو کا بولی۔ "لوگ عموماً رائی کے پہاڑ بنایا کرتے ہیں۔"

"میں خود دیکھ کر آرہا ہوں۔" فریدی نے کہا۔

"لیکن میں نے تو سنا ہے کہ کوتوالی میں اس وقت داخلہ بند ہے۔"

"اخباری نمائندوں پر کوئی پابندی نہیں۔" فریدی نے کھاتے کھاتے سر اٹھا کر کہا۔ "آپ کے بعد چائے پیتی ہیں یا کافی؟"

"کافی! لیکن بڑی حیرت کی بات ہے اگر آپ دیکھ کر نہ آئے ہوتے تو میں کبھی یقین نہ کرتی۔"

"اور میں واقعی اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ دنیا ایک غلط راستے پر نکل آئی ہے۔"

"میں آپ کا مطلب نہیں سمجھی۔"

"ہمارے آباؤ اجداد احمق نہیں تھے۔" فریدی لنچ ختم کر کے نیپکن سے ہاتھ صاف کرتا ہوا بولا۔ "انہوں نے یقیناً روحیں دیکھی ہوں گی بدارواح کے متعلق ان کا خیال غلط نہیں تھا۔"

"چچ چچ...." رینو کا نے بُرا سا منہ بنایا۔ "میں آپ کو بہت روشن خیال سمجھی تھی۔"

"روشن خیالی اپنی جگہ اور ایسے حقائق اپنی جگہ جن سے کسی طرح انکار نہیں کیا جا سکتا۔" فریدی سگار سلگاتا ہوا بولا۔ پھر بیرے کو کافی کا آرڈر دے کر کرسی کی پشت سے ٹک گیا۔

"ہاں تو میں یہ کہہ رہا تھا کہ اگر میں نے وہ لاش اپنی آنکھوں سے نہ دیکھی ہوتی تو ا حادثے کو محض ایک شاندار غپ سمجھتا۔ مگر ایسی صورت میں میری روشن خیالی کس طرح برق رہ سکتی ہے۔"

"تو آپ بدارواح کو کیوں درمیان میں لاتے ہیں۔" رینو کا نے کہا۔ "ہو سکتا ہے کہ وہ رات والی نیلی روشنی کا شکار ہوا ہو۔"

"بس ایک آدمی! اگر ایسا ہوتا تو دو چار اور بھی شکار ہوتے۔"

"مس رینو کا۔" حمید میز پر جھکتا ہوا آہستہ سے بولا۔ "آپ یاور کو قائل نہیں کر سکتیں ج

کہ وہ ایک عورت کی محبت میں گرفتار ہے۔"

"یعنی....!" رینو کا مسکرا کر بولی۔

"وہ عورت اسے گوشت پوست میں چلتی پھرتی دکھائی دیتی ہے۔ دوسرے اس کے دیدار سے محروم رہتے ہیں اور یہ اس سے گھنٹوں باتیں کیا کرتا ہے۔"

فریدی ضرورت سے زیادہ سنجیدہ نظر آرہا تھا۔ اس نے حمید کی اس بکواس کی تردید نہیں کی! اس کا رویہ دیکھ کر حمید اور بھی سنجیدہ ہو گیا۔

"جب یہ دس سال کا تھا...." حمید اپنے پائپ میں تمباکو بھرتا ہوا بولا۔ "اس وقت وہ جوان تھی۔ ایک دن اپنی چھت سے گر کر مر گئی۔ تبھی سے یہ اُسے دیکھ رہا ہے اس پر بُری طرح مرتا ہے اور وہ بھی اس کا پیچھا نہیں چھوڑتی۔ پچھلی عالمگیر جنگ میں اسے اٹلی میں ایک حادثہ پیش آجاتا مگر اس حسین روح نے اسے پہلے ہی سے اس کی اطلاع کر دی تھی۔ لہٰذا یہ صاف بچ نکلا وہ مصیبت کے وقت ضرور اس کے کام آتی ہے۔"

رینو کا سوالیہ انداز میں فریدی کی طرف دیکھنے لگی۔ جس کی آنکھیں اس دوران میں خوفناک ہو گئی تھیں اور ان میں کچھ ایسی ویرانی نظر آرہی تھی جیسے وہ سامنے والی دیوار کے پیچھے کچھ دیکھ رہا ہو۔

فریدی کے ہونٹ آہستہ آہستہ ہلنے لگے تھے پھر اس کی سرگوشی سنائی دی۔ "وہ آگئی سلیمہ .... میری جان۔"

وہ اٹھ کر کھڑا ہو گیا اور پھر اس طرح دروازے کی طرف بڑھنے لگا جیسے نیند کی حالت میں چل رہا ہو۔ رینو کا نے اٹھ کر اسے روکنا چاہا لیکن حمید نے ہاتھ پکڑ کر اُسے بٹھا دیا۔

"اس وقت اسے چھیڑنا خطرے سے خالی نہیں۔ بہت خطرناک ہو جاتا ہے۔"

رینو کا بیٹھ گئی لیکن اس کی خوفزدہ آنکھیں اس دروازے کی طرف اٹھی ہوئی تھیں جس سے فریدی باہر گیا تھا۔ پھر وہ پھٹی پھٹی آنکھوں سے حمید کی طرف دیکھنے لگی۔ حمید دوسرے ہی خیال میں ڈوبا ہوا تھا۔ آخر فریدی نے یہ حرکت کیوں کی۔ اس نے تو محض اُسے چڑھانے کے لئے ایک بے پر کی اڑائی تھی۔ فریدی نے اسے حقیقت کا رنگ کیوں دے دیا۔ مگر یہ الجھن زیادہ دیر تک قائم نہ رہ سکی۔ کیونکہ ایک دوسرا خیال ذہن کے کسی گوشے سے ابھر آیا تھا فریدی نے ان دونوں سے پیچھا چھڑانے کے لئے یہ حرکت کی تھی اور اب حمید کو کھانے کی قیمت اپنے ہی جیب سے ادا کرنی

پڑے گی۔

"کیپٹن یاور کہاں گیا ہوگا۔" رینو کا نے خوفزدہ لہجے میں پوچھا۔

"جہنم میں۔" حمید بے خیالی میں بولا۔ لیکن پھر چونک کر کہنے لگا۔ "کیا پوچھا تھا آپ نے۔"

"آپ کا دوست کہاں گیا ہوگا۔"

"خدا بہتر جانتا ہے۔"

"تو کیا حقیقتاً وہ عورت اُسے دکھائی دیتی ہے۔"

"میں نے بتایا نا کہ اس کے علاوہ کسی اور کو نہیں دکھائی دیتی۔" حمید اکتا کر بولا۔ اس کی الجھ بڑھ گئی تھی۔ اتفاق سے اس وقت اس کے پرس میں دس بارہ روپوں سے زیادہ نہیں تھے وہ سوچ تھا کہ اگر بل زیادہ کا ہوا تو کتنی شرمندگی اٹھانی پڑے گی۔

"کیا سوچ رہے ہیں آپ۔" رینو کا نے پوچھا۔

"میں یہ سوچ رہا ہوں کہ وہ اگر اس وقت کسی موٹر سے ٹکرا کر مر جائے تو کتنا اچھا ہو۔"

"کیوں؟" رینو کا چونک کر بولی۔

"کچھ نہیں یونہی.... وہ اپنے گھر والوں کے لئے عذاب بنا ہوا ہے۔"

"بیوی بچے ہیں۔" رینو کا نے پوچھا۔

"اس نے شادی ہی نہیں کی.... لیکن بچے کئی عدد ہیں۔"

"جی....!"

"جی ہاں.... اس نے ایک یتیم خانہ کھول رکھا ہے۔"

"آپ نہ جانے کیا اوٹ پٹانگ ہانک رہے ہیں.... کیا آپ بھی....!"

"جی ہاں میں بھی۔" حمید کچھ اور کہنے جا رہا تھا کہ ویٹر بل لایا اور یہ دیکھ کر حمید کی جان میں جان آئی کہ وہ دس روپے کچھ آنے کا تھا۔ اس نے بل ادا کر دیا اور اب رینو کا اسے پہلے کی طرح حسین لگ رہی تھی۔

"چھوڑیئے بھی! وہ کچھ دنوں بعد پاگل ہو جائے گا۔" حمید رینو کا کے ہاتھ پر ہاتھ رکھتا ہوا بولا۔ "آپ مصور ہیں لیکن آپ خود نہ جانے کس کا شاہکار ہیں۔ آپ کی پلکوں کی چھاؤں کتنی خنک ہوگی"

"اوہ آپ نے وہی ملٹری والوں کی بدعنوانیاں شروع کر دیں۔" رینو کا بگڑ کر بولی۔ "میں ا

آوارہ عورت نہیں ہوں۔"

"آپ کو غلط فہمی ہوئی۔" حمید سہم کر بولا۔ "میں آپ کی کافی عزت کرتا ہوں۔"

"مجھے اب جانا چاہئے۔" رینو کا اٹھتی ہوئی بولی۔

"میں بھی آپ کے ساتھ چل رہا ہوں۔"

مونچھ اکھاڑنے والی

حمید کو ٹیکم گڈھ آئے ہوئے پندرہ دن ہوگئے تھے، لیکن معاملات جہاں کے تہاں تھے۔ اس دوران میں پوسٹ مارٹم کی صحیح رپورٹ بھی ملی تھی جو فریدی کے خیال کے عین مطابق تھی۔ سرجنٹ رمیش کی موت ریڈیم ہی سے واقع ہوئی تھی۔ رپورٹ میں بالوں کی سفیدی کے متعلق ایک اچھی خاصی سائنٹیفک بحث تھی جسے کم از کم حمید نے سمجھنے کی کوشش ہی نہیں کی۔ اخبارات میں جو خبریں شائع ہوئی تھیں ان میں اس حادثے کی اصل وجہ سے لاعلمی ظاہر کی گئی تھی۔ بہرحال پبلک کا خیال تھا کہ وہ ہمسایہ ملک کے کسی تباہ کن حربے کے تجربے کا نتیجہ تھا۔ نیلی روشنی اب بھی وقتاً فوقتاً دکھائی دے جاتی تھی۔ ایسے موقع پر پورے شہر میں اس طرح سناٹا چھا جاتا تھا جیسے وہ یک بیک زندوں کی بستی سے قبرستان میں تبدیل ہوگیا ہو۔

فریدی کی نہ جانے کتنی راتیں پہاڑیوں اور چٹانوں کے درمیان گذر گئی تھیں۔ لیکن سب بے سود۔ وہ راستہ معلوم نہ ہو سکا جدھر اسمگلنگ ہوتی تھی.... فریدی زیادہ تر خاموش رہتا تفکر کی گہری لکیریں اس کی پیشانی پر نمایاں رہتیں۔

پہلے حادثے کے ٹھیک سولہویں دن وگراج کے درے کے قریب ایک لاش اور ملی یہ بھی ایک جوان آدمی کی لاش تھی اور اس کے جسم کے بھی سارے بال سفید ہوگئے تھے۔ یہ اسی فوجی دستے کا ایک سپاہی تھا۔ جو وگراج کے درے کی نگرانی کر رہا تھا۔ اس رات پھر نیلی روشنی کے سیل سے ایک چنگاری بکھیرتی ہوئی ہوائی چھوٹی تھی اور اس کا رخ بھی وگراج کے درے ہی کی سمت تھا۔

ٹیکم گڈھ کی آبادی ایک بار پھر بدحوسیوں کا شکار ہوگئی۔ ہمسایہ ملک سے ایک بار احتجاج کیا گیا۔ لیکن وہی جواب ملا جو پہلے ملا تھا۔ یعنی کسی ایسے حربے کا تجربہ نہیں کیا۔

آج صبح سے فریدی کچھ الجھا ہوا نظر آرہا تھا۔ دوپہر کا کھانا بھی اس نے نہیں کھایا تھا۔ رات کے تقریباً 2 بجے باہر سے واپسی ہوئی تھی اور اس کے بعد بھی وہ سویا نہیں تھا۔ حمید کے صبر کا پیالہ لبریز ہوگیا۔ وہ جانتا تھا کہ ایسی حالت میں فریدی سے بولنا خطرے سے خالی نہیں ہوتا لیکن پھر بھی اس سے ضبط نہ ہوسکا۔ فریدی آنکھیں بند کئے آرام کرسی پر لیٹا تھا۔ اس کے دونوں ہونٹ غیر ارادی طور پر ہل رہے تھے۔ حمید نے آہستہ سے اس کے شانے پر ہاتھ رکھ دیا۔ فریدی چونک کر اُسے سرخ سرخ آنکھوں سے گھورنے لگا۔

"میں کہتا ہوں آخر مجھے ساتھ ساتھ باندھے رکھنے کی ضرورت ہی کیا ہے؟" حمید نے کہا۔

فریدی کے چہرے پر مسکراہٹ نمودار ہوتے ہی حمید اس پر باز کی طرح جھپٹ پڑا۔

"کوئی تک ہے آخر؟ جب مجھے عضو معطل سمجھا جاتا ہے تو پھر میری ضرورت ہی کیا ہے؟" اس نے بھنا کر کہا۔ "اگر دیکھ بھال کی ضرورت ہے تو ایک انّا رکھ لیجئے جو رات کو تھپک تھپک کر سلا بھی دیا کرے گی۔"

"میں تمہیں عضو معطل نہیں سمجھتا۔" فریدی نے سنجیدگی سے کہا۔ "لیکن یہ جانتا ہوں کہ تم کب اور کہاں کام آسکو گے۔"

"میدان حشر کے علاوہ اب کہیں اور کام نہیں آسکتا۔" حمید بیزاری سے بولا۔

"خیر اگر یہی بات ہے تو کسی طرح اس عورت سے میرا پیچھا چھڑاؤ۔" فریدی نے سنجیدگی سے کہا۔

"عورت....!" حمید اچھل کر بولا۔ "کیا مطلب! کون عورت۔"

"رینو کا۔" فریدی سیدھا بیٹھتا ہوا بولا۔

"صاف صاف کہئے۔"

"اس نے مجھ سے باقاعدہ عشق شروع کردیا ہے۔" فریدی نے کہا۔

"رونے کی ضرورت نہیں!" حمید ہاتھ اٹھا کر بولا۔ "آپ اس سے پیچھا چھڑانا چاہتے ہیں؟"

"ہاں بھئی....!"

"تو اس سے شادی کرلیجئے۔"

"کیا بکواس ہے؟"

"میں سچ کہہ رہا ہوں۔ جب آپ اس کے شوہر ہوجائیں گے تو وہ آپ کو الو سمجھنے لگے گی۔"

"بکو مت۔"

"میں حقیقت عرض کررہا ہوں۔" حمید سنجیدگی سے بولا۔ "ہر عورت اپنے شوہر کو الو سمجھتی ہے۔ چاہے شادی سے قبل اس پر عاشق ہی کیوں نہ رہی ہو البتہ دوسروں کے شوہر اسے بڑے اچھے لگتے ہیں۔ چاہے وہ سچ مچ الو کے پٹھے ہی کیوں نہ ہوں۔"

"کوئی کام کی بات کرو۔"

"خیر چھوڑیئے۔" حمید اُسے گھورتا ہوا بولا۔ "یہ رینو کا کہاں سے ٹپک پڑی۔ میں تو سمجھا تھا کہ آپ اسمگلنگ کے متعلق کچھ کہیں گے۔"

"سب سے پہلے اس عورت کا مسئلہ طے ہونا چاہئے۔" فریدی نے کچھ سوچتے ہوئے کہا۔

"آخر کیوں؟"

"مجھے اس پر شبہ ہے.... وہ مصور نہیں ہے۔"

"یہ آپ نے کیسے جانا۔"

"بالکل سیدھی سی بات ہے۔ اُس کا کہنا ہے کہ وہ بغرض تفریح یہاں آئی ہے لیکن ایسی پُرفضا تفریح گاہوں میں آرٹسٹ قسم کے لوگ خالی ہاتھ نہیں آیا کرتے۔"

"میں آپ کا مطلب نہیں سمجھا۔"

"نہ تو اُس کے پاس مصوری کا سامان ہے اور نہ کوئی اسکیچ بک۔ اگر وہ دوسرا سامان اپنے ساتھ نہیں لاسکی تو کم از کم ایک اسکیچ بک تو اس کے پاس ہونی ہی چاہئے تھی۔"

"آپ کو کیسے معلوم ہوا کہ یہ چیزیں اس کے پاس نہیں ہیں۔"

"میں نے اس کے کمرے کی تلاشی لی تھی۔"

"یہ کب؟"

"اُسی دن جب تم دونوں کو اُلو بنا کر ریستوران سے چلا آیا تھا۔"

"تو اس کا یہ مطلب ہے کہ آپ شروع ہی سے اس کی طرف سے مشکوک تھے۔"

"قطعی۔"

"اس کی وجہ۔"

"میں نے اُسے وگراج درے کے چند محافظوں کے ساتھ ایک ریستوران میں دیکھا تھا۔"

"آپ انہیں پہچانتے ہیں۔"

"ایک ایک کو اچھی طرح پہچان گیا ہوں۔"

"لیکن ان محافظوں کے ساتھ اس کا پایا جانا میرے خیال سے تو کوئی اہمیت نہیں رکھتا۔" حمید نے کہا۔ "ویسے اس کے ساتھی راحیل کے متعلق کیا خیال ہے۔"

"راحیل کے متعلق میں اس سے زیادہ نہیں جانتا کہ وہ ایک پیشہ ور شکاری ہے اور موسم کے شکار کے لئے جگہ تجویز کرنے آیا ہے۔"

"رینوکا اسے کب سے جانتی ہے۔"

"میرے خیال سے وہ دونوں یہیں ملے ہیں۔" فریدی نے کہا اور اٹھ کر ٹہلنے لگا۔

"لیکن ایک بات سمجھ میں نہیں آتی کہ وہ مجھ سے کیوں اکھڑی اکھڑی رہتی ہے۔" حمید نے کہا۔

"ممکن ہے تمہاری شکل اس کے بھائی سے ملتی جلتی ہو۔" فریدی مسکرا کر بولا۔

"پھر آپ گالیوں پر اتر آئے۔" حمید منہ سکوڑ کر بولا۔

"اگر اس سے تمہارے جذبات کو ٹھیس لگی ہو تو میں اپنے الفاظ واپس لیتا ہوں۔"

"چھوڑیئے! میں اس وقت مذاق کے موڈ میں نہیں ہوں۔"

"اخاہ!" فریدی ہنس کر بولا۔ "آج آپ بھی مذاق کے موڈ میں نہیں ہیں۔"

"ہاں! ہاں! مجھے سوچنے دیجئے۔"

"کیا سوچنا چاہتے ہو۔"

"یہی کہ رینوکا اب سے دس سال پہلے کتنی حسین رہی ہوگی۔"

"ٹھیک ہے اس کے علاوہ تمہیں کچھ اور سوچنا بھی نہیں چاہئے۔" فریدی خشک لہجے میں بولا اور اٹھ کر باہر چلا گیا۔ حمید سمجھتا تھا کہ وہ تھوڑی دیر تک بالکنی میں بیٹھنے کے بعد واپس آجائے گا۔ آج کل وہ زیادہ تر بالکنی ہی میں بیٹھتا تھا اور اس کی آنکھیں مغربی افق کے اس حصے پر جمی رہا کرتی تھیں جہاں نیلی روشنی دکھائی دیتی تھی۔ دوسری موت کے بعد اس کی نظروں میں اس حیرت انگیز روشنی کی اہمیت بہت زیادہ بڑھ گئی تھی۔ اس کی ایک وجہ اور بھی تھی.... فریدی اس رات کو بھی وگراج کے درے کے قریب ہی ایک جگہ چھپا ہوا تھا جس کی صبح کو دوسری لاش ملی تھی۔ اس نے

روشنی نمودار ہوتے ہی نگہبانوں کو ڈیوٹیاں چھوڑ چھوڑ کر بھاگتے دیکھا تھا اور پھر تقریباً ایک گھنٹے کے لئے درہ اور ان کے خیمے قطعی ویران ہوگئے تھے۔ پھر اس نے یہ بھی دیکھا تھا کہ واپسی پر وہ دوبارہ اپنی اپنی جگہوں پر جم گئے تھے۔ ان کے آفیسر نے ان سے باز پرس نہیں کی تھی۔ اس سے اس نے اندازہ لگایا تھا کہ آفیسر بھی انہیں بھاگنے والوں میں شامل رہا ہوگا۔

حمید بھی تھوڑی دیر بعد بالکونی کی طرف نکل آیا۔ لیکن فریدی وہاں نہیں تھا البتہ اس نے رینوکا کو دیکھا جو ریلنگ پر آگے کی طرف جھکی ہوئی کھڑی تھی۔ اس کے ہاتھوں میں ایک کبوتر تھا۔ حمید کی آہٹ سن کر وہ اس طرح چونکی کہ کبوتر اس کے ہاتھوں سے نکل کر اڑ گیا۔

"کبوتر اڑا دیا آپ نے میرا۔" وہ کھسیانے انداز میں بولی۔

"میں نے، کمال کرتی ہیں آپ!"

"اتنی مشکلوں سے پکڑا تھا۔"

"خیر میں دوسرا لا دوں گا۔" حمید نے اس کے کاندھے پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا۔ لیکن وہ الگ ہٹ گئی۔ وہ عمارت کے گرد منڈلاتے ہوئے کبوتر کو دیکھ رہی تھی۔

حمید نے اسے باتوں ہی باتوں میں روکنا چاہا لیکن وہ نہ رکی اور پھر اس کے بعد ہی اُسے بھی واپس چلا آنا پڑا کیونکہ بالکونی بالکل ویران تھی اور چاروں طرف پھیلی ہوئی تیز دھوپ آنکھوں میں خیرگی پیدا کر رہی تھی۔

فریدی نے رینوکا کے خلاف شبہ ظاہر کر کے حمید کو نئی الجھن میں مبتلا کر دیا تھا۔ لیکن اس نے شبہے کی جو وجہ بتائی تھی۔ زیادہ پائیدار نہ تھی۔ اُسے زیادہ سے زیادہ ایک شک میں مبتلا دماغ کا پیدا کردہ ایک وہم کہا جا سکتا تھا۔ لیکن اسی کے ساتھ ہی ساتھ اسے اس کا تجربہ بھی تھا کہ فریدی کے شبہات شاذ و نادر ہی غلط نکلتے تھے تو پھر کیا وہ کوئی بات اس سلسلے میں حمید سے چھپا رہا تھا۔ وہ بات جس پر اس نے اپنے شبہے کی بنیاد رکھی تھی۔ حمید شام تک اس گتھی میں الجھا رہا۔ سورج غروب ہونے سے کچھ ہی دیر قبل فریدی واپس آگیا۔ خلاف توقع وہ اس وقت کافی بشاش نظر آ رہا تھا۔ ماتھے کی سلوٹیں مٹ گئی تھیں اور ہر وقت سوچ میں ڈوبی رہنے والی آنکھیں ایک خاص قسم کی چمک سے مخمور تھیں۔ ایسی چمک جو کسی شریر بچے کی آنکھوں میں اس وقت پیدا ہوتی ہے جب وہ کسی نئی شرارت کا پلان مرتب کرتا ہے۔

"اس وقت بڑے حسین لگ رہے ہیں آپ۔" حمید نے اسے چھیڑا۔

"ممکن ہے تمہارا خیال درست ہو۔" فریدی نے لاپروائی سے کہا۔ "لیکن ذرا جلدی سے اٹھ کر سامان تو اکٹھا کرو۔ ہمیں یہ ہوٹل ہی چھوڑ دینا ہے۔"

"کیوں؟"

"وقت مت برباد کرو۔" فریدی نے کہا۔ "نیچے گاڑی کھڑی ہے۔ اس میں سامان رکھ کر واپس آجاؤ۔ جلدی کرو۔ جلدی۔ میرا منہ کیوں تک رہے ہو! چلو۔"

حمید دانت پیستا ہوا سامان اکٹھا کرنے لگا۔

سامان گاڑی پر بار کر کے جب وہ واپس آیا تو اس نے دیکھا کہ فریدی ڈائننگ ہال میں رینوکا کے ساتھ بیٹھا ہنس ہنس کر باتیں کر رہا ہے۔

رینوکا اس سے کہہ رہی تھی۔ "یاور تمہاری عدم موجودگی میں ٹیکم گڈھ کے دن اور رات بے کیف ہو کر رہ جائیں گے۔"

"صرف تین دن۔" فریدی مسکرا کر بولا۔ "کمرہ میں نے چھوڑا نہیں ہے۔ اگر وہ میرے بھائی کی علالت کا تار نہ ہوتا تو میں اسے ردی کی ٹوکری میں ڈال دیتا۔ مگر ایسی صورت میں جانا ضروری ہے۔"

"میں تمہارا انتظار کروں گی۔" رینوکا نے کسی فلم کی ہیروئن کی طرح رومانی انداز میں کہا اور حمید اپنے ہونٹ چاٹنے لگا۔

"اوہ کیپٹن جلیس....!" وہ حمید کی طرف مڑ کر بولی۔ "آپ بھی جا رہے ہیں۔"

"جی ہاں میں بھی جا رہا ہوں۔" حمید نے پُر وقار انداز میں کہا۔ "اور ٹیکم گڈھ کی سرزمین مجھ جیسے عظیم آدمی کے وجود سے ہمیشہ کے لئے محروم ہو رہی ہے۔"

"تو آپ واپس نہیں آئیں گے؟"

"میرے لئے آپ کیوں.... اس سوال کی زحمت گوارا کر رہی ہیں۔"

رینوکا کوئی جواب دیئے بغیر فریدی کی طرف متوجہ ہو گئی۔

ڈائننگ ہال میں بھیڑ بڑھتی جا رہی تھی۔ شام کے وقت عموماً یہاں بھیڑ زیادہ ہو جایا کرتی تھی۔ ٹیکم گڈھ کے دولت مند لوگ زیادہ تر یہیں آیا کرتے تھے۔ بعض رنگین مزاج حکام کی

شامیں بھی یہیں گذرتی تھیں۔ شراب کی بوتلیں کھلنے لگی تھیں۔ ویٹروں کی آمد و رفت میں تیزی بڑھتی جا رہی تھی۔

"آپ کیا پئیں گی۔" فریدی نے رینوکا سے پوچھا۔

"آپ تو پیتے نہیں۔"

"تو اس سے کیا کہ میں ضرور کچھ پیوں۔ چلئے کافی ہی سہی۔"

فریدی نے ویٹر کو بلا کر شراب اور کافی کا آرڈر دیا۔ حمید کو حیرت ہو رہی تھی اس نے آج تک اُسے کسی عورت کو شراب پلاتے نہیں دیکھا تھا۔ حمید اچھی طرح جانتا تھا کہ فریدی کو شرابی عورتوں کے تصور سے بھی گھن آتی ہے پھر آخر وہ اس وقت ایک شراب پیتی ہوئی عورت کا وجود کیونکر برداشت کر سکے گا۔

شراب آئی اور رینوکا اس پر اس طرح ٹوٹ پڑی جیسے کئی دنوں سے پیاسی ہو۔ فریدی اس سے ایک خاص انداز میں گفتگو کر رہا تھا جس میں لگاوٹ اور ہچکچاہٹ دونوں ہی شامل تھیں۔ حمید کا ذہن اس بُری طرح الجھ گیا تھا کہ وہ اس پر دھیان نہ دے سکا کہ ان میں کیا گفتگو ہو رہی ہے اور پھر سامان کا مسئلہ الگ تھا۔ فریدی نے سامان کہاں بھجوایا تھا؟ حمید کی الجھن اتنی بڑھی کہ وہ آخر کار وہاں سے اٹھ گیا۔ اس اٹھ بھاگنے کی ایک وجہ اور تھی؟ اور وہ تھی رینوکا کی بدمستی! باتیں کرتے وقت اس کے ہونٹ اس طرح نئے نئے زاویئے اور قوسیں بنا رہے تھے کہ وہ صاف منہ چڑھاتی ہوئی معلوم ہو رہی تھی۔ بہر حال حمید وہاں سے بھاگ کر بالکونی میں پہنچا۔ لیکن یہاں بھی اس وقت سکون نہیں تھا چونکہ سنیچر کی شام تھی اس لئے آج بھیڑ کافی تھی۔ بالکونی میں بھی لوگ بیٹھے شراب پی رہے تھے۔ ان میں عورتیں بھی تھیں۔ حمید کو اپنی زندگی تلخ ہوتی معلوم ہونے لگی۔ شراب کے نشے میں بہکی ہوئی عورتوں کا قرب اُسے عورت کے وجود سے متنفر کر دینے کے لئے کافی ہوتا تھا۔ وہ سوچنے لگا کہ ڈائننگ ہال ہی غنیمت تھا کیونکہ وہاں ایسا طوفان بدتمیزی نہیں تھا۔ ایک نشے میں بہکی ہوئی اینگلو انڈین لڑکی ہکلا ہکلا کر ایک فحش سا فلمی گیت گا رہی تھی اور اس کے قریب بیٹھے ہوئے مرد قہقہے لگا رہے تھے۔

پھر کوئی دوسری عورت ناک کے بل ہنستی ہوئی گنگنائی۔ "پٹ.... پٹ.... پٹاخہ.... خہ خہ خہ.... خہار۔"

حمید بوکھلا کر پھر نیچے بھاگا۔ یہاں رینوکا کی حالت نشے سے ابتر ہوتی جارہی تھی اور فریدی اُسے بے تحاشہ پلا رہا تھا۔

"ہاں میں یہ کہہ رہا تھا کہ عورت ہمیشہ عورت ہی رہے گی۔" فریدی نے کہا۔ اس پر رینوکا آنکھیں بند کر کے بے ڈھنگے پن کے ساتھ ہنسی اور حمید کا دل چاہنے لگا کہ وہ اس کے منہ میں دونوں انگوٹھے ڈال کر اس کے گال کانوں کی لو تک پھاڑ ڈالے۔

"نائیں.... ہاب عورت... عورت نائیں...." رینوکا اپنا نچلا ہونٹ نچلے دانتوں پر جکڑ کر بولی۔

"عورت عورت ہے.... وہ مردوں کی برابری نہیں کر سکتی۔"

"کار ساکتی ہے۔" رینوکا نے اپنی پیشانی میز پر رکھتے ہوئے کہا۔

"ادھر.... میری طرف دیکھو۔" فریدی نے اس سے کہا اور رینوکا اپنی نشے سے بوجھل ہوتی ہوئی آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر فریدی کے چہرے پر نظریں جمانے کی کوشش کرنے لگی۔

"میں مرد ہوں۔" فریدی نے آہستہ سے کہا۔ "اور اُس آدمی کی نقلی مونچھیں اکھاڑ سکتا ہوں۔"

حمید کی نظریں بے اختیار اس آدمی کی طرف اٹھ گئیں جس کی طرف فریدی نے اشارہ کیا تھا۔ وہ مرد ایک معمر اور قوی ہیکل آدمی تھا۔ چہرے پر گھنی اور اوپر کو چڑھی مونچھیں تھیں جن میں اس نے خضاب لگا رکھا تھا۔ حمید اُسے ایک ہی نظر میں پہچان گیا۔ وہ مقامی پولیس کا ایک سب انسپکٹر تھا، جو اس وقت سادے لباس میں تھا اور اس کی مونچھیں سو فیصدی نقلی تھیں۔

"نقلی مونچھیں۔" رینوکا آہستہ سے بولی۔

"ہاں نقلی مونچھیں۔ میں اُن مونچھوں کو اکھاڑ سکتا ہوں کیونکہ مرد ہوں۔ تم نہیں اکھاڑ سکتیں۔"

"میں بھی مرد ہوں۔" رینوکا اپنے سینے پر ہاتھ مارتی ہوئی تن کر بولی۔

"مگر تم اس کی مونچھیں نہیں اکھاڑ سکتیں۔"

"میں اکھاڑ سکتی ہوں۔"

"تم نہیں اکھاڑ سکتیں۔"

حمید کا سر چکرا گیا۔ آخر فریدی کیا کرنے جارہا ہے۔ اس کا انجام اور اس کا مقصد وہ حیرت سے اس کی طرف دیکھنے لگا۔ فریدی اُسے آنکھ مار کر پھر رینوکا کی طرف متوجہ ہو گیا۔

"زبان سے کہہ دینا اور چیز ہے۔" فریدی آہستہ سے بولا۔

"میں اکھاڑ کر دکھادوں گی۔" رینوکا لڑکھڑاتی ہوئی اٹھی اور بڑی مونچھوں والے سب انسپکٹر کی طرف بڑھنے لگی۔ وہ بیچارہ کافی کے گھونٹ لے لے کر سگریٹ پینے میں مشغول تھا۔

"بیٹے حمید۔" فریدی نے آہستہ سے کہا۔ "بس اب چل دو یہاں سے بل میں ادا کر چکا ہوں۔"

وہ دونوں اٹھ کر تیزی سے باہر نکل آئے اور عمارت کے سرے پر بھی نہ پہنچے تھے کہ اندر سے شور سنائی دیا۔

"اکھڑ گئی۔" فریدی اپنا قہقہہ دباتا ہوا بولا.... "بھاگو.... جلدی.... ادھر نالے میں اتر آؤ۔"

"لیکن آخر یہ کیا حماقت ہے۔" حمید جھنجھلا کر بولا۔ "اب ایک نئی مصیبت۔"

"کوئی نئی مصیبت نہیں پیارے۔ اب ہم دوسرے ہوٹل میں قیام کریں گے جو گراج کے درے کے قریب ہے۔"

"لیکن اب ہم لوگ چھپیں گے کیسے! ہوش آنے پر وہ یقیناً یہی بیان دے گی کہ ہم نے اُسے اکسایا تھا۔"

"کوئی بات نہیں.... اب میں بھی اپنی صورت تبدیل کر دوں گا تم بھی کچھ اور ہو جاؤ گے۔"

"مگر میک اپ کا سامان تو اسباب کے ساتھ گیا۔"

"تم تو بال کی کھال اتارتے ہو۔" فریدی جھنجھلا کر بولا۔ "تھوڑی چیزیں میرے ہینڈ بیگ میں بھی ہیں۔"

"لیکن اس حرکت کی کیا ضرورت تھی۔"

"ضرورت تم سے بہتر سمجھتا ہوں۔" "اب بکو مت، چپ چاپ چلے آؤ۔"

وہ ناہموار راستے طے کرتے ہوئے آگے بڑھ رہے تھے۔ پھر ایک جگہ ایک غار میں دونوں نے ٹارچ کی روشنی سے اپنے حلئے تبدیل کئے اور سڑک پر نکل آئے۔ انہوں نے اپنے کوٹ اتار کر بغل میں دبا لئے تھے اور ٹائیاں بھی کھول لی تھیں۔ سڑک بالکل ویران تھی۔ حمید کا دل چاہ رہا تھا کہ چٹان سے چھلانگ لگا کر ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ان جھگڑوں سے نجات حاصل کر لے۔

ٹھنڈا شعلہ

دوسرا دن فریدی اور حمید کیلئے ایک دلچسپ دن تھا۔ وہ دونوں ہل ویو ہوٹل کی لان پر بیٹھے

صبح کا اخبار پڑھ رہے تھے۔ رات کے واقعے کے متعلق ایک چٹ پٹی خبر شائع ہوئی تھی۔ رینو کا سب انسپکٹر کی مونچھ اکھاڑنے کے جرم میں پولیس کی حراست میں تھی اور ان دونوں کپتانوں کی تلاش جاری تھی جنہوں نے اُسے اکسایا تھا۔ فریدی نے ہنس کر اخبار ایک طرف ڈال دیا۔

"کیا ملا آپ کو۔" حمید بیزاری سے بولا۔ "خواہ مخواہ بیچاری کو پھنسوا دیا۔ محض ایک بے بنیاد شبہے پر۔"

"بے بنیاد۔" فریدی چونک کر بولا۔ "حمید بیٹے! میں کچا کام کرنے کا عادی نہیں۔ محض شبہ کی بناء پر اس قسم کے اقدام نہیں کرتا۔ ایک ٹھوس حقیقت سے دو چار ہونے کے بعد میں نے اُسے ٹھکانے لگایا ہے۔"

"یعنی....!"

"وہ کبوتروں کے ذریعہ کسی نامعلوم جگہ پیغامات بھیجا کرتی تھی۔ پیغامات کیا تھے انہیں اچھی خاصی رپورٹ کہنا چاہیے۔ جو وہ ہم لوگوں کے متعلق تیار کر کے کسی نامعلوم آدمی کے پاس پہنچا کرتی تھی۔"

"کبوتر....!" حمید چونک پڑا۔ اس کے ذہن میں گذرے ہوئے دن کا واقعہ پھر آیا۔ رینو بالکونی میں کبوتر لئے کھڑی تھی اور اس کی آہٹ پر چونک کر اڑا دیا تھا تو کیا وہ ہم لوگوں کی اصلیت سے واقف تھی۔"

"قطعی....!" فریدی نے کہا۔ "یہ چیز مجھ پر کل ہی ظاہر ہوئی ہے۔ کل بالکونی سے اس نے ایک نامہ بر کبوتر اڑایا تھا۔ اتفاق سے اسے ایک باز نے نیچے گرا دیا اور وہ میرے ہاتھ لگ گیا۔ اس کے ذریعہ رینو کا نے جو رپورٹ بھیجی تھی اس سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ وہ پہلے بھی ہم لوگوں کے متعلق کسی کو اطلاع دے چکی ہے وہ میری پرسوں کی نقل و حرکت کی پوری پوری رپورٹ تھی۔"

"کبوتر کے متعلق آپ کو کل ہی معلوم ہوا ہے۔" حمید نے پوچھا۔

"نہیں میں نے اس سے قبل بھی اُسے کئی بار کبوتر اڑاتے دیکھا تھا۔ لیکن میں یہ بھی نہیں سوچ سکتا تھا کہ وہ نامہ بر ہو سکتے ہیں۔ کیونکہ ہوٹل میں جنگلی کبوتروں کی خاصی اچھی تعداد بسیرا لیتی ہے۔"

"ہو سکتا ہے کہ وہ کوئی اور کبوتر رہا ہو۔ مطلب یہ کہ اُسے کسی اور نے اڑایا ہو۔"

"تو اس کا یہ مطلب ہے کہ میں اندھا ہوں۔" فریدی منہ بنا کر بولا۔ "میں نے خود اُسے اڑاتے دیکھا تھا اور تم اس کے پیچھے کھڑے ہوئے تھے۔ میں سامنے والی چٹانوں میں موجود تھا۔"

"وہاں کیا کر رہے تھے۔" حمید بے خیالی میں بولا۔

"جھک مار رہا تھا۔ تم اتنے اُلو کیوں ہو گئے ہو؟"

"آپ جھک مار رہے تھے۔ اچھا کر رہے تھے۔ جب کسی طرح بس نہ چلے تو جھک مارنا صحت کے لئے مفید سمجھا جاتا ہے۔ لیکن میں قطعی اُلو نہیں ہوں۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ رینو کا کو اس طرح پکڑوانے کی کیا ضرورت تھی۔"

"بس یونہی مذاق کرنے کو دل چاہا تھا۔" فریدی سگار سلگاتا ہوا بولا۔ "لیکن اگر ضرورت پیش آئی تو یہی مذاق سنجیدگی میں تبدیل ہو کر ہمارے کام آسکے گا۔"

"میں نہیں سمجھا۔"

"کیا کرو گے سمجھ کر۔" فریدی طنزیہ لہجے میں بولا۔ "کیا اس ہوٹل میں تمہیں کوئی لڑکی دکھائی نہیں دی۔"

"دیکھئے جناب۔" حمید چڑ کر بولا۔ "اگر آپ اس طرح مجھے ناکارہ اور نکما بنائے رکھیں گے تو میں چپ چاپ واپس جا کر اپنا استعفےٰ پیش کر دوں گا۔ جہنم میں گئی ایسی ملازمت۔"

"تو اس طرح کیا تم مجھ سے بچ سکو گے۔" فریدی مسکرا کر بولا۔

"میں خودکشی کر لوں گا۔"

"بسم اللہ!" فریدی سنجیدگی سے بولا۔ "چلو پھر پانی منگاؤں یا خالص گھی۔"

حمید نے بھنا کر دوسری طرف منہ پھیر لیا۔

"ہے ہے۔" فریدی نے مسکرا کر کہا۔ "یار تجھے تو عورت ہونا چاہئے تھا۔"

حمید بدستور خاموش رہا وہ اپنے ہونٹ سکوڑے پائپ میں تمباکو بھر رہا تھا۔ پائپ سلگا کر اٹھا اور آہستہ آہستہ ٹہلتا ہوا عمارت کی طرف چلنے لگا۔ وہ محسوس کر رہا تھا کہ فریدی بھی اس کے پیچھے پیچھے آرہا ہے۔ لیکن اس نے پلٹ کر دیکھا نہیں۔ عمارت میں داخل ہو کر اس کمرے کی طرف مڑ گیا جس میں دونوں قیام پذیر تھے۔

کمرے کا دروازہ کھولتے ہی وہ چونک پڑا۔ صوفہ کے درمیان رکھی ہوئی ٹی پائی پر سونے کا

ایک بڑا سا ٹکڑا پڑا تھا۔ وہ تیزی سے اُسے اٹھانے کے لئے بڑھا۔ لیکن دوسرے ہی لمحے میں کسی نے اُسے پکڑ کر پیچھے کی طرف کھینچ لیا۔ یہ فریدی تھا۔

"اتنی بدحواسی اچھی نہیں۔" فریدی نے کہا اس کے ہونٹوں پر ہلکی سی مسکراہٹ تھی۔

"تو کیا یہ آپ نے۔"

"نہیں!.... ٹھہرو! اسے ہاتھ مت لگانا۔"

حمید حیرت سے اُسے دیکھنے لگا۔

"ابھی تم مر ہی گئے ہوتے۔" فریدی نے کہا۔ "اور مرنے سے پہلے بوڑھے ہو جاتے۔"

"کیا؟" حمید چونک کر بولا۔ "مگر.... یہ تو سونا ہے۔"

"ہاں ہاں! اور کسی نے ہماری موت کو دعوت دینے کے لئے اسے یہاں نہایت احتیاط سے رکھ دیا ہے۔ بیٹے حمید خاں! اب کھلم کھلا جنگ کرنی پڑے گی کیونکہ انہوں نے ہمیں اس بھیس میں بھی پہچان لیا ہے۔"

"آپ نہ جانے کیا کہہ رہے ہیں۔" حمید پھر سونے کی طرف بڑھا۔

"ٹھہرو! کیوں حماقت کر رہے ہو۔" فریدی نے آہستہ سے کہا۔ "جاؤ برآمدے میں ایک بلی کا بچہ پڑا اونگھ رہا ہے اسے اٹھا لاؤ۔"

"میں نہیں جاتا..... آپ نہ جانے کیا؟"

"صاحبزادے ہو۔" فریدی خود دروازے کی طرف بڑھتا ہوا بولا۔ "خبردار اسے ہاتھ نہ لگانا۔"

پھر وہ ایک بلی کے بچے کو ہاتھوں میں اٹھائے ہوئے کمرے میں داخل ہوا۔

"کیا آپ خواہ مخواہ....!"

"چپ رہو؟"

"آپ ایسے حالات میں انتہائی مضحکہ خیز لگتے ہیں۔" حمید نے بھنا کر کہا۔

فریدی نے کوئی جواب دیئے بغیر بلی کے بچے کو سونے کے ٹکڑے پر ڈال دیا۔ اس نے وہاں سے اٹھنا چاہا لیکن فریدی اس کے سر پر ہاتھ پھیرنے لگا اور وہ وہیں سر رکھ کر اونگھ گیا۔

حمید تمسخر آمیز مسکراہٹ کے ساتھ فریدی کی حرکتیں دیکھ رہا تھا۔

"تو کیا اب آپ اس بلی کے بچے سے انڈے دلوائیں گے۔"

"دیکھتے جاؤ۔" فریدی نے کہا اور اٹھ کر دروازے کے قریب آ گیا۔

"کئی دنوں سے دیکھ رہا ہوں۔" حمید نے بیزاری سے کہا اور پائپ سلگا کر صوفے پر نیم دراز ہو گیا۔ اس نے اپنی آنکھیں بند کر لی تھیں۔ کئی منٹ گذر گئے۔ کمرے کی فضا پر خاموشی مسلط تھی۔ دفعتاً بلی کے بچے نے ایک چیخ ماری اور اچھل کر زمین پر جا پڑا۔ حمید بوکھلا کر کھڑا ہو گیا۔ بلی کا بچہ بے حس و حرکت نظر آ رہا تھا۔ فریدی اس پر جھک پڑا۔

"یہ ابھی مرا نہیں۔" وہ اپنے دواؤں کے بکس کی طرف بڑھتا ہوا بولا۔ اس نے تیزی سے امونیا کی بوتل نکالی اور حمید کے ہاتھ میں دیتے ہوئے کہا اُسے اس کی ناک سے لگائے رکھو۔"

وہ پھر دواؤں کے بکس میں کچھ تلاش کرنے لگا تھا۔ حمید نے بوتل کھول کر بلی کے بچے کی ناک سے لگا دی۔ وہ اکھڑی اکھڑی سانسیں لے رہا تھا۔ اس کے سینے پر جلنے کا داغ تھا۔ سینے کا جتنا حصہ سونے کے ٹکڑے پر تھا بُری طرح جھلس گیا تھا۔

"ہوں....!" فریدی جھکتا ہوا بولا۔ "ذرا اس کا اگلا پیر تو اٹھاؤ۔"

اس کے ہاتھ میں انجکشن لگانے والی سوئی تھی۔ حمید کو اتنا ہوش ہی نہیں تھا کہ وہ اس سے کچھ پوچھتا۔ فریدی نے بلی کے پیر میں سوئی چبھو دی۔

"اب بوتل ہٹاؤ۔" اس نے حمید سے کہا۔

فریدی بلی کے بچے کے قریب ہی بیٹھا رہا۔ حمید نے بوتل بند کر کے بکس میں رکھ دی۔

"اب اس سونے کو اٹھا کر جیب میں رکھ لو۔" فریدی نے مسکرا کر کہا۔

"یعنی....!"

"یعنی یہ کہ اب تمہیں مرنے کی اجازت ہے۔"

حمید جھینپی ہوئی ہنسی کے ساتھ فریدی کے قریب آ بیٹھا۔ بلی کے بچے کے جسم میں حرکت پیدا ہو چکی تھی۔

"اب یہ نہیں مر سکتا اور وہ دونوں مرنے والے بھی آدھے گھنٹے کے اندر اندر بچائے جا سکتے تھے۔"

"مگر.... آپ تو ریڈیم کہہ رہے تھے۔" حمید نے کہا۔

"اتنا ریڈیم وہ کہاں سے لائیں گے۔ انہوں نے سونے کو ریڈیم سے چارج کر لیا ہے۔ یہ ٹکڑا

بھی ریڈیم سے متاثر شدہ ہے۔ لیکن اس کے لئے بھی انہیں ریڈیم کو دھات کی شکل میں لانا پڑا ہوگا اور یہ ایک مشکل عمل ہے۔ معلوم نہیں انہوں نے سونے کو کس طرح ریڈیم سے متاثر کیا۔ میں سچ کہتا ہوں حمید کوئی بہت بڑا دماغ اس سازش کے پیچھے کام کر رہا ہے۔"

"لیکن یہ میز" حمید تذبذب کے عالم میں بولا۔ "یہ میز کیوں نہیں جلی۔"

"شاید اس عمل میں حرارت پذیری کا بھی دخل ہے۔"

"لیکن لانے والا اسے لایا کس طرح ہوگا۔"

"ممکن ہے لکڑی کی ڈبیہ استعمال کی ہو۔ ویسے سیسہ ہی ایک ایسی دھات ہے جس پر ریڈیم کا کوئی اثر نہیں ہوتا۔"

"شیشہ....!"

"شیشہ نہیں سیسہ....!" فریدی نے کہا۔ "جانتے ہو ریڈیم کتنی طاقتور چیز ہے۔ اس کے متعلق اندازہ لگایا گیا ہے کہ صرف دو پونڈ ریڈیم زمین کو اس کے محور سے ہٹانے کے لئے کافی ہوگا۔"

بلی کا بچہ اٹھ کر رینگنے لگا تھا اس کا سارا جسم کانپ رہا تھا۔ وہ رینگتا ہوا دروازے کی اوٹ میں چلا گیا۔

"آپ نے انجکشن کس چیز کا دیا تھا۔" حمید نے پوچھا۔

"اسٹرانچین سلوشن....!" فریدی کچھ سوچتا ہوا بولا۔ "کم بختوں نے مار ڈالنے کا بڑا اچھا طریقہ ایجاد کیا ہے! سونا دیکھ کر کون نہ للچائے گا۔ ایک ٹکڑا راہ میں کہیں ڈال دیا اور اٹھانے والے کا قصہ تمام۔"

"تو اس کا یہ مطلب ہے کہ اب ہم قطعی محفوظ نہیں ہیں۔" حمید نے کہا۔

فریدی پُر خیال انداز میں سر ہلا کر پھر کچھ سوچنے لگا۔

"تو پھر وہ پولیس کو ہمارے متعلق اطلاع بھی دے سکتے ہیں کہ ہم اس بھیس میں یہاں موجود ہیں۔"

"شائد ہی وہ ایسا کریں!" فریدی نے کہا۔ "کیونکہ اس سے انہیں کوئی فائدہ نہیں ہو سکے۔ دراصل اب چپ چاپ ہمارا خاتمہ کر دینے کی گھات میں ہیں۔"

"چپ چاپ کیوں! جب وہ ہمیں پہچانتے ہیں تو کبھی بھی اور کسی حالت میں ہمارا خاتمہ کر سکتے ہیں۔ آپ کو شروع ہی سے بھیس بدل کر رہنا چاہئے تھا۔"

"بس حماقت ہو گئی۔ مجھے دراصل ان کی قوت اور تنظیم کا اندازہ نہیں تھا۔" فریدی کہ

لگاتا ہوا بولا۔ اس نے سونے کے ٹکڑے کو ایک لکڑی کے ڈبے میں رکھ کر دواؤں کے بکس میں ڈال دیا۔ بلی کا بچہ پھر دروازے کی اوٹ سے رینگتا ہوا باہر نکل گیا۔

"ذرا دیکھئے۔" حمید بے اختیار بولا۔

اس کے سفید بالوں میں ہلکی سی نیلاہٹ دوڑ گئی تھی۔ فریدی پُر خیال انداز میں سر ہلانے لگا۔ حمید کے چہرے پر ہوائیاں اڑ رہی تھیں۔ اُسے اپنے کچھ دیر قبل کے رویے پر افسوس ہونے لگا۔ وہ خواہ مخواہ فریدی کا مضحکہ اڑاتا رہا تھا۔ درحقیقت فریدی کی اتھاہ پانا بہت مشکل کام ہے۔

حمید اٹھ کر اندر گیا۔ فریدی سیلانچی پر جھکا ہوا منہ دھو رہا تھا۔

"بھئی یہ معاملہ اپنے بس کا نہیں ہے۔" اس نے کہا۔ "تم دیکھ رہے ہو کہ کسی طرح کام بنتا ہی نہیں۔ کیا بس ایک میں ہی رہ گیا ہوں۔ اس معاملے میں ہاتھ ڈالنا خودکشی سے کسی طرح کم نہیں۔ میں اپنی ناکامیوں کی رپورٹ مکمل کر کے نصرت صاحب کو دے دوں گا اور بس.... آج رات کی ٹرین سے ہم گھر کی طرف روانہ ہو جائیں گے معلوم نہیں مجرموں نے اپنا جال کہاں کہاں پھیلا رکھا ہے۔" فریدی سنجیدگی کے ساتھ یہ ساری باتیں کہہ رہا تھا۔ "چلو جلدی سے تیار ہو جاؤ۔" فریدی پھر بولا۔ "ہمیں میجر نصرت کے یہاں چلنا ہے۔ جہنم میں گیا یہ کیس۔"

حمید کچھ نہیں بولا۔ وہ لوٹ کر اپنے بکس سے کپڑے نکالنے لگا۔

"پیدل ہی ٹھیک رہے گا۔" فریدی نے کہا۔ "تم آخر اس قدر خاموش کیوں ہو؟"

"کچھ نہیں۔"

"ساری شرارتیں ہوا ہو گئیں۔"۔

"میں یہ سوچ رہا ہوں کہ اگر آپ اس وقت میرے پیچھے پیچھے چلے نہ آئے ہوتے تو میرا کام تمام ہو چکا ہوتا۔"

"اس میں تو شک نہیں۔" فریدی نے کہا۔ "ہونے والی بات۔ میں بلا مقصد بغیر ارادہ تمہارے پیچھے چلا آیا تھا۔ ورنہ اس وقت وہاں سے اٹھنے کو جی نہیں چاہ رہا تھا۔"

"تو اس کا یہ مطلب ہے کہ میں ابھی زندہ رہوں گا۔" حمید مسکرا کر بولا۔

"یہ ابھی نہیں کہا جا سکتا۔"

"کیوں؟"

"اس لئے کہ ابھی آخری معرکہ باقی ہے۔"

"کیا مطلب....!" حمید چونک کر بولا۔ "آج رات کو تو ہم واپس جا رہے ہیں۔"

فریدی ہنسنے لگا۔

"کبھی پھلجھی فریدی پیچھے ہٹا تھا۔" اس نے کہا۔

"تمہیں ایک دلچسپ بات بتاؤں۔" فریدی رک کر سگار سلگاتا ہوا بولا۔ "ہمارے غسل خانے میں ایک ڈکٹوگراف رکھا ہوا ہے۔"

"ڈکٹوگراف۔" حمید اچھل کر بولا۔

"ہاں اور اس کا ریسیونگ سٹ کسی اور کمرے میں ہے ہماری ساری گفتگو کسی نے سن لی ہے۔ اس واقعے سے پہلے مجھے اس کا علم نہیں تھا۔ وہ تو منہ دھوتے وقت اس پر نظر پڑ گئی۔ بظاہر وہ فنائل کا ڈبہ معلوم ہو رہا تھا۔ اتفاق سے میرا پیر اس سے جا لگا اور میں نے محسوس کیا کہ وہ ٹین کا نہیں ہے۔ پھر دیکھنے پر ساری حقیقت واضح ہو گئی.... ہاں تو اس کے ذریعے سے کسی نے ہماری ساری گفتگو سن لی ہے۔"

"تب تو کم از کم اسے پکڑ لینے میں کوئی دشواری نہیں ہو سکتی۔ ذرا سی تلاش کے بعد معلوم ہو سکتا ہے کہ اس کا سلسلہ کس کمرے سے ہے۔"

"وہ ٹھیک ہے۔" فریدی نے کہا۔ "لیکن اس سے کچھ فائدہ نہیں ہو سکتا۔ بہت ممکن ہے کہ اس طرح ہم جلدی ہی ختم کر دیئے جائیں۔ یہ بات میں سنجیدگی کے ساتھ کہہ رہا ہوں کہ ہمیں ہر وقت مرنے کے لئے تیار رہنا چاہئے۔ معلوم نہیں دشمن کہاں اور کس روپ میں موجود ہو۔ بعض اوقات تو مجھے میجر نصرت پر بھی شبہ ہونے لگتا ہے۔"

"ارے وہ کیا....!"

"میں یہ نہیں کہتا۔" فریدی نے کہا۔ "ہو سکتا ہے کہ وہ ایمانداری سے اپنے فرائض انجام دے رہا ہو۔"

"خیر چھوڑیئے! اب آپ کیا کریں گے۔" حمید نے کہا۔

"میجر نصرت کے یہاں سے واپسی کے بعد اپنا سامان ریلوے اسٹیشن پر پہنچا دیں گے۔"

"ریلوے اسٹیشن پر۔"

"ہاں اور اس کے بعد ہماری موجودہ شکل و صورت کے دو آدمی نو بجے رات والی ٹرین سے روانہ ہو جائیں گے۔"

"پھر....!"

"پھر ہم ہوں گے اور رینو کا۔"

حمید متحیرانہ انداز میں اس کی طرف دیکھنے لگا۔

فتنہ جاگتا ہے

"اس طرح بوکھلا کر مت دیکھو۔" فریدی مسکرا کر بولا۔ "اس کا مطلب یہ نہیں کہ ہم دونوں رینو کا سے عشق شروع کر دیں گے۔"

"خیر آپ کے متعلق تو یہ سوچا بھی نہیں جا سکتا۔"

"بات دراصل یہ ہے کہ آج کل میں نفسیاتی تجربوں کے خبط میں مبتلا ہو گیا ہوں۔" فریدی نے کہا۔ "اس سلسلے میں رینو کا کو سبجیکٹ بنانے کا ارادہ ہے۔"

"یعنی....!"

"یعنی یہ کہ آج رات کو دیکھ لینا۔" فریدی نے لاپروائی سے کہا۔

وہ دونوں ڈھلوان راستے پر چل رہے تھے۔ ان کے دونوں طرف اونچی نیچی اور کانٹے دار جھاڑیوں سے ڈھکی ہوئی چٹانیں تھیں اور راستہ دور تک پھیلا ہوا تھا۔ شہر یہاں سے تقریباً ڈیڑھ میل کی دوری پر تھا۔

دفعتاً انہیں اپنے پیچھے ایک زوردار گڑگڑاہٹ سنائی دی۔ وہ دونوں چونک کر مڑے۔ ایک بہت بڑی چٹان لڑھکتی ہوئی ان کی طرف چلی آ رہی تھی۔ اُس کا حجم اتنا زیادہ تھا کہ اس نے قریب قریب راستے کی پوری چوڑائی کو ڈھک لیا تھا۔

"بھاگو....!" فریدی بے اختیار چیخا۔

وہ دونوں تیزی سے دوڑنے لگے۔ گڑگڑاہٹ کی آواز رک گئی۔ چٹان راستے کے ایک خفیف سے موڑ پر پھنس کر رک گئی تھی۔

"چلتے جاؤ! خطرہ ہے۔" فریدی بدستور دوڑتا ہوا بولا۔ "ریوالور ہے۔"

"نہیں....!" حمید نے ہانپتے ہوئے کہا۔

"میں بھی نہیں لایا.... شاید ہماری عقلیں چرنے گئی تھیں۔"

پھر وہ اُس تنگ راستے سے نکل کر ایک کشادہ چٹان پر آ گئے۔ شہر نزدیک تھا۔ اس لئے وہ دم لینے کے لئے ایک جگہ رک گئے۔

"ہو سکتا ہے کہ وہ محض اتفاق رہا ہو۔" حمید ہانپتا ہوا بولا۔

"سب کچھ ہو سکتا ہے۔" فریدی نے کہا۔ "لیکن یہ لوگ کھل کر سامنے نہیں آ رہے ہیں۔"

"جناب والا وہ جائیں جہنم میں۔" حمید جھلا کر بولا۔ "اگر اس وقت وہ چٹان راستے میں نہ رک گئی ہوتی تو ہمارے سیخ کے کباب کیسے ہوتے؟ بس اب سچ مچ چھوڑیئے یہ چکر اور چپ چاپ دم دبا کر نکل چلئے۔"

"یہ میری توہین ہے۔" فریدی نے منہ سکوڑ کر کہا۔

"تو کم از کم میں تو اپنی لاش پر تمغہ نہیں لگوانا چاہتا۔"

"تم واپس جا سکتے ہو۔"

"باس.... اس جملے کے علاوہ اور آپ کو کچھ نہیں آتا۔"

فریدی کوئی جواب دیئے بغیر شہر کی طرف چل پڑا۔

تھوڑی دیر بعد وہ دونوں میجر نصرت کے ڈرائنگ روم میں بیٹھے اس کا انتظار کر رہے تھے۔ میجر نصرت اندر کسی کام میں مشغول تھا۔

فریدی اور حمید نے اپنے اصلی نام اُسے نہیں بھجوائے تھے۔ بہر حال جب وہ ڈرائنگ روم میں آیا تو اس کا رویہ قطعی غیر متعلقانہ تھا۔ کیونکہ میجر نصرت انہیں اس بھیس میں پہچانا نہیں تھا اور جب اُسے یہ معلوم ہوا کہ وہ دونوں کون ہیں تو وہ حیرت سے فریدی کی طرف دیکھنے لگا۔

"واقعی آپ اس فن میں اپنا جواب نہیں رکھتے۔" میجر نصرت نے کہا۔

"رینو کا کیا رہا۔" فریدی اس کی بات اڑا کر بولا۔ "کسی نے اس کی ضمانت تو نہیں دی۔"

"مجھے افسوس ہے کہ....!"

"کیا مطلب....!" فریدی نے بے صبری سے اس کی بات کاٹی۔

"پولیس والوں نے اُسے چھوڑ دیا۔"

"کمال کر دیا آپ نے۔" فریدی بھنا کر بولا۔ "میں نے کل رات ہی آپ کو مطلع کر دیا تھا۔"

"کیا اُس کا روک لیا جانا ضروری تھا۔"

"اب یہ آپ مجھ سے پوچھ رہے ہیں۔"

"اگر کوئی ایسی ہی بات تھی تو آپ کو صاف اطلاع دینی چاہئے تھی۔" میجر نصرت نے کہا۔

"اب میں کیا بتاؤں۔" فریدی منہ بنا کر بولا۔ "میں سمجھتا تھا کہ آپ میرے ٹیکم گڈھ آنے کی غرض و غایت سے بخوبی واقف ہوں گے۔ بھلا کسی اور معاملے سے مجھے کیا سروکار۔"

"تو کیا اس کا تعلق اس سے تھا۔"

"جناب۔"

"بھئی میں کیا بتاؤں میں نے ڈی۔ایس۔پی سٹی کو یونہی رسمی طور پر اُسے روکے رکھنے کے لئے کہہ دیا تھا۔ لہٰذا اس بیہودے نے رات بھر اسے اپنے بنگلے میں رکھا اور صبح اس سے ایک معافی نامہ لکھوا کر چھوڑ دیا۔"

"سب چوپٹ ہو گیا۔"

"پولیس آپ لوگوں کی تلاش میں تھی لیکن اس سلسلے کو میں نے ختم کرا دیا ہے۔"

"اس سے کوئی فائدہ نہیں۔ شاید وہ پورا گروہ ہماری نگرانی کر رہا ہے۔"

"ارے۔"

"جی ہاں.... شروعات ہی غلط ہوئی ہے۔ پورے حالات مجھے ہیڈ کوارٹر ہی میں معلوم ہو جانے چاہئے تھے۔ معلوم نہیں اس طرح ہمیں بھجوانے میں کیا مصلحت تھی۔ میں اچھی طرح معاملات کو سوچ سمجھ کر کوئی اقدام کرتا ہوں۔ اس وقت تو یہ عالم ہے کہ ہمارے چاروں طرف بے شمار جال ہیں اور ہم احمقوں کی طرح درمیان میں کھڑے ایک دوسرے کا منہ دیکھ رہے ہیں۔"

میجر نصرت نے کوئی جواب نہیں دیا۔ وہ خاموش انہیں دیکھ رہا تھا

فریدی بغیر کچھ کہے سنے کھڑا ہو گیا۔

"تو اب کیا ارادہ ہے۔" میجر نصرت نے کہا۔

"کچھ نہیں! کچھ نہیں۔" فریدی کہتا ہوا ڈرائنگ روم سے باہر نکل آیا۔ وہ بہت زیادہ جھنجھلایا ہوا تھا۔

"دیکھا تم نے اس ڈیوٹ کو۔" اس نے حمید سے کہا۔ "اسی عقل کے بل بوتے پر سپرنٹنڈنٹ بنے بیٹھے ہیں۔ ان کے تو فرشتے بھی اس معاملے میں کامیاب نہیں ہو سکتے۔"

"میرا تو دل چاہا تھا کہ اس کی مونچھیں اکھاڑ دوں۔" حمید نے کہا۔

"بیوقوف آدمی ہے۔" فریدی نے کہا۔ "مجھے تو اس ڈی۔ایس۔پی کے بچے پر تاؤ آ رہا ہے جس نے محکمہ سراغ رسانی کے آفیسر کی ہدایت کے باوجود اُسے چھوڑ دیا۔ انہیں بدبختوں کی عیاشیوں نے محکمے کو بدنام کر رکھا ہے۔"

فریدی خاموش ہو گیا۔ وہ پھر کسی گہری سوچ میں ڈوب گیا تھا۔

"آپ رینو کا سے کیا کام لینا چاہتے تھے۔" حمید نے پوچھا۔

"چھوڑو بھی۔ مارو گولی۔ جہنم میں جائے۔ جو بات نہیں ہو سکی اس کے متعلق کچھ کہنا فضول ہے۔"

وہ پھر خاموش ہو گیا لیکن تھوڑی دیر بعد خود ہی بولا۔

"نیلی روشنی سرحد پار کی چیز نہیں معلوم ہوتی۔ میں نے اچھی طرح اندازہ لگا لیا ہے کہ ا سمگلنگ سے اس کا گہرا تعلق ہے۔ اسی دن دکھائی دی تھی نا جس دن تم ٹیکم گڈھ آئے تھے۔ یا جس دن میں نے اس معاملے کو اپنے ہاتھ لیا تھا۔"

حمید نے اثبات میں سر ہلا دیا۔

"منیجر نے کہا تھا کہ اس سے پہلے بھی سرحد پار والوں نے کسی تباہ کن حربے کا تجربہ کیا اور ٹیکم گڈھ کی متعدد عمارتوں میں آگ لگ گئی تھی۔ میرے خیال میں مجرموں کا وہ مصنو تجربہ اس نیلی روشنی کا پیش خیمہ تھا۔"

"مصنوعی تجربے سے اس کی کیا مراد ہے۔" حمید نے پوچھا۔

"ہونہہ! تو کیا تم اسے سچ سمجھتے ہو کہ وہ کوئی تباہ کن حربہ تھا۔"

"آگ جو لگی تھی۔" حمید نے کہا۔

"کوئی بڑی بات نہیں۔ یہ تو تم بھی کر سکتے ہو! شہر میں پہلے ہی سے اپنے گرگے چھوڑ اس کے بعد دور کی کسی پہاڑی پر چڑھ کر بچوں کی طرح آتش بازیاں چھوڑنا شروع کر دو اور سے بنائی ہوئی سکیم کے تحت تمہارے گرگے شہر کی عمارتوں میں آگ لگاتے پھریں۔"

"یہ آپ کا قیاس ہی ہے نا۔"

"ہے تو قیاس ہی۔ لیکن سچ بھی ہو سکتا ہے۔ کیونکہ اس طرف والوں سے ہمارا کوئی جھ نہیں۔ دوسری بات یہ کہ وہ امن چاہتے ہیں۔ دنیا میں تباہی پھیلانے والے جنگ بازوں خلاف جدوجہد کر رہے ہیں۔ پھر وہ بھلا ہمیں کیوں تنگ کرنے لگے جب کہ ہم بھی امن چا ہیں اور ہماری پالیسی غیر جانبدارانہ ہے.... حمید یہ ایک بہت بڑی سازش معلوم ہوتی ہے۔ ا طرف ہمیں ہمسایہ حکومت سے بدظن کیا جارہا ہے اور دوسری طرف.... ہماری کوئی بہت قیمتی چیز ہم سے چھینی جارہی ہے۔ سونے کے ٹکڑوں کو ریڈیم سے متاثر کر دینا کم از کم اپنی طر کے سائنسدانوں کے بس کا روگ نہیں۔"

"خدا خیر کرے۔ آپ نے لگائی کوئی بین الاقوامی جست۔"

"دیکھو نا! محض سونے کی ناجائز برآمد کے سلسلے میں اتنی اودھم سمجھ میں نہیں آتی۔" فر

ایک جگہ رک کر سگار سلگاتا ہوا بولا۔ "ان لوگوں کا طریقہ کار تو اب اچھی طرح میری سمجھ میں آگیا ہے۔ وگراج کے درے کے قریب دو سفید لاشوں کا پایا جانا اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ محافظ دستے کے کچھ لوگ بھی مجرموں سے تعلق رکھتے ہیں۔ کچھ ہی کہوں گا سب کے لئے نہیں کہہ سکتا۔ کیونکہ اگر سب مجرموں سے ملے ہوتے تو نیلی روشنی دیکھ کر بھاگنے کا ڈھونگ رچانے کی ضرورت ہی نہ رہ جاتی۔ ان کا انچارج کیپٹن رگھوبیر سنگھ ہے وہ تو سو فیصد مجرموں سے تعلق رکھتا ہے۔ اگر یہ بات نہ ہوتی تو لوگ اپنی ڈیوٹیاں چھوڑ کر ہرگز نہ بھاگتے۔"

"خیر یہ بات تو اپنی سمجھ میں آتی ہے۔" حمید نے کہا۔ "لیکن سونے کے علاوہ اور کون سی چیز ہو سکتی ہے۔"

"یہ فی الحال میں خود نہیں جانتا لیکن محض سونے کی غیر قانونی برآمد کے لئے اتنی اچھل کود لایعنی ہے۔ اس قسم کی چیزوں کی اسمگلنگ معمولی چور اُچکے بھی کر لیتے ہیں۔"

وہ دونوں خاموشی سے چلتے رہے۔ اچانک فریدی رک کر بولا۔

"حمید تم ہوٹل واپس جاؤ اور سامان کسی اور ہوٹل میں منتقل کر دو۔ میں میجر نصرت کے یہاں جارہا ہوں۔"

"کیوں....!"

"یہ ابھی نہ پوچھو۔ وقت بہت کم ہے۔ جاؤ ڈرو نہیں۔ ہمیں صرف ایک ہی بار مرنا ہے.... آج یا کل.... یا کسی اور دن۔"

"اوہ! تو کیا آپ مجھے بزدل سمجھتے ہیں؟" حمید تن کر بولا۔

"ہرگز نہیں۔ اچھا تو جاؤ۔ میں تمہیں پانچ بجے ستیل گھاٹ کے پہلے موڑ پر ملوں گا۔ اس بار ریوالور مت بھولنا۔"

حمید نے فریدی کے چہرے پر بے چینی اور دبے ہوئے جوش کے آثار محسوس کئے اس کی آنکھوں میں وہی پرانی وحشیانہ چمک تھی جو اس نے بارہا خطرناک موقعوں پر دیکھی تھی۔ فریدی واپس جانے کے لئے مڑ گیا۔

حمید بُری طرح چکرایا ہوا تھا۔ فریدی نے اس سے قبل کبھی اتنی سنجیدگی سے موت کا تذکرہ نہیں کیا تھا۔ حمید ہوٹل واپس آگیا۔ حالانکہ وہ پہلے ہی سے ایک ہفتہ کے اخراجات کی رقم ادا کر چکا تھا۔ لیکن بہرحال وہ ہوٹل تو چھوڑنا ہی تھا۔ سب سے پہلے حمید نے فریدی کی دواؤں کا بکس کھولا کیونکہ اسے سونے کے اس ٹکڑے کی فکر زیادہ تھی۔ اس کا اندیشہ غلط نہیں ثابت ہوا۔ سونے

کا ٹکڑا غائب تھا۔ پھر وہ بقیہ چیزوں کا جائزہ لینے لگا۔ ہر شے اپنی جگہ پر موجود تھی۔ حمید سوچنے لگا کہ اب کس ہوٹل میں جائے۔ پھر دفعتاً اسے اس ڈکٹوگراف کا خیال آیا۔ جس کا تذکرہ فریدی نے کیا تھا۔ اُس نے آہستہ سے غسل خانے کا دروازہ کھولا اور اندر داخل ہو گیا۔ چاروں طرف نظریں دوڑائیں لیکن کہیں کوئی ایسی چیز دکھائی نہ دی جس پر ڈکٹوگراف کا شبہ کیا جاسکتا ہے۔ البتہ کموڈ کے نیچے فرش پر دو ننھے ننھے سوراخ دکھائی دیئے۔ فرش لکڑی ہی کا تھا وہ تھوڑی دیر تک ان سوراخوں پر نظریں جمائے رہا۔ پھر ساری بات اس کی سمجھ میں آگئی۔ ڈکٹوگراف کے برقی تار غالباً انہی سوراخوں کے ذریعے کسی دوسری جگہ لے جائے گئے تھے۔ اگر فریدی نے اس واقعہ کو ذرہ برابر بھی اہمیت دی ہوتی تو اس وقت حمید اس بات کا پتہ لگائے بغیر نہ مانتا کہ ڈکٹوگراف کا دوسرا سلسلہ کس جگہ سے تعلق رکھتا ہے۔"

اس نے غسل خانے سے نکل کر سامان اکٹھا کرنا شروع کر دیا۔ ویٹر کو اُس نے پہلے ہی اپنی روانگی کی اطلاع دے دی تھی۔ پھر اس نے سامان ایک ٹیکسی پر لاد کر شہر کی راہ لی۔ شہر میں ایسے ہوٹل تھے جن میں وہ اطمینان سے قیام کر سکتے تھے۔ ان میں کچھ اعلیٰ درجے کے بھی تھے لیکن حمید نے ایک ایسے ہوٹل کو ترجیح دی جس میں متوسط طبقے کے لوگ قیام کرتے تھے۔

پانچ بجے اسے ستیل گھاٹی پہنچنا تھا۔ اس لئے اس نے سامان کو پورے سلیقے سے رکھنے کی زحمت گوارا نہ کی اس وقت چار بج رہے تھے۔ اس نے جیب میں ریوالور ڈالا اور ستیل گھاٹی کی طرف چل پڑا۔

ڈکٹوگراف غائب ہو جانے کے بعد سے اسے اطمینان ہو گیا تھا کہ اب ان کی کڑی نگرانی نہیں ہو رہی ہے وہ سوچ رہا تھا کہ فریدی کو موقعہ پر سوجھی بھی خوب! مجرم یقیناً اس فقرے میں آ گئے جبھی تو انہوں نے ڈکٹوگراف بھی ہٹا لیا۔

وہ چلتا رہا اور پھر ستیل گھاٹی والی سڑک کے پہلے موڑ پر رک گیا۔ گھڑی کی طرف دیکھا ٹھیک پانچ بجے تھے مگر فریدی کا کہیں پتہ نہ تھا۔ حمید سڑک کے کنارے ایک چٹان سے ٹیک لگا کر کھڑا ہو گیا۔ دفعتاً اسے اپنی پشت پر نشیب میں کسی عورت کے قہقہے کی آواز سنائی دی۔ نہ جانے کیوں وہ قہقہہ اسے ایک عجیب قسم کی چیخ معلوم ہوا۔

حمید نے مڑ کر ذرا سا سر ابھارا اور دوسرے ہی لمحہ میں اس کے جسم کے سارے رونگٹے کھڑے ہو گئے۔ دوسری طرف نشیب میں فریدی ایک درخت کے تنے سے بندھا کھڑا تھا اور ایک عورت اپنے ہاتھ میں چمڑے کا کوڑا لئے اپنے قریب کھڑے تین آدمیوں سے آہستہ آہستہ کچھ کہہ رہی

تھی۔ دفعتاً وہ فریدی کی طرف مڑی اور حمید یک بیک چونک پڑا۔

وہ رینو کا تھی۔ وہ تھوڑی دیر تک فریدی کو دیکھتی رہی پھر شڑاپ سے کوڑا رسید کر دیا۔ فریدی کے جسم میں جنبش تک نہ ہوئی۔ وہ ایک بے جان بت کی طرح کھڑا تھا۔ دوسرا کوڑا پڑا۔ فریدی کی حالت میں کسی قسم کی تبدیلی نہ ہوئی تو اُس نے ہونٹ بھینچے اور نہ اُس کے ماتھے پر شکنیں ابھریں۔ اس کا چہرہ کوڑے کی ضربوں کی تکلیف کے تاثر سے یکسر عاری نظر آ رہا تھا۔ کوڑا تیسری بار کوندا اور رینو کا نے ایک زوردار قہقہہ لگایا۔

"میں کوڑے مار مار کر آج تمہیں ختم کر دوں گی۔" وہ پُر مسرت لہجے میں چیخی۔

فریدی پھر بھی کچھ نہ بولا۔

چوتھا کوڑا پڑا اور حمید آپے سے باہر ہو گیا۔ اس نے ریوالور کا دستہ اس مضبوطی سے پکڑ رکھا تھا کہ اس کے ہاتھ کی رگیں ابھر آئیں تھیں۔ وہ ایک چٹان کی اوٹ لیتا ہوا آہستہ سے نیچے رینگ گیا۔ وہ جھاڑیوں کی آڑ لیتا ہوا اس درخت کی طرف بڑھنے لگا جس سے فریدی بندھا ہوا تھا۔ وہ ٹھیک اس کے پیچھے جا کر رک گیا۔ رینو کا برابر کوڑے برسائے جا رہی تھی۔

"تم خواہ مخواہ اپنے ہاتھوں کو تکلیف دے رہی ہو میری جان۔"

"ہٹ جاؤ.... میں اس پر نشانے کی مشق کروں گا۔"

"نہیں....!" رینو کا گرج کر بولی۔ "میں نے قسم کھائی تھی کہ اسے بڑی اذیت دے کر ماروں گی۔"

"اس سے بڑی اذیت اور کیا ہوگی کہ تم اتنے دنوں تک مجھ سے جدا رہیں۔ میں یوں ہی مر رہا تھا۔ تم نہیں جانتیں کہ میں تم پر کس بُری طرح عاشق ہوا ہوں۔" یہ فریدی کی آواز تھی۔

"خاموش رہو مکار۔" رینو کا پھر چیخی۔ "میں ہر حال میں اس بے عزتی کا بدلہ لے کر رہوں گی۔"

"تمہاری مرضی۔" فریدی ہنس کر بولا۔ "مگر اُس آدمی سے کہہ دو کہ تمہیں اتنے پیار سے نہ دیکھے ورنہ میں اس کی آنکھیں پھوڑ دوں گا۔"

"شٹ اپ۔" رینو کا نے کہا اور ساتھ ہی ایک کوڑا اور پڑا۔

حمید کا سر چکرا گیا۔ وہ سوچنے لگا کہ کیا سچ مچ فریدی کے جسم میں کسی شیطان کی روح حلول کر گئی ہے کہ اس حالت میں بھی وہ ذرہ برابر خوف کا اظہار نہیں ہونے دے رہا ہے۔

حمید نے سوچا کہ وہ کیوں نہ یک بیک ان لوگوں پر فائرنگ شروع کر دے مگر پھر سوچا کہ کہیں ان میں سے کوئی فریدی کو سچ مچ گولی نہ مار دے۔ اس نے جھاڑیوں سے جھانک کر دیکھا

فریدی کے دونوں ہاتھ درخت کے تنے کے گرد لے جا کر کلائیوں کے پاس سے باندھ دیئے گئے تھے۔ حمید نے جھاڑیوں سے ہاتھ نکال کر فریدی کے ہاتھوں کو چھوا۔ اس کے ہاتھوں میں ایک جھٹکے دار جنبش ہوئی اور حمید رسیوں کے بل کھولنے لگا۔

محاصرہ

پھر پوری رسی کھول ڈالنے سے پہلے اس نے یہ مناسب سمجھا کہ فریدی کو ایک ریوالور دے۔ فریدی کے ہاتھ آزاد ہو گئے۔ لیکن اس نے انہیں پہلی ہی جیسی حالت میں رہنے کوڑے اس پر برابر برس رہے تھے۔

"رینو.... ڈارلنگ ایک بات سنو۔" اس نے بڑے پیار سے کہا۔

رینو کا نے ہاتھ روک لیا۔

"تمہیں وہ ریستوران والی بات یاد ہے۔" فریدی نے کہا۔ "میں اس مردہ عورت کو اس اپنے قریب دیکھ رہا ہوں۔"

"مت بکو۔" رینو کا نے چیخ کر کہا۔ "تم مجھے الو نہیں بنا سکتے۔"

"اچھا اگر یقین نہیں آتا تو اپنے ہاتھ اوپر اٹھاؤ۔" فریدی نے آہستہ سے کہا اور اس کے حمید کی نظروں سے غائب ہو گئے۔

"اور تم تینوں بھی۔" فریدی نے کڑک کر کہا۔ "خبردار اگر ذرا بھی جنبش کی تو بھیجے اڑتے پھریں گے۔"

رینو کا کے منہ سے چیخ نکل گئی۔

حمید نے جست لگائی اور جھاڑیوں کو پھلانگتا ہوا فریدی کے برابر پہنچ گیا۔

رینو کا کے منہ پر ہوائیاں اڑ رہی تھیں۔

"ایک لائن میں کھڑے ہو جاؤ۔" فریدی نے تحکمانہ لہجے میں کہا۔ "رینو کا تم بھی چلو" سب ایک ہی قطار میں کھڑے ہو گئے۔

"ان کی تلاشی لو۔" فریدی نے حمید سے کہا۔

حمید نے ان سب کی جیبیں ٹٹولنی شروع کیں۔ تینوں کے پاس ریوالور نکلے پھر وہ

قریب پہنچ کر رک گیا۔

"جان من اگر کوئی خطرناک چیز تمہارے پاس ہو تو تم خود ہی نکال کر دے دو۔ میں تمہارے مقدس جسم کو اپنے ناپاک ہاتھ نہیں لگانا چاہتا۔" حمید نے مودبانہ انداز میں کہا۔

"حمید جلدی کرو۔" فریدی نے کہا۔

"میرے پاس کچھ نہیں ہے۔" رینو کا آہستہ سے بولی۔

"یقین نہیں آتا۔" حمید نے کہا اور پستول کے دستے سے اس کا سارا جسم تھپتھپا کر رکھ دیا۔

"کچھ نہیں ہے۔" اس نے فریدی کی طرف مڑ کر کہا۔

"اچھا اب داہنی طرف گھوم جاؤ اور چل پڑو۔ اگر کسی نے پیچھے پلٹ کر دیکھا تو خیر نہیں۔" فریدی نے مجرموں سے کہا۔

چاروں ایک قطار میں چل پڑے۔

"ٹھیک.... ہاں.... اب اس دراڑ میں اتر چلو۔" فریدی بولا۔

وہ سب دراڑ میں اتر گئے۔

یہ ایک تنگ و تاریک راستہ تھا۔ فریدی جیب سے ٹارچ نکال کر انہیں دکھانے لگا۔ راستے کی چوڑائی دو ڈھائی فٹ سے کسی طرح زیادہ نہ تھی۔ دونوں طرف اونچی اونچی چٹانیں دیواروں کی طرح کھڑی تھیں۔ تقریباً ایک فرلانگ چلنے کے بعد وہ پھر اونچی نیچی چٹانوں کے درمیان آ گئے۔ آدھے گھنٹے تک وہ ناہموار کھڈ دار راستے پر چلتے رہے۔ پھر ایک ایسی جگہ پہنچے جہاں چاروں طرف اونچی اونچی چٹانیں تھیں اور بیچ میں زمین ہموار تھی۔ حمید جو راستے بھر قطعی خاموش رہا تھا۔ یہاں کی طرح اپنی زبان نہ روک سکا۔

"لیکن آپ اس کے ہتھے کس طرح چڑھ گئے۔"

"تمہارا انتظار کر رہا تھا کہ انہوں نے نہ جانے کدھر سے آلیا۔ بس سمجھ لو کہ غفلت میں مارا گیا۔ لیکن تم نے بڑی دانشمندی سے کام لیا۔ مجھے خدشہ تھا کہ کہیں تم آتے ہی فائرنگ نہ شروع کر دو۔"

"میں ہر وقت بدحواسی کے موڈ میں نہیں رہتا۔" حمید نے کہا۔ "مگر ہم جا کہاں رہے ہیں۔"

"بس اب کہیں نہیں جانا ہے۔" فریدی نے کہا اور قیدیوں کو رکنے کا حکم دے کر ہولے ہولے سیٹی بجانے لگا۔

ادھر ادھر کی چٹانوں سے فوجی سپاہی کود کود کر آنے لگے اور دیکھتے دیکھتے تیس چالیس مسلح

فوجیوں نے انہیں اپنے نرغے میں لے لیا۔ ان میں ایک سیکنڈ لیفٹیننٹ بھی تھا۔ "قیدی" فریدی نے لیفٹیننٹ سے کہا۔

چاروں کے ہتھکڑیاں لگادی گئیں۔

"رینو ڈارلنگ مجھے افسوس ہے کہ تمہارے لئے مخمل کی ہتھکڑیوں کا انتظام نہ کرسکا" فریدی نے کہا۔

رینو کا نے اپنا نچلا ہونٹ دانتوں میں دبا کر سر جھکالیا۔ کئی فوجی اُسے للچائی ہوئی نظروں سے دیکھ رہے تھے۔ فریدی نے یہ چیز محسوس کرلی اور لیفٹیننٹ سے بولا۔

"آفیسر! یہ قیدی بہت اہم ہیں۔ اگر ان میں سے کوئی نکل گیا تو پھر ہم زندگی بھر کامیاب نہیں ہوسکتے۔"

"یہ" لیفٹیننٹ مسکرا کر بولا۔ "ان کے فرشتے بھی نہیں نکل سکتے۔"

"تیل کے چشموں کی طرف کون جائے گا۔" فریدی نے اُس سے پوچھا۔

"خود کیپٹن شہاب۔"

"ٹھیک ہے۔"

تیل کے چشموں کا نام سن کر وہ چاروں بُری طرح چونکے۔ خصوصاً رینو کا تو سفید پڑگئی۔

"رینو ڈارلنگ! میں اچھی طرح جانتا ہوں کہ تیل کے چشموں کا ڈھونگ کس لئے رچایا گیا ہے۔ گھبراؤ نہیں۔ آج وہ نیلی سرچ لائٹ بھی ہمارے قبضے میں آجائے گی اور وہ خونی شعاعیں نیلی روشنی کی گود سے نکل کر ٹیکم گڈھ کی فضاؤں میں پرواز کرتی ہیں اور سناؤ تمہارے کبوتروں کا کیا حال ہے اور ہاں یہ بھی سنو کہ اب کوئی جوان آدمی ریڈیم سے متاثر شدہ سونے کا شکار ہو کر سفید موت نہیں مرے گا۔"

رینو کا حیرت سے آنکھیں پھاڑے فریدی کی طرف دیکھ رہی تھی۔ اس کے ساتھی تو بُری طرح گھبرائے ہوئے تھے۔

"میں تم سے نہیں پوچھوں گا۔" فریدی نے مسکرا کر کہا۔ "کہ وگراج کے درے سے شام کیا چیز اسمگل آؤٹ ہوتی ہے اس لئے کہ شائد اس راز سے تم بھی واقف نہ ہوگی۔"

فریدی خاموش ہوگیا۔

پھر وہ تھوڑی دیر بعد لیفٹیننٹ کی طرف مڑا۔ "اچھا آفیسر اب تم انہیں سنبھالو اور باقی پروگرام تو تمہیں معلوم ہی ہے اور ہاں کیپٹن شہاب کے ساتھ کتنے آدمی ہیں۔"

"ڈیڑھ سو۔"

"بہت ہیں۔" فریدی پُر اطمینان لہجے میں بولا۔ "اچھا تو اب میں اپنا کام دیکھتا ہوں۔" وہ حمید کا ہاتھ پکڑ کر ایک طرف چل پڑا۔

"لِلہ کچھ بولتے چلئے۔" حمید نے کہا۔ "ورنہ میرا بھیجا کھوپڑی سے نکل کر ہوا میں معلق ہوجائے گا۔"

"صبر.... صبر فرزند۔" فریدی آہستہ سے بولا۔ "سب معلوم ہوجائے گا۔ ذرا آہستہ بولو۔ اس طرف آجاؤ.... اس دراڑ میں۔"

"یہ اتنے فوجی کہاں سے پکڑ لئے۔"

"بتاتا ہوں.... میرے خیال سے ابھی یہیں ٹھہرو اور اندھیرا پھیل جانے دو۔" فریدی نے ایک مناسب جگہ تلاش کرلی اور وہ دونوں بیٹھ گئے۔

"نہ جانے کب سے میں نے سگار نہیں پیا۔" فریدی نے ایک سگار سلگاتے ہوئے کہا۔ حمید خاموشی سے ایک طرف دیکھ رہا تھا۔

"تمہارے جانے کے بعد۔" اس نے ایک طویل کش لے کر منہ سے آہستہ آہستہ دھواں نکالتے ہوئے کہا۔ "میں نے پھر اپنا ارادہ بدل دیا تھا اور میں میجر نصرت کے یہاں جانے کے بجائے سیدھا کمشنر کے یہاں گیا اور پھر اس شریف آدمی نے میری اسکیم کے مطابق یہ سارا انتظام کردیا۔ وہ خود بھی یہاں کی پولیس سے کافی برگشتہ ہے اور اُسے یہاں کی محافظ فوج پر بھی اعتماد نہیں ہے لہٰذا اس نے تکری کیمپ سے مدارس رجمنٹ کا ایک دستہ بلایا ہے اور وہی میری مدد کررہا ہے۔"

"لیکن یہ تیل کے چشموں کا کیا قصہ ہے۔"

"کیا تمہیں معلوم نہیں کہ یہاں سے دس میل دوری پر چند غیر ملکی ماہروں نے پٹرول کے ذخائر کا پتہ لگایا ہے اور وہاں کھدائی کا کام ہورہا ہے۔ ایک غیر ملکی کمپنی نے ٹھیکہ لیا ہے۔ لیکن سنو آج سات ماہ سے کھدائی جاری ہے۔ لیکن وہ ایک قطرہ پٹرولیم حاصل نہیں کرسکے۔"

"تو پھر....!" حمید بے چینی سے بولا۔ "کیا آپ کا خیال ہے کہ وہ یہاں سونا کھود رہے ہیں۔"

"قطعی نہیں.... یہاں سونا کہاں سے آیا۔"

"پھر....!"

"سونے سے بھی کوئی زیادہ اہم چیز۔"

"یعنی....!"

"چھوڑو یار.... ابھی سے مجھے لال بھبھوکا بنانے کی کوشش نہ کرو۔ میں بھی تمہاری ہی طرح آدمی ہوں۔"

"تو وہاں بھی کوئی فوجی دستہ گیا ہے۔"

"ہاں....!"

"کیوں....!"

"نیلی سرچ لائٹ اور اُسے استعمال کرنے والوں کو قابو میں کرنے کے لئے۔"

"نیلی سرچ لائٹ۔"

"ہاں پیارے! نیلی سرچ لائٹ! اور وہ آتشبازیاں۔"

"کہیں شرمندگی نہ اٹھانی پڑے۔" حمید نے کہا۔

"بھلا شرمندگی کس بات کی۔" اگر وہاں کوئی سرچ لائٹ استعمال کی گئی تو وہ انہیں پکڑ لیں گے۔ ورنہ واپس آجائیں گے۔"

"فرض کیجئے انہیں آپ کی اسکیم کی اطلاع ہوگئی اور وہ آج چپ چاپ ہی بیٹھ رہے۔"

"اس کا امکان بہت کم ہے کہ مجرموں کو اس کا علم ہو سکے۔"

"نہ جانے کیوں مجھے کامیابی کا یقین نہیں ہے۔" حمید نے کہا۔

"نہ سہی پھر دیکھا جائے گا۔ بہر حال اب یا تو یہ راز ظاہر ہوگا یا یہاں کی پیاسی چٹانیں میرے خون سے رنگین نظر آئیں گی۔"

فریدی تھوڑی دیر تک خاموشی سے سگار کے کش لیتا رہا۔ پھر یک بیک بولا۔

"یہاں کا محکمہ سراغ رسانی یا تو بالکل ناکارہ ہے یا سب کے سب مجرموں سے ملے ہوئے ہیں۔ انہوں نے مجھے پورے حالات تک سے آگاہ نہیں کیا تھا۔ اگر میں آج کمشنر سے نہ ملتا تو اتنی باتیں کبھی نہ معلوم ہوتیں۔ جانتے ہو سب سے پہلے ہمسایہ ملک کے مفروضہ تباہ کن حربے کی طرف کس نے حکومت کی توجہ مبذول کرائی تھی۔ یہ وہی اُس غیر ملکی کمپنی کے کارکن تھے۔ انہوں نے یہ شبہ ظاہر کیا تھا کہ ہمسایہ ملک اپنے کسی تباہ کن حربے سے پٹرولیم کے ذخائر برباد کر دینا چاہتا ہے۔"

"پھر....!" حمید نے اُسے ٹوکا۔

"پھر کیا! جب پہلے حادثے کے چھ ماہ بعد نیلی روشنی کا ظہور ہوا تو پھر انہی کارکنوں نے ہانک لگائی۔ اگر کچھ دنوں تک یہی سلسلہ جاری رہا تو ہمسایہ ملک سے تعلقات خراب ہو جائیں گے۔"

"ظاہر ہے۔" حمید نے کہا اور اپنے پائپ میں تمباکو بھرنے لگا۔

تھوڑی دیر تک خاموشی رہی۔ پھر حمید بولا۔

"ہم دونوں کہاں جا رہے ہیں۔"

"وگراج کا درہ....!" فریدی نے کہا۔

"مگر ہمیں تو اس دستے کے ساتھ ہونا چاہئے تھا جو تیل کے چشموں کی طرف گیا ہے۔"

"کیوں؟" فریدی نے پوچھا۔

"کیا وہ زیادہ اہم نہیں۔"

"ہے کیوں نہیں۔" فریدی نے کہا۔ "لیکن اس سے بھی زیادہ اہم وہ چیز ہے جو وگراج کے درے سے لی جاتی ہے۔"

"وہاں کے محافظ دستے کا کیا ہوگا؟" حمید نے پوچھا۔

"ظاہر ہے کہ وہ نیلی روشنی دیکھ کر جنگل کی طرف بھاگے گا۔"

"اور وہ پولیس چوکی۔"

"وہاں کے لوگ بھی ان کی تقلید کرتے ہیں بھلا کون ایسا ہے جو اس سفید حادثے سے نہ ڈرے گا۔"

"پھر....!"

"پھر ہم دیکھیں گے کہ سونا کس طرح لے جایا جاتا ہے۔"

"صرف ہم ہوں گے۔"

"نہیں کچھ فوجی بھی، جو تین بجے سے وگراج کے درے کے قریب شکار کھیل رہے ہیں، اندھیرا ہونے سے قبل ہی انہوں نے واپسی کا بہانہ کر کے چھپنے کے لئے جگہ تلاش کر لی ہوگی۔"

"مگر....!"

"ہاں میں جانتا ہوں جو کچھ تم پوچھنا چاہتے ہو۔" فریدی نے ایک طویل کش لے کر سگار بجھاتے ہوئے کہا۔

"وہ جو تم نے فوجی دیکھے تھے وہ وگراج کے درے کے محافظ دستے کو سنبھال لیں گے۔"

"وہ بھی اسی درے کے قریب جنگلوں میں منتشر ہوگئے ہوں گے۔"

"یہ تو آپ....!" حمید اس طرح بولا جیسے اُسے مناسب الفاظ نہیں مل رہے ہیں۔

"ہتھیلی پر سرسوں جمانے والا محاورہ اسی وقت میری سمجھ میں آیا ہے۔"

چاروں طرف گہری تاریکی پھیل گئی تھی۔ وہ دونوں وگراج کے درے کی طرف بڑھنے لگے۔ اونچی اونچی چٹانوں کے درمیان آتے فریدی زمین پر لیٹ کر سینے کے بل رینگنے لگتا اور حمید سردی سے کانپ رہا تھا۔ فریدی کے جسم پر بھی ایسے کپڑے نہیں تھے جو سردی کا مقابلہ کرنے کے لئے کافی ہوتے۔ بہرحال وہ بڑھتے رہے ایک جگہ فریدی رک گیا۔

"ہمیں یہیں ٹھہرنا ہے۔" فریدی نے آہستہ سے کہا۔ "وہ فوجی بھی کہیں قریب ہی موجود ہوں گے۔"

لومڑیوں نے چیخنا شروع کر دیا تھا۔ کئی تو دوڑتی ہوئی ان کے قریب سے نکل گئیں۔ آسمان سیاہیاں بکھیر رہا تھا۔ سناٹے میں ہوا کی سائیں سائیں ایسی لگ رہی تھی جیسے صدہا سال نیند میں ڈوبی ہوئی چٹانیں خواب آلود اور گہری سانسیں لے رہی ہوں۔ کبھی کبھی جھاڑیوں میں پہاڑی چوہوں کی سرسراہٹ گونج اٹھتی۔ فریدی کی گھڑی کی چمکدار سوئیوں نے دس بجائے اور افق میں نیلی روشنی ابھرنے لگی اور پھر انہیں وگراج درے کے محافظ دستے کے کیمپ میں ہلچل سنائی دی۔ وزنی جوتوں کی بہت سی آوازیں چٹانوں میں گونجنے لگیں، جو آہستہ آہستہ دور ہوتی جا رہی تھیں۔ نیلی روشنی کی شعاعیں بڑھنے لگیں اور آس پاس بالکل سناٹا چھا گیا۔ البتہ بھاگنے والوں کے قدموں کی آواز کہیں دور سنائی دے رہی تھیں۔

"اٹھو....!" فریدی آہستہ سے بولا۔

وہ دونوں درے کی طرف رینگنے لگے۔ ابھی وہ سڑک بھی نہیں پار کر سکے تھے کہ انہیں دور ایک بڑی سی متحرک چیز دکھائی دی جو تیزی سے درے کی طرف آتی ہوئی دکھائی دی۔ یہ دونوں تیز چلنے لگے۔ لیکن سڑک کے کنارے پہنچنے سے قبل ہی وہ چیز قریب آ گئی یہ ایک بغیر آواز کی الیکٹرک کار تھی جو درے میں داخل ہونے جا رہی تھی۔ فریدی اور حمید نے ریوالور نکال کر پچھلے پہیوں پر فائرنگ کرنا شروع کر دی۔ کار سے بھی فائر ہوئے۔ غالباً کار کا ڈرائیور بوکھلا گیا تھا۔ اگر فوراً ہی بریک نہ لگا دیتا تو وہ ایک چٹان سے ٹکرا کر پاش پاش ہو جاتی۔

فوجیوں نے بڑھ کر اُسے نرغے میں لے لیا اور کئی ٹارچوں کی روشنیاں اس پر پڑنے لگیں۔ پچھلی سیٹ پر ایک آدمی اوندھا پڑا تھا۔ اس کی پیٹھ میں گولی لگی تھی اور ڈرائیور بیٹھا بُری طرح کانپ رہا تھا۔

"کون ہو تم....!" فریدی نے گرج کر پوچھا۔

اس نے کوئی جواب نہ دیا۔ فریدی دروازہ کھول کر اندر گھس گیا۔ درمیان میں ایک ب

صندوق رکھا تھا۔

فوجیوں نے رائفل کے کندے مار مار کر اس کا تالا توڑ دیا اور جب ڈھکنا اٹھایا گیا تو سب کی آنکھیں حیرت سے پھٹ گئیں۔ اس میں سونے کی اینٹیں بھری ہوئی تھیں۔

"ہرا....!" حمید نے نعرہ لگایا۔

ڈرائیور کو باندھ کر پچھلی سیٹ پر ڈال دیا گیا۔

"کیپٹن راجیشور مبارک ہو۔" فریدی نے آہستہ سے کہا۔

"میں کیپٹن نہیں لیفٹیننٹ ہوں۔" فریدی کے قریب کھڑے ہوئے فوجی نے کہا۔

"اتنے بڑے کارنامے کے بعد آپ صرف لیفٹیننٹ نہیں رہ سکتے۔" فریدی نے مسکرا کر کہا۔

حیرت انگیز انکشاف

اسی رات کو ٹیکم گڈھ کی کوتوالی کے طویل و عریض صحن میں قیدیوں کا جم غفیر نظر آ رہا تھا۔ ٹیکم گڈھ میں سارے بڑے حکام موجود تھے۔ فریدی اور حمید ایک جگہ کھڑے آہستہ آہستہ گفتگو کر رہے تھے۔ دفعتاً ایک بڑی سی ٹرک اندر داخل ہوئی اور رکنے بھی نہ پائی تھی کہ ایک فوجی اُس پر سے کود پڑا۔

"ہیلو کیپٹن شہاب۔" فریدی بے اختیار بولا۔

"فتح۔" کیپٹن شہاب اپنا داہنا ہاتھ اٹھا کر چیخا۔

آفیسرز اُس کے گرد جمع ہونے لگے۔

کیپٹن شہاب بلند آواز میں فریدی سے کہہ رہا تھا۔ "وہ نیلی سرچ لائٹ ہی تھی۔ میں اُسے لاد لایا ہوں۔ زبردست لڑائی ہوئی۔ ہمارا ایک آدمی کام آ گیا۔ لیکن ہم نے انہیں جکڑ لیا ہے۔ سفید نسل کے پندرہ سور ہیں اور بقیہ اپنے دیسی کتے۔ کل پینتالیس ہیں۔ ہمارا ارادہ فائرنگ کا نہیں تھا مگر خود انہوں نے پہل کی۔ نگرانی کے لئے کچھ آدمی چھوڑ آیا ہوں۔"

اس ٹرک کے پیچھے کچھ اور ٹرکیں بھی تھیں جن پر سے قیدیوں کو اتارا جانے لگا۔ پھر سرچ لائٹ اتاری گئی۔ اس کی اونچائی چھ فٹ سے کسی طرح کم نہ رہی ہوگی اور قطر کم از کم چار فٹ ضرور رہا ہوگا۔

"دیکھا آپ نے۔" فریدی نے کمشنر کو مخاطب کر کے کہا۔ "یہی ہے وہ تباہ کن ہتھیار جو ہمسایہ ملک استعمال کرتا تھا۔"

کمشنر پر خیال انداز میں سر ہلا کر فریدی کی طرف دیکھنے لگا۔

پھر وہ دونوں ٹہلتے ہوئے وگراج درے کے محافظوں کی طرف آئے فریدی اُن کے آفیسر کیپٹن رگھوبیر کے سامنے آکر رک گیا۔ وہ اس کی آنکھوں میں دیکھ رہا تھا اور اس کے ہونٹوں پر عجیب قسم کی مسکراہٹ تھی۔

"کیوں کیپٹن! اسی طرح فرض ادا کیا جاتا ہے۔" فریدی نے معنی خیز انداز میں سر ہلا کر کہا۔

کیپٹن رگھوبیر کے ہونٹ آہستہ سے ہلے لیکن آواز نہ نکلی۔ شاید کوئی گالی اُس کے ہونٹوں تک آکر لوٹ گئی تھی۔

"تم اپنی جان کے خوف سے بھاگے تھے نا۔" فریدی طنزیہ لہجے میں بولا۔ "ہاں فوراً یہ جلدی سے بتا جاؤ کہ محکمہ سراغ رسانی کے کون بزرگ تم لوگوں سے ملے ہوئے تھے۔"

"میں کیا جانوں تم کیا بک رہے ہو۔" کیپٹن رگھوبیر بھرائی ہوئی آواز میں بولا۔ لیکن پھر دفعتاً گرجنے لگا۔ "مجھے ہتھکڑی کیوں لگائی گئی ہے۔ میرے ساتھ معمولی مجرموں جیسا برتاؤ کیوں کیا جارہا ہے۔ میں پولیس کا قیدی نہیں۔ میں صرف اپنے آفیسر کے سامنے جواب دہ ہو سکتا ہوں۔"

"جان من بگڑنے کی ضرورت نہیں۔" فریدی نے مسکرا کر کہا اور ایک بھرپور ہاتھ رگھوبیر کے منہ پر جھاڑ دیا۔ ساتھ ہی اس کے ہونٹ بُری طرح بھنچ گئے اور اس کی آنکھوں سے خون اترتا معلوم ہونے لگا۔

کمشنر کی موجودگی میں کسی قیدی کو چانٹا مار دینا فریدی ہی کا کام تھا۔ سارے پولیس آفیسر سناٹے میں آگئے خود کمشنر کے ماتھے پر بھی سلوٹیں پڑ گئی تھیں۔

"تمہاری آنکھیں مجھے دھوکہ نہیں دے سکتیں۔" فریدی نے دانت پیس کر کہا۔

"میں تین سال سے تمہاری تلاش میں ہوں۔"

کیپٹن رگھوبیر چونک کر اُسے گھورنے لگا۔

فریدی دوسرے آفیسروں کو تحیر میں مبتلا چھوڑ کر سفید فام کی طرف متوجہ ہو گیا۔

"شریف آدمیو! کیا تم ہم مشرقیوں کو اتنا احمق سمجھتے ہو۔" فریدی نے انگریزی میں کہا۔

"یہ کیا بیہودگی ہے۔" ان میں سے ایک گرج کر بولا۔ "ہم لوگوں کو خواہ مخواہ پریشان کیا جارہا ہے۔ میں اپنے ملک کے سفارت خانے کو ایک پیغام بھیجنا چاہتا ہوں۔"

"اس توہین کا مطلب۔"

وہ اس کے علاوہ بھی نہ جانے کیا کیا بکتا رہا۔

فریدی مسکراتا رہا۔

"مسٹر فریدی۔" کمشنر نے فریدی کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر کہا۔ "ذرا ادھر آیئے۔"

پھر وہ اُسے ایک طرف لے جا کر کہنے لگا.... "سوچ سمجھ کر! محافظ دستے کی گرفتاری تو خیر کسی نہ کسی طرح کھینچ کر جائز کی بھی جاسکتی ہے مگر یہ.....! ان لوگوں کے خلاف ثبوت کہاں سے مہیا کیا جائے گا۔ ان پر صرف سرچ لائٹ استعمال کر کے ہراس پھیلانے کا الزام لگایا جاسکتا ہے لیکن اس پر ہمیں ایک آدھ بار انہیں وارننگ دیئے بغیر گرفتار کر لینے کا حق نہیں ہے۔ قاعدے کی رو سے سب سے پہلے ہمیں اس کی اطلاع ان کے ملک کے سفارت خانے کو دینی چاہئے تھی۔"

"مطمئن رہئے۔" فریدی نے مسکرا کر کہا۔ "ان کے جرم ہی کے لحاظ سے انہیں اس برتاؤ کے قابل سمجھا گیا ہے۔ محض سرچ لائٹ ڈالا معاملہ ان کے لئے قطعی ناکافی ہے۔"

"کیا سونے کا اسمگلنگ۔"

"جناب والا۔"

"مگر اس کا ثبوت۔"

"میں دوں گا۔" فریدی قدرے جھک کر بولا۔

"بھئی کیسے! میری سمجھ میں تو خاک بھی نہیں آتا۔ کمشنر نے اکتا کر کہا۔ سونے کی اسمگلنگ کے لئے اتنی کھینچ تان۔"

"وہی عرض کروں گا۔" فریدی نے کہا۔ "اسی خیال نے مجھے بھی ان تک پہنچایا ہے۔ اچھا رگھوبیر سنگھ کے متعلق آپ کا کیا خیال ہے۔"

"میں تمہارا مطلب نہیں سمجھا۔"

"اس کی قومیت۔" فریدی نے کہا۔

"ظاہر ہے کہ سکھ ہے۔" کمشنر جھنجھلا کر بولا۔

"نہیں جناب والا۔ سکھ ہوتا تو الگ رہا۔ وہ اپنے دیس کا بھی نہیں ہے۔"

"نہ جانے آپ کیا کہہ رہے ہیں۔" کمشنر نے اکتا کر کہا۔

"ابھی عرض کرتا ہوں۔" آیئے میرے ساتھ۔ فریدی نے کہا اور کیپٹن رگھوبیر سنگھ کے قریب جا کر رک گیا۔

"ہیلو کرنل۔" فریدی نے اُسے مخاطب کیا۔

رگھوبیر سنگھ بے اختیار اچھل پڑا۔

"دیکھ رہے ہیں آپ۔" فریدی نے کمشنر کو مخاطب کر کے کہا۔ "یہ کیپٹن ہو کر کرنل کے نام پر چونکتا ہے۔ حالانکہ اسے میری جہالت پر ہنسنا چاہئے تھا۔"

وہ پھر کیپٹن رگھوبیر سے کچھ کہنے جارہا تھا۔ لیکن دفعتاً رک گیا اور کمشنر کو الگ لے جا کر بولا۔

"آپ یہاں کی سب سے بڑی ذمے دار شخصیت ہیں۔ اس لئے ایک چیز کا اظہار قبل از وقت ضروری ہے۔ میں ایک بہت بڑے راز سے پردہ اٹھانے جارہا ہوں جس سے ساری دنیا میں کھلبلی مچ سکتی ہے لہٰذا اس پر بھی غور کرنا ضروری ہے کہ ہماری حکومت کا کیا رویہ ہوگا۔" کمشنر آنکھیں پھاڑ کر فریدی کو دیکھ رہا تھا۔

"بھئی کہہ بھی چکئے۔ مجھے کیوں خواہ مخواہ الجھن میں مبتلا کر رہے ہیں۔" اس نے جھنجھلا کر کہا۔ فریدی آگے جھک کر آہستہ آہستہ اُس کے کان میں کچھ کہنے لگا۔ جسے حمید نہ سن سکا۔

"نہیں....!" کمشنر تحیر آمیز لہجے میں بولا۔

"نہ گھوڑا دور نہ میدان۔" فریدی اپنے مخصوص انداز میں مسکرایا۔

"اوہ، اگر یہ بات ہے تو۔" کمشنر بے چینی میں اس سے آگے کچھ نہ کہہ سکا۔

"جناب والا.... آپ کا خیال قطعی درست ہے کہ محض سونے کی اسمگلنگ کے لئے اتنی اچھل کود ناممکن ہے۔"

"تو پھر.... تو پھر.... اُسے اوپر اطلاع پہنچائے بغیر ظاہر نہ کرنا چاہئے۔" کمشنر نے ہاتھ ملتے ہوئے کہا۔

"کیپٹن رگھوبیر اور دوسرے سفید فام قیدیوں کو کسی الگ کمرے میں لے چلئے۔" فریدی نے کہا۔ "میرے خیال سے وہ کمرہ بہتر رہے گا۔ جہاں وہ سونار کھا گیا ہے۔"

"اور کون کون ہوگا؟"

"صرف آپ، میں اور میرا ساتھی۔"

"ٹھیک ہے.... ٹھیک ہے۔!" کمشنر وہاں سے ہٹ گیا۔

"کہئے کیا اب کوئی نئی بات سوجھی۔" حمید نے کہا۔

"بے صبری اچھی نہیں حمید صاحب۔" فریدی مسکرایا۔

"آپ تو اتنا مزہ لے لے کر آگے بڑھ رہے ہیں جیسے شب عروسی بسر کرنے جارہے ہوں۔"

"تم ٹھیک کہتے ہو۔" فریدی سگار سلگاتا ہوا بولا۔ "یہ واقعی شب عروسی ہے۔ مجرم میرے پنجے میں ہیں اور میں ایک عظیم الشان جرم پر سے پردہ اٹھانے جارہا ہوں۔"

"پردہ بک.... بب...." حمید ہکلایا۔

"شٹ اپ۔ کوئی لغویات سننے کے موڈ میں نہیں ہوں۔"

"خیر چھوڑیئے! بتایئے یہ رگھوبیر سنگھ کون ہے۔"

"تف.... ہے تمہاری ذہانت پر۔" فریدی بُرا سا منہ بنا کر بولا۔ "تمہیں تو کوئی گھٹیا سا ناول یس ہونا چاہئے تھا اس محکمے میں ناحق جھک مارنے کے لئے آئے۔"

"اب میں کوئی غائب دان ہوں۔"

"سینکڑوں بار میری پرسنل فائیل میں اس کا فوٹو دیکھ چکے ہو۔"

"مجھے تو یاد نہیں پڑتا۔"

"ابھی یاد آجائے گا۔"

وہ دونوں قیدیوں کو گذرتے دیکھتے رہے۔

کمشنر انہیں ایک علیحدہ کمرے میں لے جانے کا انتظام کرارہا تھا۔ تھوڑی دیر بعد اس نے رآمدے سے فریدی اور حمید کو اشارہ کیا وہ دونوں اس کی طرف بڑھے۔

"یہاں اس برآمدے کے قریب بھی کوئی نہ آنے پائے۔" فریدی نے کہا۔

"اس کا انتظام کرلیا گیا ہے۔" کمشنر نے کہا اور وہ تینوں کمرے میں چلے گئے۔

رگھوبیر سنگھ اور سارے سفید فام قیدی موجود تھے۔ ان میں سے کچھ کے چہروں پر ہوائیاں رہی تھیں اور کچھ پیچ و تاب کھا رہے تھے۔ رگھوبیر سنگھ بار بار اپنے خشک ہونٹوں پر زبان پھیر رہا ا۔ اس کی نظریں فریدی کے چہرے پر لگی ہوئی تھیں۔ دفعتاً وہ خود کو سنبھالنے کی کوشش کرنے ا۔ شاید اُسے اس بات کا احساس ہو گیا تھا کہ اس کی حالت بگڑ رہی ہے۔ وہ تن کر بیٹھ گیا اور اس رح غیر متعلقانہ انداز میں ادھر اُدھر دیکھنے لگا جیسے اب وہ کمرے کے فرنیچر کی پائیداری اور بصورتی کے بارے میں کچھ کہے گا۔ پھر فریدی کی طرف دیکھ کر بولا۔

"جو کچھ بھی کیا گیا ہے اس کا خمیازہ تم لوگوں کو بھگتنا پڑے گا۔"

"خوب....!" فریدی مسکرا کر بولا۔ "یہ تم انفرادی حیثیت سے کہہ رہے ہو یا تمہاری زبان ہاری حکومت کی نمائندگی کر رہی ہے۔"

"شاید تمہارا دماغ خراب ہوگیا ہے۔" رگھوبیر سنگھ دانت پیس کر بولا۔

حمید کی الجھن پھر بڑھنے لگی۔ وہ چاہتا تھا کہ کسی طرح جلدی سے یہ ڈرامہ ختم بھی ہو چکے لیکن وہ فریدی کی عادت سے بخوبی واقف تھا اس منزل پر پہنچ کر فریدی سے جلد بازی کی توقع فضول تھی۔ ایسے موقعوں پر وہ ہمیشہ مزہ لے لے کر آگے بڑھنے کا عادی تھا۔ جیسے نہایت لذیذ قسم کی آئس کریم کھا رہا ہو۔

فریدی رگھوبیر سنگھ کی بات کا جواب دینے کی بجائے کمشنر کی طرف مڑا۔

"میرے خیال سے ایک مجسٹریٹ کی موجودگی بھی ضروری ہے۔" اس نے کہا۔

"ٹھیک ہے۔ قطعی ضروری ہے، مجھے بھی خیال نہیں رہا تھا۔" کمشنر نے کہا اور آہستہ آہستہ قدم اٹھاتا ہوا برآمدے میں چلا گیا۔

فریدی کی نظریں رگھوبیر سنگھ کے چہرے پر جمی ہوئی تھیں اور ہونٹوں پر ایک شرارت آمیز مسکراہٹ پھیل رہی تھی۔

حمید سوچنے لگا کہ اگر یہ سولہ عدد یک بیک ان پر ٹوٹ پڑیں تو ہتھکڑیاں ہی مار مار کر ا دونوں کا قیمہ بنا ڈالیں گے۔ وہ آہستہ سے دروازے کی طرف سرک گیا لیکن اُسے وہاں سے ہٹنا پڑا۔ کیونکہ کمشنر ایک مجسٹریٹ کو اپنے ساتھ لے کر واپس آ گیا تھا۔

"ہاں تو شریف آدمیو۔" فریدی قیدیوں کو مخاطب کر کے بولا۔ "وہ زہریلا سونا کس کی ا تھی۔ میں اس عظیم سائنٹسٹ کی زیارت کرنا چاہتا ہوں جس نے اس کو ریڈیم کے ساتھ چار کر کے اتنا خطرناک بنا دیا تھا کہ اُسے چھونے والے بوڑھے ہو کر مر جاتے تھے۔"

قیدیوں کے چہرے سیاہ پڑ گئے۔ رگھوبیر سنگھ اپنی خونی آنکھوں سے فریدی کو گھور رہا تھا۔

"تو صحیح معنوں میں تم ہی ان کے لیڈر ہو۔" فریدی نے اُس کی طرف مڑ کر کہا۔

"بکواس ہے۔" رگھوبیر سنگھ چیخا۔

"کرنل ڈکسن۔" فریدی نے سخت لہجہ میں کہا۔ "تمہاری یہ ڈاڑھی مجھے دھوکہ نہیں دے سکتی"

"کرنل ڈکسن....!" کمشنر اور مجسٹریٹ دونوں کے منہ سے بیک وقت نکلا اور وہ فرید آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر گھورنے لگے۔

"جناب والا۔" فریدی نے قدرے جھک کر بولا۔ "میں تین سال سے اس کی تلاش ہوں اگر یقین نہیں تو یہ دیکھئے۔"

فریدی نے بڑھ کر رگھوبیر سنگھ کی پگڑی کھینچ لی۔ پگڑی کے ساتھ ہی مصنوعی بال بھ آئے اور رگھوبیر کی گنجی کھوپڑی بجلی کی روشنی میں انڈے کے چھلکے کی طرح چمکنے لگی۔

"ڈاڑھی تو تم نے بڑھا لی تھی۔" فریدی نے مسکرا کر کہا۔ "لیکن اس گنجی کھوپڑی کا علاج کس طرح کرتے۔ تم لوگوں نے ایٹم بم بنانے کی بجائے گنجی کھوپڑیوں کو دوبارہ پُر بہار بنانے کا کوئی آلہ ایجاد کیا ہوتا تو اس وقت اس طرح تمہاری درگت کیوں بنتی۔"

پھر وہ کمشنر کو مخاطب کر کے بولا۔ "یہ کرنل ڈکسن ہے ایک جنگ باز ملک کی سیکرٹ سروس کا ایک آفیسر۔"

"ارے....!" مجسٹریٹ چونک کر بولا۔

"اس کا فوٹو مرکزی دفتر میں محفوظ ہے۔" فریدی نے کہا اور سونے کی اینٹوں والے صندوق کا ڈھکنا اٹھا کر بولا؟ "بھلا کسی سیکرٹ سروس والے کو سونے کی ناجائز برآمد سے کیا سروکار۔"

"کیوں نہیں۔" حمید بے ساختہ بولا۔ "یہ ہمیں اس طرح کنگال بنا کر اپنا دست نگر بنانا چاہتے ہیں۔ انہوں نے ایشیا اور افریقہ کے کئی ملکوں کے ساتھ یہی حرکت کی ہے۔ کسی کا غلہ غائب اور کسی کا سونا غائب اور کسی کا کپڑا غائب اور پھر انہیں انتہائی فراخ دلی کے ساتھ اپنا پابند بنائے رکھنے کے لئے دل کھول کر مدد بھی دی ہے۔ ایک طرف انہیں لوٹا اور دوسرے دروازے سے سخی داتا بن کر آ گئے ہیں۔"

"تمہارا یہ خیال بھی غلط نہیں ہے۔" فریدی نے صندوق سے ایک اینٹ اٹھاتے ہوئے کہا۔ "لیکن یہاں معاملہ کچھ اور ہے۔"

کرنل ڈکسن کے انداز سے ایسا معلوم ہو رہا تھا کہ وہ فریدی پر جھپٹ پڑے گا۔ حمید نے ریوالور نکال لیا۔

"خبردار اگر کسی نے اپنی جگہ سے ہلنے کی کوشش کی تو....!"

فریدی سونے کی اینٹ کو ہاتھ میں تولنے لگا۔ پھر جیب سے ایک قلم تراش چاقو نکالا۔ وہ چاقو کا پھل اس طرح اس اینٹ کے کناروں پر چبھو رہا تھا جیسے کسی سختی سے بند کئے ہوئے ڈھکن کو کھولنے کی کوشش کر رہا ہو۔

دفعتاً اینٹ کی ایک پرت نکل کر زمین پر گری اور فریدی کے ہونٹوں پر فاتحانہ مسکراہٹ رقص کرنے لگی۔ پھر اس نے کھلے ہوئے حصے کو ہتھیلی پر الٹا اور کسی دھات کا چمکدار برادہ ہتھیلی پر گرنے لگا۔

"دیکھا آپ نے۔" فریدی نے کمشنر اور مجسٹریٹ کو مخاطب کر کے کہا۔

"یہ کیا....!" مجسٹریٹ کا منہ حیرت سے کھل گیا۔

کمشنر بہت زیادہ سنجیدہ نظر آرہا تھا۔اس کے ہونٹ بھینچے ہوئے تھے اور ماتھے پر لکیریں ابھر آئی تھیں۔

"یورونیم....!" فریدی مسکرا کر بولا۔"وہ دھات جو ایٹم بم بنانے میں کام آتی ہے۔"

"مگر.... مگر....!"

"یہ دھات ہمارے یہاں بھی موجود ہے۔" فریدی نے کہا۔"اور ان کا ملک ایک عرصہ سے اس پر دانت لگائے ہوئے ہے لیکن ہماری حکومت نے صاف انکار کر دیا تھا۔اس کے لئے انہوں نے دوسری چال چلی۔ مٹی کا تیل نکالنے کا ڈھونگ رچایا۔ تقریباً چھ ماہ سے یہ کھدائی کا کام کر رہے ہیں۔ لیکن آج تک قطرہ بھی نہ نکال سکے۔اس عرصہ میں جو کچھ یہ حاصل کرتے رہے ہیں آپ کے سامنے ہے۔"

"اوہ....!" مجسٹریٹ بے چینی سے ہاتھ ملنے لگا۔

"اور تم کرنل ڈکسن....!" فریدی رگھوبیر سنگھ کی طرف مڑا۔"آج سے تین سال قبل تم نے فوج میں کمیشن لیا اور ترقی کرتے کرتے کیپٹن کے عہدے تک پہنچ گئے اور وگراج کے درے تک تم کس طرح پہنچے یہ اب دیکھنا ہے۔"

اس نے کوئی جواب نہ دیا۔ فریدی بولتا رہا۔"لیکن اتنا یاد رکھو کہ ہمارا یورونیم تخریبی کاموں کے لئے نہیں تمہاری منصوبہ بندیاں خاک میں ملا دی جائیں گی۔ ہم دنیا میں امن چاہتے ہیں۔ کسی جنگ باز ملک کا آلہ کار نہیں بن سکتے۔"

کرنل ڈکسن یا رگھوبیر سنگھ خاموش بیٹھا رہا اُس کے دونوں ہاتھ اس کی گود میں پڑے ہوئے تھے اور آنکھوں سے ایسا معلوم ہو رہا تھا جیسا کہ وہ کسی حرکت میں مشغول ہے۔ دفعتاً اس کے چہرے پر کرب اور بے چینی کے آثار پیدا ہوئے اور وہ ایک جھٹکے کے ساتھ زمین پر آرہا۔ فریدی وغیرہ اس کی طرف لپکے لیکن وہ اتنی دیر میں سرد ہو چکا تھا۔

"کیا مر گیا....!" کمشنر بوکھلا کر بولا۔

"جی....!" فریدی پر سکون لہجے میں بولا۔

"مگر کیسے....! مگر کیسے۔"

فریدی نے اس کا داہنہ ہاتھ اٹھایا۔ ایک انگلی میں خون کا ایک ننھا سا قطرہ دکھائی دیا "میرے خیال سے اب اس قصے کو ختم کرنا چاہئے۔" فریدی نے سر اٹھا کر کہا۔"مجرم آپ کے سامنے ہیں اور ان کا جرم بھی۔ اس سازش کے لیڈر نے آپ کے سامنے خودکشی کر لی ہے۔"

"مگر کس طرح۔"

"یہ دیکھئے....!" فریدی نے اُس کی انگلی اٹھاتے ہوئے کہا۔

"مگر.... یہ کیا.... یہ خون...!"

"جی ہاں خون۔" فریدی نے اس کا بایاں ہاتھ کھینچ کر سامنے کرتے ہوئے کہا۔"یہ سارا فتور ں انگوٹھی کا معلوم ہوتا ہے۔ یہ دیکھئے اس کا اوپری ڈھکن کھلا ہوا ہے اور اس کے اندر لگی ہوئی یہ یکلی سوئی غالباً زہریلی ہے۔ بہرحال یہ معلوم کرنا پوسٹ مارٹم کرنے والوں کا کام ہے کہ موت ں طرح واقع ہوئی۔ اب انہیں آپ سنبھالئے۔ مجھے ابھی ان کے مستقر کو بھی دیکھنا ہے۔"

کمشنر اور مجسٹریٹ خاموش کھڑے تھے۔

"یہ سب جعلسازی ہے.... جھوٹ ہے۔" قیدی بڑبڑائے۔

"شٹ اپ۔" فریدی نے پلٹ کر کہا اور حمید کو لے کر کمرے سے نکل گیا۔

پھر وہ ایک جیپ کار میں بیٹھ کر مٹی کے مفروضہ تیل کے چشموں کی طرف روانہ ہو گئے۔

حمید بُری طرح چہک رہا تھا۔اس کامیابی کے سلسلے میں اس نے بس بغلیں ہی نہیں بجائیں رنہ اور سب کچھ کر گزرا۔

مٹی کے تیل کے چشموں پر ملٹری کا پہرہ لگا ہوا تھا اور اس دوران میں کیپٹن شہاب پھر واپس یا تھا اور اس وقت وہیں موجود تھا۔ اگر پہلے ہی نہ چلا آیا ہوتا تو شاید اس وقت تک ان دونوں کو گھسنے بھی نہ دیتا۔

تھوڑی دیر کی چھان بین کے بعد فریدی نے بہت سے کار آمد کاغذات پر قبضہ کیا اور اس ٹ کا بھی پتہ لگا لیا جس کے ذریعہ یورونیم کو ذروں کی شکل میں تبدیل کیا جاتا تھا۔

مجرموں کے خلاف ثبوت پیش کرنے کے لئے کافی مواد اکٹھا ہو گیا تھا اور انہیں کے ات کی مدد سے محکمہ سراغ رسانی کے دو انسپکٹر اور ایک ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ بھی پکڑا گیا۔ لیکن یہ ہی تھا جو حمید کو ریگستانی اسٹیشن میں اپنی کار پر ٹیکم گڈھ کے قریب لے گیا تھا وہ دونوں دوسری ح تک وہیں مشغول رہے۔ اس دوران میں کمشنر نے بھی کئی چکر لگائے۔ ساری تحقیقات انتہائی اری سے کی جا رہی تھی۔

دوسرے دن کے اخبارات نے صرف سونے کی ناجائز برآمد کرنے والے گروہ کی گرفتاری کا چھاپا تھا۔ طرح طرح کی قیاس آرائیاں کی گئی تھیں۔ ایک نے تو یہاں تک لکھ دیا تھا کہ لکی سرمایہ دار مٹی کے تیل کے بہانے سونا کھود رہے تھے۔ کیپٹن رگھوبیر کی خودکشی کی خبر بھی

شائع ہوئی تھی۔ اس کے متعلق یہ خیال ظاہر کیا گیا تھا کہ اس نے فرض کی ادائیگی سے کوتاہی برتنے کی بدنامی سے بچنے کے لئے خودکشی کی تھی۔

کمشنر کے الفاظ میں معاملہ اوپر کی طرف بڑھا دیا گیا اور فریدی اور حمید واپس آ گئے۔ اسٹیشن پر ان کے محکمے کے اعلیٰ آفیسروں نے ان کا شاندار استقبال کیا اور کچھ دنوں بعد فریدی اور حمید کو وزیراعظم کے خطوط ملے جن میں انہیں مبارک باد دینے کے بعد پوری قوم کی طرف سے ان کا شکریہ ادا کیا گیا تھا۔

اس زہریلے سونے کے متعلق کسی کو کچھ معلوم نہ ہو سکا۔ معاملہ چونکہ اور آگے بڑھا دیا گیا تھا اس لئے اس میں اب کسی قسم کی کوئی گنجائش نہیں رہ گئی تھی۔ کرنل ڈکسن کی موت کے بعد بھی نہ معلوم ہو سکا کہ وہ ملٹری میں کن ذرائع سے داخل ہوا تھا اور اس کی رسائی وگراج درے کے محافظ دستے تک کس طرح ہوئی۔ اس کا جو سامان ملا تھا اس میں بھی کوئی ایسی چیز نہ ملی جس سے اس کے حالات پر روشنی پڑ سکتی۔

البتہ فریدی آج تک اسی ادھیڑ بن میں پڑا ہوا ہے کہ مجرموں نے سونے کو ریڈیم سے کس طرح چارج کیا تھا۔

حمید اکثر اسے اس پر چھیڑتا۔

"اب چھوڑیئے بھی اس چکر کو۔" وہ کہتا...! "یہ سوچئے کہ ایک آدمی کو شادی کے قابل کس طرح بنایا جا سکتا ہے۔ آپ نے سونے کو ریڈیم سے چارج کر بھی لیا تو اس سے کیا فائدہ ہوگا شادی کیجئے کم از کم ایک آدھ یادگار تو چھوڑ جایئے ورنہ معلوم نہیں کب پستول کی گولی گدی سہلاتی ہوئی حلق کے راستے نکل جائے۔"

اور فریدی اُسے قہر آلود نظروں سے گھور کر رہ جاتا۔

ختم شد